# مدنی مذاکرے کے

## تنظیمی و دیگر مدنی پھول

### مجموعہ



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

## دُرُود شریف کی فضیلت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّارؔ قادری** رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَه کے رسالے ''**میٹھی کے 50 مدنی پھول**'' میں فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: حضرتِ سیِّدُنا اُبَیُّ بِنْ کَعب رضی اللہ تعالٰی عنہ نے عَرض کی کہ میں (سارے وِرْد، وظیفے چھوڑ دوں گا اور) اپنا سارا وَقْت دُرُود خوانی میں صَرْف کروں گا۔ تو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: یہ تمہاری فکریں دُور کرنے کے لئے کافی ہوگا اور تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ (ترمذی ج ٤، ص ٢٠٧، حدیث: ٢٤٦٥ دار الفکر بیروت)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　　صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٦ شوال المکرم ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 اگست 2014ء |

﴿1﴾ نعتیہ اشعار وہی لکھے جو فنِ شعری جانتا ہو، عالم ہو اور جس کی قرآن وحدیث پر گہری نظر ہو ﴿2﴾ شرعی مسئلہ اپنی اٹکل سے بتانا حرام ہے ﴿3﴾ مسلمان ہر معاملہ شریعت کے عین مطابق ہی کرنے کا پابند ہے ﴿4﴾ 9 اگست بروز ہفتہ سید اسلامی بھائیوں کا مدنی مذاکرہ ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ﴿5﴾ جھوٹ کے خلاف نعروں کی بھی ترکیب کی جائے ﴿6﴾ میں بے تحاشا کھانے سے بچتا ہوں ﴿7﴾ الحمد للہ عزوجل 12 روزہ مدنی کورس میں تقریباً 250 اسلامی بھائی شریک ہیں اور پاکستان کے ساتھ ساتھ بنگلہ دیش، یوکے، نیپال، عرب امارات وغیرہ کے اسلامی بھائی بھی ہیں۔ (رکنِ شوریٰ محمد فضیل رضا عطاری) ﴿8﴾ آدھی و پونی روٹی کھانے کی تحریک میں شامل ہونے والے اسلامی بھائی اس نمبر (0313-1139267) پر اپنا اور اپنے شہر کا نام اس نمبر پر SMS کریں۔ (رکنِ شوریٰ محمد فضیل رضا عطاری) ﴿9﴾ نفلی روزوں کی تحریک میں شامل ہونے والے اسلامی بھائی اس نمبر (03125921226) پر اپنا اور اپنے شہر کا نام SMS کریں۔ (رکنِ شوریٰ محمد فضیل رضا عطاری) ﴿10﴾ چار دیواری میں رہ کر آدھی، پونی، پوری روٹی کھانا اور قفلِ مدینہ وغیرہ لگانا کمال نہیں بلکہ معاشرے میں رہ کر یہ سب کرنا کمال ہے ﴿11﴾ شیطان کے وار سے بچنے کے لئے اس کے وار سمجھنا پڑیں گے ﴿12﴾ مُنجیات و مُہلکات

(منجیات یعنی نجات دِلانے والے اعمال، مہلکات یعنی ہلاکت میں ڈالنے والے اعمال) کا علم سیکھیں گے تو شیطان کا بھرپور مقابلہ ہو سکے گا ﴿13﴾ جب تک علمِ دین نہیں ہو گا شیطان سے نہیں لڑ پائیں گے ﴿14﴾ ''**باطنی بیماریوں کی معلومات**'' کتاب انمول کتاب ہے اسے پڑھنے سے مہلکات کا علم حاصل ہوتا ہے ﴿15﴾ تفسیر ''صراطُ الجنان'' سے کوئی گھر خالی نہیں ہونا چاہئے، یہ ہر دعوتِ اسلامی والے کے گھر میں ہو اسے گھر اور مدنی حلقے میں پڑھنے کی ترکیب کریں ﴿16﴾ ''احیاءُ العلوم'' انسان بنانے والا خزانہ ہے، اسے لے کر رکھ لینے کے بجائے پڑھیں ﴿17﴾ محض سُستی کی وجہ سے 63 روزہ ''مدنی تربیتی کورس'' اور 41 روزہ ''مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس'' نہیں چھوڑنا چاہئے۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۹ شوال المکرم **۱۴۳۵ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5 اگست 2014ء |

**(مجلس مدرسة المدینہ آن لائن)**

﴿1﴾ اتنا لمبا بنیان ہو کہ آگے پیچھے کا حصہ ڈھکا ہوا ہے، حیاء بہت اچھی چیز ہے ﴿2﴾ عمامہ شریف گھر میں اور دکان پر بھی سر پر ہونا چاہئے۔ ﴿3﴾ گناہوں بھرے چینل دیکھنے سے نیک بننا مشکل ہے ﴿4﴾ گناہ کرنے والا، نیک انسان نہیں ہوتا، مدنی چینل دیکھتے رہیں گے تو **اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ** آپ نیک بن جائیں گے ﴿5﴾ مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ بھی نیک بننے کا ذریعہ ہے ﴿6﴾ انسان کی زندگی ختم ہو جائے گی لیکن دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پر موجود دینی مضامین، ختم نہیں ہوں گے۔ ﴿7﴾ بدنگاہی اور فضول نگاہی سے بچنے کے لئے درس و بیان کرتے ہوئے نظریں نیچی رکھنے کی مشق کریں۔ یاد رکھیں! قیامت کے روز فضول نظری کا بھی حساب ہے ﴿8﴾ زبان کے ساتھ ساتھ آنکھوں کی حفاظت کی بھی حاجت ہے ﴿9﴾ جہاں تک ممکن ہو آنکھیں نیچی رکھنے کی کوشش کیا کریں تا کہ بدنگاہی سے بچ سکیں۔

**حُجَّةُ الْاِسلام** حضرت سیِّدُنا امام محمد بن محمد بن محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی نَقْل کرتے ہیں: جو کوئی اپنی آنکھوں کو نظرِ حرام سے پُر کرے گا قِیامت کے روز اُس کی آنکھوں میں آگ بھر دی جائے گی۔ (مُکاشَفَةُ الْقُلُوب ص ۱۰)

**حضرتِ علّامہ اَبُو الْفَرَج عبدُ الرّحمٰن بن جَوزی** علیہ رحمۃ اللہ القوی نَقْل کرتے ہیں: عورت کے مَحاسِن (یعنی حُسن و جمال) کو دیکھنا ابلیس کے زَہر میں بُجھے ہوئے تیروں میں سے ایک تیر ہے، جس نے نامَحرم سے آنکھ کی حفاظت نہ کی اُس کی آنکھ میں بروزِ قِیامت **آگ کی سَلائی** پھیری جائیگی۔ (بحرُ الدُّمُوع ص ۱۷۱)

﴿10﴾ مدرسین، مبلغ اور با عمل نہیں بنیں گے اور جب تک مدنی تربیت گاہ والوں کا دھوون نہ لے لیں اور مدنی انعامات والوں سے دم نہ کروالیں تب تک ترکیب مشکل ہے۔

﴿11﴾ مجھے خوش فہمی تھی کہ میں فیضانِ مدینہ کے قریب رہوں گا تو یہ آباد رہے گا۔

﴿12﴾ دنیا بھر کے ذمہ داروں سے ہاتھ جوڑ کر میری التجا ہے کہ فیضانِ مدینہ کو آباد کریں۔

﴿13﴾ فیضانِ مدینہ جہاں بھی بنائیں پہلے یہ طے کریں کہ ہم نے اس کو آباد کرنا ہے۔

﴿14﴾ مسجد کا ثواب مکتب میں نہیں ملے گا۔

﴿15﴾ میں نے فیضانِ مدینہ میں ساری ساری راتیں گزاری ہیں۔

﴿16﴾ علمِ دین کی تحصیل اور مدنی قافلے مسجد میں ہوں۔

﴿17﴾ مسجد میں درجے لگائیں اور مسجدیں آباد کریں۔

﴿18﴾ اعتکاف کی نیتیں کرواکر، وہ جائز کام جس کی شریعت نے اجازت دی ہے عینِ مسجد میں کریں۔

﴿19﴾ مدرسۃ المدینہ بالغان بھی عینِ مسجد میں اعتکاف کی نیّت کرواکر لگائیں

﴿20﴾ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) نے فرمایا: ''جو بندہ نماز پڑھ کر اس جگہ جب تک بیٹھا رہتا ہے، فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں، اس وقت تک کہ بے وضو ہو جائے یا اٹھ کھڑا ہو۔ ملائکہ کا استغفار اس کے لیے یہ ہے، **اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَهٗ** (اے اللہ تو اس کو بخش دے) **اَللّٰھُمَّ ارْحَمْهُ** (اے اللہ تو اس پر رحم کر) **اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَيْهِ** (اے اللہ اس کی توبہ قبول کر) (بہارِ شریعت ج اول، ص ۴۳۹، ۴۴۰، مسند أبي داود الطيالسي الحديث: ٢٤١٥، ص٣١٧)

﴿21﴾ نماز کے بعد جس سے بن پڑے وہ وہیں بیٹھا رہے۔

﴿22﴾ ہمیں جب بھی کوئی ڈھونڈے تو اس کے ذہن میں یہی ہو کہ یہ فیضانِ مدینہ یا فُلاں مسجد میں مل جائے گا

﴿23﴾ مدنی مذاکرے میں بچوں اور مریضوں کو لانے کی اجازت نہیں ﴿24﴾ جس کو تیرنا نہیں آتا اور وہ اپنے آپ کو پانی کی لہروں کے سپرد کر دے تو یہ جائز نہیں۔

﴿25﴾ **کمپیوٹر وغیرہ استعمال کرنے والوں کے لیے احتیاطیں**: ☆ پنکھے وغیرہ کی ہوا براہِ راست آنکھوں پر نہ پڑنے دیجئے ☆ آنکھوں اور سکرین کا درمیانی فاصلہ 2 سے اڑھائی فٹ رکھئے ☆ اسکرین کو آنکھوں

سے 4 یا 5 اِنچ نیچے ہونا چاہیے ☆ اگر نظر کے عینک استعمال کرتے ہیں تو کمپیوٹر پر کام کرتے وقت بھی اسے پہنے رہیے ☆ ہر 20 منٹ بعد اسکرین سے نظریں ہٹا کر 20 فٹ دور رکھی چیز کو 23 سیکنڈ دیکھ لیجئے۔ مثلاً سبز گنبد شریف کا ماڈل رکھ لیا اور ہو بھی مدینے کے رخ پر ☆ اِثمد سرمے کی حدیث (101 مدنی پھول ص 27، 28) سوتے وقت روزانہ اِثمد لگالیا کریں۔

## آنکھوں کا لذیذ چورن

**سونف، مصری** اور **ایرانی بادام** تینوں ہم وزن لیکر اچّھی طرح باریک پیس کر یکجان (MIX) کر کے بڑے منہ کی بوتل میں محفوظ کر لیجئے اور بلا ناغہ روزانہ نَہار مُنہ ایک چائے کی چمچ بغیر پانی کے کھا لیجئے (ایک چمچ سے کچھ زیادہ کھانے میں بھی حرج نہیں) طویل عرصہ استِعمال کرنے سے **اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ** آنکھوں کی بینائی کو فائدہ ہوگا۔ **تجرِبہ:** ایک مَدَنی مُنّی کی آنکھوں میں پانی آتا تھا، بِالآخر آنکھوں کے ڈاکٹر سے وَقت لے لیا تھا، میں نے یِہی **لذیذ چورن** پیش کیا، **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ** ایک آدھ بار کھانے ہی سے اُس کی بیماری جاتی رہی اور ڈاکٹر کے پاس جانے کی نوبت ہی نہ آئی۔ جن کو تکلیف نہ ہو وہ بھی مستقل استِعمال کر سکتے ہیں۔

☆ آنکھوں اور کولیسٹرول کے مریضوں کو مچھلی کھانا مفید ہے ☆ گاجر کے موسم میں ایک گاجر روزانہ کھالیا کریں ☆ گاجر دھو کر چھلکے سمیت کھانا مفید ہے ☆ نماز کے بعد ایک سانس میں 11 بار **یَا نُوْرُ** پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں اس سے بھی بینائی بہتر ہوگی ☆ ضرورتاً نظر ٹیسٹ کروائیں۔

﴿26﴾ 66 **اللہ** کے اسم مبارک کا عدد ہے۔

﴿27﴾ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے قاری صاحبان کا دورانِ تدریس درسِ فیضانِ سنت دینا مدنی انعام پر عمل شمار ہوگا

﴿28﴾ مدنی قافلے کے فضائل بیان کریں گےتو وہ اسلامی بھائی جو وقت نہیں دیتے، ان کا وقت نکالنے کا ذہن بنے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

﴿29﴾ مدرسۃ المدینہ آن لائن میں تقریباً 4000 داخلے ابھی ویٹنگ میں ہیں ﴿30﴾ پاکستانی، رات 2 سے دن 11 بجے تک مدرسۃ المدینہ آن لائن میں پڑھ سکتے ہیں ﴿31﴾ جس ملک کے اسلامی بھائی، مدرسۃ المدینہ آن لائن پاکستان میں بنوادیں تو اُس ملک کے اسلامی بھائیوں کو زیادہ سے زیادہ داخلے ملیں گے۔ **اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ**

﴿32﴾ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے ایک کیبن کا خرچہ تقریباً 72 ہزار روپے اور ایک مدرسۃ المدینہ آن لائن کا تعمیری خرچہ

تقریباً19لاکھ روپے (پاکستانی) ہے۔(آخری 4مدنی پھول باپا کے نہیں، رکن شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری کے ہیں)

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6اگست 2014ء |

(جامعات المدینہ تربیتی اجتماع،دستار بندی)

﴾1﴿ ایک طرح سے سب سے پہلا جامعہ ''صُفّہ شریف'' ہے۔

## اَصحابِ صُفّہ کون تھے؟

**مسجدِنبوی الشریف** میں ایک صُفّہ (چبوترا) تھا، جہاں **500,400 فقراءِ مُہاجرین** بیٹھا کرتے تھے،اس لیے اِنہیں **اَصحابِ صُفّہ** کہتے ہیں۔(رسائلِ دعوتِ اسلامی، رسالہ ''وقفِ مدینہ'' ص208 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی)

﴾2﴿ اصحابِ صُفّہ راہِ خدا میں سفر بھی کیا کرتے تھے اور نئے مسلمان ہونے والوں کو علمِ دین بھی سکھاتے تھے۔

﴾3﴿ جب تک اُستاذ میں جذبہ نہیں ہوگا، وہ جذبہ طلبہ میں کیسے سرایت کرے گا؟

﴾4﴿ مسلمان ہر لحاظ سے اسلام کا پابند ہے

﴾5﴿ جس نے دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرتے ہوئے درسِ نظامی کیا، وہ گھر میں مدنی ماحول بنانے میں کامیاب ہو جائے گا۔

﴾6﴿ مفتیِ دعوتِ اسلامی مدنی کام بھی کرتے تھے، تدریس بھی، امامت بھی، مدنی انعامات پر عمل بھی۔

﴾7﴿ مفتیِ دعوتِ اسلامی کا گھر میں اچھا تأثر مدنی کام کرنے سے بنا۔

﴾8﴿ جامعۃ المدینہ کے طلبہ بھی روزانہ 2 درسِ فیضانِ سُنّت جاری کریں۔

﴾9﴿ جامعۃ المدینہ کے طلبہ کے اندر نرمی ہونی چاہیے۔

﴾10﴿ مدنی کام اوڑھ لیں، جس کا کھانا، اُسی کا گانا، عمر بھر دعوتِ اسلامی کے گُن گانے ہیں۔

﴾11﴿ دعوتِ اسلامی کسی فردِ واحد کا نام نہیں بلکہ سُنّتوں بھری تحریک ہے۔

﴾12﴿ مجھے پوری شوریٰ علماء پر مشتمل چاہیے، آپ کو بھی Well Come (خوش آمدید) ہے۔

﴾13﴿ درس دینے، علاقائی دورہ کرنے، صدائے مدینہ لگانے، مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے/پڑھانے کے لیے تنظیمی ذِمہ داری ضروری نہیں۔

﴾14﴿ دعوتِ اسلامی ایمان کے تحفظ اور اعمال کے اصلاح کی تحریک ہے۔

﴾15﴿ قدم بڑھائیں، کامیابی آگے بڑھ کر گلے لگائے گی۔

﴾16﴿ مدرسۃ المدینہ بالغان سے خوب مدنی ماحول بنتا ہے۔

﴾17﴿ ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریروں کو ''مخطوطات'' کہتے ہیں۔

﴾18﴿ فیضانِ سُنّت کی دُوسری جلد کے تیسرے باب کی تیاری ہے۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جھوٹ کے متعلق مثالوں سے بھرپور یہ ایک تاریخی تحریر ہوگی۔

﴾19﴿ کتاب ''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب'' فرض علوم پر مشتمل ہے۔

﴾20﴿ صحابہ کرام علیہم الرضوان کا جو قدم اُٹھتا تھا وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے ہوتا تھا۔

﴾21﴿ اپنی طرف سے حدیث کی شرح نہ کی جائے۔

﴾22﴿ امتحان میں ناکام ہونے والے طلبہ کو طعنے نہ دیے جائیں، پیار محبت سے سمجھایا جائے۔

﴾23﴿ علمِ فقہ سب علوم سے افضل علم ہے۔

﴾24﴿ 14 اگست کو پاکستان بھر کے ہفتہ وار اجتماعات میں جشنِ آزادی کے شکرانے میں 2 نفل ادا کیے جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 اگست 2014ء |

(جامعات المدینہ تربیتی اجتماع، دستار بندی)

﴾1﴿ کام کو سلام ہے۔

﴾2﴿ کسی بھی کتاب میں میری لکھی ہوئی تقریظ نہیں ملے گی، اگر کہیں سے ملے تو اس کو جعلی سمجھئے گا۔ ﴾3﴿ میں نے تقریظ لکھنے میں ہمیشہ احتیاط کی ہے۔

﴾4﴿ الحمدللہ عزوجل! احتیاط کرنے کا ذہن میرا شروع ہی سے ہی تھا۔

﴾5﴿ میرا نام کیش ہو، میں اس سے بچنے کی کوشش کرتا ہوں۔

﴾6﴿ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی کتاب ''تمہیدِ ایمان'' پر میری تقریظ نہیں بلکہ تصدیق ہے، وہ بھی دعوتِ اسلامی کے مفاد میں تاکہ کچھ لوگوں کی غلط فہمیاں دُور ہوسکیں۔

﴿7﴾ **صدرُ الشَّریعہ**(حضرتِ علّامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی) کو میں ولی **اللہ** سمجھتا ہوں۔

﴿8﴾ ہم اعلیٰ حضرت کے غلام ہیں، جو رضا بولے، لبیک۔

﴿9﴾ جو اپنے کسی اسلامی بھائی کو اس کے کسی ایسے گناہ پر عار دلائے گا جس سے وہ توبہ کر چکا ہو تو عار دلانے والا اس وقت تک نہیں مریگا جب تک کہ وہ خود اس گناہ کو نہ کرلے۔(ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ، ۲۲۶/۴، حدیث:۲۵۱۳)

﴿10﴾ ہر ایک کی نفسیات الگ الگ ہوتی ہیں، بہارِ شریعت کا مطالعہ کرنے میں سولہویں (16) حصے سے شروع کریں، کیونکہ اس میں چھوٹے چھوٹے مضامین ہیں، پھر پندرہواں (15) حصہ پھر حسبِ دلچسپی دیگر حصے۔اِسی طرح فتاوی رضویہ جلد 24,23,22,21 میں دلچسپ فتاویٰ ہیں، پہلے انہیں پڑھ لیں پھر بقیہ، ہر ایک کا ذوقِ مطالعہ مختلف ہوتا ہے۔شروع سے بھی مطالعہ کی ابتدا کی جاسکتی ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿11﴾ صرف ''عطاری'' ہی میرے نہیں، بلکہ نقشبندی، سہروردی، چشتی، قادِری سب میرے ہیں، کسی بھی پیر کا مرید ہو یا کسی بھی پیر کا مرید نہ ہو، سب میرے ہیں۔اِسی طرح شافعی، حنبلی، مالکی، حنفی چاروں سلسلوں والے میرے سر کے تاج ہیں۔

﴿12﴾ دعوتِ اسلامی جتنی ترقی کرے گی، اُتنی ہی جامعات المدینہ بھی ترقی کریں گے، غور کر لیجئے جہاں اس وقت دعوتِ اسلامی نہیں وہاں جامعات بھی نہیں، جہاں دعوتِ اسلامی کمزور ہے، وہاں جامعات بھی کمزور ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8 اگست 2014ء |

﴿1﴾ عوام میں بہت سارے فضول سوال (کہاں رہتے ہو، کاروبار کیا ہے؟) ہوتے ہیں، مجھے اس کی عادت ہی نہیں ہے۔

﴿2﴾ میرا خاندان (بہنیں، بیٹے، بیٹی اور ان کی اولاد) 18 افراد پر مشتمل ہے۔

﴿3﴾ ہر کام میں اِعتدال ہونا چاہئے، ہمارے ہاں اس کا بہت فُقدان ہے، زیادہ کُڑ کُڑ کرنے سے گھروں کا ماحول خراب ہو جاتا ہے۔

﴿4﴾ میت کے 3 دن سوگ ہے، ان دنوں میں دعوت کا اہتمام کرنے کی شریعت میں اجازت نہیں۔

﴿5﴾ رسالہ ''کراماتِ شیرِ خدا'' پڑھیں گے تو غیر **اللہ** سے مدد مانگنے کے بارے میں وسوسے پیدا نہیں ہوں گے۔

﴿6﴾ اپنا مسلک چھوڑنا نہیں ہے، کسی سے بحث نہیں کرنی، رسالہ ''کراماتِ شیرِ خدا'' دے دیں، کسی سُنّی عالِم دین سے رجوع کا کہہ دیں۔

﴾7﴿ ہمیں نیکی کی دعوت دیتے رہنا ہے۔

﴾8﴿ علمِ دین کا حصول نفلی روزوں سے افضل ہے۔

﴾9﴿ اگر نفلی روزے رکھنے سے تحصیلِ علم میں کمزوری ہو تو نہ رکھیں۔

﴾10﴿ مجھے روزوں اور رمضان سے بہت پیار ہے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں رمضان کی محبت عطا فرمائے۔ امین

﴾11﴿ 63 روزہ مدنی تربیتی کورس مجھے اس لیے پسند ہے کہ اس میں فرض علوم ہیں، یہ اہم ترین کورس ہے۔

﴾12﴿ یہ عہد کرلیں کہ مجھے 63 دن کا مدنی تربیتی کورس کرنا ہے، کورس کیے بغیر نہیں مرنا۔

﴾13﴿ دعوتِ اسلامی کے ہر ذِمہ دار بلکہ اراکینِ شوریٰ کو بھی یہ کورس کرنا چاہیئے۔

﴾14﴿ خاموش طبیعت کی اپنی ہیبت ہوتی ہے، رسالہ ''**خاموش شہزادہ**'' کا مطالعہ فرمائیں۔

﴾15﴿ ہر دعوتِ اسلامی والا اور جو دعوتِ اسلامی میں نہیں بھی ہے وہ بھی 12 دن کا مدنی کورس کرلے۔

﴾16﴿ بول کر آپ بارہا پچھتائے ہوں گے۔

﴾17﴿ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں ہر عضو کا قفلِ مدینہ نصیب فرمائے۔

﴾18﴿ اگر چپ رہنا ہے تو مسکراہٹ بڑھانی پڑے گی۔

﴾19﴿ میرا کئی دن تک چپ رہنا ثابت ہے، ایک بار مدینۂ پُر انوار سے واپس آیا تو میں نے 15 دن تک السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مدینہ، **اِنْ شَآءَ اللہ** عَزَّوَجَلَّ، **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ وغیرہ کے علاوہ بات نہ کی تھی۔

﴾20﴿ میں نے موبائل سے دوستی نہیں کی۔

﴾21﴿ Sms بھی اینٹی قفلِ مدینہ ہے۔

﴾22﴿ خصوصی اسلامی بھائیوں کا اِشاروں کے ساتھ ساتھ بولنا غیر ضروری ہے۔

﴾23﴿ دعوتِ اسلامی والے امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن کو بہت مانتے ہیں۔

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 9 اگست 2014ء |

﴾1﴿ دعوتِ اسلامی والے سیّدوں کا احترام کرتے اور انھیں ''باپو'' کہتے ہیں۔

﴿2﴾ مجھے دولت مند بننے کی تمنا نہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھے اور میری اولاد کو بھی مالدار نہ بنائے بلکہ یا اللہ عزوجل جو میری اس دُعا کی تائید کرے اُس کے حق میں بھی یہ دُعا قبول فرما۔

﴿3﴾ میں تو سیّدوں کا غلام ہوں۔

﴿4﴾ دعوتِ اسلامی والے سادات کے غُلام ہیں۔

﴿5﴾ قطبِ مدینہ (خلیفہ اعلیٰ حضرت، شیخ الفضیلت حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی قادری رحمۃ اللہ علیہ) فرمائیں کہ اِلیاس قادری میرا غُلام ہے تو میری عید ہو جائے۔

﴿6﴾ صحابہ کرام، اہل بیت اطہار اور اولیائے کرام کی غُلامی دراصل آزادی ہے۔

﴿7﴾ جو سید مشہور ہے، اُس کو سیّد ہی سمجھا جائے۔

﴿8﴾ غیرِ عالم سید سے، غیرِ سید سنّی عالم افضل ہے۔

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 اگست 2014ء |

(بسلسلہ جشن آزادی 14 اگست 2014ء)

(1)...... ہماری تو یہی تمنا ہے کہ لوگ گناہوں سے بچیں اور نیکیاں کریں۔

(2)...... کاش! ہماری موت قابلِ رشک ہو، قابلِ عبرت نہ ہو۔

(3)...... پاکستان میں اسلام پر عمل اور نیکی کی دعوت کی ہر طرح سے اجازت ہے۔ میرے گمان میں اتنی آزادی دنیا میں کسی بھی ملک میں نہیں۔

(4)...... اسلام کے زرّین اُصولوں کے مطابق ملک کا نظام سنبھالا جائے تو یہ سیاست مذموم نہیں لیکن موجودہ سیاست کا انداز اسلامی نہیں۔

(5)...... جس دن خلافتِ راشدہ کا انداز آئے گا سب سے بڑا سیاستدان الیاس قادری ہوگا۔

(6)......میرا اور میری شوریٰ کا موجودہ سیاست میں آنے کا ہرگز ذہن نہیں۔

(7)......نہ کبھی اِلیکشن (Election) لڑا اور نہ آئندہ کوئی ارادہ ہے۔

(8)......میں نے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کو آٹھ دس سال پہلے وصیت لکھ دی ہے کہ دعوتِ اسلامی کو توڑنا ہو تو سیاست میں آنے یا کسی سیاسی پارٹی کے ساتھ گٹھ جوڑ کا اعلان کر دینا۔ (یعنی دعوتِ اسلامی نہ موجودہ سیاست میں آئے اور نہ ہی کسی سیاسی جماعت سے گٹھ جوڑ کرے)

(9)......ہمارے ہاں نجی طور پر بھی سیاسی موضوعات پر گفتگو نہیں ہوتی۔ (نگرانِ شوریٰ)

(10)......ہم شیطان کے مخالف ہیں، ہزاروں نہیں لاکھوں مسلمان دعوتِ اسلامی میں شامل ہیں اور ہوتے جارہے ہیں۔

(11)......ہم سمجھاتے ہیں کہ ایک مسلمان کو کیسا رہنا چاہیے؟ اگرچہ وہ کسی بھی ملک میں رہے۔

(12)......دعوتِ اسلامی نہ ہوتی تو مدنی چینل گھر گھر نہ پہنچتا۔

(13)......امیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ہر اس قانون کی پابندی کا حکم فرماتے ہیں جو شریعت سے نہ ٹکراتا ہو، جب ہیلمِٹ (Helmet) کا قانون بنایا گیا تو امیرِ اہلسنّت نے اسلامی بھائیوں کو اس کی پابندی کی تلقین کی اور فرمایا اس میں تو ہماری جان کا تحفظ ہے۔ (نگرانِ شوریٰ)

(14)......مسلمان حقیقت میں پُر امن ہوتا ہے حدیث میں ہے: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مومنوں کو مال اور جسمانی لحاظ سے کوئی خطرہ نہ ہو۔ (كتاب الذهد للابن مبارك ج ١ ص ٢٤٠، الحديث ٦٨٨)

(15)......باعمل مسلمان غیر مسلموں پر ظلم نہیں کرتا، دھوکا نہیں دیتا۔

(16)......مسلمان غیر مسلموں سے ایسا روّیہ نہ کریں، جس سے وہ مسلمانوں سے بدظن ہو کر اسلام قبول نہ کریں۔

(17)......اسلام دہشت گردی کی حوصلہ شکنی کرتا ہے۔

(18)......اسلام امن اور راحت کا پیغام دیتا ہے۔

(19)......ہم موجودہ ہڑتالوں کی تائید نہیں کرتے۔

(20)......مسلمان ''مسلمان'' بن کر رہیں۔

(21)......ہمارا اسلام بڑا پیارا مذہب ہے۔

(22)......دعوتِ اسلامی کا یہ بھی کارنامہ ہے کہ عام لوگوں کو نعلِ پاک کے فضائل سے آگاہ کیا۔

(23)......میں نعلین شریف کے فضائل سے دعوتِ اسلامی کے آغاز سے پہلے ہی واقف تھا۔

**آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ**

(24)......یا اللہ عَزَّوَجَلَّ ! جو روزانہ دو دَرس دیں یا سُنیں وہ مرنے سے پہلے مدینہ دیکھیں۔

(25)......نفلی رَوزوں کی مدنی تحریک میں شامل ہونے والے اسلامی بھائی ''مدنی تربیت گاہ'' پر اپنا نام لکھوا دیں۔

(26)......درازی عُمر کے ساتھ عافیت کی دُعا مانگیں وَرنہ بارہا بُڑھاپا بستر پر ڈال دیتا ہے اور بندہ کسی کام کا نہیں رہتا۔

(27)......آج کا کام کل پر مت چھوڑو کل دوسرا کام ہوگا۔

(28)......جامعۃ المدینہ کے طَلبہ دورۂ حدیث کے بعد نہیں بلکہ دورانِ تعلیم 12 ماہ مدنی قافلے میں سفر کریں۔

(29)......زُلفیں رکھ کر اِس سُنتِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کو بھی زندہ کریں اور زُلفوں کے ساتھ عمامہ بھی سجایئے کہ سونے پر سُہاگہ ہوگا۔

(30)......جامعۃ المدینہ کے طَلباء بھی زُلفیں رکھیں آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی سُنّت کی برکت سے حافظہ مزید اچھا ہوگا۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 اگست 2014ء |

﴿1﴾ شاید ہزار نمازیوں میں ایک نمازی، نماز کے آدابِ ظاہری کا خیال کرتا ہوگا۔ذمہ داران کی کوتاہی بھی دیکھی گئی ہے۔

﴿2﴾ مفسداتِ نماز (نماز کوتوڑنے والی باتوں) کوسیکھنا فرض علوم میں سے ہے۔

﴿3﴾ نماز کے اٹھارہ،بیس ہزار مسائل ہیں۔

﴿4﴾ نماز کی بظاہر چھوٹی غلطیوں کی طرف بڑے بڑوں کی توجہ نہیں،اگر چہ ان میں بعض غلطیاں مکروہِ تحریمی ہیں۔مکروہِ تحریمی قریب بہ حرام ہوتا ہے،حقیقت میں یہ غلطیاں چھوٹی نہیں۔

﴿5﴾ وہ خوش نصیب ہے،جس کوصحیح نماز ادا کرنا آتی ہے۔

﴿6﴾ ظاہری وباطنی آداب کے ساتھ نماز ادا کرنا بڑی بات ہے۔

﴿7﴾ زندگی میں ایک سجدہ بھی درست کرلیا تو بیڑا پار ہے۔

﴿8﴾ میرا جی چاہتا ہے کہ سب کوایک قطار میں کھڑا کر کے نماز کا عملی طریقہ سکھاؤں۔

﴿9﴾ صف درست کرنا واجب ہے،ایڑیاں برابر ہوں اور کندھے سے کندھا ملا ہوا ہو۔اگر دورانِ نماز آگے پیچھے ہوجائیں تو اپنے آپ کو درست (Set) کر کے صف سیدھی کرلیں۔

﴿10﴾ کوئی کام کرنا ہوتو سنجیدہ (Serious) لینا ہوگا،انسان سنجیدگی سے کوئی کام کرے تو منزل پالیتا ہے۔

﴿11﴾ کاش زبان پر حقیقی قفلِ مدینہ لگ جائے۔

﴿12﴾ ہر روز فکرِ مدینہ کر کے مدنی انعامات کے رسالے کے خانے پُر کریں اور ذمہ دار کو ہر مدنی ماہ کی پہلی تاریخ کو جمع کروادیں۔10 تاریخ کا انتظار نہ کریں۔

﴿13﴾ مستقل قفلِ مدینہ پر خصوصی توجہ دیں۔مستقل قفلِ مدینہ والوں میں اپنا نام لکھوادیں۔اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس سے استقامت ملے گی۔

﴿14﴾ ہم نے گناہوں بھری گفتگو سے بچانے کے لیے قفلِ مدینہ کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

﴿15﴾ مستقل قفلِ مدینہ لگانے سے سکونِ قلب نصیب ہوگا۔

﴿16﴾ 12 روزہ مدنی کورس کرنے سے کافی تقویٰ پیدا ہوتا ہے۔

﴿17﴾ ۱۲ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ/ 8 ستمبر 2014ء کو صحرائے مدینہ باب المدینہ کراچی میں 12 روزہ مدنی کورس ہوگا۔ (فضیل رضا عطاری، رکنِ شوریٰ)

﴿18﴾ اگر تاریخِ پاکستان کے ساتھ انصاف کیا جائے تو یہ بات واضح ہے کہ پاکستان علمائے اہلِ سُنّت نے بنایا ہے۔

﴿19﴾ علمائے اہلِ سنت کا فیضان: پاکستان، پاکستان۔ (نعرہ)

﴿20﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ پاکستان ہمارا ہے۔

﴿21﴾ ہم مسواک نہیں کرتے، رسمِ مسواک ادا کرتے ہیں۔

﴿22﴾ میرے ولیمے میں دریاں بچھا کر تھالوں میں کھانا دیا گیا تھا۔ کھانے میں تین چیزیں تھیں: پلاؤ (ہلدی والا/ اَکنی)، لڈّو اور گھانٹھیا (نمکو کا آئیٹم ہے)۔

﴿23﴾ اتوار کو ظہر کے بعد دعوتِ ولیمہ کیا جائے یا جہاں جمعہ کو چھٹی ہوتی ہے وہاں جمعہ کے بعد۔ عصر سے پہلے پہلے اختتام ہو جائے۔ رات دیر تک کی دعوت میں فجر کا مسئلہ ہوسکتا ہے۔

﴿24﴾ سکون، سنّتوں پر عمل کرنے اور سادگی میں ہے۔

﴿25﴾ سبز عمامہ، دعوتِ اسلامی والوں کی پہچان ہے۔

﴿26﴾ جو اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ پڑھے تو ''لَا'' سے ''اِلٰہَ'' تک انگلی اٹھائے اور ''اِلّا'' پر گرا دے۔ جو یہ کلمہ زبان سے پڑھے، اسے اشارہ کرنا چاہئے، سننے والے کو اشارے کی حاجت نہیں۔ (ملخص وقار الفتاویٰ ج ۱ ص ۳۴)

﴿27﴾ کتاب ''نماز کے احکام'' ہر گھر کی ضرورت ہے۔

﴿28﴾ میں نوٹ دل کی جانب والے جیب میں نہیں رکھتا۔

﴿29﴾ دو جیبوں کے بھی فوائد ہیں۔

﴿30﴾ میری نصیحت اور وصیت ہے، جلاؤ گھراؤ، ہنگاموں میں نہ جانا کہ اس میں دنیا و آخرت کی بربادی ہے۔

﴿31﴾ ''عاشقانِ رسول کی 130 حکایات'' بہت دلچسپ اور ایمان افروز کتاب ہے۔

﴿32﴾ اردو سب کو سیکھنی چاہیے، ہماری بہت سی اسلامی کتب اس زبان میں ہیں۔

﴿33﴾ کدّو شریف کھانا سنت سے ثابت ہے۔

﴿34﴾ باپ کو اس کا نام لے کر پکارنا مکروہ ہے کہ یہ بے ادبی ہے۔عورت کو اپنے شوہر کا نام لے کر پکارنا بھی مکروہ ہے مگر نام لے کر پکارا تو نکاح پر اثر نہیں پڑے گا۔

﴿35﴾ اپنا مطالعہ وسیع کریں، بار بار پڑھیں، اہم مدنی پھول لکھیں، فہرست بنائیں، سمجھ میں نہ آئے تو علمائے اہلسنّت سے پوچھیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿36﴾ مرید کو اپنے پیر پر حُسنِ ظن ہی رکھنا چاہئے کہ وہ راضی ہوں گے خواہ مخواہ یہ ذِہن نہ بنائے کہ ناراض ہوں گے اَلبتہ پیر کی پسند کے کام کرے گا تو یہ پیر کو خوش کرنے کے اسباب ہیں۔

﴿37﴾ جتنا مدنی کام بڑھے گا باطل قوتیں اُتنی ہی دَبتی چلی جائیں گی۔

﴿38﴾ مدنی قافلے میں سفر کرنا اور دیگر دعوتِ اسلامی کے کورسز اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ کرنا کارِثواب ہے۔

﴿39﴾ دیگر مدنی کاموں کے ساتھ ساتھ نجی مُطالعہ بھی جاری رکھیں۔

﴿40﴾ درسِ فیضانِ سنّت کو فقط ایک معمول کے طور پر نہ کیا جائے بلکہ درس کے بعد نمازیوں سے ملاقات اور ان پر انفرادی کوشش کی ترکیب بھی بنائی جائے۔

﴿41﴾ چوک درس دیں کہ اِس کی برکت سے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو لوگ جو مسجد نہیں آتے وہ بھی نماز پڑھنے

آئیں گے۔

﴿42﴾ 12 ماہ مدنی قافلے میں سفر کئے ہوئے جامعۃ المدینہ کے طلبہ اور دیگر طلبہ میں فرق ہونا چاہئے۔ 12 ماہ سفر کئے ہوئے طالبِ علم کا اوڑھنا بچھونا مدنی انعامات کے مطابق ہو اور وہ اپنے کردار کے ذریعے دیگر طلبہ کو 12 ماہ کے فوائد بتائیں۔ اِن کو پڑھائی میں بھی کمزور نہیں ہونا چاہئے تاکہ کوئی یہ نہ کہے 12 ماہ سفر کی وجہ سے کمزوری آئی ہے بلکہ خوب سنبھل سنبھل کر، اپنا کردار بہتر بنا کر طلبہ کو 12 ماہ کیلئے تیار کریں۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 اگست 2014ء |

﴿1﴾ **خاموشی** بغیر سلطنت کے ہیبت ہے ﴿2﴾ خاموش رہنے والے کا **رُعب** ہوتا ہے ﴿3﴾ **قُوتِ حافظہ** کی دُعا: یَا عَالِمُ یَا عَلِیْمُ، یَا حَافِظُ، یَا حَفِیْظُ، یَا نَاصِرُ، یَا نَصِیْرُ **ہر نماز کے بعد 7 یا 11 بار** پڑھ کر سینے پر دم کرے، گریبان کھولنے کی ضرورت نہیں ﴿4﴾ **نفلی روزوں کی مدنی تحریک** میں شامل ہو جائیے۔ اس تحریک میں شامل ہونے والے اس نمبر پر بذریعہ فون 0213-25921226 یا اس ای میل ایڈریس کے ذریعے roza@madaniinamat.net رابطہ کریں۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30 اگست 2014ء |

﴿1﴾ جب بھی دِل میں کسی کام کے کرنے کی **100% نیت** ہو تو ہاتھ اُٹھائیں، اگر دوسروں کو دِکھانے کیلئے ہاتھ اُٹھایا تو یہ **دھوکہ اور اعضاء کا جھوٹ** ہوگا اور آپ گناہ گار ہوں گے ﴿2﴾ **دُعا مانگنے کے بعد چہرے پر ہاتھ** پھیرتے وقت ''سُنّت'' کی نیت ہونی چاہئے، نیت ہوگی تو ثواب ملے گا ورنہ نہیں ﴿3﴾ دواؤں (Medicine) کے **نقصانات** (Side Effects) بھی ہوتے ہیں، حتی الامکان دواؤں سے بچیں ﴿4﴾ **100 دوا کی اِک دوا پرہیز** ہے ﴿5﴾ اگر کولیسٹرول (Cholestrol) زیادہ ہو گیا ہو تو **ڈاکٹر کے مشورے** سے ادویات شروع کرنی چاہئیں، اپنے ذہن سے کوئی دوا استعمال نہ کریں ﴿6﴾ **چکناہٹ** (جو جمتی ہو)، **چربی اور تیل** والی اشیاء کے اِستعمال سے بچیں، یہ کولیسٹرول کے مریض کے لیے

نقصان دہ ہیں ﴿7﴾ **کوکنگ آئل** میں گھی کی نسبت کولیسٹرول کم ہوتا ہے، گھی کے بجائے آئل استعمال کریں ﴿8﴾ **زیتون شریف** کے تیل کو ''زیت'' بولتے ہیں اور یہ جمتا نہیں ہے، گراِس کو کچا کھایا جائے تو یہ کولیسٹرول کے لیے بہترین علاج ہے ﴿9﴾ **گوشت کا سرخ** (لال) ہونا بوڑھے جانور ہونے کی علامت ہے، جبکہ **مٹیالا رنگ** جانور کے جوان ہونے کی علامت ہے اور مٹیالے رنگ والے گوشت میں لال کی بہ نسبت کم کولیسٹرول ہوتا ہے جبکہ مُرغی (بغیر چربی کے) اور مچھلی کے گوشت میں کولیسٹرول نہیں ہوتا ﴿10﴾ **تلی ہوئی چیزیں** عام طور پر نقصان دِہ ہوتی ہیں اور یہ کینسر تک پہنچاسکتی ہیں ﴿11﴾ **کولیسٹرول، شوگر اور ہائی بلڈ پریشر** یہ تینوں اَمراض اپنے اندر جمع نہ ہونے دیں، اگر یہ تینوں کسی میں جمع ہوجائیں اور وہ کھانے پینے میں پرہیز نہ کرے تو اُسے اچانک ہارٹ اٹیک (Heart Attack) ہوسکتا ہے ﴿12﴾ حاجی جب **اللہ** ورسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کے گھر کا اِرادہ کرے، اُس کے دِل میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی **محبت کا چراغ** ہو اور اسکا **سینہ عشقِ رسول** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا **مدینہ** ہو تو بات ہی کچھ اور ہوگی ﴿13﴾ **علم کے بغیر** کچھ بھی نہیں ہوسکتا۔ (یعنی علمِ دین کے بغیر دینی و دُنیوی کوئی معاملہ شرعی طور پر درست نہیں ہوسکتا) ﴿14﴾ **غیرِ عالم** کو نعتیہ کلام ہرگز نہیں لکھنا چاہیے، اگر فنِ شعری میں ماہر ہو تو اُس وقت تک اپنا شعر نہ خود پڑھے نہ کسی کو پڑھنے دے جب تک کسی فنِ شاعری سے واقف باعمل عالمِ دین یا مفتی سے تفتیش نہ کروالے، وَرنہ **ایمان بھی برباد** ہوسکتا ہے۔ ﴿15﴾ **سرمایۂ عشق** پانے کیلئے عشقِ الٰہی اور عشقِ رسول پر مبنی **حکایات و مضامین** پڑھنے چاہئیں ﴿16﴾ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں حقیقی معنوں میں **سرمایۂ عشق** عطا فرمائے اور یہ عاشقانِ رسول کی صحبت سے حاصل ہوگا ﴿17﴾ حاجی کے ساتھ سفر میں کم از کم ایک سُنّی مُتَصَلِّبْ (مسلک میں پکا) غوثِ پاک کا دیوانہ اور یارسول اللّٰہ کہنے والا عالمِ دین ہونا چاہیے کہ وہاں قدم قدم پر شرعی رہنمائی ہوگی اور ایمان کی حفاظت کا بھی سامان ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ﴿18﴾ دُنیا بھر کے تقریباً 52 اسلامی ممالک میں سے **50 ممالک** میں ۱۲ ربیع الاوّل کو ''**جشنِ ولادت**'' کی خوشی میں **سرکاری طور پر چھٹی** ہوتی ہے، جبکہ کئی غیر مسلم ممالک میں بھی مُسلمانوں کو اِن تاریخوں میں چھٹی دی جاتی ہے ﴿19﴾ **اہلِ تُرک** (تُرکیوں) **کا عشقِ رسول** بہت مشہور ہے اور یہ بہت عاشقِ رسول ہوتے ہیں ﴿20﴾ **بعض** اوقات غصہ بہت نقصان پہنچاتا ہے، غصے کے بارے میں بہت پیارے مدنی پھول پڑھنے کیلئے مکتبۃ المدینہ سے ''**غصے کا علاج**'' نامی رسالہ پڑھئے ﴿21﴾ افسوس! **دُنیا کی محبت** نے ہمارے دل میں ایسا بسیرا کرلیا ہے کہ جس کی وجہ سے نماز و تلاوت میں رِقّت، ذوق اور خشوع ختم ہوگیا ہے ﴿22﴾ افسوس! رات دن گناہوں میں گزارنے کی وجہ سے

ہمارا دل **پتھر کی طرح سخت** ہوگیا ہے ﴿23﴾ **گناہوں سے فوری بچنا** ضروری ہے ﴿24﴾ حسبِ ضرورت **روزی پر قناعت** کرنا سیکھیں ﴿25﴾ اپنے اندر **رِقّت** پیدا کرنے اور **نماز و عبادت میں دِل** لگانے کیلئے طلوعِ آفتاب سے پہلے بغیر نمک کے جو کی روٹی بنا کر توے پر نئے قلم سے **7 بار "یااللہ"** لکھیں اور یہ روٹی سنبھال کر رکھ لیں اور اُس دِن روزہ بھی رکھنا ہوگا پھر اُسی روٹی سے افطار بھی کرلیں **اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ** اِس کی برکت سے **رونے کی سعادت** ملے گی ﴿26﴾ **وسوسوں** کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ اِن کی طرف توجہ نہ دی جائے ﴿27﴾ جب وسوسہ آئے تو اُلٹے کندھے کی طرف **3 بار "اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم"** پڑھ کر تھتکاریں (تھو تھو کریں) یہ تھوک شیطان کے منہ پر پڑتا ہے اور وہ اِس سے ذلیل ہوتا ہے ﴿28﴾ نعتِ مصطفیٰ، نگاہیں جُھکا کر **گنبدِ خضریٰ کے تصور** میں ڈوب کر پڑھنے کا لُطف ہی کچھ اور ہے ﴿29﴾ فضول باتوں سے اس لئے بھی بچیں کہ فضول بات کرتے کرتے کہیں **گناہوں بھری گفتگو** میں نہ پڑ جائیں ﴿30﴾ **فضول باتیں اچھی نہیں** ہیں ﴿31﴾ فضول بات کی تعریف یہ ہے کہ ایسی بات جس میں **نہ دین کا فائدہ ہو نہ دُنیا کا** ﴿32﴾ سلام کا جواب اتنی آواز سے فوراً دینا کہ سامنے والا سُن لے **واجب** ہے، اگر کوئی اپنے خیال میں قفلِ مدینہ لگاتے ہوئے اِشارے سے جواب دے گا تو گناہ گار ہوگا۔(یہ قفلِ مدینہ بھی نہیں ہے) ﴿33﴾ تمام اسلامی بھائی **"یومِ قفلِ مدینہ"** منائیں۔ میں **72 گھنٹوں کا قفلِ مدینہ** لگانے کی نیّت کرتا ہوں ﴿34﴾ ۵ رجب المرجب ۱۴۳۵ھ سے میں روزانہ دَرس دینے کی کوشش کرتا ہوں، چند دن کے علاوہ اَب تک روزانہ درس دے رہا ہوں ﴿35﴾ دعوتِ اسلامی کے تمام ذمہ داران بشمولِ اراکینِ شوریٰ ونگرانِ کابینات ونگرانِ کابینہ اور ہر سطح کے ذمہ دار ونگران، روزانہ درس دیں اور ناغہ نہ کریں اور اپنی انفرادی کارکردگی روزانہ اپنے نگران کو دیں ۔(نگرانِ شوریٰ) ﴿36﴾ میں نے **ہزاروں، سینکڑوں بار دَرس** دیا ہوگا اور یہ مدنی کام دعوتِ اسلامی کے پہلے سے جاری ہے

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 ستمبر 2014ء |

﴿1﴾ اپنی نماز درست کرنے کے لیے **"نماز کے احکام"** کا مطالعہ 30 دن میں کر لیجئے، اگرچہ پہلے کیا ہو ﴿2﴾ ہمیں **عافیت کی دعا** کرتے رہنا چاہیے ﴿3﴾ سرکارِ اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کے قدموں میں پڑے رہو دل ہی نہیں بلکہ جسم کا رُواں رُواں "جاری" ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل ﴿4﴾ تمام ذمہ داران بشمول اراکین مرکزی مجلس

شوریٰ، نگران واراکین کابینات وکابینہ ''**12 روزہ مدنی کورس**'' کریں ﴿5﴾ **روزہ تحریک پمفلٹ** شائع ہوگیا ہے، اسے اپنی ڈائری میں چسپاں کرلیں اور اس کی مدد سے اسلامی بھائیوں کو نفلی روزہ تحریک میں شامل ہونے کی ترغیب دلائیں۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| ۱۸ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 ستمبر 2014ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ **مدنی چینل** پر اپنا **ریکارڈ شدہ سوال** نہ چلنے پر بُرا نہیں منانا چاہیے ﴿2﴾ حُسنِ ظن کا جام پیتے رہیں اور جنت کے حقدار بنتے جائیں ﴿3﴾ **حُبِّ جاہ** ایسا مرض ہے، جو آج کل شاید اکثر لوگوں کو لگ گیا ہے، اِس سے بچنے کی سب کو کوشش کرنی چاہیے، **اللہ** عزوجل بچنے کی سعادت نصیب کرے ﴿4﴾ ہمارے پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو اپنے غلاموں میں سے سب سے زیادہ **صدیقِ اکبر** رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پیار تھا ﴿5﴾ جیسے والدین کو اپنا **کماؤ پُتر** اچھا لگتا ہے، ایسے ہی جو مُرید زیادہ **دین کا کام** کرتا ہو اور **دین پر عمل کرتا** ہو وہ پیر کو زیادہ اچھا لگے گا ﴿6﴾ جس مُرید میں **دِینی خوبیاں** جتنی زیادہ ہوں گی، **پیر** اپنے اُس مُرید سے **زیادہ محبت** کرے گا ﴿7﴾ والدین اپنی اولاد پر یہ ظاہر نہ کریں کہ ہم اپنے فلاں بیٹے یا بیٹی سے زیادہ محبت کرتے ہیں ورنہ وہ **احساسِ کمتری** کا شکار ہوں گے اور یہ اُن کیلئے باعثِ ہلاکت ہوگا ﴿8﴾ بے پردہ عورتوں سے **نظر کی حفاظت** کیلئے اپنی آنکھوں کو برقع پہنا دیں یعنی اِن کو جھکا لیں ﴿9﴾ **نگاہوں کی حفاظت** کیلئے کوششیں تیز تر کردیں ﴿10﴾ کار اور بس میں سفر کے دوران، بدنگاہی سے بچنے کیلئے **کپڑے کی پٹی** آنکھوں پر باندھنا مفید ہے مگر یہ پٹی باندھ کر آنکھیں کھول کر نہ دیکھیں کہ نظر پر زور پڑے گا اور نقصان بھی ہوسکتا ہے ﴿11﴾ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ توفیق دے کہ ہم **نماز کیلئے عمدہ لباس** کا اہتمام کیا کریں ﴿12﴾ ہر اُس کام سے بچیں جو **تنفیرِ عوام کا باعث** ہو یعنی جس پر لوگ اُنگلی اُٹھائیں ﴿13﴾ **سکائپ و دیگر سوشل میڈیا** پر اپنے بنے ہوئے اکاؤنٹس پر اپنی **فوٹو** لگانا مجھے اچھا نہیں لگتا، **سبز گنبد** یا **حضورِ غوثِ پاک** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے **مزار شریف** کی یا **غوثیہ جھنڈے** وغیرہ کی فوٹو لگادیں ﴿14﴾ سوشل میڈیا و دیگر جگہوں سے اپنی **تصاویر** ختم کرکے حُبِّ جاہ کا خاتمہ کرنے کی کوشش کریں ﴿15﴾ جو **مدنی کام** میں **مکمل** طور پر مصروف ہوتا ہے، اُس کو فضول کاموں کیلئے **وقت** نہیں ملتا ﴿16﴾ جتنا زیادہ نیکی کرنے میں شیطان وسوسے ڈالے، اُتنی ہی **زیادہ ہمت سے نیکی** کرنی چاہیے ﴿17﴾ ''**وَسوسے اور اُن کا علاج**'' رِسالہ بار بار پڑھیں تاکہ شیطان کے وار آپ پر آشکار (ظاہر) ہوجائیں ﴿18﴾ ہر سال (بقرعید سے پہلے) ''**اَبلق گھوڑے سوار**'' رِسالہ پڑھ لینا چاہیے تاکہ یہ مسائل دوبارہ یاد ہوجائیں بالخصوص **آئمہ حضرات** یہ رسالہ اپنے پاس رکھیں۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ ذوالقعدة الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 ستمبر 2014ء |

﴿1﴾ مکے مدینے کا ذرّہ ذرّہ زیارت گاہ ہے ﴿2﴾ ''**عاشقانِ رسول کی 130 حکایات**'' اشکبار آنکھوں سے پڑھی جانے والی کتاب ہے ﴿3﴾ علمِ دِین سے جہالت کی وجہ سے بھی لوگ برائیوں میں گرفتار ہوجاتے ہیں ﴿4﴾ ''**دلائل الخیرات شریف**'' درود و سلام کی بہت **عمدہ کتاب** ہے ﴿5﴾ **قضاعمری** (قضا ہوجانے والی نمازوں کو پڑھنا) نفس کے لیے گِراں ترین ہے۔

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۳۰ ذیقعدة الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 ستمبر 2014ء |

(1)...... بچوں کو بھی ''موت'' کے بارے میں معلوم ہونا چاہیے کہ جو مرتا ہے وہ پھر کبھی واپس نہیں آتا وغیرہ، میں اپنے بچوں کو بارہا قبرستان لے کر گیا ہوں۔

(2)...... صحابہ کرام علیہم الرضوان اپنے بچوں کو قبر کے سوالات سکھاتے تھے۔

(3)...... قبروں کی زِیارت سے دِل نرم ہوتے ہیں۔

(4)...... باب المدینہ کراچی کے میوہ شاہ قبرستان میں میرے (امیرِ اہلسنّت کے) بڑے بھائی، ماموں اور والدہ کی قبریں ہیں۔

(5)...... عوام الناس کی قبر اوپر سے کچی ہی رکھی جائے اس میں ان کا فائدہ ہے کہ اس پر اُگنے والی گھاس سے دل بہلتا ہے۔

(6)...... مزاراتِ اولیاء پر گنبد بنانے چاہئیں تا کہ عوام کے دل انکی طرف مائل ہوں اور وہ فیضان اولیا سے مستفیض ہوں۔

(7)...... قربانی کی کھالیں دعوتِ اسلامی کو دینا کارِثواب اور بہترین مصرف ہے۔

(8)......قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی نیتیں اوراحتیاطیں معلوم ہونا ضروری ہیں۔''ابلق گھوڑے سوار'' سے مطالعہ کیجئے۔

(9)......دعوتِ اسلامی کے لیے زیادہ سے زیادہ قربانی کی کھالیں جمع کیجئے۔

(10)......سبز رنگ امن کی علامت ہے،سبز عمامے والوں کو دنیا بھر میں مرحبا(WellCome) کہا جاتا ہے۔

(11)......دعوتِ اسلامی پُر امن تحریک ہے،اس کی جنگ شیطان سے ہے،شیطان کے خلاف جنگ، جاری رہے گی۔

(12)......ہم فیضانِ اولیاء کے بھوکے ہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ نصیب کرے۔

(13)......مسلمانوں کی خیر خواہی کارِثواب ہے۔

(14)......دل کا سکون چاہتے ہیں تو صدقہ وخیرات کیجئے۔

(15)......قربانی کی کھالیں دینے والا بھی دعوتِ اسلامی کی غیر معمولی یعنی اہم خدمت کررہا ہے۔

(16)......جانور کی کٹائی ماہر گوشت فروش سے کروانی چاہیے۔

(17)...... بڑے جانور کے سر اور دم کی کھال جدا نہ کی جائے،جدا کرنے سے اس کی قیمت گر جاتی ہے۔

(18)...... مالکِ نصاب اور مالدار اسلامی بھائی اپنی قربانی کا جانور کسی غریب کو دے کر اپنی قربانی کرنے کا وکیل بنا دے،اسطرح اس کی قربانی بھی ادا ہو جائے گی اور غریب کے بچے بھی خوش ہو جائیں گے۔یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اپنا واجب الگ سے ادا کرے اور اس غریب کو خوش کرنے کے لئے جانور تحفۃً پیش کردے۔

(19)......جانور کو رکھنے کے لیے نرم زمین ہونی چاہئے،بڑے شہروں میں نرم زمین کی ترکیب نہ بنے تو جس جگہ جانور رکھنا ہو وہاں ''بالوریت'' بچھالی جائے۔

(20)......بچوں کو جانوروں کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذہن دینا چاہیے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(21)......اپنے عمل کو کچھ نہ سمجھنا، بُزرگوں کا طریقہ ہے۔

(22)......اپنے نیک اعمال پر مطمئن نہیں ہونا چاہئے بلکہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی خفیہ تدبیر سے ڈرتے رہنا چاہیے۔

(23)......پیر کی توجہ حاصل کرنے کیلئے پیر کی اطاعت کی جائے۔

(24)......جامعۃ المدینہ کے آخری درجہ دورۂ حدیث کو صِرف ''دَورہ'' نہ کہا جائے بلکہ دورۂ حدیث **مکمل** کہنا چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| **یکم** ذوالحجۃ الحرام **۱۴۳۵ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 ستمبر 2014ء |

(1)......اسلامی بہنیں مرغی ذبح کرنے اوراسکا گوشت بنانا سیکھ لیں اور گھر میں خود اس کی ترکیب بنایا کریں تو مدینہ مدینہ۔

(2)......اگر جینے کی خواہش ہے تو پہچان پیدا کر۔

(3)......جانور بددعا دے تو قبول ہے۔

(4)......رضائے الٰہی کے لیے کم کھانا چاہیے، البتہ اتنا کم نہ کھائیں کہ عبادت میں مشکل ہوجائے۔

(5)......رضائے الٰہی کے لیے کم کھانے والے مزاروں میں چلے گئے، بازاروں میں نہیں ملیں گے۔

(6)......کسی بزرگ کا قول ہے: جو چیز مہنگی ہوجائے اس کو خریدنا چھوڑ دو، وہ سستی ہوجائے گی۔

(7)......توبہ کرنے کے بعد بغیر ضرورت ہرگز اپنے گناہ بیان نہ کریں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(8)......شریعت حضور صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اقوال اور طریقت آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے افعال کا نام ہے۔ (از۔ فتاویٰ رضویہ ۲۱/۴۶۰)

(9)......کُتب تصنیف کرنا آسان کام نہیں جو اِس کا اہل ہو اُسی کو یہ کام کرنا چاہئے۔

(10)......دعوتِ اسلامی سے تعویذات سیکھ کر اگر کوئی اپنا آستانہ بنالے تو یہ دعوتِ اسلامی سے بے وفائی ہے۔

(11)......اچھے دوست کو پہچاننے کیلئے اُس کے ساتھ سفر کریں یا کوئی معاملہ مثلاً خرید وفروخت وغیرہ کریں۔

(12)......مُسلمان اس طرح دعا نہ کرے: یا **اللہ**! مجھے ایمان کی دولت عطا فرما بلکہ یوں دعا کرے: یا **اللہ**! میرے ایمان کی حفاظت فرما۔

| ۲ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 27 ستمبر 2014ء |
| --- | --- | --- |

(1)......مدنی مذاکرے کے لیے سوال بنائیں تو ہمیشہ سچا ہی بنائیں۔

(2)......مطالعہ کس کتاب کا کرنا چاہیے، اس کا شعور ہونا چاہیے۔

(3)......جو ذمہ داران باقاعدگی سے مدنی مذاکرے سنتے ہوں گے، انہیں معلومات کا خزانہ حاصل ہوتا ہے۔

(4)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ زائرینِ مدینہ کے لیے مجلس مدنی تحریک برائے عباداتِ حرمین (حرمین شریفین میں عبادت کرنے کی تحریک) بنائی ہے اس کے 19 مدنی پھول بنائے ہیں۔

(5)......جو مکے مدینے میں گونگا، بہرا اور اندھے کے طرح بن کر رہے تو تمام گناہوں سے بچ سکے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

(6)......حرمین طیبین میں بھی اپنے اوقات حتی الامکان مدنی انعامات کے مطابق گزاریئے۔

(7)......ولی کے قرب میں دعا قبول ہوتی ہے۔

(8)...... ہر نیک آدمی ولی نہیں ہوتا لیکن ہر ولی نیک ہوتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(9)......سب اسلامی بھائی ہفتہ وار اجتماع کے بعد رات اعتکاف کی ترکیب فرمایا کریں۔

(10)......اپنے اندر احساسِ ذمہ داری پیدا کریں۔

| ۳ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 ستمبر 2014ء |
| --- | --- | --- |

(1)......جانور پر ظلم کرنا مسلمان پر ظلم کرنے سے سخت ہے۔

(2)......مظلوم کافر اور مظلوم جانور کی بددعا قبول ہوتی ہے۔

(3)......مدنی منے اور منیاں بھی کھالیں جمع کر سکتے ہیں کہ اپنی امی ابو، دیگر رشتے داروں اور محلے والوں سے ترکیب بنائیں۔

(4)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی لاکھوں کے دلوں میں اتر گئی ہے، کئی غلط رسوم کی اصلاح ہوئی ہے۔

(5)......دس بیبیوں کی کہانی جھوٹی ہے اس کی جگہ سورہ یٰسین پڑھیں۔

(6)......جب تک ہم نے ''الفاظ'' نہ بولے، ہمارے ہیں، جب نکل گئے تو دوسروں کے ہوگئے، وہ جو چاہیں کریں۔

(7)......کچھ افراد پر مشتمل ایسا گروپ جس کے سپرد کوئی کام کیا جائے، اسے کمیٹی کہا جاتا ہے، دعوتِ اسلامی کی اصطلاح میں اسے ''مجلس'' کہا جاتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(8)......تمام اسلامی بھائی ''بُغض و کینہ'' کتاب گھنٹوں میں پڑھنے کی نیت اور کوشش کریں۔

(9)......ظالم سے بُغض و کینہ رکھنا جائز ہے جبکہ بدمذہب اور کافر سے بُغض و کینہ رکھنا واجب ہے۔

(10)......بُغض و کینہ کے علاج میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بے جا سوچنا چھوڑ دیجئے۔

| ٤ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 ستمبر 2014ء |
|---|---|---|

(1)......سب سے پہلے شیطان نے جھوٹ بولا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم اس شیطانی کام سے بچیں گے۔ جھوٹ کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

(2)......جو دِین کے لیے وقف ہونا چاہتا ہے، دعوتِ اسلامی کی مدنی تربیت گاہ سے رابطہ کرے۔

(3)......دین کا کام کرنا ہے تو خدمتِ دین کا ارادہ مستحکم اور مضبوط کیجئے اور اس کے لیے عملی اقدام بھی کیجئے۔

(4)......پھل دار درخت کے نیچے کھڑے ہو کر پھل کھانے کا ارادہ کافی نہیں بلکہ درخت سے پھل توڑنا، کھانے کے تقاضے پورے کرتے ہوئے منہ میں ڈالنا ضروری ہے۔

(5)......کام فقط ''چاہنے'' سے نہیں ''کرنے'' سے ہوتا ہے۔

(6)......کاش حج کرنے والے ''حاجی'' کہلانے کی نیت سے نہیں بلکہ رضائے الٰہی کے لیے حاجی بنیں۔

(7)...... **اللہ** نصیب کرے ہم خوشدلی کے ساتھ عبادت میں مصروف رہیں۔

(8)......جتنی تعداد میں ہو سکے ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن رسالہ ''بیٹا ہو تو ایسا'' تقسیم کرے۔

(9)......بھوت پری کی کہانیاں بچوں کو بُزدل (ڈرپوک) بناتی ہیں۔

(10)......صحابہ کرام اپنے بچوں کو بہادری کی تربیت دیا کرتے تھے۔

(11)......ہمارے بچے شیر کی طرح بہادر ہونے چاہیں۔

(12)......دعا کے آخر میں **اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کہا جاتا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ جو دعا ہم نے کی ہے یا **اللہ**! اپنے نبیِ اَمین صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے اونچے مرتبے کے وسیلے سے قبول فرما۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(13)......بُغض و کینہ باطنی مرض ہے اور اِس کے بارے معلومات حاصل کرنا فرض علوم میں سے ہے۔

(14)......10،11،12 اور 13 ذُوالحجۃ الحرام اور یکم شوال (یعنی میٹھی عید کے دِن) کو روزہ رکھنا ناجائز و گناہ ہے۔

(15)...... **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے دُعا کرتے رہیں کہ یا اللہ عزوجل ہمیں بُغض و کینہ سے محفوظ فرما۔

(16)......مدنی کام کرتے رہیں اس میں ماہر ہو جائیں گے، کام کو کام سِکھاتا ہے۔

(17)......مفتی بننے کیلئے دیگر لوازمات کے ساتھ نجی مطالعہ بھی ضروری ہے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| ۵ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30 ستمبر 2014ء |
| --- | --- | --- |

(1)...... بیرونِ ملک کے اسلامی بھائیوں کے لیے عیدُ الاَضحیٰ کے اَیام میں مَدَنی قافلے میں سفر کرنا آسان ہے۔

(2)...... اپنے مُلک کو بنانا، مُلک سے وَفاداری ہے اور سیاسی مَفادات کے لیے بگاڑنا نہ عَقلمَندی ہے نہ وَفاداری۔

(3)...... سب مل کر مُلک کی تعمیر اور مسجد بھرو تحریک میں ہمارا ساتھ دیں۔

(4)...... ہمارا بچّہ بچّہ نمازی بن گیا تو مُلک بھی خوشحال ہوجائے گا۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(5)...... ہم بھرپور کوشش سے اجتماعات میں کثیر اسلامی بھائی جمع کرلیتے ہیں، اگر سنجیدہ ہوجائیں تو قربانی کی کھالیں بھی کثیر جمع کرسکتے ہیں۔

(6)...... قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں خوب کوشش کریں، ابھی ہم نے بہت جامعات اور مَدارِس بنانے ہیں۔

(7)...... طولِ اَمَل (لمبی امیدوں) کی بہت مذَمَّت ہے۔

(8)...... واجب قربانی ادا کرنے کے بعد سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لیے قربانی کرنا سَعادت مندوں کا حصّہ ہے۔ منڈی کا سب سے بہترین جانور سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے قدموں پر نِثار کیا جائے۔

(9)...... اچھی نیّت بِذاتِ خود ایک نیکی ہے۔

(10)...... جس نے کسی کے احسان کرنے پر جَزَاکَ اللّٰہ خَیْرًا کہا تو اس نے مکمل شکر ادا کیا۔

(11)...... مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''ضیائے صدقات'' بہت پیاری ہے۔

| ٦ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 1 اکتوبر 2014ء |
| --- | --- | --- |

(1)...... دُرُود وسلام ہم اہلِ سنّت کی پہچان ہے، تمام اسلامی مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''ضیائے دُرُود وسلام'' کا مطالعہ کریں۔

(2)......بقرعید کے دن سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم کھانے کا آغاز قربانی کی کلیجی سے فرماتے۔

(3)......ہر سُنّت عظمت والی ہے۔

(4)......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کی ساری زندگی اللہ تَعَالٰی کے دین کے لیے وَقْف تھی۔

(5)......یہ کہنا مناسب نہیں کہ ''فُلاں ذِمّہ دار میرا فون نہیں اُٹھاتا'' بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ ''میرا فون ریسیو (Receive) نہیں ہوا۔''

(6)......مَدَنی کام ''قربانی'' دینے سے ہوتا ہے۔

(7)......جو طَلَبہ رَمَضان میں مَدَنی عَطیات اور ذُوالحجہ میں قربانی کی کھالیں جمع کرتے ہیں وہ ان طَلَبہ پر اِنفرادی کوشش کریں جو یہ مدنی کام نہیں کرتے۔

(8)......قطرہ قطرہ مل کر دریا بنتا ہے، یہ قطرے دریا سے جدا ہو جائیں تو وہ خشک ہو جاتا ہے۔

(9)......علماء کی خِدمت ہمارے لیے سعادت ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مُذاکرہ

(10)......پیر حفاظتِ ایمان کا ذَریعہ ہے۔

(11)...... پیرِ کامل بغیر کسی عِوض کے رُشد و ہدایت (مَدَنی تربیت) کرتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 اکتوبر 2014ء |

(1)......مجھے غریبوں سے مَحبَّت ہے، کیونکہ میں نے غُربت دیکھی ہے۔

(2)......اولیائے کرام رَحِمَھُمُ اللہُ السَّلام کو جو اعلیٰ دَرَجات ملے ہیں اس میں نَماز (عبادت) کا اہم عمل دخل ہے۔

(3)......امام مالک رَحمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ کے مُقَلِّدین بھی عاشقِ رسول ہوتے ہیں۔

(4)......کاش ہمیں اِصلاحِ اُمّت کا دَرْد نصیب ہو جائے۔

(5)......جو حُسنِ نیّت سے مَدَنی کام کرے گا، ثواب پائے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

(6)......میں بار بار آپ کو علمائے کرام کے قدموں میں بھیجتا ہوں، ان سے رہنمائی لیں، جتنا وہ شریعت جانتے ہیں عوام نہیں جانتے۔

(7)......مجھے بلوغت سے پہلے شَرعی مسائل دریافت کرنے کا شوق تھا۔

(8)......میں نے شَرعی مسائل کو بار بار پڑھا ہے۔

(9)......مَدَنی مذاکرے میں ضَرور شرکت کیا کریں، میں ان میں اپنی زندگی کا نچوڑ اور خُلاصہ بیان کرتا ہوں۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مذاکرہ

(10)......دورانِ مُطالعہ اہم مَدَنی پھولوں کو یاد رکھنے کے لیے اپنے ذاتی نُسخے پر انڈر لائن کرنے کی عادت بنائیں، نیز جو تعریفات ہوں ان کو الگ سے لکھ کر تین یا چار بار یاد کرنے کی کوشش کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٨ ذوالحجة الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 اکتوبر 2014ء |

(1)......میں مَدَنی قافلے والا ہوں مجھے مَدَنی قافلے سے پیار ہے۔

(2)......مَدَنی رَسائل سینے والی جیب میں ہی رکھا کریں۔ سائیڈ والی جیب میں رکھنے سے اِجتناب کریں۔

(3)......اسلامی بہنوں کو بھی قمیص اور مدنی برقع میں جیبیں بنانی چاہئیں، یا اللہ جو اسلامی بہنیں رِسالے وغیرہ رکھنے کی نیّت سے جیبیں بنائیں اُنھیں جنّت میں حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پڑوس نصیب فرما۔

(4)......جو اسلامی بھائی عید کے دنوں میں کھالیں جمع کریں اور بقیّہ وقت مدنی قافلے کے جَدوَل میں گزاریں گھر نہ جائیں تو ان کے یہ اَیام مَدَنی اِنعامات کے مطابق مدنی قافلے میں شمار کیے جائیں گے۔

(5)......حضرت مخدوم محمد ہاشم قادری ٹھٹوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بہت بڑے بُزرگ اور مفتی تھے۔

(6)......مَدَنی مذاکرے میں معلومات اور اَخلاقی تربیت ہوتی ہے۔

(7)......عِلمی شخصیت اور داڑھی عمامے والے کو زیادہ محتاط ہونا چاہیے، یہ سفید چادر کی مانند ہیں۔

(8)......سفید چادر پر کالا داغ زیادہ واضح نظر آتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مذاکرہ

(9)......جامعۃُ المدینۃ کے طَلَبہ باعمل بننے کے لیے مَدَ نی ماحول میں رہتے ہوئے مَدَ نی کام کریں، اللہ عَزَّوَجَلَّ نے چاہا تو اِستقامت بھی ملے گی اور باعمل بھی ہوجائیں گے۔ان شاءاللہ عزوجل

(10)......محتاط سدا سکھی رہتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4اکتوبر2014ء |

(1)......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں اپنے آپ کو ’’کچھ سمجھنے‘‘ سے بچائے اور عاجزی واِنکساری کا پیکر بنائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5اکتوبر2014ء |

(1)......مریض کا بعض اشیاء سے پَرہیز کرنا خود حدیثِ پاک سے ثابت ہے۔

(2)......عیدالاضحیٰ پر گوشت کی فَراوانی ہونے کی وجہ سے نَفْس کا اِمتحان ہوتا ہے ایسے موقع پر بھی ڈر ڈر کر کھانا چاہئے۔

(3)......زیاہ گوشت کھانے کے نقصانات کی معلومات ہوں گی تو ڈر پیدا ہوگا۔

(4)......اسلامی بھائی ولیمے میں مَدَنی چینل یا مکتبۃُ المدینہ سے رِیلیز (Release) ہونے والی بیان کی وی سی ڈی لگانے کی ترکیب بنایا کریں۔

(5)......مَدَنی مذاکروں میں تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اوّل تا آخر شرکت کیا کریں، اس میں حسبِ حال سب کے لیے مَدَنی پھول ہوتے ہیں۔

(6)......مَدَنی مذاکروں میں کامیاب زندگی گزارنے کے طریقے بیان کئے جاتے ہیں۔

(7)......اپنے ہاتھ سے صرف اُسے لُقمے کھلانے چاہئیں جو عقیدت رکھتا ہو اور وہ اِس کا مُطالبہ بھی کرے۔ ہر ایک کو کھلانے کی ترکیب بنائیں گے تو بعض گِھن کریں گے اور بعض بور ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عید) | 6اکتوبر2014ء |

(1)......قربانی کرتے وقت یہ ذہن بنائیں کہ آج حکمِ اِلٰہی پر میں اپنے جانور کی قربانی کر رہا ہوں، وقت آنے پر دِین کی خاطر اپنی جان دینے کیلئے بھی تیّار رہوں گا۔ان شاءاللہ عزوجل

(2)......اپنے ہاتھ سے قربانی کرنا سُنّت ہے، جس سے ہوسکے وہ اِس سُنّت پر عمل کرے ورنہ کسی تجرِبہ کار گوشت فروش سے اپنا جانور ذَبح کروائیں۔

(3)......سُنّت میں عظمت ہے۔

(4)......ہمیں موت یاد کر کے بے چینی نہیں ہوتی، یہ ہماری غَفلت کا نتیجہ ہے۔

(5)......جانور ذَبح کرتے وقت اپنی موت کو یاد کریں اور بالکل سنجیدہ ہوجائیں۔

(6)......خوف کی بات یہ ہے کہ ہمیں پتہ نہیں کہ مرتے وقت ہمارا اِیمان سلامت رہے گا یا نہیں؟

(7)......ذَبح ہوتے وقت جانور کو رَحم اور عِبرت کیلئے دیکھنا چاہیے۔

(8)......غَفلت میں ڈالنے والے کاموں سے بچنے کی کوشش کریں۔

(9)......یادگار چیزوں کے ساتھ تاریخ اور اُس کے بارے میں کچھ معلومات لکھنا دِلچسپی کیلئے بہت مُفید ہے۔

(10)......امیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدُنا **فاروقِ اعظم** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اَنگوٹھی پر یہ مُہر تھی: كَفٰى بِالْمَوْتِ وَاعِظًا یعنی موت نصیحت کیلئے کافی ہے۔

(11)......دعوتِ اسلامی ایک مَدَنی قبیلہ ہے جس میں اُردو، سندھی، پنجابی وغیرہ سب شامل ہیں۔

(12)......غریبوں سے ہمدردی کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (یومِ عید) | 7اکتوبر 2014ء |

(1)...... **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی گرفت بہت سخت ہے جب وہ پکڑتا ہے تو پھر کوئی نہیں چُھڑا سکتا۔

(2)......تالیاں بجانا ناجائز و گناہ ہے۔

(3)...... وَلیمہ کرنے کا ثواب تب ملے گا جب سُنّت کی اَدائیگی کی نیّت ہو۔

(4)......معاشرے کی غلط رُسومات میں شامل ہوجانا مَردانگی نہیں بلکہ مَرد وہ ہے جو معاشرے کو اپنے پیچھے چلائے۔

(5)...... **اللہ** عَزَّوَجَلَّ جس سے چاہتا ہے، اپنے دِین کا کام لے لیتا ہے۔

(6)......ہمیں اپنی ذِہنیت کو ''مَدَنی غُسل'' دینے کی ضرورت ہے۔

(7)...... بڑے جانوروں میں سے سب سے زیادہ غذائیت سے بھرپور اُونٹنی کا دُودھ ہوتا ہے۔

(8)......جانوروں کا حافظہ بہت کمزور ہوتا ہے اَلبتہ اپنے پر کیا ہوا ظُلم یاد رکھتے ہیں اور موقع پانے پر بدلہ بھی لیتے ہیں۔

(9)...... اللہ تَعَالٰی نے ہم پر بے شمار اِحسانات کیے ہیں مگر بندہ بڑا ناشکرا ہے۔

(10)......مَظلوم جانوروں کی بددُعا قبول ہوتی ہے۔

(11)......جس نے آج تک جانوروں پر کسی قسم کا بھی ظلم کیا ہو وہ سب توبہ کریں۔

(12)......اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کی اِجازت نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٢ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (یومِ عید) | 8اکتوبر2014ء |

(1)......بچّوں کی شرارت پر والدہ کو چاہیے کہ ڈانٹنے کی بجائے فوراً سنجیدہ ہو جائے اور اپنا مُوڈ آف (Mood Off) کرلے۔

(2)...... ماں کو بچّے کے ابّو کے سامنے بچّے کی غلطیاں نہیں بتانی چاہئیں۔

(3)...... والدین کو اپنے بچّوں کو بددُعا نہیں دینی چاہیے۔

(4)...... ناخُن کو دانتوں سے کُترنا اور کھانا نہیں چاہیے۔

(5)...... جانوروں پر اپنا نام وغیرہ کچھ نہ لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٦ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11اکتوبر2014ء |

(1)......قیامت میں ذَرّے ذَرّے کا حساب ہوگا، ایک دانہ بھی ضائع نہ کریں۔

(2)......بِھنڈی (سبزی) کا سَر اور دُم نہ پھینکیں بلکہ کھالیں۔

(3)......کفایت شعاری اپنانا سیکھ لیں اور اگر ایک دِن کا کھانا بچ جائے تو پھینکنے کی بجائے دوسرے دِن کھالیں۔

(4)......آج کل کی مہنگائی میں ہمارا بھی عمل دخل ہے۔

(5)......دَسترخوان پر گرے ہوئے ذَرّات اُٹھا کر کھا لینے چاہئیں۔

(6)......اللہ عَزَّوَجَلَّ جس کو توفیق دے اُسی کو کھانا آتا ہے مگر 99.9% لوگوں کو دُرُست کھانا نہیں آتا۔

(7)......فوڈ پوائزن (Food Poison) کا ایک علاج یہ ہے کہ لیموں کے چار یا پانچ بیج چھلکے اُتار کر چبا کر کھالیں (کڑواہٹ دُور کرنے کیلئے پانی بھی پی سکتے ہیں) 15 سے 30 منٹ میں پیٹ میں گیس بھرنا شروع ہو جائے گی پھر قَے یا قضائے حاجت ہوگی اور کھانے کے زہریلے اَثرات نکل جائیں گے۔

(8)......گھر میں ایک وُضو خانہ بنوانا چاہئے۔

(9)......کاغذی لیموں اچھا ہوتا ہے اِس کی پہچان یہ ہے کہ اِس کا چھلکا کاغذ کی طرح پتلا ہو گا۔

(10)......کھانا سِلوَر کے برتن کی بجائے اِسٹیل کے برتن میں پکایا جائے۔

(11)......ہفتے میں کم اَز کم دو دِن مچھلی کھانا مُفید ہے۔

(12)......تمام اَراکینِ شوریٰ ہر مَدَنی مُذاکرے میں اسلامی بھائیوں کو اِکٹھا کر کے اِجتماعی صورت میں شرکت کریں اور مَدَنی چینل پر اپنی وِیڈیو دکھائیں۔

(13)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے نگرانِ شوریٰ کے بیانات سے کئی اسلامی بھائیوں کی زندگیوں میں مَدَنی انقلاب برپا ہوا ہے۔

(14)......بُزُرگوں سے نسبت رکھنے والی ہر شے ''تبرُّک'' ہے۔

(15)......صحابۂ کرام عَلَیہِمُ الرِّضْوَان قرآنِ پاک کو تبرُّکاً چومتے تھے۔

(16)......گناہ نہ ہونے پر افسوس کرنا بھی گناہ ہے۔

(17)......والدین سے خدمت لینے کی بجائے اِن کی خدمت کریں۔

(18)......سوشل ویب سائٹس (Social Websites) و دیگر اپنے اکاؤنٹس سے اپنی فوٹو ختم کر کے اپنے حُبِّ جاہ کا خاتمہ کریں۔

(19)......حاجی شاہد (نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ) کو چل مدینہ کر دینا چاہئے کہ یہ مَدَنی مذاکرے میں باقاعدگی سے اسلامی بھائیوں کو اِکٹھا کر کے شرکت کرتے ہیں۔

(20)......حاجی عماد عاشقِ مَدَنی مذاکرہ ہیں۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مُذاکرہ

(21)......مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''شکر کے فضائل'' بہت دلچسپ ہے اِسے خریدیئے اور 7 دِن میں پڑھنے کی کوشش کیجئے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ شکر کا جذبہ بڑھے گا اور ایمان تازہ ہوگا۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 اکتوبر 2014ء |

(1)......مدنی قافلے میں سفر گویا حیوان کو اِنسان بنا دیتا ہے۔

(2)......اجتماع کے فضائل سے انکار نہیں کیا جا سکتا، لیکن مدنی قافلے کے اپنے فوائد ہیں۔

(3)......میں دعوتِ اسلامی میں سب سے پُرانا ہوں۔

(4)......جو دعوتِ اسلامی کے اندر رہے وہ ''تروتازہ'' ہے۔

(5)......توبہ بہت بڑی نعمت ہے۔ معافی مانگنے سے ویلیو (Value) ڈاؤن (Down) نہیں اَپ (Up) ہوتی ہے۔

(6)......فی زمانہ ''مسکرانا'' بھی گویا مہنگا ہوگیا ہے۔

(7)......نئے اسلامی بھائیوں کو تعویذاتِ عطّاریّہ حاصل کرنے کے لیے ہفتہ وار اجتماع کے بعد کا وقت دیں تاکہ وہ اجتماع میں بھی شرکت کرلیں۔

(8)......مجلسِ اِزدِیادِ حبّ محبتیں بڑھانے، نفرتیں اور فاصلے مٹانے کے لیے بنائی گئی ہے۔

(9)......یہ سمجھنا کہ ہم نے نفسِ امّارہ کو مار دیا ہے یہ بھی شیطان کا وار ہے، نفس بہت سخت جان ہے۔ ساری

زندگی اس کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

(10)......فضول سے بچو تا کہ گناہ میں نہ پڑ جاؤ۔

(11)......مدنی کاموں کے حوالے سے ساری دنیا ہماری ہے۔

(12)......ہمارے معاشرے میں غیبت عام ہے لیکن جھوٹ اِس سے بھی زیادہ ہے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ سچے محبوب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے صدقے ہمیں سچا کردے۔ اٰمین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم

(13)......سیّد الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قربانی کا وہ نقش بٹھایا کہ کوئی اسے مٹا نہیں سکا۔

(14)......کسی کو ''منوانا'' ہمارا کام نہیں ''سمجھانا'' کام ہے۔

(15)......پُرانے اسلامی بھائیوں کو مستقل دعوت دیتے رہئے۔

(16)......دعوتِ اسلامی کے مدنی کام میں تبدیلی مرکزی مجلسِ شوریٰ ہی لاسکتی ہے، دعوتِ اسلامی کا ہر کام شوریٰ کے تحت ہی ہوتا ہے اور ہوگا۔

(17)......ایک دفعہ کسی کو اجتماع میں لائیں تو جب تک مدنی ماحول سے وابستہ نہ ہوجائے اُس سے رابطہ نہ چھوڑیں۔

(18)......میں (یعنی باپا) نے تحریری کام کا آغاز آگرہ تاج میں کیا۔

(19)......اپنی نیکیوں پر اعتماد نہ کریں بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت پر نظر رکھیں۔

# طعام کورس (مدنی مذاکرہ) کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۴ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 19 اکتوبر 2014ء |

(1)...... جب کھانے کے لیے وضو کریں (یعنی دونوں ہاتھ گٹّوں تک اور منہ کا اگلا حصّہ دھوئیں اور کُلّی کریں) اور ہاتھوں پر میل ہو تو صابن بھی استعمال کریں۔

(2)......ٹیبل کرسی پر بیٹھ کر کھانے سے کئی سُنّتیں ترک ہوجاتی ہیں۔

(3)......کولڈ ڈرنک بہت نقصان دہ ہے۔

(4)......مہمان بعض اوقات میزبان سے کسی ایسی چیز لانے کا کہتا ہے، جو اس کے پاس نہیں ہوتی، جس سے میزبان شرمندہ اور مہمان کی عزت کم ہوتی ہے۔

(5)......مل کر کھانا کھاتے ہوئے ایسا انداز اختیار نہ کریں کہ دوسروں کو گھن آئے، مہذب سے مہذب ترین انداز ہونا چاہئے۔

(6)......کھانے کے برتن ہر جگہ اچھی طرح صاف کریں، البتہ دھو کر پینے سے اس جگہ اجتناب کیا جائے، جہاں ملامت یا غیبت کا دروازہ کُھلنے کا اندیشہ ہو۔

(7)...... برگر اور سموسہ وغیرہ کُتر کر ہی کھایا جاتا ہے اس میں حرج نہیں۔

(8)......مٹی کے برتن میں کھانا ثواب کا کام ہے۔

## جامعات کے ناظمین کے تربیتی اجتماع میں آف ائیر (Off Air)

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20اکتوبر2014ء |

(1)......ہمیں گفتگو محتاط انداز میں کرنی چاہئے۔

(2)......میرا پسندیدہ بلکہ منظورِ نظر ناظم وہ ہے جو مدنی کام کرنے والا ہو۔

(3)...... زلفیں رکھنا مجھے پسند ہے کیونکہ یہ میرے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنت ہے۔

(4)...... پہلے مُستحب چُھوٹتا ہے پھر سُنّت پھر واجب پھر فرض لہٰذا مُستحب ہی کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔

(5)...... ہر اجیر یہ ذہن بنائے کہ تنخواہ لینا میری مجبوری ہے مگر مجھے دعوتِ اسلامی کا کام اللہ تَعَالٰی کی رِضا کیلئے کرنا ہے۔

(6)...... رَنگ باتوں سے کم اور صحبت سے زیادہ چڑھتا ہے۔

(7)...... احیاءُالعلوم پڑھ کر اِحساس ہوتا ہے کہ ہم بظاہر نیک صورت تو بن گئے مگر ہم نیک نہیں۔

(8)...... ہر اسلامی بھائی مکتبۃ المدینہ کی احیاء العُلوم کی چاروں جلدیں پڑھے۔عنقریب اِس کی پانچویں اور آخری جلد چھپ جائے گی۔

(9)...... 12 روزہ مدنی کورس انسان بنانے والا کورس ہے۔

(10)...... ہر اسلامی بھائی مرنے سے پہلے 12 روزہ مدنی کورس ضرور کرلے،موت کا کچھ بھروسہ نہیں لہٰذا جلدی کیجئے۔

(11)...... رکنِ شوریٰ، حاجی فضیل رضا عطاری قفلِ مدینہ کی عملی تصویر ہیں یہ بہت کم بولتے ہیں۔ان کے سفرِ حج میں اسلامی بھائیوں کی تربیت کے مختلف انداز دیکھ کر میں بہت خوش ہوں۔

(12)...... نیکی کی دعوت دینے والے کا کردار و گفتار دونوں دُرست ہونے چاہئیں۔

(13)...... مخلص شخص ہزار پردوں میں چُھپ کر بھی نیک کام کرے، اللہ عزوجل اُس کو لوگوں میں مشہور کردیتا ہے۔

(14)...... میرے مرشد حضرت قطبِ مدینہ مولانا ضیاء الدین احمد مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عمرِ مبارک سو سال سے زائد ہونے کے باوجود اَکثر بال مبارک کالے تھے۔

(15)...... خوفِ خدا کی ایک اہم علامت یہ ہے کہ بندہ اللہ عزوجل کی نافرمانیوں سے بچے۔

(16)...... ملنسار سے لوگ محبت کرتے ہیں۔

(17)...... موبائل فون کا مرض لا علاج کینسر کی طرح بڑھتا جارہا ہے۔

(18)...... خوش نصیب ہے وہ، جس کے عمل کو دیکھ کر لوگ کہیں کہ یہ اپنے پیر کی نقل کرتا ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(19)...... اُصول کسی بھی تحریک کے سر پر سجے تاج کے ہیرے ہوتے ہیں، اگر یہ اُصول ختم ہوجائیں تو صِرف اُس تحریک کا ڈھانچہ باقی رہ جاتا اور خوبصورتی ختم ہوجاتی ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(20)......مجھے وہ اسلامی بھائی اچھا لگتا ہے، جو امیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے چہرے پر مُسکراہٹ لاتا ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| ٢٦ ذوالحجة الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 21اکتوبر2014ء |
| --- | --- | --- |

(1)......سوشل میڈیا میں اپنا اکاؤنٹ بنانے والے کا اپنے آپ کو گناہوں سے بچانا بہت مشکل ہے۔

(2)......اللہ تَعَالٰی نے ہمیں اِس بات کا مکلّف نہیں بنایا کہ ہم گناہوں میں مبتلا ہوکر دوسروں کی اِصلاح کی کوشش کریں۔

(3)...... ناظمین اسلامی بھائی شیطان کے خلاف لڑنے والی فوج میں جرنیل کی طرح ہیں۔

(4)......اپنا نام سرمایہ داروں میں لکھوانے کی بجائے قانعین (قناعت کرنے والوں) میں لکھوائیں۔

(5)...... ذہین طالب علم کی خواہش ہوتی ہے کہ میرے والدین مجھ سے میری پڑھائی کے بارے میں پوچھا کریں

(6)...... ناظمین واساتذہ اپنا یہ ہدف بنالیں کہ جس طالب علم نے بھی جامعۃ المدینہ میں داخلہ لیا ہے، وہ جامعہ نہ چھوڑے، اگر کوئی چھوڑنے کی کوشش کرے تو اس پر انفرادی کوشش کریں۔

(7)......اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے دعوتِ اسلامی نے عوام کو عمامہ شریف باندھنے اور سُنّیت میں پختگی کا شعور دیا ہے۔

(8)......جمعۃُ المبارک کے بیانات مکتبۃ المدینہ کی کُتب ورسائل سے کریں اور لوگوں کو نماز کے احکام وغیرہ سے نماز ووُضو سکھائیں۔

(9)...... بکرے کی کھالیں خریدیں اور اِس پر بیٹھنے کی ترکیب فرمائیں، اِس سے عاجزی پیدا ہوتی ہے۔

(10)......سفید چادر اوڑھنے سے چونکہ چہرے پر جاذبیت وخوبصورتی کے آثار بڑھتے اور زینت حاصل ہوتی ہے، لہٰذا اِس نیت سے چادر اوڑھیں کہ نماز کے لئے زینت حاصل کرتا ہوں۔

(11)......اگر سُفید چادر نماز میں خشوع وخضوع میں رکاوٹ بن رہی ہو تو اُتار دیں اور بعد میں پہن لیں۔

(12)......کم سِنی (چھوٹی عمر) ہی سے اپنے بچوں کو مدنی حُلیے اور مدنی ماحول کے بارے میں سمجھا دیں ورنہ اگر یہ بڑے ہو گئے تو پھر آپ سمجھا نہیں سکیں گے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم محرم الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 اکتوبر 2014ء |

(1)......بکرا عید ہو یا میٹھی عید، ہمیں ڈر ڈر کر اور کم کھانا چاہئے۔

(2)......میرا تجربہ ہے کہ فی زمانہ مسلمانوں کی غالب اکثریّت کو دُرست نماز پڑھنا نہیں آتی، نہ مخارِج دُرُست ہیں اور نہ ارکان دُرُست ادا کرتے ہیں۔

(3)......جس کو خوش فہمی ہے کہ مجھے نماز آتی ہے، اسے زِیادہ سیکھنے کی ضرورت ہے۔

(4)......مسلمانوں کی ایک تعداد بشمُول اہلِ عِلم "جلسہ" (نماز کے دو سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا) ادا نہیں کرتے ۔جلدی میں یہ واجِب چھوڑ دیتے ہیں۔حالانکہ کتنی ہی جلدی ہو سیدھا بیٹھنا لازِمی ہے ورنہ نماز مکروہِ تحریمی واجِبُ الاعادہ ہوگی۔ (نماز کے احکام ص ۴۷)

(5)......ہمارے ہر کام کا محور رِضائے اِلٰہی ہونا چاہیے۔

(6)...... ہماری زندگی کا مقصد اللہ عَزَّوَجَلَّ و رسول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو منانا ہے، مگر ہم لوگوں کو منانے میں خوار ہو رہے ہیں۔

(7)......عبادات کے ذریعے کسی بندے کے دل میں اپنا مقام و مرتبہ بنانا، یا مال حاصل کرنا مقصود ہو تو یہ عبادت میں "رِیا" ہے۔

(8)......وقفِ مدینہ ہو جائیں اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ سارا سال عبادت میں گزرے گا۔

(9)...... ہر اسلامی بھائی بالخصوص جو صحافت کے شعبے سے وابستہ ہیں وہ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ

''اخبار کے بارے میں سوال جواب'' ضرور مطالعہ کریں۔

(10)......کُفر سب سے بڑا گناہ ہے۔

(11)......مدنی چینل کا سلسلہ ''فیضانِ اسلام'' بہت علمی ہوتا ہے، علم سے محبت کرنے والا ایک دفعہ دیکھ لے تو ہر سلسلہ دیکھنے کی کوشش کرے۔

(12)......دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ والے (نگران واراکین) خوش ہو جائیں، شوریٰ بنانا گویا سنتِ فاروقی پر عمل ہے۔

(13)......گناہوں بھری باتوں سے ہر وقت بچنا واجِب ہے۔

(14)......تمام مسلمان فضول باتوں اور گناہوں سے بچیں تو عالمِ اسلام میں امن ہو جائے۔

(15)......میں نے پاکستان کے پانچ صوبوں میں سے بلوچستان والوں کو زیادہ مدینے کی محبت میں روتے پایا۔

(16)...... میں سوشل میڈیا(Social Media) کے صارفین (Users) کو پسند نہیں کرتا کیونکہ سوشل میڈیا (Social Media) کے ذریعے دین و دنیا کی تباہی اور بے حیائی پھیلائی جا رہی ہے۔

(17)......اللہ تعالیٰ میری نسلوں کو بھی سوشل میڈیا(Social Media) کا صارف(User) نہ بنائے۔

(18)......''مجلس مدنی قافلہ'' میری پیاری مجلس ہے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم محرم الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 اکتوبر 2014ء |

(1)......جب کوئی بیان کر رہا ہو تو کسی شخصیت وغیرہ کے آنے پر کھڑے نہ ہوا کریں۔

(2)......شیطان کا اہم مقصد فساد، فتنہ اور شر پھیلانا بھی ہے۔

(3)...... مال کا لُٹیرا چور ہے اور اس سے بچنے کے کئی ذریعے ہیں کیونکہ وہ نظر آتا ہے جب کہ نیکیوں کا لُٹیرا شیطان ہے یہ نظر نہیں آتا۔ نیکیوں کو بچانے کی زیادہ کوشش کی ضرورت ہے۔

(4)...... جذبۂ حیا حاصل کرنے کے لیے مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''باحیا نوجوان'' کا مطالعہ کریں۔

(5)...... ''رِیا کاری'' نامی کتاب مکتبۃُ المدینہ سے خرید فرمائیں اور اس کا مُطالعہ کیجئے لیکن یاد رہے شیطان یہ کتاب لینے نہیں دے گا، اگر لے لیں گے تو پڑھنے نہیں دے گا۔

(6)...... دعوتِ اسلامی تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والوں کی ہے۔ اس سے وابستہ ہو کر اپنے شعبے میں نیکی کی دعوت عام کیجئے۔

(7)...... یاد رہے دنیا کسی کے کام آئی نہ قبر میں ساتھ جائے گی۔

(8)...... اللہ تعالیٰ ہمیں عاشقِ قرآن بنائے۔ آمین

(9)...... غیبت اور تہمت لگانے والے شخص سے دوستی نہ کریں، دور رہیں۔

(10)...... اپنے سوشل میڈیا کو ڈی اِیکٹو کر دیں۔ (نگرانِ شوریٰ)

(11)...... مجلسِ وکلاء تمام وکلاء اور ججز کو مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ پمفلٹ ''طلاق کے بارے میں مدنی پھول'' پہنچائیں، بلکہ شادی شدہ ہر مسلمان، یا جس کی شادی ہونے والی ہے، اس تک پہنچائیں۔

(12)...... تمام اسلامی بھائی مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ پمفلٹ ''طلاق کے بارے میں مدنی پھول'' خرید فرمائیں، اس کا مطالعہ کریں اور اس کو تعویذ کی طرح سنبھال کر رکھیں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت کام آئے گا۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(13)...... مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''شیطان کے بعض ہتھیار'' اہم ترین ہے تمام اِسلامی بھائی اِس کو ضرور پڑھیں۔

(14)...... ہفتہ وار اجتماع میں رات اعتکاف کیلئے ذمہ داران پر انفرادی کوشش کر کے رُکنے کی ترغیب دیں۔

## مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۳ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 27 اکتوبر 2014ء |

(1)......مجلسِ ذرائع آمد و رفت اور دیگر اسلامی بھائی گاڑی کے مالکان پر انفرادی کوشش کر کے گاڑیوں میں گانے باجے اور فلموں ڈراموں کی سی ڈیز (C.Ds) کے بجائے بیان اور نعتوں کی سی ڈیز (C.Ds) چلانے کی ترکیب کریں۔

(2)......کثرتِ مال کی حرص کی وجہ سے لوگ حلال وحرام کی تمیز نہیں کرتے۔

(3)......مالکان اپنی گاڑیوں میں لکھ کر لگا دیں: **اس گاڑی میں گانے باجے اور فلمیں وغیرہ نہیں دکھائی جاتیں، مسافر (Passengers) اصرار نہ کریں۔**

(4)......<u>1979ء</u> میں زندگی کا پہلا سفر بذریعہ ہوائی جہاز سی لنکا جانے کے لیے کیا۔

(5)......گاڑی میں گانے باجے اور فلمیں دکھائی جا رہی ہوں تو آپ تلاوتِ قرآن شروع کر دیں یا آس پاس والوں کو بتا کر ہیڈ فون کے ذریعے تلاوت، نعتیں یا بیان سننا شروع کر دیں۔

(6)......کسی بزرگ کا قول ہے: لوگ جتنا تنگدستی سے ڈرتے ہیں اگر اتنا ہی جہنم سے ڈرتے تو دونوں سے بچ جاتے۔

(7)......مفتیِ اعظم سندھ مفتی محمد خلیل خان برکاتی علیہ رحمۃ اللہ القوی اچھے مفتی تھے، یہ ایسے خوش نصیب ہیں کہ ان کی تدفین حضرت سید سخی عبدالوہاب جیلانی علیہ رحمۃ اللہ الغنی کے مزار کے قریب ہی ہوئی۔

(8)......سارے مسلمان مدنی چینل دیکھیں، صرف اور صرف مدنی چینل

(9)......معاشرے کی دُرستی کا ایک ذریعہ مدنی چینل ہے، اگر کسی مقام پر مدنی چینل نہ چلتا ہو تو اخلاقی طور پر آپ پر لازم ہے کہ آپ اس کی ترکیب بنائیں۔

(10)......اگر اسلامی بہنوں کو کسی اجنبی کا فون سخت مجبوری کی صورت میں ریسیو کرنا پڑے تو بات میں نرمی نہ لائیں۔

(11)......ہمارا عقیدہ ہے کہ تمام کے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم عادل تھے ۔

(12)......سچ کا اُلٹ (Opposite) جھوٹ ہے۔

(13)......رزقِ حلال کے حصول کے لیے وہ کاروبار کیجئے، جس میں دین کی خدمت بھی کر سکیں۔

(14)......قرآنِ مجید ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک اور دلوں کا چین ہے۔ اے کاش ہم عاشقِ قرآن بن جائیں۔

(15)......دینِ اسلام ہمیں کتے بلّی کو بھی بلا اجازتِ شرعی تکلیف دینے کی اجازت نہیں دیتا۔

(16)......بچوں کو بار بار جھاڑنے سے وہ ڈھیٹ اور نافرمان ہو جاتے ہیں۔

(17)......اجتماعات وغیرہ میں اسلامی بہنوں کو نعرے لگانے کی اجازت نہیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(18)...... دینی جامعات کے طلبہ چھٹی کے دِن نفلی روزہ رکھیں، پڑھائی کے دِنوں میں نفلی روزہ رکھنے سے پڑھائی میں رُکاوٹ آسکتی ہے۔

(19)...... تمام اسلامی بھائی مدنی کاموں کی دھومیں مچائیں۔

## مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٤ محرم الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 اکتوبر 2014ء |

(1)......گناہ سے بچنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اس کا سبب دور کر دیں۔ مثلاً کسی جگہ بے پردہ عورت ہو تو بدنگاہی سے بچنے کے لیے وہاں سے ہٹ جائے نہ ہٹ سکیں تو نگاہیں نیچے رکھے۔

(1)......آج کل عورتیں برقعہ نہیں پہنتی ہمیں اپنی آنکھوں کو برقعہ پہننا ہوگا۔ اللہ

(1)......ہمیں کام وہ کرنا چاہیے جس سے آخرت کی بھلائی ہو ضمناً دنیا کی بھلائی بھی پیشِ نظر ہو تو حرج نہیں۔

(1)......ہم دنیا کی بھلائی کے لیے وہ راہ متعین کریں جسے شریعت نے متعین کیا ہے۔

(1)...... برائیوں سے بچنے کا شعور برائی سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

(1)...... پاکستان میں سب سے خطرناک سواری اسکوٹر ہے۔

(1)......اگر شہوت آتی ہے تو اسکوٹر پر ڈبل سواری بھی حرام ہو جائے گی۔

(1)......دعوتِ اسلامی کی برکت سے ہزاروں لاکھوں کی زندگیوں میں انقلاب برپا ہوا ہے۔

(1)...... پرائیویٹ اسکول میں کوشش کی جائے تو جلد درسِ فیضان سنت اور نیکی کی دعوت کی ترکیب بن جائے گی۔

(1)......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''عقیقے کے بارے میں سوال جواب'' کا مطالعہ کیجئے۔

(1)......مجلسِ شعبہ تعلیم تعلیمی اداروں میں مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ وی سی ڈی ''برائیوں کی ماں'' وی سی ڈی اجتماع کر کے دیکھائے۔

(1)......نگرانِ شوریٰ کے کئی انقلابی بیانات ہیں، ان کو عام کیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے فوائد اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| ۵ محرم الحرام ۱۴۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 اکتوبر 2014ء |
| --- | --- | --- |

(1)......اللہ کرے ہم اپنے بچوں کو کارٹون دیکھنے سے بچائیں۔

(1)......جو میری مالی خدمت کرنا چاہتا ہے وہ اپنے محلے کی مسجد کے امام کی خدمت کرے علماء میری برادری ہیں۔

(1)......امام معاشرے کے معززین ہیں ان کا احترام کیجئے۔ ان کی خدمت کریں مگر مصافحہ کے دوران رقم نہ دیا کریں بلکہ لفافے میں ڈال کر تنہائی میں دیں۔

(1)......خادمِ مسجد معاشرے کا مظلوم ترین فرد ہے، اس کے ساتھ بھی مالی تعاون کریں۔

(1)......علماء میری برادری ہیں، ان سے محبت کیجئے۔

(1)......بازار میں ایسی گھٹیا خوشبو بھی ملتی ہیں کہ جن سے طبیعت خراب ہو جائے۔

(1)......دوکانوں وغیرہ کے نام متبرک نہ رکھے جائیں کیونکہ ان کی توہین ہوسکتی ہے مثلاً غوثیہ ٹیلرز وغیرہ بلکہ دنیاوی نام رکھے جائیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(1)......افسوس! آج کل غفلت کا دور دَورہ ہے خوف کی چیزیں مثلاً بادل کا گرجنا اور بجلی کا کڑکنا وغیرہ میں لوگ توبہ استغفار کے بجائے اُچھل کود کرتے اور لُطف اُٹھاتے ہیں۔

(1)......مدنی چینل پر اپنی مدنی بہار ریکارڈ کروانے والے اسلامی بھائی یہ نیت کرلیں کہ مدنی ماحول میں آنے سے پہلے مجھ میں جو خرابیاں تھی ان کا ذکر کے لوگوں کو اُن سے نفرت دلاؤں گا اور دعوتِ اسلامی کی خدمات کا تذکرہ کرونگا۔

(1)......سفید بال والوں کو سُرخ مہندی لگانا مُستحب ہے۔

## مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٦ محرم الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30 اکتوبر 2014ء |

(1)......قرآن مجید کے آٹھ پاروں پر مشتمل مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ سی ڈی ''تفسیر قرآن'' سنیں۔ عقائد و اعمال کے بارے میں کئی وسوسے دور ہوں گے اور کثیر علمِ دین حاصل ہوگا۔ ایمان تازہ نہ ہوجائے تو قیمت واپس۔

(1)......اپنی خواہش ہے کہ تعلیم و تفسیر قرآن عام ہوجائے۔

(1)......دعوتِ اسلامی کے جھنڈے کے اکثر حصے کا رنگ سبز اور کچھ حصہ گنبدِ غوثیہ کے رنگ اور کچھ مزارِ اعلیٰ حضرت کے گنبد کے ڈیزائن پر مشتمل ہے۔

(1)......سادہ کاغذ کی تعظیم بھی بزرگانِ دین کا طریقہ اور تقویٰ ہے۔

(1)......کپڑے کے تھان کے کچھ حصے پر لکھائی ہوتی ہے ایسی تحریر ختم کر کے سلائی کے لیے دیں اور جس

کپڑے کے کنارے پر تحریر ہو اس کنارے کو جدا کر کے سلائی کی جائے اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایسے کپڑے نہ سلوائے جائیں۔

(1)......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''بدگمانی'' آپ نے نہیں پڑھا تو (مبالغۃً) آپ نے کچھ نہیں پڑھا۔

(1)......اگر کوئی اپنے میل ایڈریس کے ساتھ اپنی تصویر اس لیے رکھتا ہے کہ پہچان ہو جائے تو کوئی حرج نہیں، اپنی واہ واہ کی خواہش رکھتا ہے تو حبِ جاہ (عزت بنانے) کا مریض ہے لیکن ہمیں اس سے حسنِ ظن ہی رکھنا چاہیے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(1)......گناہ سے بچنے کیلئے گناہ کے اسباب کو ختم کرنا ہوگا۔

(1)......ایسا کاروبار جس میں عورتوں سے واسطہ پڑے اور شہوت اور بدنگاہی سے نہ بچ سکتا ہو تو اسے کاروبار تبدیل کر دینا چاہیے۔

## مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۷ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 31 اکتوبر 2014ء |

(1)......میری مانیں گے تو دنیا و آخرت میں فائدہ دیکھیں گے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔

(1)......اللّٰہ تَعَالٰی کی نافرمانی کرنا مسلمان کا نہیں، شیطان کا کام ہے۔

(1)......مدنی مذاکرے میں شرکت کرتے رہیں گے تو گناہوں سے بچنے کا ذہن بن جائے گا۔

(1)......باقاعدگی سے ہفتے کو مدنی مذاکرہ ہوتا ہے، اسلامی بھائیوں کے ساتھ مل کر مدنی مذاکرے میں شرکت کریں۔ اگر وسائل نہ ہوں تو تنہا ضرور دیکھیں۔ جو دعوت اسلامی کا ذمہ دار تنہا بھی شرکت نہ کرے تو وہ ''غیر ذمہ دار'' ہے۔

(1)......مدنی مذاکرے میں اول تا آخر شرکت کریں۔ ادھوری شرکت نہ کی جائے۔

(1)......موت کو یاد کرنے کے لیے کسی ایسی جگہ ''الموت'' لکھ دیں جس پر آپ کی نظر پڑتی رہے۔

(1)......مومن منہ پھٹ نہیں ہوتا۔

(1)......کھانے میں جتنی زیادہ لذت ہوتی ہے اتنی ہی زحمت زیادہ ہوتی ہے۔

# آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(1)......خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو حج کر کے تبدیل (نیک) ہو جاتے ہیں۔

(1)......شخصیات پر انفرادی کوشش کرنے والے کو دعوت اسلامی کے شعبہ جات و مجالس کا تعارف یاد ہونا چاہیے اور اُن کو مدنی بہاریں بتاتے جائیں تاکہ ملاقات کا بھرپور فائدہ حاصل ہو سکے۔

(1)......مسلسل نیکی کی دعوت دیتے رہیں شرم و جھجک ختم ہوتی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(1)......ہم جتنی کوششیں محرم الحرام کے مدنی قافلے سفر کروانے کیلئے کرتے ہیں اتنی کوششیں ہمیں ہر ماہ کے مدنی قافلے کیلئے کرنی چاہئیں۔

(1)......مدنی قافلے میں سفر کرنا جتنا گراں ہوگا اُتنا میزانِ عمل میں وزن دار ہوگا۔

(1)......محرم الحرام کے مدنی قافلے کے اَہداف کی طرح اگر ہر ماہ کا ہدف ہو جائے تو شیطان کو کہیں جگہ نہ ملے۔

(1)......سب کو مدنی کاموں کا دیوانہ ہونا چاہیے۔

(1)......مدنی انعامات کے بغیر آدمی اَدھورا ہے۔

(1)......میں (اَمیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ) حاجی فضیل رضا عطاری کی حرمین شریفین میں قفل مدینہ و مدنی انعامات کی کوششیں سے متاثر ہوں اور اِس معاملے میں اِن کا کوئی ثانی نہیں۔

(1)......اگر جامعۃ المدینہ کے اساتذہ باقاعدگی سے مدنی مذاکروں میں شرکت کریں تو مدنی کاموں کی دھوم مچ جائے۔

(1)......اپنی مساجد میں خطبہ، خطباتِ رضویہ سے دیں ولئی کامل کے قلم سے لکھے ہوئے اِس خطبے کی اپنی

برکات ہیں۔

(1)......نماز وروزے کے مسائل رَٹے ہونے چاہئیں اور اِس کیلئے بار بار اِن مسائل کا مطالعہ کرتے رہیں۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۸محرم الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | یکم نومبر 2014ء |

(1)......مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''وسوسے اور انکا علاج'' ہر ایک کو پڑھنا چاہئے۔ذمہ داران اسے لنگر رسائل کرکے گھر گھر پہنچائیں۔

(1)......جس بات سے گناہوں کا دروازہ کھلے اس سے اجتناب کریں۔

(1)......اللہ تَعَالٰی ہمارے اہل بیت سے محبت کو سلامت رکھے اور یہ کبھی ہم سے جدا نہ ہو۔

(1)...... ہر نعت خواں نعت سے قبل حمد کے اشعار ضرور پڑھا کرے۔

(1)......مدینہ شریف کے ساتھ ساتھ مکہ مکرمہ کا بھی ذکر خیر کیا جائے

()اعلیٰ حضرت فتاویٰ رضویہ جلد۲۴ص ۴۸۷ میں تحریر فرماتے ہیں: کون سا سنی ہوگا جسے واقعہ ہائلہ کربلا (ہولناک واقعے) کا غم نہیں یا اس کی یاد سے اس کا دل محزون (غمگین) اور آنکھ پرنم نہیں، ہاں مصائب میں ہم کو صبر کا حکم فرمایا ہے، جزع فزع (رونے پیٹنے) کو شریعت منع فرماتی ہے، اور جسے واقعی دل میں غم نہ ہو اسے جھوٹا اظہارِ غم ریا ہے اور قصداً غم آوری (جان بوجھ کرغم لانا) وغم پروری (غم پیدا کرنا) خلاف رضا ہے۔۔جسے اس کا غم نہ ہو اسے بے غم نہ رہنا چاہئے بلکہ اس غم نہ ہونے کا غم چاہئے کہ اس کی محبت ناقص ہے اور جس کی محبت ناقص اس کا ایمان ناقص۔

# آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(1)......قبرستان جاتے رہئے کہ اِس سے عبرت حاصل ہوتی ہے۔

(1)......میں صِرف سنی ہوں۔

(1)......جو دین کے معاملے میں متصلب ہو جائے گا تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اُس کی اولاد بھی متصلب ہوگی۔

(1)......جس کے شیشے کا گھر ہو وہ پتھروں سے دوستی نہیں کرتا۔

(1)......فرمانِ مصطفٰی: مَنْ كَثَّرَ سَوَادَ قَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ یعنی جو کسی قوم کا مجمع بڑھائے وہ اُن ہی میں سے ہے۔ (مسند الفردوس، ۳/ ۵۱۹، حدیث: ۵۴۲۱، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۹ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 نومبر 2014ء |

(1)......غصہ ایسا مرض ہے، جو جہنم میں جھونک سکتا ہے۔

(2)......اپنی اولاد کو سمجھاتے ہوئے ایسے جملے نہ بولیں، جس سے ان کے دل میں آپ کی نفرت جڑ پکڑ جائے۔

(3)...... غصے کے اسباب پر غور کریں اور حتی الامکان ان سے اجتناب فرمائیں، مثلاً: تھکاوٹ، کھانے میں نمک مرچ زیادہ کم ہو جانا وغیرہ، تھکاوٹ سے بچیے اسی طرح گھر والوں کی تربیت کر دیں کہ اتنی مقدار میں نمک مرچ ڈالا کریں۔

(4)......غصے کے علاج: اس کی دنیوی واُخروی تباہ کاریوں پر غور کرنا ☆ چُپ ہو جانا ☆ جس پر غصّہ آرہا ہے اُس کے سامنے سے ہٹ جانا ☆ وضو کرنا ☆ بیٹھ جانا ☆ لیٹ جانا وغیرہ۔ (غصّے کا روحانی علاج اور مزید تفصیل کے لئے مُلاحظہ کیجئے امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا رسالہ ''غصّے کا علاج'')

(5)......غصّے کا صحیح علاج کریں گے تو یہ چلا جائے گا۔

(6)......جس کے علاج سے فائدہ نہ ہو تو اسے بُرا بھلا نہ کہیں، شفا دینے والا تو اللہ تعالٰی ہے۔

(7)......عملیات واستخارہ کے ذریعے یقینی علم حاصل نہیں ہوتا، خطا کا امکان موجود ہوتا ہے۔

(8)......کربلا شریف ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، اللہ تعالٰی اسکی زیارت نصیب فرمائے۔

(9)......عجوہ کھجور کائنات کی بہترین کھجور ہے۔

(10)……جس چیز کی نسبت حرمین طیبین (مکہ ومدینہ) اور بزرگوں سے ہو جائے، شریعت کے دائرہ میں رہتے ہوئے اس کے لیے بہتر سے بہترین الفاظ استعمال کیجئے۔

(11)……روزانہ 12 گلاس کم وبیش 3 لیٹر پانی پییں، ان شاءاللہ عزوجل گُردے محفوظ رہیں گے اور قبض سے بچیں گے۔

(12)……حضرتِ سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قطعی جنتی ہونے کے باجود اپنے پاؤں پر دُرّہ مار کر اپنا محاسبہ کیا کرتے تھے۔

(13)……استخارے سے یقینی علم حاصل نہیں ہوتا۔

(14)……مکھی کی خصلت ہے کہ وہ زخم اور پیپ کے پھوڑے پر بیٹھتی ہے جبکہ شہد کی مکھی پھولوں کا رس چوستی اور دُرود شریف پڑھتی ہے، گندی مکھی کی خصلت نہ اپنائیں۔

# مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 نومبر 2014ء |

(1)…… ہراُس بات اور حرکت سے بچیئے جس سے کسی مسلمان کی دل آزاری ہوسکتی ہو۔

(2)……سانحۂ کربلا کے واقعے میں ہمارے لیے درسِ صبر ہے۔

(3)……مُصیبت پر صبر کی ایک صورت یہ ہے کہ کسی سے اِس کا اظہار نہ کیا جائے۔

(4)……جامعاتِ اہلسنّت کے بجائے مدارسِ اہلسنّت کہنا چاہیئے کہ ہر جامعہ مدرسہ ہے مگر ہر مدرسہ جامعہ نہیں۔

(5)……عزّت وحرمت والی جگہوں اور دنوں میں گناہوں کی ہلاکت خیزیاں بڑھ جاتی ہیں۔

(6)……ذکرِ الٰہی کے علاوہ زیادہ کلام کرنا دل کی سختی کا ایک سبب ہے۔

(7)……دینی تعلیم حاصل کرنے والے کا مستقبل (قبر وآخرت) روشن وتابناک ہے۔

(8)……علم کا عالم ہر وقت اللہ تعالیٰ کی رحمتوں میں گھرا رہتا ہے۔

(9)...... ہر مسلمان کو چاہئے کہ اپنے کم از کم ایک بیٹے اور بیٹی کو عالم و عالمہ بنائے۔

(10)...... حافظِ قرآن کو چاہئے کہ وہ روزانہ کم از کم ایک پارے کی تلاوت کرے۔

(11)...... 40 دن میں ایک مرتبہ قرآنِ مجید کا ختم مستحب ہے۔

(12)...... حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سلطانِ دو جہاں، رحمتِ عالمیان صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم فرماتے ہیں: ذکر اللہ کے بغیر زیادہ باتیں نہ کرو کیونکہ بغیر ذکر اللہ زیادہ باتیں دل کی سختی ہے اور لوگوں میں سب سے زیادہ اللہ (عزوجل) سے دُور، سخت دل والا ہے (الترمذی، کتاب الزھد، باب ماجاء فی حفظ اللسان، الحدیث: ۲۴۱۹، ج ۴، ص ۱۸۴) اس حدیث پاک کے حصے "زیادہ باتیں نہ کرو" کے تحت **مُفَسِّرِ** شہیر **حکیمُ الاُمَّت** حضرتِ مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنّان فرماتے ہیں: یہاں زیادہ باتوں سے مراد بیکار باتیں ہیں، جن کا کوئی فائدہ نہ ہو لہٰذا تجارتی باتیں گھریلو مفید باتیں جتنی بھی ہوں زیادہ باتوں میں شامل نہیں۔ اور "زیادہ باتیں دل کی سختی ہے" کے تحت فرماتے ہیں: سختیِ دل کا انجام یہ ہوتا ہے کہ اس میں وعظ نصیحت اثر نہیں کرتا، کبھی انسان اپنے گزشتہ گناہوں پر روتا نہیں آیات الٰہیہ میں غور نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے، زیادہ کلام اور بہت ہنسنا دل کو سخت کرتا ہے اور زیادہ ذکر اللہ یا اللہ والوں کی صحبت، موت کی یاد، آخرت کا دھیان، قبرستان کی زیارت، دل میں نرمی پیدا کرتی ہے۔ حدیث پاک کے آخری جملے "سخت دل والا ہے" کے تحت مفتی صاحب تحریر فرماتے ہیں: سخت دل والا آدمی دنیا میں بھی اللہ (عزوجل) سے دور ہے اور آخرت میں بھی، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں سختیِ دل کی بہت برائیاں بیان فرمائی ہیں، فرماتا ہے: "**ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ** (پ ۱، البقرۃ: ۷۴) (ترجمۂ کنز الایمان: پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہوگئے تو وہ پتھروں کی مثل ہیں) اور فرماتا ہے: "**اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ**" (پ ۲۷، الحدید: ۱۶) (ترجمۂ کنز الایمان: کیا ایمان والوں کو ابھی وہ وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ کی یاد)۔ جب تک لوہا سخت ہے کچھ نہیں بن سکتا ہے مگر جب نرم ہو گیا تو اسے جس

طرح چاہو ڈھال لو، اور جو چاہو اس کا بنالو، یوں ہی سخت دل نہ مؤمن بن سکے نہ عارف نہ متقی نہ پرہیزگار مگر دل نرم ہو کر ولی غوث وقطب سب کچھ بن جاتا ہے، لوہا نرم کرنے کے لیے یہ آگ چاہیئے اور دل نرم کے لیے عشق کی آگ درکار ہے، ربّ تعالیٰ نصیب کرے پھر فقط عشق کی آگ کافی نہیں، بلکہ ساتھ میں کسی کاریگر کے ہتھوڑے کی چوٹ بھی ضروری ہے، دل کے لیے آگ عشق تو نرم کرنے والی چیز ہے، صحبتِ نیک عمدہ سانچہ ہے۔ نگاہ مردِ کامل کاریگر کا ہنر ہے، ان تین چیزوں سے قلب کچھ کارآمد بنتا ہے (مِرْاٰۃُ المناجیح ج 3، ص 319)

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ١١ محرم الحرام ١٤٣٥ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 نومبر 2014ء |

(1)...... علمِ دین حاصل کریں گےتو جنت کے پھول ملیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(2)...... بیٹا عالم ہو اور باپ غیرِ عالم، بیٹے کو اپنے باپ کا احترام لازم ہے، احترام کرے گا تو دونوں جہان میں سعید ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(3)...... ماں باپ کا احترام جنّت میں لے جانے والا کام ہے۔

(4)...... طلبہِ دین (چاہے وہ کسی بھی سُنّی مدرسے کے ہوں) میرے ہیں اور میں اُن کا ہوں۔

(5)...... استاذ اور کتابوں کا زیادہ سے زیادہ احترام کیا جائے، ان شاءاللہ عزوجل علم کی روح حاصل ہوگی۔

(6)...... فتاویٰ رضویہ، مسائلِ دِینیہ کا بحرِ زخّار (موجیں مارتا بڑا سمندر) ہے، اس میں غوطہ لگایئے۔

(7)...... بہارِ شریعت، علمِ دین کا انسائیکلوپیڈیا (Encyclopaedia) ہے۔

(8)...... مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ رسالہ ’فیضانِ علم و علما‘‘ کا ضرور مطالہ کریں، اس کے مصنف والدِ اعلیٰ حضرت، علامہ مفتی نقی علی خان عَلَیہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن ہیں۔

(9)...... آپ کی ایک مسکراہٹ، کسی کی نسلوں کو سُنّی بناسکتی ہے اور آپ کی ایک بے رُخی کسی کی نسلوں کو راہِ راست سے کوسوں دور کرسکتی ہے۔

(10)......ایسے بنو کہ زمانہ مثال دے۔

(11)......کسی کو جھاڑنا اور لڑنا نہیں، نرمی، نرمی، نرمی کیجئے۔

(12)......آلِ یاسر عَلَیہِمُ الرِّضْوَان کی خاتون حضرت سُمَیَّہ رضی اللہ تعالٰی عنہا اسلام کی پہلی شہیدہ اور اسلام کی پہلی مسجد کی بنیاد حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے رکھی۔

(13)......تلفظ کورس ہونا چاہیے۔عموماً ''بہارِ شریعت'' کا تلفظ بھی درست نہیں ہوتا۔ بہار کا ''ہ'' نہیں بولتے۔

(14)......جب بھی قرآنِ مجید پڑھیں تو تجوید وقراءت کے اصولوں کے مطابق اور عمدگی سے پڑھیں اگرچہ تھوڑا ہو۔

# آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(شُرکاء: مدارِسِ اہلسنّت کے اساتذہ وطلبہ)

(15)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! دعوتِ اسلامی کا دامن بدامنی و دہشت گردی سے بالکل پاک ہے۔

(16)......اللہ تعالٰی تمام مدارِسِ اہلسنّت کی حفاظت فرمائے۔آمین

(17)......سُنی ہونا بہت سی اچھائیوں کا مجموعہ ہے۔

(18)......مسجد میں ''امام'' ہونا بہت پیارا اور مقدس منصب ہے اور سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم مسجدِ نبوی شریف زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعْظِیْمًا میں امامت فرمایا کرتے تھے۔

(19)......اگر امام مسجد، ملنسار و با اخلاق ہو تو وہ دین کی بہت خدمت کرسکتا ہے۔ایسا امام مسجد محلے کا بے تاج بادشاہ ہوتا ہے۔

(20)......دعوتِ اسلامی کا مدنی کام ایک ''امام'' (یہاں امام سے مراد امیر اہلسنّت کی اپنی شخصیت ہی ہے) نے ہی شروع کیا۔میں نے تقریباً نو سال ''نور مسجد'' کاغذی بازار (اولڈسٹی باب المدینہ کراچی) میں امامت کروائی ہے۔

(21)......سُنّی مدارس کے طلبہ اور دیگر اسلامی بھائی یہ ذہن بنائیں کہ میں ''امام مسجد'' بنوں گا۔

(22)......جامعۃ المدینہ میں دورانِ طعام ایک اسلامی بھائی کو چلتے چلتے کھانے کی سُنّتیں اور آداب بیان کرتے رہنا چاہئے۔

(23)......اساتذہ کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو کھانا ضائع نہ کرنے کے بارے میں سمجھاتے رہیں اور وقتاً فوقتاً طلبہ کو کھانے کے دوران چیک بھی کرتے رہیں۔

(24)...... ہر سُنّی ہمارے سر کا تاج ہے۔

(25)......مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ مختصر رسالے ''کھانے کا اسلامی طریقہ'' میں موجود مدنی پھولوں کے مطابق جامعات و مدارس میں کھانا کھلایا جائے تو کھانا ضائع نہیں ہوگا۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(26)......کسی مُسلمان کو دوسرے مُسلمان سے بدظن نہیں کرنا چاہئے۔

(27)......ایسا فاسق شخص جس کا احترام کیا جائے اور وہ اِس خوش فہمی میں مبتلا ہو جائے کہ یہ میری اِس حالت پر خوش ہے تو ایسے شخص کا احترام نہ کیا جائے۔

(28)......حضرتِ امام جعفر صادق رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کا یومِ عرس 15 رجب ہے۔ اس لیے دعوتِ اسلامی والے 15 رجب کو ان کے ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8 نومبر 2014ء |

(1)......بچہ اور بچی آپس میں جب کھیلتے ہیں تو مجھے مستقبل کا خطرہ محسوس ہوتا ہے، اس لیے بچے بچوں اور بچیاں بچیوں میں ہی کھیلا کریں۔

(2)......کھانے میں بچ جانے والی روٹیوں کو سُکھا کر یا فریج میں سٹور کر کے رکھ لیں، پھر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے شوربے میں پکا کر ثرید بنالیں اور طلبہ کو کھلائیے، ان شاء اللہ اس سے بچت بھی ہوگی اور اگر ثرید کھانے میں سُنّت کی نیت ہوگی تو ثواب بھی ملے گا۔

(3)...... **ثرید بنانے کا طریقہ**: شوربے والے سالن میں بچی ہوئی روٹی کے ٹکڑے، ضرورتاً تیل، نمک، زیرہ اور گرم مصالحہ ڈالیں، اس پر ڈھکن اور ڈھکن پر وزن رکھ کر دم دیں۔ ثرید کو برتن میں ڈال کر اس پر کھجور کے ٹکڑے رکھ دیں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت مزیدار ہوگا۔

(4)...... جامعات و مدارس اور گھر میں بھی اس کی ترکیب بنایا کریں۔

(5)...... ہنڈیا بالخصوص سبزی میں میتھی کے پتے ڈال لیں اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سالن انتہائی لذیذ ہوگا۔

(6)...... 41 روزہ مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس کرنے کے لیے یکم ربیع الاول تا گیارہ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ باب المدینہ کراچی آجائیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تقریباً 26 مدنی مذاکروں میں شرکت کی ترکیب ہوجائے گی۔

(7)...... ذہن بنالیجئے، دل لگے یا نہ لگے ہمیں نیکیاں کرنی ہیں۔

(8)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں رچ بس گیا ہوں کہ اب دعوتِ اسلامی کے باہر سانس بھی نہیں لے سکتا۔

(9)...... دعوتِ اسلامی کی مشاورت کا نگران، متحرک، نیک اور بااَخلاق ہو تو اس کا شمار علاقے کے باعمل اور بااثر لوگوں میں ہوتا ہے اور بہت سے لوگ اس سے وابستہ ہوتے ہیں۔

(10)...... جب کتابوں میں فقط ''حسن'' لکھا ہو تو اس سے مراد حضرت حسنِ بصری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ ہوتے ہیں اور اگر حسن بن علی لکھا ہو تو اس سے مراد حضرت حسن مجتبیٰ نواسہ رسول رضی اللہ تعالٰی عنہ ہوتے ہیں۔

(11)...... کبھی بھی جانور پر ظلم نہ کریں۔ مظلوم چاہے کافر ہو یا جانور، اس کی بددعا قبول ہے۔

(12)...... ہمیں غور کرنا چاہیے کہ ہم نیک بننے کے لیے جی رہے ہیں یا اپنے آپ کو نیک ''ثابت کرنے'' کے لیے۔ (نگرانِ شوریٰ)

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

(رات بعدِ مذاکرہ اور بعدِ سحری دورۂ حدیث اور دیگر طلبہ کے ساتھ)

(13)......جامعۃ المدینہ کے طلبہ سفید چادر اوڑھنے کی مستقل عادت بنائیں۔

(14)......جب حفاظتی اُمور کے مسائل سنگین نہیں تھے تو میں (یعنی باپا) عالمی مدنی مرکز میں ہونے والے دَرس و بیان میں شریک ہوتا تھا اور یہ خیال مجھے بٹھاتا تھا کہ اگر میں اُٹھوں گا تو اور اسلامی بھائی بھی اُٹھ جائیں گے کاش! یہ خیال آپ کو ہر دَرس و بیان میں بھی بٹھا دیا کرے۔

(15)......اگر مدنی مُنا بھی شریعت کے مطابق درس دے، تو اُسے بھی سُننا چاہئے۔

(16)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے اَن گنت دَرس دیئے، حصولِ ثواب کی خاطر ہمیشہ درس دینے میں پہل کی کوشش کرتا۔

(17)......ہمارا سب سے پہلا مدنی قافلہ ''دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ صاحبداد گوٹھ ملیر باب المدینہ کراچی'' کی (مفتی عبداللہ مجددی نعیمی رحمۃ اللہ علیہ والی) جامع مسجد میں گیا تھا۔ پہلے بیان میں ہی اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تقریباً دس اسلامی بھائیوں نے داڑھی سجالی۔

(18)......مدنی ذہن بننے میں بعض اوقات برسوں لگ جاتے ہیں اور بعض اوقات اچھی صحبت سے فوراً بن جاتا ہے۔

(19)......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں حُسنِ اخلاق سے نوازے اور بڑا بول بولنے سے محفوظ فرمائے۔ آمین

(20)......اگر فضول باتوں کی عادت ختم ہو جائے تو اَمن قائم ہو جائے۔

(21)......نگاہیں جُھکا کر بات کرنے کی عادت اپنے اُوپر نافذ کرلیں اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ لُطف آئے گا۔

(22)......نیکی کی دعوت، حکمتِ عملی کیساتھ دینا ضروری ہے۔

(23)......دعوتِ اسلامی میں کام کو سلام ہے۔

(24)......دعوتِ اسلامی میں ترقی برادری سے نہیں بلکہ صلاحیت سے ہوتی ہے۔

(25)......خود کو سب سے بُرا تصور کریں۔

(26)……جو اَمیرِ قافلہ مدنی قافلے کا جدول دُرست چلائے، اُسے ہی یہ ذمہ داری دی جائے۔

(27)……مدنی قافلہ جہاں ٹھہرے، اُس کے اردگرد ایک میل تک یا 313 میٹر تک جو مزار ہو، اُس پر ہی مدنی قافلے کے شرکاء جدول کے مطابق حاضری دیں۔ دُور جانے کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

(28)……مدنی تربیت گاہ والے، مدنی قافلے کی جو سمت دیں، وہیں چلے جائیں، اپنی پسند کی جگہ جانے کیلئے اِصرار و تکرار نہ کریں۔

(29)……میں چاہتا ہوں کہ ہمارے جامعات سے اَبے تَبے اور بداخلاقی کے سب انداز ختم ہو جائیں۔

(30)……اگر طلبہ کے اخلاق دُرست ہو جائیں اور ان میں صحیح معنوں میں سنجیدگی آ جائے تو یہ دین کی بہت خدمت کر سکتے ہیں۔

(31)……جامعۃ المدینہ کے طلبہ ہر پیر شریف کو مناجاتِ افطار کا اہتمام کریں۔

(32)……محرم الحرام میں سالانہ مدنی قافلے میں سفر کرنے والوں کو ماہانہ مدنی قافلے کا مسافر بنائیں۔ ان سے مستقل رابطہ رکھا جائے اور صفر المظفر میں مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلائی جائے۔

(33)……مدنی قافلوں میں سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں کو صِرف رسمی طور پر قافلے میں سفر کروا کر چھوڑ نہ دیا کریں بلکہ انفرادی کوشش جاری رکھیں یہاں تک کہ وہ مبلغ بن جائیں۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ | آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 9 نومبر 2014ء |

(آف ائیر/Off Air مدنی مذاکرہ برائے دکاندار عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ وزم زم نگر فیضان مدینہ)

(1)……کاروباری مسائل کی اسلامی معلومات کے لیے مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ”حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول“ اور بہارِ شریعت کا گیارہواں حصہ پڑھیں یا کسی اچھے مدنی سے پڑھنے کی ترکیب بنالیں۔

(2)......قرآن مجید انمول ہے، اس کا ہدیہ کم کروانے میں حرج نہیں۔

(3)......دینی کتابیں سستی بیچی جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اِستفادہ کریں، یہ دینی مُروَّت (اخلاق) کا تقاضا ہے۔

(4)......غریبوں، سیِّدوں اور علماء کو سستا یا آدھی قیمت یا مفت دینے کا جذبہ پیدا کیجئے۔ منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں۔

(5)......میں مختلف عطر استعمال کرتا ہوں، صندل گلاب، زیادہ دیر ٹھہرنے والی عطر ہے۔ گلِ لالہ بھی مجھے پسند ہے۔

(6)......میرے نام سے منسوب مہندی اور دیگر اشیاء بیچنے کی اجازت نہیں ہے۔

(7)......جب میں اگربتی کا کام کرتا تھا تو شروع میں اپنی بنائی ہوئی آئٹم کا نام ''قادری اگربتی'' رکھا لیکن بعد میں اس نام کی بے ادبی ہو جانے کے خوف سے تبدیل کر کے ''قومی اگربتی'' رکھا۔

(8)......''امیرِ اہلسنّت کے تجویز کردہ نسخے کے مطابق تیار شدہ دوا'' بھی نہ لکھا جائے۔

(9)......میرے معمولات میں انگوٹھی پہننا نہیں۔

(10)......قادریہ سلسلے میں تعویذات بیچنا ناپسندیدہ ہے۔

(11)......مجھے سفید کپڑے کی ٹوپی (جو سر پر چپڑی ہوئی ہو) پسند ہے۔

(12)......اپنی عقیدت، دین داری اور دینی مقام و مرتبہ کیش نہ کروایا جائے۔ اس کے ذریعے، شہرت، ذاتی کام اور مالی فوائد حاصل نہ کئے جائیں۔

(13)......گھر میں موجود وہ چیزیں جن پر عورتوں کی تصویریں ہوتی ہیں مثلاً شیمپو، صابن وغیرہ، گھر کی اسلامی بہنوں کے ذریعے مٹوا دیا کریں۔

(14)......تین ماہ بعد کا نداروں کا مدنی مذاکرہ دوبارہ ہوگا۔ ان شآء اللہ عزوجل

(15)......نفس کی دُم دبے گی تو اُسے تکلیف ہوگی اور شیطان بھی وسوسے ڈالے گا۔

(16)......دکاندار مہینے میں ایک دن مثلاً منگل کو 25 گھنٹے فیضانِ مدینہ میں ہونے والے ایک روزہ تربیتی اجتماع میں شرکت کیا کریں۔ رکنِ شوریٰ حاجی محمد امین قافلہ عطاری کو اس کی ذمہ داری دی گئی۔

(17)......نمازِ عشاء کے فوراً بعد عموماً تراوٹ ہوتی ہے، سیکھنا سکھانا آسان ہے۔

(18)......جب بھی کسی کی حوصلہ افزائی کریں تو دِل کھول کر کریں۔ (نگرانِ شوریٰ)

# مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 نومبر 2014ء |

(1)......اچھی نیّت سے مُعاف کرنا کارِثواب ہے، معاف کرنے کا ایک دنیوی فائدہ یہ ہے کہ جس کو معاف کیا جائے تو اس کے دل سے معاف کرنے والے کا بُغض و کینہ نکل جاتا ہے۔

(2)......کاش ہم سورہ فتح پارہ 26 کی آیت 29 کے اس حصے "رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ" (کہ مومن آپس میں نرم دل ہوتے ہیں) کے مصداق بن جائیں۔

(3)......داڑھی اور عمامہ ایسی نعمتیں ہیں جو انسان میں موجود برائیاں دور کرتی ہیں۔

(4)......نفس بہت بڑا بدمعاش ہے، بلکہ بدمعاشوں کا بھی سردار ہے۔

(5)......موٹر سائیکل پر ٹرپیل سواری (تین کا بیٹھنا) قانونی و اخلاقی جرم اور جان کے لیے خطرہ ہے۔

(6)......سمجھدار آدمی ڈبل سواری سے بھی بچتا ہے اگر بیٹھنا ہی پڑے تو درمیان میں تکیہ یا چادر رکھنے کی ترکیب بنائے گا۔

(7)......ماں باپ کا علاج اپنا پیٹ کاٹ کر (یعنی کم کھا کر گزارا کر) کے بھی کرنا چاہیے۔

(8)......میں نے اعلیٰ حضرت رَحْمَةُ اللهِ تعالیٰ علیہ سے ہی احترامِ سادات سیکھا ہے۔

# مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ محرم الحرام ۱۴۳۵ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 نومبر 2014ء |

(1)......ذہن بنالیجئے کہ لوگوں کے ستانے کے باوجود ہم نے مدنی حلیہ نہیں چھوڑنا۔

(2)......مہذب وشریف لوگ لڑائی نہیں کرتے۔

(3)......لغت میں ''پرویز'' کے معانی (فاتح ،خوش نصیب ،قیمتی) اچھے ہیں مگر یہ گستاخِ رسول بادشاہ (پرویز) کا نام تھا،اس لیے مجھے پرویز نام رکھنا پسند نہیں۔

(4)...... استعمالی چیزیں مثلاً پن ، بیگ وغیرہ پر ''مجھے دعوتِ اسلامی سے پیار ہے'' لکھا جاتا ہے۔میری درخواست ہے کہ کچھ بھی نہ لکھا جائے، اسی طرح کپڑوں پر کسی بھی زبان کی لکھائی سے اجتناب کیا جائے۔

(5)......جس طرح سونا (Gold) کم ملتا ہے،اسی طرح خالص شہد بھی کم ہی دستیاب ہوتا ہے۔

(6)......مجلسِ تحفظِ اوراقِ مقدسہ، اِفتاءمکتب سے یہ رہنمائی لے کہ اگر سُنی علماء کی کتب،مقدس اوراق کے تھیلے وغیرہ میں آئیں تو ان کا کیا کیا جائے؟

(7)......مقدس اوراق میں اگر کوئی پتھر یا اس طرح کی کوئی چیز ہو تو اسے ٹھنڈا کر دیا جائے ، ہوسکتا ہے یہ پتھر متبرک ہو اور بے ادبی سے بچانے کے لیے مقدس اوراق میں ڈال دیا ہو۔

(8)......جو نیکی کرنا چاہتے ہیں،اس کو سنجیدہ (Serious) ہونا ضروری ہے،صرف ''چاہنا'' کافی نہیں۔

(9)......باب المدینہ کراچی کے پوش علاقوں،ایئرپورٹ،ڈیفنس،کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقوں میں مدنی چینل کے تشہیری سائن بورڈز کی ترکیب کی جارہی ہے،اس کے لیے عطیات درکار ہیں۔یہ عطیات عسکری اسلامک بینک اکاؤنٹ میں جمع کروائے جائیں۔مرکزی مجلسِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر کہیں بھی تشہیری سائن بورڈ لگانے کی اجازت نہیں۔

(10)......کہا جاتا ہے آنسوؤں سے پتھر بھی پگھل جاتے ہیں۔اگر والدین وغیرہ سے مدنی قافلے کی اجازت نہ ملے تو عاجزی سے،بغیر دل دُکھائے،رو رو کر گھر والوں سے اجازت لیجئے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

☆...... جس نے گوشت کھانا ہے، اُسے یہ معلوم ہونا واجب ہے کہ مَمنوعہ اَجزاء کون کون سے ہیں؟ (تفصیل کے لئے فیضانِ سنّت ص، 583 تا 586 کا مطالعہ کرلیجئے)

☆...... جو جہالت کی وجہ سے حرام اَجزا کھا جائے گا تو گنہگار ہوگا۔

☆...... جب کوئی طبیعت پوچھے تو جواب میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن کہا جائے، بچوں کو بھی سکھایا جائے

☆...... اللہ تَعَالٰی میری مرکزی مجلسِ شوریٰ پر نور کی برسات فرمائے کہ دعوتِ اسلامی کا کام اتنا بڑھا دیا۔

☆...... تعارُف کراتے ہوئے، تاجر، ڈاکٹر، وزیر کہنے میں حَرَج نہیں، ''یہ شخصیّت ہیں'' کہنا غیر مُناسِب ہے۔

☆...... میری والدہ میں چند خوبیاں یہ بھی تھیں: نماز، روزہ کی پابند، کسی کا مال ناحق نہ لینا، تجدیدِ ایمان کرتے رہنا وغیرہ۔ میری والدہ کا اِنتقال ۱۷ صفر المُظفر (۱۳۹۸ھ) شبِ جمعہ، رات تقریباً ساڑھے دس بجے ہوا، جس جگہ اِنتقال ہوا تھا، اُس جگہ سے طرح طرح کی خوشبوئیں آتی تھیں۔

☆...... میں بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹا تھا، اس لیے گھر والے پیار سے ''بابُو'' کہتے تھے۔

☆...... ہم اصلاً نسلاً سُنّی ہیں۔

☆...... مجھے بچپن سے نمازِ باجماعت پڑھنے کا جذبہ تھا۔

☆...... 12 روزہ ''مدنی کورس'' میں قفلِ مدینہ اور مدنی اِنعامات کی مَشق (Practical) کروائی جاتی ہے۔

☆...... دورانِ مدنی کورس، فون بند رکھا جائے۔

☆...... نَفل روزے سے علمِ دین کا حُصُول، افضل ترین ہے۔

☆...... خاموش رہنے میں دُنیا و آخرت کے فوائِد ہیں۔

☆...... خاموشی بغیر سلطنت کے ہَیبت ہے۔

☆...... فُضُول باتوں سے دِل سَخت ہو جاتا ہے، دل کا سخت ہونا بہت بُری بات ہے۔ ایسا شخص اللہ تَعَالٰی کی رَحمت سے مَحروم ہو جاتا ہے۔

☆...... اللہ کرے ہم اپنی اَولاد کی اِسلامی خُطُوط پر تربیت کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔

☆......مَدَنی چینل اچھی اچھی نیّتوں سے دیکھنا عبادت ہے، کیونکہ یہ خالص دِینی چینل ہے۔

☆......نگرانِ شوریٰ کے بیانات انقلابی، نگرانِ پاک کابینہ حاجی شاہد کے عشقِ رسول سے بھرپور ہوتے ہیں۔

☆......مدنی چینل کا روزانہ کا خرچ تقریباً 15 لاکھ ہے، اس کو عطیات دینا کارِ ثواب ہے۔

☆......سرکار (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کی آمد مرحبا کہنا، عبادت ہے۔

☆......اللہ تعالٰی ہمیں مدینے کی محبت اور ذَوق عطا کرے۔

☆......اللہ کی رِضا کے لیے مدینے سے پیار کرنا عبادت ہے۔

☆......سردِیوں میں جِلد پھٹے تو بڑا گوشت نہ کھایئے، سبزیاں اور پھَل زیادہ کھائیں۔ آگ کے پاس بیٹھ کر متأثرہ جگہ پر پیاز رَگڑیں، وَیزلِین لگائیں، سردیوں میں پاؤں میں ہروقت جُرابیں پہنیں رہیے، مَوسمی پھل کھایئے۔

☆......کھال سخت نہ ہونے دیجئے۔ سوتے وقت ناف میں تیل لگایئے، کھال نرم رہے گی۔

☆......موسمی پھل کھانے کے بہت فوائد ہیں۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ صفر المظفر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 دسمبر 2014ء |

☆......تمام دعوتِ اسلامی والے اور والیاں مدرسۃ المدینہ بالغان وبالغات کے مَدَنی کام میں مصروف ہوجائیں۔

☆......دعوتِ اسلامی کے مُبلّغین، گلی گلی، مسجد مسجد، تعلیمِ قرآن عام کریں۔

☆......تحریک چلائیں ''آؤ قرآن سیکھیں اور سکھائیں''۔

☆......مجھے مدرسۃُ المدینہ بالغات وبالغان کے اَہداف بھیجیں۔

☆......مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ ''فیضانِ عائشہ صدیقہ'' بہت ایمان افروز کتاب ہے، اسے لے لیں اور گھول کر پی جائیں، محبتِ حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا میں اِضافہ ہوگا۔

☆......حضرتِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شان، ستاروں اور مٹی کے ذرّوں سے زیادہ ہے، کون ان کی شان گھٹا سکتا ہے۔

☆......ہمارا **مذہبِ اہلسنّت**، مُہَذَّب (ادب والا) ہے۔

☆......تنگدَستی کے اسباب میں سے یہ بھی ہے کہ ماں باپ کو نام لے کر پکارا جائے۔

☆......ہمارے مُعاشرے میں کچھ لوگ والدہ کو ''ماما'' کہہ کر پکارتے ہیں مجھے ''امی'' کہنا پسند ہے۔

☆......اعلیٰ حضرت، امام **اَحمد رضا خان** عَلَیہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کا اصل نام ''محمد'' تھا۔

☆......مخاطِب سے اس کے مقام و مرتبہ کے مطابق اچھے الفاظ سے بات کیجئے۔

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ صفر المظفر **۱۴۳۶ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 دسمبر 2014ء |

☆......مَدَنی چینل اپنے بچوں کو دکھایئے تاکہ ان کی تربیّت ہو اور وہ باکردار بن کر مُعاشرے میں اُبھریں۔

☆......تین رَنگ والا دعوتِ اسلامی کا پرچَم اس بات کی علامت ہے کہ ہم تمام **اللہ** والوں کو مانتے ہیں۔

☆......جن مجالس کا مدنی مذاکرہ ہو وہ 15 دن پہلے مدنی مذاکرے کے سُوالات مجھے پہنچا دیا کریں۔

☆......قِیاس میرا تیرا نہیں، امامِ اعظم رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کا چلے گا۔

☆......اِمام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے 48 مسائل پوچھے گئے، آپ نے 16 کے جوابات دیئے اور 32 پر خاموشی اِختیار فرمائی۔

☆......اعلیٰ حضرت رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ ایسے مُتّقی تھے کہ تقویٰ بھی آپ پر ناز کرتا ہے۔

☆......فیضانِ رضا اور فیضانِ ماہِ رضا جاری رہے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

☆......پاکستان، اِسلام کا قلعہ ہے۔

☆......مسجد بھرو تحریک چلاتے رہیں گے تو بُرائیاں دَم توڑ جائیں گی۔

☆ ......عِمامہ باندھوتحریک جاری رہے گی۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

☆ ......جو درسِ نظامی کا طالبِ علم حاضر باش ہو، چھٹیاں نہ کرے اور جان توڑ کر محنت کرے تو اکثر فرض علوم حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

☆ ......درسِ نظامی اچھا کورس ہے، اسے پڑھنا چاہیے لیکن یہ کافی نہیں، اس کے ساتھ ساتھ دینی کتب کا مُطالعہ بھی ضروری ہے۔

☆ ......سُنّی باعمل عالمِ دین کی صحبت میں رہیں گے تو علم وروحانیّت دونوں حاصل ہوں گے۔

☆ ......اصل نیک وہی ہے جو اللّٰہ کے ہاں بھی نیک ہو، مَحض شہرت ہونا کافی نہیں۔

☆ ......نیّت پورا علم ہے، سابِقہ دور میں باقاعدہ سکھایا جاتا تھا۔

☆ ......جو مجالس والے ہفتہ وار اجتماعات اور مدنی مذاکروں میں شرکت کرتے، بیان کرتے ،دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں عملاً شریک ہوتے ہیں، ان کی عملی حالت بھی اچھی ہوتی ہے۔

☆ ......دعوتِ اسلامی **''عمل''** کی تحریک ہے، رسمی (Formality) نہیں۔

☆ ......ہرایک، رسالہ **''باحیا نوجوان''** کا مطالعہ کرے۔

☆ ......تمام دعوتِ اسلامی والے زُلفیں رکھ لیں تو مدینہ مدینہ۔

☆ ......میں رات دن مدنی کام کرنے والے اسلامی بھائیوں سے پیار کرتا ہوں۔

☆ ......عِمامہ باندھنے والا اس کی برکت سے گناہوں سے باز رہتا ہے اور اس کے کِردار میں بھی نِکھار آجاتا ہے۔

☆ ......اے کاش! دعوتِ اسلامی والے دُنیا بھر میں باعمامہ سفر کریں۔

☆ ......نام ہونے (یعنی شہرت) میں بھی اِمتحان ہے۔

| ۲۸ صفر المظفر ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 دسمبر 2014ء |
|---|---|---|

☆......امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا معمول ہے کہ دَم وغیرہ کرنے کے ساتھ طبیب سے مشورہ کرنے کا بھی ارشاد فرماتے ہیں۔ (نگرانِ شوریٰ)

☆......اے کاش! ہم اللہ کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ ہَمْدَرْدِیاں کریں اور رَحم کریں۔

☆......قیامت کے دن ذرّے ذرّے کا حساب ہے۔

☆......ہم دوسروں کی خیر خواہی کریں اور بھلائی کا سوچیں۔

☆......امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا نام ''محمد''، والد کا نام اِدریس اور کنیت ابوعبد اللہ ہے۔

☆......ہر ایک کو اِس کی نفسیات کے مطابِق نیکی کی دعوت دی جائے۔

☆......ہر کام کے لئے حکمتِ عملی چاہیے۔

☆......اسلامی بھائی، اپنی اگلی جیبوں میں مُنتخب رسائل مثلاً ''میں سُدھرنا چاہتا ہوں، گانے باجے کی تباہ کاریاں'' وغیرہ تقسیم کرنے کے لیے رکھا کریں۔

☆......مُقدَّس کاغذات، مدنی رسائل وغیرہ رکھنے کے لیے دعوتِ اسلامی والے اپنے کُرتے کے سامنے والے حصے پر 2 جیبیں رکھتے ہیں، جن سے بن پڑے وہ بھی 2 جیبیں بنوائیں۔

☆......اسلامی بہنیں بھی اپنے اور مدنی منّیوں کے کُرتوں میں مناسب جگہ جیبیں سلوائیں۔

☆......اسلامی بھائی اپنے کُرتوں میں مِسواک کی جیب بنوائیں اور اس میں دوسروں کی ترغیب کی نیّت سے نمایاں مسواک رکھا کریں۔ میرے پاس کئی مسواکیں ہوتی ہیں۔ بلکہ یہ میرے سفر کا حصہ ہیں۔

☆......میرے گھر (بیتُ الفنا) میں 25 صفر کو عرسِ اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ پر چراغاں یعنی روشنی کی جاتی ہے، پھر بند کردی جاتی ہے اور یکم ربیع الاول سے دوبارہ ترکیب ہوتی ہے، جو 12 ربیع الاوّل تک جاری رہتی ہے۔

☆......نابالغ طلبہ اپنی ذاتی رقم سے سجاوٹ نہیں کرسکتے۔

☆ ......خبر یہ جملے بولنے میں بہت مُحتاط ہونا چاہئے۔

☆ ......کاش! ایسا ہوجائے کہ جب ہم بولنا چاہیں تو تھوڑا سا رُک جائیں، سوچیں، پھر بولیں۔

☆ ......عُلمائے حقّہ سے ملاقات کرنے کے لیے جانے سے قبل دِل کی صفائی کے ساتھ یہ نیتیں فرمالیجئے:

❁ اِنکی تعظیم کرتے ہوئے زِیارت کروں گا ❁ سلام کرکے دَسْت بوسی کروں گا ❁ ادب کرتے ہوئے دوزانوں بیٹھوں گا ❁ کوئی بات قابلِ اعترض محسوس ہوئی تو اپنے فہم کا قصور سمجھوں گا ❁ کسی کے سامنے اِس کا اِظہار کرکے غیبت کا اِرتکاب نہیں کروں گا ❁ حسبِ اِستطاعت تحفہ پیش کروں گا۔

☆ ...... بے عمل وہ ہوتا ہے جو حرام ومکروہِ تحریمی فعل کا اِرتکاب کرے، فرض یا واجب کو ترک کرے یا سنّتِ مؤکدہ کے ترک کو اپنی عادت بنائے۔

☆ ......کسی مسلمان پر زبانِ طعن نہ کھولی جائے۔

☆ ......اے کاش! ہماری زبان اور دِل ایک ہوجائیں۔

☆ ......کُفر وطلاق وغیرہ نازُک مسائل اُس مفتی صاحب سے پوچھئے جو دارالافتاء میں فتاویٰ نویسی کرتے ہوں۔ دارالافتا اہلسنّت سے رُجوع کیجئے۔

☆ ......حافظ کو سارا سال قرآنِ مجید کی تلاوت کرتے رہنا چاہیے، تاکہ منزل پکی رہے۔

☆ ......جب کسی کو فون کریں تو حُسنِ ظن اور صبر کی صُراحی اپنے پاس رکھیں، فون نہ اُٹھے تو ایک جام پی لیں۔ کچھ دیر بعد پھر کریں، اب نہ اُٹھے تو دُوسرا جام پی لیں، ہوسکتا ہے کہ وہ مصروف ہوں۔

☆ ......دارالافتاء اہلسنّت میں فون پر مسائل کے جوابات دینے والے سینئر متخصص ہوتے ہیں، ان پر مفتی کی تعریف صادِق آتی ہے۔

☆ ...... ہر علاّمہ، عالِم ہوتا ہے مگر ہر عالِم علاّمہ نہیں ہوتا۔

☆ ......مدنی قافلے میں سفر کی برکت سے علمِ دین حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔

☆ ......نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے نہیں سونا چاہیے کہ فقر و تنگدستی لاتا ہے۔ البتہ سونا گناہ نہیں

☆ ......دِین کی خدمت کس طرح کرنی چاہئے؟ یہ سیکھنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز میں آ یئے۔

☆ ......جیسی نیّت، ویسی مُراد۔

☆ ......مکتبۃُ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ ''اَخبار کے بارے میں سوال جواب'' کا مطالعہ کیجئے۔

☆ ......جس کا شہدائے کربلا سے تعلق نہیں، اس کے ساتھ ہمارا کوئی تعلق نہیں۔

## آف ائیر (Off Air) مَدَنی مذاکرہ

☆ ......عُموماً سلام، عادتاً کیا جاتا ہے، ثواب کی نیّت، نہیں کی جاتی، اس لیے ثواب کے حُصول کیلئے سلام کرنے والا کم از کم اتنی نیّت کرلے کہ ''سلام کرنا سُنّت ہے اِس لیے سلام کر رہا ہوں'' اور جواب دینے والا یہ نیّت کرے کہ ''سلام کا جواب دینا واجِب ہے، میں واجِب پر عمل کر رہا ہوں''۔

☆ ......شادِی سے پہلے نیّت کرلینی چاہئے کہ میں شادِی عین شریعت کے مطابق کروں گا کوئی غیر شرعی فعل نہیں ہونے دوں گا۔

☆ ...... ہر شادی کارڈ میں یہ جُملہ ڈالنے کی ترکیب بنائی جائے: ''اِس کارڈ میں اللہ ورسول عزوجل وصلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کا نام ہے، اِس کارڈ کو بے اَدبی سے بچایئے''۔

☆ ......کسی بھی بس میں سفر کے دوران، نماز کیلئے گاڑی رُکوانے کیلئے ڈرائیور و کنڈیکٹر سے نرمی و محبت سے درخواست (Request) کریں۔ الحمدللہ عزوجل! میں (یعنی باپا) نے پنجاب مدنی قافلے میں سفر کے دوران اِسی حکمتِ عملی سے ٹرین کو نماز کیلئے رُکوایا ہے۔

☆ ......حتیٰ الامکان ایسی فلائٹ یا بس میں سفر کریں، جس میں کسی نماز کا وقت نہ آئے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 24 دسمبر 2014ء |

﴾1﴿......اکثر لوگوں کو اِستقامت نہیں ملتی، عربی مقولہ ہے: اَلِاسْتِقَامَۃُ فَوْقَ الْکَرَامَۃِ (اِستقامت، کرامت سے بڑھ کر ہے)

﴾2﴿......فیضانِ سنّت کا درس، سمجھدار بچّہ بھی دے تو سننا چاہیے۔

﴾3﴿......مجلسِ تجہیز و تکفین بہت فعال ہوگئی ہے، اِس کے تربیتی اجتماعات مدنی خبروں میں دیکھے ہیں۔

﴾4﴿......دعوتِ اسلامی کے مبلغ اور نعت خواں، مرحوم عبدالغفار عطّاری تختۂ غسل پر مُسکرائے تھے۔

﴾5﴿......''دعوتِ اسلامی'' اولیائے کرام کے قدموں تک پہنچنے کا دروازہ ہے۔

﴾6﴿......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن کا خاندان، اولیائے کرام کا خاندان ہے۔

﴾7﴿......اللہ تَعَالٰی ہمیں اپنے ولیوں کا وفادار رکھے۔

﴾8﴿...... 10,11,12 ربیع الاول، مدنی قافلے میں سفر کریں، جو گاؤں دیہاتوں میں جائیں۔ مدنی قافلے والے اپنے پلّے سے جھنڈے بھی لیتے جائیں۔

﴾9﴿......مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ نیا رِسالہ، **''جھوٹا چور''** کا مطالعہ کریں اور لنگر بھی کریں۔

﴾10﴿......اپنے بچّوں کو شیر بناؤ، دعوتِ اسلامی کے رسالے پڑھاؤ، بھوتوں پریوں کی کہانیوں سے بچاؤ۔

﴾11﴿......موت برحق ہے اور اس کا کوئی بھی انکار نہیں کرتا یہاں تک کہ وہ کافر لوگ جو اللہ تَعَالٰی کا بھی معاذ اللہ انکار کرتے ہیں لیکن موت کا وہ بھی انکار نہیں کرتے اگرچہ اس کو نام کچھ اور دیتے ہیں مثلاً: ایکسپائر ہوگیا وغیرہ

﴾12﴿......لوگ عموماً کہہ دیتے ہیں کہ اللہ نے یوں فرمایا ہے، قرآن میں یوں ہے جو کہ بہت غلط انداز ہے، جب تک سو فیصد یقین یا کسی مفتی یا مستند عالم سے تصدیق نہ کرلیں تو اپنی طرف سے یوں نہ کہا کریں ورنہ کچھ کا کچھ ہوجائے گا۔ سب درسِ نظامی کرلیں، پھر اِس بات کی بھی پہچان ہوجائے گی کہ کون سا فرمان اللہ تَعَالٰی کا ہے اور کون سا نہیں؟

## آف ائیر مدنی مذاکرہ مدنی پھول

﴿13﴾......مدنی پرچم اُٹھانے کی نیتیں بسم اللہ شریف پڑھوں گا (۲) جشنِ ولادت کے اہتمام کیلئے اُٹھاؤں گا۔

﴿14﴾......خوشی کے اظہار کے وقت ہر مُرَوَّجہ کام، جو شریعت سے نہ ٹکراتا ہو، جائز ہے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۳ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 دسمبر 2014ء |

﴿1﴾ مسجدیں نماز کے لیے بنائی جاتی ہیں، ضمناً ذکرونیکی کی دعوت وغیرہ کی اِجازت ہے۔

﴿2﴾ جب اجتماع میں 100، 50 کی تعداد ہو تو ساؤنڈ چلانے کی حاجت نہیں۔

﴿3﴾ ہم تو کسی کو بُرا بولیں، بُرا دیکھیں نہ سنیں۔

﴿4﴾ قرآن نے بُرے القاب سے منع فرمایا ہے۔

﴿5﴾ پاکستان بھر میں تقریباً 366 مدنی مراکز فیضانِ مدینہ ہیں۔ (چند جگہ پر تعمیراتی کام باقی ہے)

﴿6﴾ تفسیر خزائن العرفان، نور العرفان اور صِراطُ الْجِنَان، ہمارے ہاں متعارف ہیں۔

﴿7﴾ نعت خواں اِسلامی بھائی، مدنی کاموں میں فعّال ہو جائے تو دیگر اِسلامی بھائیوں سے زیادہ مدنی کام سرانجام دے سکتا ہے۔

﴿8﴾ محاورہ ہے ''یک بڑھاپا صد عیب'' (جب کوئی بوڑھا ہو جائے تو اسے کئی بیماریوں کا سامنا ہوتا ہے)

﴿9﴾ اردو زبان، انگلش سے اچھی ہے، اللہ کرے ہم اچھے ہو جائیں۔

﴿10﴾ میں چاہتا ہوں قریبی رشتہ داروں کو اَنکل (Uncle)، آنٹی (Aunty) کہنے کے بجائے خالہ، پھوپھی اور چچا، ماموں وغیرہ کہا جائے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 دسمبر 2014ء |

﴾1﴿ مساجد، عبادت کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ اس میں ہر اُس کام سے منع کیا جائے گا، جس کا تعلق عبادت سے نہیں، مثلاً یہ نعرے لگانا۔ We want Bapa Jan، کہہ دو مرشد چل مدینہ وغیرہ

﴾2﴿ عشقِ رسول کا ''مزا'' ایسا ہے، جسے ایک دفعہ لگ گیا تو چھوڑنے کو جی نہیں چاہے گا۔

﴾3﴿ اللہ تعالیٰ ہمیں بے ادبوں اور بے ادبی سے محفوظ رکھے۔

﴾4﴿ مومن نرم طبیعت اور نرم زبان والا ہوتا ہے۔

﴾5﴿ مسکراہٹ والا ماحول ہو تو کارکردگی میں 12% اضافہ ہو جاتا ہے۔

﴾6﴿ نرم مزاج شخص سے لوگ محبت کرتے ہیں۔

﴾7﴿ دعوتِ اسلامی کے تین رنگے جھنڈے میں فیضانِ مصطفٰے اور فیضانِ اولیاء دونوں موجود ہیں۔

﴾8﴿ ''بابا'' ہندی لفظ ہے اس کے معنی ہیں باپ۔

﴾9﴿ 3 مواقع میری انتہائی خوشی کے ہوتے ہیں: (۱) عید میلاد النبی (۲) حاضریٔ مدینہ (۳) ماہِ رمضان۔

﴾10﴿ ناراض رشتہ داروں کو منانے کے لئے اُن تک کسی طرح سے ناچاقیوں کا علاج رسالہ پہنچا دیں اور خود بھی ہاتھوں ہاتھ پھوپھی سے صُلح کر لی رسالہ پڑھ لیجئے۔

﴾11﴿ ناراض رشتہ داروں کو منانے کے لئے اللہ کی بارگاہ میں دعا کیجئے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 27 دسمبر 2014ء |

﴾1﴿ سر بند سُنّت ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نیک بندے (مدنی انعامات پر عمل کرنے والے) اِسے استعمال کرتے ہیں۔

﴾2﴿ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں، ربیع الاول کی گیارہویں کو عصر کے بعد غسل کر کے جہاں تک ہو سکے تمام چیزیں نئی استعمال کریں۔

﴾3﴿ درخت لگانا کارِ ثواب ہے۔

﴾4﴿ باطن کو اُجلا اور نیا کرنے کے لیے سچی توبہ کرلیجئے۔

﴾5﴿ جان بوجھ کر نماز ترک کرنے سے دل میلا ہوتا ہے۔

﴾6﴿ جو 3 یا 12 دن کے لیے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں آتے ہیں، تنظیمی طور پر ان کا مدنی قافلہ اِسی صورت میں مانا جائے گا جبکہ وہ اس دوران لوگوں سے ملنے یا سمندر وغیرہ دیکھنے نہ جائیں۔

﴾7﴿ مسلمان جہاں بھی ہوں، اِسلام کے اُصولوں کے پابند ہیں۔

﴾8﴿ جلوسِ میلاد میں نیاز کو لوگوں کی طرف پھینکنے کے بجائے، ہاتھوں میں دیا کریں۔

﴾9﴿ جلوسِ میلاد میں اِس طرح پُر وقار اور مؤدب انداز میں شرکت کریں کہ غیر مسلم بھی دیکھے تو مسلمان ہو جائے۔

﴾10﴿ جلوسِ میلاد میں باوضو، نگاہیں جھکائے، نعتِ مصطفٰی پڑھتے یا سنتے سنتے، ادب سے چلیے۔ اے کاش! گاہے گاہے آنکھیں پُرنم بھی ہو جائیں۔ اس طرح شرکت کرنے سے لطف کو بھی لطف آجائے گا۔ تجربہ کرلیجئے۔

﴾11﴿ جلوسِ میلاد ضرور نکالئے پر عین شریعت کے مطابق نکالیے۔

﴾12﴿ ہم پہلے نمازی، پھر نیازی (نیاز و مرحومین کو ایصالِ ثواب کرنے والے) ہیں۔

﴾13﴿ شرکائے جلوسِ میلاد کے لیے اس مرتبہ 12 ربیع الاول کو عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں خصوصی اہتمام ہوگا۔ نمازِ عصر کی جماعت قدرے تاخیر سے 05:00 بجے ادا کی جائے گی، اس کے بعد مناجاتِ افطار اور امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی دعا ہوگی۔ جو اسلامی بھائی صبح کے جلوسِ میلاد میں شرکت کرتے ہیں، وہ اُس جلوس کے اختتام کے بعد فیضانِ مدینہ میں آجائیں، یہاں علمِ دین کے حلقے اور دیگر مدنی چینل کے سلسلے جاری رہیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

# مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٦ ربیع الاول ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 دسمبر 2014ء |

﴾1﴿ وسوسوں کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ ان کی طرف توجہ نہ دی جائے، نظر انداز (Ignore) کر دیا جائے۔

﴿2﴾ اَسباب ضرور اختیار کیجئے، مگر بھروسہ اَسباب پر نہیں، مسبِّبُ الاسباب (اسباب پیدا کرنے والے اللہ تعالیٰ) پر ہونا چاہیے۔

﴿3﴾ حضرت مجدد الف ثانی، احمد سرہندی فاروقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نقشبندیوں کے بہت بڑے بُزرگ ہیں اور ہمارے سر کے بھی تاج ہیں۔

﴿4﴾ سونے سے پہلے یہ نیّت کرلیا کریں کہ میں عبادت پر قوت حاصل کرنے کے لیے سو رہا ہوں۔ اس طرح سونے کا بھی ثواب ملے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿5﴾ جس کو جھاڑنے کی عادت ہو، لوگ اُس سے دُور بھاگتے ہیں۔

﴿6﴾ سیکیورٹی گارڈوں سے چیکنگ کے وقت اُلجھنا اور ناراض ہونا حماقت ہے۔

﴿7﴾ بنگلہ دیش میں 3 روزہ سنّتوں بھرا اِجتماع 11، 12، 13 مارچ 2015ء، بدھ، جمعرات، جمعہ۔ ٹاؤن ہال چٹا گانگ میں ہوگا۔ کثیر عاشقانِ رسول کے مدنی قافلے اس میں شرکت کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿8﴾ اسلامی بہنوں کے لیے مُستحب ہے کہ فجر کی نماز اوّل وقت پڑھیں۔

﴿9﴾ مکتبۃ المدینہ کی کتابیں پڑھیں۔

﴿10﴾ مدنی انعامات کے مطابق زِندگی گزاریں۔

﴿11﴾ 13 کا عدد بہت اچھا ہے کہ پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے اعلانِ نبوت کے بعد مکے شریف میں 13 سال گزارے۔

﴿1﴾ رِسالہ ''غریب فائدے میں ہے'' میرے ١٤١٠ھ/ 1989ء میں دعوتِ اسلامی کے اولین مدنی مرکز (گلزارِ حبیب) میں ہونے والے بیان کا تحریری گلدستہ ہے، جسے مجلس المدینۃ العلمیہ نے نئے مواد کے اِضافے کے ساتھ مُرتَّب کیا ہے۔ اسے امیر غریب سب پڑھیں اور تقسیم کریں۔

﴿2﴾ ''غریب فائدے میں ہے'' بہت قیمتی اور اَہم رسالہ ہے۔ (نگران شوریٰ)

﴿3﴾ امیر مُرَغَّن غذا کھاتے ہیں، اِس لیے غریبوں کی بنسبت زیادہ بیمار ہوتے ہیں۔

﴿4﴾ اصل حافظِ قرآن وہ ہے جو قرآن کے احکام مانے اور عمل کرے۔

﴿5﴾ حبِّ جاہ کی موٹی موٹی تہیں ہمارے دلوں پر چڑھی ہیں، انھیں دور کرنے کی کوشش کیجئے۔

﴿6﴾ ہر اُس دروازے کو بند کر دیں، جس سے حبِّ جاہ، ریاکاری وغیرہ داخل ہوں۔ (یعنی ان باطنی بیماریوں کے اسباب کو ختم کیجئے)

﴿7﴾ دعوتِ اسلامی ہر ڈگر (راستے) پر، ہماری اِصلاح چاہتی ہے۔

﴿8﴾ اسلامی بہنیں بھی مدنی عطیات میں حصہ لیں۔

﴿9﴾ قفلِ مدینہ میں سنجیدہ ہو جائیں، یومِ قفلِ مدینہ پوری زندگی منانا ہے۔

## درس کے ترغیبی مدنی پھول

﴿10﴾ جو درس دینے کی صلاحیّت رکھتا ہے، خواہ بچہ ہو یا بوڑھا، درس دیا کرے۔

﴿11﴾ درس دینے سے معلومات میں اِضافہ، نیکی کی دعوت دینے کا ثواب، اپنی اور دوسروں کی اِصلاح کا سامان ہوتا ہے۔

﴿12﴾ گھر درس دینے سے گھر میں مدنی ماحول بنتا ہے۔

﴿13﴾ سارے ذمہ داران، 2 درس دیا/سُنا کریں، اس میں ایک گھر درس ہونا چاہئے۔

﴿14﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے برسوں درس دیا ہے۔

﴿15﴾ ذِمہ داران اس طرح اپنے ماتحت اسلامی بھائیوں کو میسج (SMS) کریں کہ میں 2 درس دیتا/سنتا ہوں، آپ بھی 2 درس کی ترکیب بنا کر مجھے مُطّلع کریں۔

﴿16﴾ درس کے وقت 2 خیر خواہ مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو جائیں اور بڑی لجاجت کے ساتھ نماز پڑھ کے جانے والوں کو درس میں بیٹھنے کی التجاء کریں۔

﴿17﴾ خیر خواہ عمر رسیدہ ہوں اور غصہ والے نہ ہوں۔

﴿18﴾ خیر خواہ بالکل ہی پیچھے نہ پڑیں۔

﴿19﴾ جب نمازی چلے جائیں تو خیر خواہ بھی درس میں آ کر بیٹھ جائیں۔

﴿20﴾ درس دینے والے کی آواز نمازی تک نہیں جانی چاہئے۔

﴿21﴾ مائیک پر درس دینے کی اجازت نہیں۔

﴿22﴾ معلم اسلامی بھائی درس کے بعد بیٹھ کر مُلاقات وانفرادی کوشش کرے۔

﴿23﴾ اگر کوئی بار بار گھڑی دیکھے تو اُس کو جانے دیں۔

﴿24﴾ لوگوں کی نفسیات پر کھنے کا گُر ہوگا تو صحیح معنوں میں مدنی کام کرسکیں گے۔

﴿25﴾ درس کے ذریعے اسلامی بھائیوں کو بٹھانا، مدنی انعامات و مدنی قافلہ والا بنانا ہے۔

﴿26﴾ اگر مدنی مرکز کے دیئے ہوئے طریقِ کار کے مطابق درس کی ترکیب کی جائے تو مسجدیں آباد ہو جائیں اور 12 مدنی کاموں کی ریل پیل ہو جائے۔

﴿27﴾ ذمہ دار اسلامی بھائیوں کو بھی درس میں بیٹھنا چاہئے۔

﴿28﴾ اگر کوئی اسلامی بھائی امام ہیں تو وہ بھی عوام کے ساتھ درس میں شرکت کریں۔

﴿29﴾ مسجد میں رکھے ہوئے رحل وغیرہ پر فیضانِ سنت کا درس مسجد میں دے سکتے ہیں، مسجد کے باہر نہیں لے جاسکتے۔

﴿30﴾ معلم اسلامی بھائی درس دینے سے پہلے 1، 2 بار پڑھ لیا کریں، مشکل تلفظ کسی سے پوچھ لیا کریں، ضرورتاً لغت دیکھ لیا کریں۔

﴿31﴾ اچھی آواز اور اچھے انداز میں درس ہوگا تو سننے والوں کی تعداد بڑھے گی۔

﴿32﴾ اراکینِ شوریٰ، کابینات و کابینہ، ڈویژن و علاقہ، جامعہ و مدرسہ کے مدرس و قاری صاحبان سب روزانہ 2 درس دیں۔

﴾33﴿ نعت خواں اسلامی بھائی بھی مسجد درس دیں، بیان بھی کریں۔

﴾34﴿ ایک گھر درس دیں اوراس کے علاوہ مسجد، چوک، مارکیٹ، بازار، اسکول، کالج جہاں ترکیب ہو۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۸ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30دسمبر 2014ء |

﴾1﴿ اسلامی میسج (SMS) اوراخباری مضامین (Articals) صرف مستند سُنّی علماء یااِن کے تصدیق شدہ پڑھے جائیں۔

﴾2﴿ دِین کی تبلیغ اورنیکی کی دعوت عام کرنے کا جذبہ مرحبا، مگراِس کا طریقہ سیکھنا بھی ضروری ہے۔

﴾3﴿ موبائل فون کے نقصانات، اس کے فوائد سے زیادہ ہیں۔

﴾4﴿ میرے والدین، پیروں فقیروں کے ماننے والے تھے۔

﴾5﴿ دعوتِ اسلامی کیا ہے؟ فیضانِ اولیاء ہے، فیضانِ اولیاء ہے۔

﴾6﴿ ہر کوئی نامِ محمد یا احمد کی برکتیں حاصل کرنے کی نیّت سے اپنا نام محمد یا احمد رکھ سکتا ہے۔

﴾7﴿ میں نے اپنا نام محمد رکھا ہے، شاید میری والدہ نے میرا نام الیاس رکھا۔

﴾8﴿ کتابوں کو محفوظ رکھنے کے لیے اس پر پلاسٹک چڑھایا جائے، کتاب کی عمر (Life) بڑھ جائے گی۔

﴾9﴿ لوگوں پر مال کی حرص چھائی ہوئی ہے۔

﴾10﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ فیضانِ سُنّت بہت پڑھی جانے والی کتاب ہے۔

﴾11﴿ مدنی پنجسورہ، ہرگھر کی ضرورت ہے، اس کو روزانہ پڑھنے والے بھی کم نہیں۔

﴾12﴿ فیضانِ سُنّت، نیکی کی دعوت، غیبت کی تباہ کاریاں، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب اورمدنی پنجسورہ پر پلاسٹک چڑھانے کے لیے، کورجلد مکتبۃ المدینہ سے خریدے جاسکیں گے۔

﴾13﴿ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 41بارپڑھ کر کتابوں وغیرہ پر دم کردیا جائے تو دِیمک اورکیڑے مکوڑوں سے حفاظت ہوگی۔

﴿14﴾ دیکھتے رہیے مدنی چینل کے بجائے ”مدنی چینل دیکھتے رہیے“ لکھنا بہتر ہے۔(یعنی لفظ ”مدنی“ پہلے آنا چاہئے)

﴿15﴾ میں کوشش کرتا ہوں، اپنی چیزوں کا رُخ، کعبہ شریف کی طرف رکھوں۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۹ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 31دسمبر 2014ء |

﴿1﴾ مدنی عطیّات بکس (Box) ایسی جگہ نہ رکھا جائے، جہاں سے کوئی بآسانی اُٹھا لے جائے۔

﴿2﴾ زیادہ ہنسنے سے دِل مُردہ ہو جاتا ہے۔

﴿3﴾ اے کاش! نعلِ پاک کی مَحبّت ہمارے دِلوں میں اُتر جائے۔

﴿4﴾ جو مستقِل دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرتا رہے وہ ”فائدے“ میں ہے۔

﴿5﴾ 12 روزہ مدنی کورس میں تَحِیَّةُ الْمَسْجِد کی ترغیب دلائی جائے، مگر جماعت سے نہ پڑھائی جائے۔

﴿6﴾ 12 روزہ مدنی کورس میں، جنّت میں لے جانے والے اعمال کی مَشق کروائی جاتی ہے۔

﴿7﴾ 12 روزہ مدنی کورس کرلیں تو نکھار کو بھی نکھار آجائے گا۔

﴿8﴾ محسنِ دعوتِ اسلامی، شہزادۂ صدرُ الشریعہ، حضرت مولانا قاری محمد رضائے المصطفٰی اعظمی (خطیب میمن مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی) آج انتقال کرگئے، اللہ تعالیٰ انہیں غریقِ رحمت (یعنی مغفرت) فرمائے۔ یہ زندگی بھر دعوتِ اسلامی پر شفقت فرماتے رہے۔

﴿9﴾ قرآنِ مجید دُرست پڑھنا سیکھیے۔ ترجمہ کنزالایمان مع تفسیرِ خزائنُ العرفان، نورُالعرفان اور صراطُ الجِنان بھی پڑھیے۔

﴿10﴾ احادیث مبارکہ کا ترجمہ، مع شرح مراۃ المناجیح اور فیضانِ ریاض الصالحین کا مطالعہ کیجئے۔

﴿11﴾ عوامُ النّاس (عام لوگ) بغیر تفسیر کے صرف ترجمہ قرآن اور اسی طرح بغیر شرح کے صرف ترجمہ حدیث نہ پڑھیں کہ مکمل نہ سمجھنے کی وجہ سے ضرر (نقصان) کا اندیشہ ہے۔

﴾12﴿ ہمارے اسلاف (بزرگانِ دین) اور علمائے اہلسنّت کی کُتب میں علم کے ٹھاٹھیں مارتے سمندر (سَ۔مُنْ۔دَر) موجزن ہیں، ہم مطالعہ کرنے والے بنیں۔

﴾13﴿ مُطالعے سے اتنا علم حاصل ہوگا، گویا جس کی اِنتہا نہیں۔

﴾14﴿ روزانہ اِحتِساب کرنا چاہیے کہ زندگی کا ایک قیمتی دن گزر گیا۔

﴾15﴿ میں نے اپنے ایک بیٹے کا نام احمد اور دوسرے کا محمد رکھا ہے۔

﴾16﴿ ہم 8 بہن بھائی تھے، (5 بہنیں 3 بھائی) مَیں اِن میں سب سے چھوٹا ہوں، میرے بھائی عبدالعزیز غالباً اَڑھائی سال میں فوت ہوئے، بڑے بھائی عبدالغنی کا جوانی میں اِنتقال ہوا، دو بال بچے دار بہنیں، میری پیدائش سے پہلے وفات پا چکی تھی، تین سال قبل ایک بہن کا کولمبو (سری لنکا) میں اِنتقال ہوا ہے اور اب صرف دو بہنیں حیات ہیں۔

﴾17﴿ بے حیائی سے بھرے مُعاشرے میں آج بھی کوئی بدنگاہی سے بچنا چاہے تو کوئی نہ کوئی ترکیب بن جاتی ہے۔

﴾18﴿ صرف علماءِ اہلسنّت کی کتابیں پڑھیں۔

﴾19﴿ مدنی ماحول کی برکت سے عمل کی برکت ملتی ہے۔

﴾20﴿ میں نے نور مسجد میں 10 سال امامت کی۔

﴾21﴿ جو درودِ پاک پڑھنے کی عادت بنالے تو اس کے لیے کثرتِ درود آسان ہو جاتا ہے۔

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | یکم جنوری 2015ء |

﴾1﴿ جب بھی مدنی قافلے میں سفر کریں یا اِعتکاف کریں تو اپنا تکیہ، چادر اور کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی (جس سے تنکے نہ جھڑیں) ساتھ لائیں، نیز کھانے پینے میں احتیاط کریں کیونکہ پیٹ خراب ہونے کی صورت میں بار بار مسجد سے باہر جانا پڑے گا اور اگر گندا ذہنی (منہ میں بدبُو) کا مرض ہو گیا تو مسجد میں ٹھہرنا، جائز نہیں ہوگا۔

﴾2﴿ تربیتی اجتماع ہوں یا دیگر مواقع، جب سنّت اِعتکاف کی نیّت سے مسجد میں رہنا ہو، مسجد کے آداب کا

درس دیا کریں اور اسلامی بھائیوں کو سمجھاتے رہیں۔

﴾3﴿ مدنی مرکز میں قائم مدنی تربیت گاہ کے اسلامی بھائی چونکہ اچھا خاصا وقت مسجد میں گزارتے ہیں، وہ بھی گاہے گاہے مسجد کے آداب پڑھتے رہیں اور درس بھی دیتے رہیں۔

﴾4﴿ نماز کے بغیر انسان کس کام کا؟

﴾5﴿ مدنی انعامات، جنّت میں جانے کا فارمولا ہے، ان پر عمل کرنے والے کا کردار سُتھرا ہو جائے گا اور وہ نمازی و پرہیزگار بن جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴾6﴿ مدنی قافلے میں اس نیّت سے سفر کرنا چاہیے کہ اپنی اِصلاح اور تحصیلِ علم دین کا جذبہ پانے کے لیے سفر کر رہا ہوں، ضمناً علاقے والوں کو نیکی کی دعوت بھی دوں گا۔

﴾7﴿ اگر کسی علاقے میں استنجاء خانے وغیرہ کی ترکیب نہ ہو بلکہ لوگ ویرانے میں ترکیب بناتے ہوں وہاں بھی مدنی قافلے میں سفر کرنا چاہیے۔

﴾8﴿ زیادہ سہولتیں ثواب میں کمی کا باعث ہو سکتی ہیں۔

﴾9﴿ جو مدنی قافلے کے جدول پر عمل کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے اُنہیں سمجھایئے، اجتماع میں لایئے، پیار و محبت دیجئے۔

﴾10﴿ کسی کو سمجھانے کا فن آنا چاہیے۔

﴾11﴿ مدنی قافلے میں ایک ہی طرح کے لوگ ہوئے تو جدول پر عمل کرنا مشکل ہو جائے گا۔

﴾12﴿ دوستوں اور گروپوں کو مدنی قافلے سے پہلے پیار و محبت سے الگ کرنا ہو گا، اگر احتجاج کریں تو پیار و محبت سے سمجھائیں۔

﴾13﴿ طلبہ کے مدنی قافلوں میں عوام بھی رکھیں۔

﴾14﴿ مدنی قافلے میں علماء ہوں تو ان کی دلجوئی اور احترام کرنے والے بھی ہوں۔

﴾15﴿ دنیاوی دوستیوں کے نقصانات بارہا دیکھے ہیں۔

﴾16﴿ دینی دوستی تو صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رسولِ انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم سے تھی۔

﴾17﴿ تاریخِ دنیا کے مطالعہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے: **"انقلاب"** ہمیشہ ایک ہی لاتا ہے، بقیہ لوگ اُس ایک کے مُعاوِن ہوتے ہیں۔

﴾18﴿ چراغاں اور بزرگانِ دین کی نیاز، سُنّیوں کا شِعار ہے، اِسے باقی رکھا جائے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ١١ ربیع الاول ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 جنوری 2015ء |

﴾1﴿ ہفتہ وار اِجتماع، اجتماعِ ذکر و نعت یا کسی بھی قسم کی تقریب میں کھانے پینے کی ترکیب کرنی ہو تو فنائے مسجد یا خارجِ مسجد میں کیجئے، عینِ مسجد میں اس کی ترکیب نہ بنایا کریں۔

﴾2﴿ نیاز و لنگر بانٹنے والوں کو چاہیے کہ اِحترام سے بانٹیں۔

﴾3﴿ باوقار، معزز، صاحبِ تقویٰ اور نیک شخص لنگر لینے، بھیڑ بھاڑ میں نہیں گھُستا۔

﴾4﴿ لنگر تقسیم کرنے والوں کو محبت و پیار سے اِس کے آداب سمجھائیں کہ سمجھانا فائدہ دیتا ہے۔

﴾5﴿ جو ہمارے ہاتھ میں ہے، اُسے تو کوئی چھین سکتا ہے، مگر جو مُقدر میں ہے وہ کوئی نہیں چھین سکتا۔

﴾6﴿ مساجِد کو آباد کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی نماز پڑھنے جائیں، کسی نئے پر انفرادی کوشش کر کے ساتھ لیتے جائیں۔ مسجد میں درسِ فیضانِ سُنّت کی ترکیب بنائیں، مسجد میں دل لگائیں نیز وہاں بیٹھ کر ذکر و اذکار کیا کریں۔

﴾7﴿ دِل سَمُندر کی طرح وسیع ہونا چاہیے، جس کا دِل بار بار دُکھ جاتا ہو وہ دِین تو کیا دُنیا کا کام بھی نہیں کرسکتا، اُس کے دوست بھی بہت تھوڑے ہوتے ہیں۔

﴾8﴿ مسجد میں بھی زبان کا قفلِ مدینہ نہیں لگائیں گے تو کہاں لگائیں گے؟

﴾9﴿ جلوسِ میلاد میں اِس طرح تصور کیجئے کہ میں مکۂ مکرمہ میں ہوں اور بی بی آمنہ رَضِی اللہ تعالٰی عَنھَا کے

گھر جا رہا ہوں، نور کی برسات ہو رہی ہے وغیرہ۔

﴿10﴾ رسالہ ”سگِ مدینہ کہنا کیسا؟“ کا مطالعہ کیجئے، بہت سے وسوسوں کا علاج ہو جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿11﴾ کامیاب ہونا چاہتے ہو تو دلوں میں عشقِ مصطفٰے کی شمع فروزاں کرلو۔

﴿12﴾ اے کاش! دُنیا میں ہر مسجد میں، عینِ مسجد، فنائے مسجد اور خارجِ مسجد کو واضح کرنے کے لیے نقشہ لگانے کا رواج ہو جائے۔ (یاد رہے! خود عین مسجد یا فنائے مسجد یا خارج مسجد کا تعین نہ کیا جائے بلکہ دارالافتاء اہلسنت یا کسی بھی سنّی دارالافتاء میں بیٹھنے والے مفتی صاحب سے باقاعدہ شرعی رہنمائی لے کر ترکیب بنائی جائے)

﴿13﴾ تنظیم کے بہت فوائد ہوتے ہیں، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں دعوتِ اسلامی جیسی عالمگیر غیر سیاسی تنظیم و تحریک حاصل ہوئی، آج تک اہلِ حق کی اتنی بڑی منظّم تحریک کے بارے میں نہ پڑھا نہ سُنا۔

﴿14﴾ اُس ڈاکٹر سے علاج کروایئے جو اَمانت دار اور خوفِ خُدا والا ہو۔

﴿15﴾ گرم گرم کھانا کھلایا کریں، کیونکہ جب کھانا ٹھنڈا ہو جائے تو اس کا مزا اور قیمت کم ہو جاتی ہے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ اِحسان جتانے سے مراد طعنہ دینا ہے، جو کہ گُناہ ہے۔

﴿2﴾ مدنی انعامات، رُوحانیّت پانے کا نُسخہ ہیں، اِن پر عمل کرنے سے خوفِ خدا اور عشقِ مصطفٰے حاصل ہوتا ہے۔

﴿3﴾ ہر روز فکرِ مدینہ کر کے ہر مہینے اپنے ذِمہ دار کو مدنی انعامات کا رسالہ جمع کروایئے، اِس سے استقامت ملے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿4﴾ مدنی انعامات کا حقیقی عامِل، ہزاروں لاکھوں میں پہچانا جاتا ہے، کیونکہ وہ نکھرا نکھرا نظر آتا ہے۔

﴿5﴾ اے کاش! ہمیں نیکیاں کرنے اور نیکوں سے محبت نصیب ہو جائے۔

﴿6﴾ مسلمان ہونا بہت بڑی نیکی ہے، بلکہ نیکیوں کی اَصل ہے۔

﴿7﴾ دین پرعمل کرنے سے وہ عزّت ملتی ہے کہ وزراء بلکہ صدر بھی رشک کرتے ہوں گے۔

﴿8﴾ غلامِ رسول کی کرسی، مضبوط ہو تو مرنے کے بعد بھی موجود رہتی ہے۔

# مَدنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8 جنوری 2015ء |

(امیرِ اہلِ سُنّت دامت برکاتہم العالیہ کی نواسیوں کے نکاح کے موقع پر خصوصی مدنی مذاکرہ)

﴿1﴾ بعض اوقات کسی نیک شخص کے پاس بیٹھنے سے تقدیر بدل جاتی ہے۔

﴿2﴾ درسِ نظامی کے ساتھ مُطالعہ ضروری ہے، مدنی مذاکرہ بھی معلومات کا خزانہ ہے۔

﴿3﴾ اِسلامی بہنوں کے اجتماع میں مائیک پر پابندی ہے۔

﴿4﴾ اے کاش! ہم علمِ دین کے حریص بن جائیں، علمِ دین کی اہمیّت کا صحیح اندازہ آخرت میں ہوگا۔

﴿5﴾ کتاب لکھنے کا فن پیچیدہ (پے۔چِی۔دَہ، مشکل) فن ہے، مُصَنِّف بننے کے لیے علمِ دین اور اچھا خاصا فن چاہیے۔

﴿6﴾ حصولِ علمِ دین بہت اہم عبادت ہے۔

﴿7﴾ دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ نے ہزاروں صفحات پر مشتمل کافی کتابیں شائع کردی ہیں، آپ پڑھنا شروع کریں، اس کے لیے آپ کی زندگی کافی ہے۔

﴿8﴾ دینی کتب کا مُطالعہ اپنی عادت بنالیجئے، اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی نسلوں کو فائدہ ہوگا۔

﴿9﴾ جب آپ مُطالعہ کے عادِی بن جائیں گے تو اِس کے بغیر چین نہیں آئے گا۔

﴿10﴾ شادِی کے موقع پر پڑھا جانے والا، امیرِ اہلِ سُنّت دامت برکاتہم العالیہ کا لکھا ہوا سہرا، صلوٰۃ وسلام، تعوّذ و تسمیّہ (اَعُوذ اور بِسمِ اللہ) پڑھ کر، نگاہیں جھکائے، زہے نصیب رو رو کر دعائیہ انداز میں پڑھا جائے۔ (نگرانِ شوریٰ)

﴿11﴾ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''سُنّتِ نِکاح'' اور طلاق والا پمفلِٹ ہر شادی کارڈ میں ڈالا جائے۔

﴾12﴿ رسالہ ''سُنّتِ نِکاح'' کو ضرور پڑھئے، بہت کام کا رِسالہ ہے۔

﴾13﴿ جس نے شادی کرنی ہو یا جو شادی کر چکا ہو، وہ نکاح اور طلاق کے اَحکام ضرور سیکھے، اس کے لیے بہارِ شریعت حصہ سات اور آٹھ کا مُطالعہ کیجئے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴾14﴿ اللہ کرے! ہماری ساری عمر مدنی کاموں میں گُزر جائے۔

﴾15﴿ مدنی التجا ہے، جب کسی ولی یا صالح کی قبر پر حاضری دیں تو میرا سلام اور میرے لئے دُعائے بے حساب مغفِرت کیا کریں۔

﴾16﴿ میں جب مدینہ شریف زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفاً وَّ تَعْظِیْماً حاضر ہوتا تو عرض کرتا یا رسول اللہ! (صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) جو جو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو سلام پیش کرنا چاہتے تھے اُن کا سلام قبول فرمالیجئے۔

﴾17﴿ دانتوں سے ناخن نہیں کُترنے چاہئیں، اِس سے بَرَص (سُفید داغ والا مرض) پیدا ہونے کا اندیشہ ہے اِس کی عادت ختم کرنے کیلئے انگوٹھے پر کوئی کڑوی چیز لگالیں تاکہ جب بھی منہ میں ڈالیں تو یاد آجائے۔

﴾18﴿ اجتماعات وغیرہ کے بعد جب کبھی رات مسجد میں رُکیں تو ایسی جگہ سوئیں جہاں کوئی فجر کیلئے اُٹھادے۔

﴾19﴿ افسوس! ہماری زندگی دُنیا کیلئے وقف ہے، مگر دین کیلئے وقت نہیں۔

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 10 جنوری 2015ء |

﴾1﴿ گلدستۂ دُرُود و سلام بہت پیاری اور اُردو میں اپنی نوعیّت کی پہلی کتاب ہے، خاص و عام سب کے لئے کار آمد ہے، اس کا مُطالعہ کیجئے اِیمان تازہ ہوجائے گا، عُلما و خُطبا کے لئے اَنمول تحفہ اور مُبلّغین کے لئے علمی خزانہ ہے۔ عُلما و خُطبا کو تحفۃً پیش کریں۔

﴿2﴾ مدنی مُنّیوں کو بھی کبھی کبھی مدنی برقع پہنانا چاہیے تاکہ بڑی ہونے سے پہلے ہی پردے کا ذہن بنے۔

﴿3﴾ اپنے ہاتھ پر لکھنے والوں کی عقل نہ جانے کہاں چلی جاتی ہے؟ ہاتھ پر لکھنے سے تحریر کی بے ادبی یقینی ہے۔

﴿4﴾ اِستنجا خانے میں حیا سے سر جھکائے رکھے، بہتر یہ ہے کہ آنکھیں بند کر لے۔

﴿5﴾ مکتبۃُ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ ''قبر والوں کی 25 حکایات'' بہت معلوماتی اور دِلچسپ ہے، اسے ضرور پڑھیے۔ اس کے پڑھنے سے بہت سے وسوسوں کی کاٹ ہو جائے گی نیز اِسے گھر گھر اور دکان دکان پہنچائیے۔

﴿6﴾ کتابوں پر قیمت لکھنے کے بجائے ہدِیّہ لکھا جائے، اس میں ادب زیادہ ہے۔

﴿7﴾ میرے اکلوتے ماموں، ''نور محمد'' بس کے حادثے میں فوت ہوئے تھے۔

﴿8﴾ بالخصوص کسی مسلمان کے بارے میں نہ کہا جائے کہ ''ہلاک ہو گیا'' بلکہ ''اِنتِقال کر گیا'' کہنا بہتر ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿9﴾ جامعۃُ المدینہ کے 12 ماہ مدنی قافلوں میں سفر کرنے والے طلبہ، اچھے انداز سے مدنی کام کر سکتے ہیں۔

﴿10﴾ جامعۃُ المدینہ کے طلبہ کا بھی یہ ذہن ہونا چاہیے کہ ہمیں مدنی مرکز، مدنی کاموں کیلئے جہاں بھی بھیجے، ہم حاضر ہیں۔

﴿11﴾ اَذان دینے والا ''جَھُرُ الصَّوت'' (بلند آواز کا مالک) ہو تو مدینہ مدینہ۔۔۔

﴿12﴾ پیٹ کے مرض میں حکمت کی دوا استعمال کی جائے اور پیٹ کے گیس کا مسئلہ ہو تو آپریشن نہ کروانے کا مشورہ ہے۔

﴿13﴾ اَذان دینی چاہیے کہ کارِ ثواب ہے، مگر اذان دینے سے پہلے بہارِ شریعت سے اذان کا باب پڑھ لیجئے۔

﴿14﴾ اذان دینے میں اُتار چڑھاؤ کا خیال رکھنے کے بجائے، دُرست پڑھنے کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

﴿15﴾ مدنی مرکز کی طرف سے اَذان سے قبل دیئے گئے ''اذان کا جواب دینے والا اِعلان''، مکمل نیکی کی دعوت پر مُشتمل ہے، اذان سے پہلے یہ ضرور کریں۔

﴿16﴾ اگر اِمام و مؤذِن، ملنسار اور میٹھے میٹھے ہوں، تو لوگ اِن کے اِرد گرد ہوں گے اور اچھے انداز سے انفرادی کوشش کر سکیں گے اور اگر یہ ملنسار نہ ہوئے تو لوگ اِن سے دور رہیں گے۔ امام و مؤذِّن کو ملنسار ہونا چاہیے۔

﴿17﴾ امام وموذِّن کو اپنی غربت پر فاقہ کر لینا چاہیئے، مگر کسی مالدار کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلانا چاہیئے۔

﴿18﴾ میری طبیعت، بہت حساس اور اَخّاذ (اَخذ کرنے والی) ہے۔ **الحمدللہ عزوجل**

﴿19﴾ ''حِفظ بھول گیا ہوں یا میری منزل کچّی ہے'' یہ نہ کہا جائے۔

﴿20﴾ شیخِ طریقت، حضرت مولانا قاری مُصلِحُ الدِّین صدیقی قادری علیہ رحمۃ اللہ القوی مفتی اعظم ہند، سید ی قطبِ مدینہ اور صدر الشریعہ رَحِمَہُمُ اللہ کے خلیفہ اور دارُ العلوم امجدیہ، باب المدینہ کے قابل مدرس تھے۔

﴿21﴾ فارسی مَقولہ ہے ''خانہ خالی رَا، دَیومی گِیرَد'' یعنی جو گھر خالی ہوتا ہے، وہاں جِنّ آجاتا ہے۔

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ ربیع الاول ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 17 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ حضرت سُلطان محمود غزنوی علیہ رحمۃ اللہ الغنی عاشقِ رسول بادشاہ تھے ﴿2﴾ عشق جتنا بھی کیا جائے خُوب خُوب اور خُوب تر ہے، بشرطیکہ شریعت کی حد نہ توڑے ﴿3﴾ سب سے بڑا وظیفہ اللہ عزوجل کے اَحکام کی پیروی اور تَوَکُّل یعنی اُسی پر کامل بھروسہ ہے ﴿4﴾ مقولہ ہے: جان ہے تو جہان ہے ﴿5﴾ اللہ عزوجل کرے ہمیں کم مال پر قناعت نصیب ہو جائے ﴿6﴾ صبرِ جمیل یہ ہے کہ زبان بند اور حال و احوال سے تکلیف کا اِظہار نہ ہو ﴿7﴾ حقیقی مصیبت آخرت کی ہے ﴿8﴾ ہم ''مصیبت پُروف'' نہیں ہوسکتے، یہ تو دُنیا میں آتی ہی ہیں ﴿9﴾ بڑھاپا ایسی مصیبت ہے جس کا کوئی علاج نہیں۔

## 26 ربیعُ الاوّل سے 25 ربیعُ الاخر تک ماہ عشقِ رسول منائیے

﴿10﴾ ماہِ عشقِ رسول مناتے ہوئے نمازِ باجماعت پڑھنے کی نیّت کر کے ہمیشہ کے لیے اس کی عادت بنائیے۔

﴿11﴾ تمام مساجد میں 30 دن تک روزانہ عشاء کی جماعت کے بعد اِجتماعی طور پر 1200 مرتبہ دُرُود شریف پڑھیں۔ اِسلامی بہنیں اپنے اپنے گھر میں روزانہ 1200 بار دُرُودِ پاک پڑھیں ﴿12﴾ ماہِ عشقِ رسول میں مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ رسائل ''سیاہ فام غُلام، نورانی چہرہ، بُڑھاپا چاری'' اور کُتُب ''نیکی کی

دعوت، غیبت کی تباہ کاریاں، فیضانِ سنّت'' وغیرہ سے گھر اور مساجِد میں درس دیجئے ﴿13﴾ دعوتِ اسلامی کی ہر کابینہ (جن کی تعداد پاکستان: 106، بیرونِ ملک: 148، کل: 254 ہے) میں ''**فیضانِ جمالِ مصطفٰے**'' کے نام سے کم از کم ایک مسجد کی بنیاد رکھنے کی ترکیب بنایئے ﴿14﴾ اِسلامی بہنیں ہر کابینہ میں 12 اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کر کے مدنی برقع پہنائیں ﴿15﴾ اسلامی بھائی ہر کابینہ میں 12 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش کر کے سبز عمامہ شریف بندھوائیں ﴿16﴾ اِستطاعت ہو اور شرعی ممانعت نہ ہو تو پورے ماہ عشقِ رسول میں ورنہ ہر پیر کو روزہ رکھئے ﴿17﴾ ماہِ عشقِ رسول میں 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کریں۔ (۱۶، ۱۷، ۱۸ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ / 6، 7، 8 فروری 2015ء)

# آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿18﴾ اَطبّاء کے نزدیک برف اور فریج کا پانی صحت کیلئے نقصان دِہ ہے ﴿19﴾ دِماغ ایک وقت میں ایک ہی کام کرتا ہے ﴿20﴾ بالوں کی حفاظت کیلئے ''اَرینٹھ'' نامی جڑی بوٹی سے سَر دھونا مُفید ہے ﴿21﴾ لوگوں کے سامنے خوفِ خدا و عشقِ مصطفٰے (عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم) میں روتے ہوئے رِیا کا بہت سخت حملہ ہوتا ہے ﴿22﴾ جوش میں ہوش سے کام لینا چاہئے ﴿23﴾ اَچھی صُحبت میں بیٹھنے کی رغبت ہونی چاہئے ﴿24﴾ پھُونک پھُونک کر قدم اُٹھائیں، جذبات میں اپنے پاؤں پر کلہاڑا نہ چلائیں ﴿25﴾ فارسی مقولہ ہے: رِضائے مولیٰ از ہَما اَولیٰ (یعنی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رِضا تمام چیزوں سے بہتر ہے) ﴿26﴾ کانچ میں رہنے والے، پتھروں سے نہیں کھیلا کرتے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ حکمتِ عملی کے ساتھ لوگوں کی اِصلاح کی جائے۔

﴿2﴾ نَرم رویّہ ہو تو سمجھانا آسان ہوتا ہے۔

﴾3﴿ آج کل غالِب اکثریّت ٹخنوں کے نیچے پاجامے یا شلوار یا تہبند لٹکاتے ہیں جو کہ بُرا ہے۔ ٹخنے ننگے رکھنا سنّت ہے۔

﴾4﴿ جس نے رُشد وہدایت کرنی ہے، اُس میں نرمی کی صفت ضروری ہے۔

﴾5﴿ مسلمان کا دِل توڑنا (دل آزاری)، ناپاک ترین اور بہت بڑا گُناہ ہے۔

﴾6﴿ اگر دِل گُناہوں سے نجس و ناپاک اور کالا ہو گیا، تو اسے دھونا و پاک کرنا مشکِل ہے۔

﴾7﴿ بہت سے ماں باپ، اپنی اَولاد پر بے جا سختی کرتے ہیں۔

﴾8﴿ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رِسالہ ''سنّتِ نکاح'' سب کے لیے مفید ہے۔

﴾9﴿ رِسالہ ''سنّتِ نکاح'' میں ان لوگوں کے لیے بھی مدنی پھول ہیں، جو گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے پریشان ہیں۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ، مُطالَعے کی برکت سے گھریلو جھگڑے دور ہوں گے۔

﴾10﴿ نمازِ عَصر کے بعد سونے سے حافظہ کمزور ہوتا اور عَقل چلے جانے کا اندیشہ ہے۔ نمازِ عَصر کے بعد سونا گُناہ نہیں، سونے والے کو گُنہگار نہ کہا جائے۔

﴾11﴿ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں حسنِ ظن کے جام پینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

﴾12﴿ اپنی یا کسی کی اچھی چیز تعجب سے دیکھیں تو **مَاشَآءَ اللّٰہ** یا **بَارَکَ اللّٰہ** کہنے کی عادت بنا لیجئے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نظرِ بد نہیں لگے گی۔

﴾13﴿ اچھی چیز کو دیکھ کر اچھا شگون لینا، سنّت سے ثابت ہے۔

﴾14﴿ جو کم بولتا ہے، اُسے مُطالَعے کا وَقت زیادہ ملتا ہے۔

﴾15﴿ مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''گلدستۂ دُرُود وسلام'' پڑھنے سے مزے کو بھی مزہ آجائے گا۔

﴾16﴿ مکتبۃُ المدینہ سے ''فیضانِ مدنی مذاکرہ'' میموری کارڈ (Memory Card) خرید کر، تقسیم کرنے کی ترکیب بنائیے، خاص خاص مواقع پر مثلاً شادی، 12 ربیع الاول، 11 ربیع الاخر کے اجتماعات وجلوس وغیرہ میں لنگر کیجئے۔

﴾17﴿ میری خواہش ہے کہ تمام کورسز کے مُعلّمین ، درسِ نظامی کے اَساتِذہ اور دارُالافتاء کے مُفتیانِ کرام بھی ''12 روزہ مدنی کورس'' کریں۔

﴾18﴿ میرا جی چاہتا ہے کہ ہر شے کا رُخ قبلے کی طرف کیا کروں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴾19﴿ غمِ مدینہ کے حصول کیلئے یادِ مدینہ اپنے دِل میں بسایئے اور مدینے شریف سے دُوری پر خوب دِل جلایئے، دُرودِ پاک کی کثرت کیجئے، زندگی سُنّتوں کے مطابق گزاریئے اور مدینے شریف (زَادَھَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّتَعۡظِیۡمًا) کی حاضری کا شوق بڑھاتے رہیے نیز غمِ مدینہ میں رونے والے عاشقانِ رسول کے واقعات پڑھیے۔ اِس کیلئے مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب **''عاشقانِ رسول کی 125 حکایات''** کامُطالعہ کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 جنوری 2015ء |

﴾1﴿ عشقِ رسول کا مُظاہرہ مدنی قافلے میں سفر، مسجدوں کی تعمیر، نیکیوں کو جمع کرنے اور روزانہ بعدِ عشاء اجتماعی طور پر دُرود وسلام پڑھ کر کیجئے۔

﴾2﴿ اپنے دل میں عشقِ رسول کا چراغ جلایئے، دُنیا وآخرت میں کامیابی ہوگی۔ اِنۡ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴾3﴿ میں عُلمائے اَہلِ سُنَّت کا خادِم ہوں۔

﴾4﴿ اگر سالگرہ کرنی ہو تو انگلش سال کے اعتبار کے بجائے، اِسلامی سال کے حساب سے کیجئے۔ اس میں اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کو مدعو کیجئے اور اس موقع پر علاقائی مشاورت کے نگران کے مشورے سے اجتماعِ ذکر ونعت کی ترکیب کیجئے، جس میں مبلغِ دعوتِ اسلامی کا بیان ضرور ہو، نیز عشا کے بعد 2 گھنٹے کے اندر اندر ختم کر دیں۔

﴾5﴿ مدنی مرکز کی ترکیب کے علاوہ، جو اجتماعِ ذِکر ونعت، عشاء کے بعد 2 گھنٹے کے اندر اندر ختم نہ ہوں، ان کے ساتھ میرا تعَلُّق نہیں ہے۔

﴾6﴿ جو روزانہ فکرِ مدینہ کر کے چاند رات یا یکم تاریخ کو مدنی انعامات کا رِسالہ جمع کروادے، تو میرا جی

چاہتا ہے کہ میں اسے ''چل مدینہ'' کردوں۔

﴿7﴾ مجھے مدنی انعامات سے بے حد پیار ہے۔

﴿8﴾ **''مکاشفۃُ القُلوب''** پڑھنے والی اور پُر اثر کتاب ہے، نہیں پڑھی تو پڑھ لیجئے، اِس میں بہت ساری ایمان افروز اور عبرت انگیز حِکایات بھی ہیں۔

﴿9﴾ مکتبۃُ المدینہ کے شائع کردہ رِسالہ ''قبر والوں کی 25 حِکایات'' کا مُطالعہ کیجئے۔

﴿10﴾ مُدرِّسینِ جامعۃ المدینہ، میری اصل کمائی ہیں، کیونکہ یہ علماء پروڈکشن کرتے ہیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿11﴾ اِس سے پہلے کہ موت کی سختیاں آ پہنچیں، آخرت کی تیاری شروع کر دیجئے۔

﴿12﴾ چائے کے کپ تقسیم کرتے ہوئے، اِس کے نیچے لگے چائے کے داغ سے زمین یا چادر کو بچانے کیلئے طَشْتَرِی دَان (Mat) رکھنا چاہئے، یہ نہ ہو تو جیب کا رُومال استعمال کیجئے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جب میں کسی کے گھر جاتا ہوں تو اپنی جیب کا رومال بچھا کر اُس پر کپ رکھتا ہوں۔

﴿13﴾ سُنّتِ تَنْظِیف (صفائی، سُتھرائی) پر ہر طرح سے عمل کی کوشش کیجئے۔

﴿14﴾ جامعۃُ المدینہ کے طلبہ، دورانِ درسِ نظامی، 12 ماہ مدنی قافلے میں سفر کرلیں، فارِغُ التحصیل ہونے کے بعد مشکِل ہو جاتا ہے۔

﴿15﴾ ایک لحاظ سے بَہادُر (بَہا۔دُر) کا مطلب، قیمتی موتی ہے، لغت میں اس کا معنیٰ دلیر اور نڈر ہونا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رِسالہ ''قضا نمازوں کا طریقہ'' سب کو پڑھنا چاہیے۔

﴿2﴾ 11 ربیعُ الاٰخر کو عیدِ غوثیہ کہنے میں حرج نہیں۔

﴿3﴾ ہر صحابی، ولی بھی ہوتا ہے، لیکن ہر ولی، صحابی نہیں ہوتا۔

﴿4﴾ حضرتِ علاّمہ علی قاری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ حنفیوں کے بہت بڑے امام گزرے ہیں۔

﴿5﴾ غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ روشن ضمیر ہیں، ہمارے دل کے حالات ربِّ قدیر جَلَّ جَلالُہٗ کی عطا سے جانتے ہیں۔

﴿6﴾ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سوا کوئی مدد کرسکتا ہے یا نہیں؟ اِس کی معلومات اور دلائل جاننے کے لیے مکتبۃُ المدینہ کے شائع کردہ رِسالہ ''کراماتِ شیرِ خدا'' کامُطالعہ کیجئے۔

﴿7﴾ اِیمان بچاؤ تحریک ''دعوتِ اسلامی'' جاری رہے گی۔

﴿8﴾ آپ درِ مصطفٰے (صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلَّم) کے اَسیر (قیدی) بن جائیں، تو بغیر دولت کے امیر ہو جائیں گے اور آپ کو سکونِ قلب کی دولت ملے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿9﴾ تَصَوُّف کی کتب پڑھنے، سُنّتوں بھرے اجتماعات میں شرکت اور مدنی قافلوں میں سفر کرنے کی برکت سے دنیا کی محبت کم ہوگی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿10﴾ باطنی صفائی، ظاہری صفائی سے مشکِل ہے۔

﴿11﴾ بعض گُناہ ایسے ہیں جن کے تقریباً تمام لوگ عادی ہوتے ہیں، مثلاً غیبت، جھوٹ، دل آزاری، طنز، غصّے کا بے جانِفاذ، بدنگاہی، بدگمانی وغیرہ۔ اللہ تَعَالٰی تمام گُناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمین

﴿12﴾ جوان جانور کا گوشت خاکی (مٹیالا) اور بوڑھے کا سرخ ہوتا ہے۔

﴿13﴾ بِلا ضرورت لوگوں میں بیٹھنے سے اجتناب کیجئے، دوستوں کی بیٹھکوں سے بچئے۔

﴿14﴾ اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ، اسلامی بہنوں کو اپنے ہاتھوں سے گھر کے کام کرنے چاہئیں۔

﴿15﴾ اسلامی بہنیں باورچی خانے میں موبائل فون استعمال نہ کریں۔ آگ کے قریب موبائل فون استعمال کرنے سے جلنے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ (نگرانِ شوریٰ)

﴿16﴾ مجلس عشر واطراف گاؤں کے تمام ذِمہ داران کو، اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ کا رسالہ ''عُشر کے احکام'' زبانی

یاد ہونا چاہئے ، نیز بہارِشریعت کے پانچویں حصے کا بھی مُطالَعہ کرتے رہیں۔انہیں اور دیگر اسلامی بھائیوں کو بھی خود شرعی مسائل کا جواب دینے کے بجائے، دارالافتاء اہلسنّت رُجوع کرنے کا مشورہ دیں یا خود مفتی صاحب سے بات کروادیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴾17﴿ اعلیٰ حضرت، امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن کی بات ہمارے لئے حرفِ آخر ہے۔

﴾18﴿ دینی کتاب بلکہ دُنیاوی کتاب پر بھی کوئی چیز نہ رکھی جائے۔

﴾19﴿ تمام اِسلامی بھائی یہ ذہن بنالیں کہ جہاں ہماری سوچ کی اِنتہا ہوتی ہے، مدنی مرکز کی وہاں سے اِبتداء ہوتی ہے۔

﴾20﴿ دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کرنے والا محسنِ عطّار ہے۔

﴾21﴿ کام کرنے سے ہوگا، صِرف باتیں کرنے سے نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ربیع الاخر ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 24 جنوری 2015ء |

﴾1﴿ سفید کُرتے پر تنظیمی طور پر کتھئی رنگ کی جیکٹ پہن سکتے ہیں، مگر میں پسند کرتا ہوں کہ کُرتے کے نیچے سویٹر پہن لیا جائے۔

﴾2﴿ اسلامی بہنیں، مدنی برقعے پر سویٹر وغیرہ نہ پہنیں۔

﴾3﴿ چائے پینے کے تھوڑی دیر بعد، پیالے میں تھوڑا سا پانی ڈال کر منہ میں پھیرا کر پینا، نظافت کے لیے بہتر ہے۔

﴾4﴿ بہترین رسالہ جو سب کو فائدہ دے، **"حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول"** ہے، سب اس کا مُطالَعہ کریں اور مارکیٹوں، دفاتر وغیرہ میں لنگرِ رسائل (تقسیم) کریں۔

﴾5﴿ جتنی ثواب و نیکیوں کی مجھے ضرورت ہے، شاید ہی کسی کو ہو۔

﴾6﴿ گُناہوں کے عذابات سے واقفیّت ہوگی تو ان سے بچنے کا ذہن بنے گا۔

﴾7﴿ بندہ اتنے مہربان ربّ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی کیسے کرے؟ جو لاتعداد نعمتوں سے نوازتا ہے۔

﴿8﴾ عموماً جھاڑنے والے سیٹھ سے، نوکر وفا نہیں کرتا۔

﴿9﴾ میٹھے بول میں ایسا سحر ہے کہ سرکش، مطیع (فرمانبردار) ہو جائے۔

﴿10﴾ تیکھے بول میں ایسا زہر ہے کہ اولاد نافرمان ہو جائے۔

﴿11﴾ بِلا اجازتِ شرعی، دل آزار انداز سے گھور کر دیکھنا بھی گُناہ ہے۔

﴿12﴾ مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب **"باطنی بیماریوں کی معلومات"** پیاری اور تاریخی کتاب ہے، شاید کسی نے ایسی کتاب شائع نہ کی ہو، آپ پڑھیں تو حیران رہ جائیں گے، 11، 11 بار گھول کر پی جائیں۔ (یعنی 11 بار دلجمعی کے ساتھ اس کا مُطالعہ کریں)

﴿13﴾ مکتبۃُ المدینہ کے شائع کردہ 2 رسائل **"101 مدنی پھول اور 163 مدنی پھول"**، گویا ان میں ٹھاٹھیں مارتا ہوا، علم کا سمندر کُوزے میں بند ہے، ضرور مُطالعہ کیجئے۔

﴿14﴾ جو علمِ دین سے شغف رکھتے ہیں، مجھے اُن پر بہت پیار آتا ہے۔

﴿15﴾ اچھی اچھی نیّتوں سے سچی تعریف کر کے حوصلہ افزائی کرنی چاہیے کہ یہ کارِ ثواب ہے۔

﴿16﴾ تصور میں ایک کشش ہوتی ہے، دن میں جس کا شدت سے خیال ہو، وہ خواب میں آجاتا ہے۔

﴿17﴾ تصورِ غوث کرتے رہیں **اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ** خواب میں زیارت ہوگی۔

﴿18﴾ مجھے ہائی بلڈ پریشر تھا، مگر پیٹ کے قفلِ مدینہ کی برکت سے اب نہیں ہے۔

﴿19﴾ جذبہ سچا ہو تو کامیابی قدم چوم لیتی ہے۔

﴿20﴾ میرا رِسالہ **"زندہ بیٹی کنویں میں ڈال دی"** عنقریب شائع ہونے والا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿21﴾ مُعلِّمین کورس کروانے کے بعد، کورس کرنے والے اسلامی بھائیوں سے رابطہ رکھیں اور مدنی کاموں کے بارے میں کارکردگی لیتے اور اَہداف دیتے رہیں تو وہ مدنی کاموں میں مصروف رہیں گے۔

﴿22﴾ جب کسی کام کی پوچھ گُچھ نہ ہوتو وہ پہلے ٹھنڈا (سُست) اور پھر ختم ہو جاتا ہے۔

﴿23﴾ دعوتِ اسلامی نے عملی طور پر عاشقِ رسول بنائے ہیں۔

﴿24﴾ جب بھی کسی کو اجتماع میں لائیں تو بعد میں بھی اُن سے مِلیں اور رابطہ رکھیں۔

﴿25﴾ مُبلِّغین اصلاحِ اعمال اور حُسنِ اَخلاق کے موضوعات پر بھی بیان کیا کریں۔

﴿26﴾ اگر آپ نے کسی کی اِصلاح کی کوشش کی اور وہ سُنّتوں کا عامِل بن گیا تو گویا آپ نے اُس کی آنے والی نسلوں کی اِصلاح کردی۔

﴿27﴾ آپ ذمہ دار ہیں یا نگران، مدنی ہیں یا مُدرس، بَس دعوتِ اسلامی کی چھتری کے نیچے رہیں۔

﴿28﴾ میں عارِضی جوش کا قائل نہیں، جوش کے ساتھ ہوش بھی ملحوظ رکھیں۔

﴿29﴾ نگران کارکردگی مانگیں یا نہ مانگیں، آپ خود کارکردگی دے دیا کریں۔

﴿30﴾ نان پر تِل نہ لگوائے جائیں کہ عموماً جَھڑ کر ضائع ہو جاتے ہیں۔

﴿31﴾ مدنی چینل اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت ہے، اِس سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں اور اِس کو دیکھنے کی دعوت دیتے رہیں۔

﴿32﴾ میں اپنی تکلیف بیان کرنا پسند نہیں کرتا۔

﴿33﴾ طبیعت خراب ہوتے ہوئے جان بوجھ کر کہنا ''ٹھیک ہوں'' جھوٹ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ عُرس منانے کی رُوح یہ ہے کہ جن کا عُرس منا رہے ہیں، اُن کی سیرت پر بھی عمل کریں۔

﴿2﴾ چاول اس طرح پکوایا کریں، دانے چھٹے چھٹے (علیحدہ علیحدہ) نہ ہوں، بلکہ چاول کو کچھ دیر مزید پکنے دیں حتّٰی کہ ٹوٹ جائیں اور ایک دوسرے سے جُڑ جائیں۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جلد ہضم ہوں گے اور سُنّت کے مطابق 3 اُنگلیوں سے کھانا بھی آسان ہوگا۔

﴿3﴾ گیارہویں شریف، یومِ ایصالِ ثواب ہے۔

﴿4﴾ مباح (جائز) کام اچھی اچھی نیّتوں سے کیا جائے تو باعثِ ثواب ہو جاتا ہے۔

﴿5﴾ غوثِ پاک کا خُوب ذِکر کیا کرو۔

﴿6﴾ 3 اُنگلیوں سے کھانے کی سُنّت ادا کرنے کے لیے بھرپور مشق (Practice) کرنا پڑے گی۔

﴿7﴾ اعتکاف اور تربیتی اجتماعات وغیرہ کے مواقع پر مائک سے ''کھانا کھا لیجئے'' کا اعلان نہ کیا جائے۔ اِعلان کے بغیر ہی اسلامی بھائی مقررہ جگہ پہنچ جاتے ہیں۔

﴿8﴾ جس طرح کھانے کی حِرص (لالچ) کی جاتی ہے، اِس سے زیادہ نماز و نیکیوں کی حرص کیجئے۔

﴿9﴾ غوثِ پاک کی سیرت عام کیجئے تاکہ اِس پر عمل کیا جاسکے۔

﴿10﴾ نیاز سُنّیوں کے مَعمولات میں سے ہے، اِسے نہ چھوڑا جائے، البتہ اس کی آدھی رقم لنگرِ رسائل اور دینی کاموں میں خرچ کرنے کی ترکیب کی جائے۔

﴿11﴾ نیاز خوب کرو مگر نمازیں بھی پڑھو۔

﴿12﴾ شروع سے ہی بچوں کو زیادہ کھانے پینے اور اچھے اچھے لباس سے بے رغبت کیا جائے۔

﴿13﴾ عمدہ غذاؤں اور اچھے لباس سے بے رغبتی پیدا کریں۔

﴿14﴾ دُودھ، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ایسی نعمت ہے، جس میں پانی اور غذا دونوں ہوتے ہیں۔

﴿15﴾ سب سے اچھا دودھ، بکری اور پھر گائے کا ہوتا ہے۔

﴿16﴾ ہر جگہ مدنی مذاکروں کی اجتماعی ترکیب بنائی جائے، اس میں جنریٹر کا بھی انتظام کیا جائے، اس کا بہت فائدہ ہوگا۔

﴿17﴾ جس کا شوگر ہائی ہوتا ہے، وہ کھجور استعمال نہ کرے۔

﴿18﴾ عُلماء وصُلحاء، جس کو وَلی کہیں، اس کو ولی سمجھا جائے۔

﴿19﴾ ہر ولی صالح ہے، مگر ہر صالح ولی نہیں۔

﴿20﴾ عام قبر کو مزار نہ کہا جائے۔

﴿21﴾ ولی کے لئے عالم ہونا شرط ہے، عام آدمی صالح ہو سکتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿22﴾ جو دُرست قرآن پڑھنا جانتے ہیں، وہ مدرسۃ المدینہ بالغان ضرور پڑھائیں۔

﴿23﴾ سبز عمامہ، سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے پہننا ثابت ہے۔

﴿24﴾ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ**! اِس دور میں سبز عمامہ "**یا رسولَ اللہ**" کہنے والوں کی علامت بن چکا ہے۔

﴿25﴾ سارے سُنّی، ہمارے سر کے تاج ہیں۔

﴿26﴾ اچھی نیّت ہو تو کسی کے دِینی نقصان پر دِل جلانا کارِثواب ہے۔

﴿27﴾ شادی میں بھی شریعت کے احکام ہی کی پابندی کی جائے۔ غیر شرعی رُسومات میں رشتہ داروں کی بات نہ مانی جائے، رشتہ دار نہ جنّت میں داخل کر سکتے ہیں نہ دوزخ میں ڈال سکتے ہیں۔

﴿28﴾ جامعۃُ المدینہ کے امتحانات میں اگر طلبہ کسی شرعی یا عقیدے کے مسئلہ کا غلط جواب لکھیں، تو اساتِذہ کو اُن کی اصلاح کر کے دُرست مسئلہ سمجھانا چاہئے۔

﴿29﴾ نیکی کی دعوت کا جذبہ پیدا کرنے کیلئے، فیضانِ سنت جلد 2 کا باب "**نیکی کی دعوت**" پڑھیں۔

﴿30﴾ نیکی کی دعوت دیتے رہیں تا کہ اِس کی عادت ہو جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ ربیع الاخر **١٤٣٦ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ فاسقِ مُعلِن (علی الاعلان گُناہ کرنے والے) پر لعنت برستی رہتی ہے۔

﴿2﴾ فقہی مسائل سب سے مشکِل ہیں۔

﴿3﴾ مفتی بہت عقل مند ہوتا ہے۔

﴿4﴾ گستاخانِ رسول کا عملی جواب دیتے ہوئے ہر کابینہ میں ایک مسجد بنام "**فیضانِ جمالِ مصطفٰے**" بنائی جائے۔

﴿5﴾ اللہ تعالیٰ دُنیا میں عبادت کے لیے ہماری جان اور آخرت کے لیے ہمارے ایمان کی سلامتی عطا فرمائے۔

﴿6﴾ جس کے گھر نہیں جانا ہوتا، اس کے گھر کا پتا نہیں پوچھا کرتے۔

﴿7﴾ جو نام، سرکار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کے شایانِ شان ہے، اس کے ساتھ لفظ ''محمد'' ملانا اچھا ہے، جو شایانِ شان نہیں، اس کے ساتھ لفظ ''محمد'' نہ ملایا جائے۔ مثلاً غلام غوث کو محمد غلام غوث نہ کہا جائے۔

﴿8﴾ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ مکتبۃُ المدینہ ''تحفہ یا رشوت'' کے موضوع پر رسالہ شائع کرے گا۔

﴿9﴾ لکھنے سے، یاد رکھنے میں آسانی ہوتی ہے۔

﴿10﴾ سوشل میڈیا (Social Media) کو استعمال کرنے سے بچیں۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿11﴾ تأثرات دیتے ہوئے کسی اور کورس کی کاٹ (تحقیر) نہ کریں، مثلاً جامعۃُ المدینہ کے طالبِ علم کا یہ کہنا کہ مجھے درسِ نظامی سے ہی سب کچھ سیکھنے کو ملا وغیرہا۔

﴿12﴾ دعوتِ اسلامی کے سب کورس اچھے ہیں مگر فرسٹ ''درسِ نظامی'' کورس ہے، کہ یہ عالم بناتا اور مسجد و مدرسہ کی زینت بناتا ہے۔

﴿13﴾ اگر آپ کو عالمِ باعمل یا باعمل مبلغ بننا ہے تو **''12 روزہ مدنی کورس''** کرلیں۔

﴿14﴾ کردار کی اِصلاح میں **''12 روزہ مدنی کورس''** سب پر حاوی ہے۔

﴿15﴾ اراکینِ شوریٰ و جملہ ذمہ داران وطلبہ واساتذہ سے مدنی التجا ہے کہ **12 روزہ مدنی کورس** ضرور کریں۔

﴿16﴾ اللہ کریم جَلَّ جَلالُہٗ ہم سب کو کردار کا غازی بنائے۔ آمین

﴿17﴾ سالانہ مدنی انعام **''ایک ماہ کا مدنی قافلہ''** میں 12 روزہ مدنی کورس، شامل کردیا گیا ہے، ایک ماہ کے مدنی قافلے میں سفر کرنیوالے عاشقانِ رسول پہلے یہ کورس کریں گے، پھر سُنّتوں کی دُھومیں مچانے کے لیے

بقیہ ایّام، مدنی قافلے میں گزاریں گے۔

﴿18﴾ شاید باب المدینہ کراچی کی سب سے بڑی مسجد، عالمگیری مسجد (کورنگی) ہے۔

﴿19﴾ تجربہ، عمر کے ساتھ بڑھتا ہے۔

﴿20﴾ درجے (کلاس روم) میں شور کی وجہ، طلبہ کا کم عمر ہونا ہے اور عموماً کم عمری میں سنجیدگی بھی کم ہوتی ہے۔

﴿21﴾ نام لے کر پُکارنا سُنّت ہے، ہر ایک کو ''حاجی صاحب'' نہ کہا کریں، اِس طرح نام کی پہچان بھی نہیں ہو پاتی۔

﴿22﴾ اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے، وہ دن آئے کہ سب مدنی مذاکرے کے شائقین بن جائیں۔

﴿23﴾ میری خواہش ہے کہ جامعۃ المدینہ کا ہر طالب علم اور استاذ ''12 روزہ مدنی کورس'' کرلے۔

﴿24﴾ نگرانِ مجلس، اپنے فیصلے کو مجلس کا فیصلہ نہ کہیں، بلکہ پوری مجلس سے مشاورت کر کے ترکیب بنایا کریں۔

﴿25﴾ نگرانِ مجلس کا، مجلس سے مشورہ کئے بغیر کہنا کہ یہ مجلس کا فیصلہ ہے، مجھے جُھوٹ لگتا ہے۔

﴿26﴾ میری خواہش ہے کہ 12 روزہ مدنی کورس والے معلم، زیادہ سے زیادہ ہوں تاکہ زیادہ جگہوں پر یہ کورس کروایا جاسکے۔

﴿27﴾ بے جا جذبات کا اظہار اچھا نہیں۔

﴿28﴾ انفرادی کوشش، ہر مدنی کام کی جان ہے۔

﴿29﴾ مدنی قافلہ، زبان پر رَٹا ہونا چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 27 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ صالحین کے قُرب میں دفن ہونا سعادت ہے۔

﴿2﴾ حضرتِ سیّدُنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے غوثُ الاغواث تھے۔ دوسرے حضرتِ سیّدُنا شیخ عبدالقادر جیلانی رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ اور آخر میں حضرتِ سیّدُنا امام مہدی رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کو یہ منصب ملے گا۔

﴿3﴾ گھاس پر نماز نہ پڑھیں، کیونکہ گھاس پر جنّات نماز پڑھتے ہیں۔

﴿4﴾ جنّوں کا عجیب وغریب نِظام ہے۔

﴿5﴾ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں ایک مہینے کا **''نماز کورس''** ہوتا ہے، جس میں سارا سال داخلے جاری رہتے ہیں، بہت اہم کورس ہے، ہر ایک کو کرنے کی دعوت ہے۔

﴿6﴾ غوثِ پاک رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے شیدائی کہاں نہیں؟

﴿7﴾ یا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ، ہمیں دنیا وآخرت کی آگ سے بچا۔ اٰمین

﴿8﴾ احترام والی محبت کا نام، عقیدت ہے۔

﴿9﴾ مجلسِ شُعبہ ٔتعلیم، پاور فل (Power Full) ہے۔

﴿10﴾ خدا کی قسم! وہ بڑا بدنصیب ہے، جس پر اِصلاح کرنے والوں کا دروازہ بند ہو۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿11﴾ جامعۃُ المدینہ کے طلبہ، عام اسلامی بھائیوں کی بَنِسبَت زیادہ اور اچھے انداز سے مدنی کام سے کر سکتے ہیں

﴿12﴾ اگر جامعۃُ المدینہ کے طلبہ، اِخلاص کے ساتھ مدنی کاموں میں حصّہ لیں تو میں اُمید کرتا ہوں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اِن کی پڑھائی کے معاملے میں غیبی مدد فرمائے گا۔

﴿13﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں بچپن سے ہی ذہین تھا۔

﴿14﴾ جب حاجی عبید رضا کم سِن تھے تو میں یہ شعر پڑھ کر نیند سے اُٹھاتا تھا:

اُٹھ میرے دُھوم مچانے والے　　　کیوں رَضا آج گلی سُونی ہے

﴿15﴾ طلبہ علمِ دین میں مکمل اِنہماک رکھیں۔

﴿16﴾ علم کا ایک شعبہ ''تجربہ'' ہے، اس میں زیادہ ماہر وہ ہوگا جو دورانِ درسِ نظامی مدنی کام کرتا رہے گا۔

﴿17﴾ سب سے پہلے 12 ماہ میں سفر کرنے والے، درسِ نظامی کے 2، 3 طلبہ تھے۔

﴿18﴾ میرا اَرمان ہے کہ جامعۃ المدینہ کے طلبہ، درجہ اُولیٰ سے ہی مدنی کام کرتے کرتے آگے بڑھیں۔

﴿19﴾ بنگلہ دیش کے اسلامی بھائی، اپنے آپ کو بنگالی کہلانا پسند نہیں کرتے، اس لیے انہیں بنگلہ دیشی اسلامی بھائی کہا جائے۔

﴿20﴾ پاکستان کے بعد سب سے زیادہ مدنی کام ہند میں ہے۔

﴿21﴾ یہ ذہن بنا لیجئے کہ مجھے کوئی مارے یا دھکّے دے، میں نے دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول نہیں چھوڑنا، بلکہ دعوتِ اسلامی سے ایسے چپک جائیں، کوئی ٹکڑے ٹکڑے کر کے بھی جُدا نہ کر سکے۔

﴿22﴾ مبلِّغ کی خصوصیات میں یہ بھی ہے کہ وہ علم رکھتا ہو، جس کو دعوت دے رہا ہے، اُس کی نفسیات کو جانتا ہو اور جو بیان کرے، اُس پر عمل بھی کرتا ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ بزرگانِ دین کا فیض حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اِن کی سیرت پر عمل کریں۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اِتنا فیض ملے گا کہ دوسروں کو تقسیم کریں گے۔

﴿2﴾ مزاراتِ اولیاء پر جُھولے رکھنے، تالے لگانے اور دھاگے باندھنے سے بچنا چاہئے، ایسا کرنا دُرست نہیں۔

﴿3﴾ فقیر میں "ف" سے مُراد فاقہ، "ق" سے مُراد قناعت، "ی" سے مُراد، یادِ الٰہی اور "ر" سے مُراد، رِیاضت ہے۔ گویا فقیر وہ ہے جو قناعت کرتے ہوئے فاقہ کرے اور ذِکرِ الٰہی کرتے ہوئے رِیاضت میں مگن رہے۔

﴿4﴾ مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ، اچھے رسالوں میں سے ایک **"بدگمانی"** بھی ہے۔

﴿5﴾ 6، 7، 8 فروری 2015ء (جمعہ، ہفتہ، اتوار) ذیلی حلقہ تا شوریٰ، تمام اسلامی بھائی مدنی قافلے میں سفر کریں۔

﴿6﴾ اِستنجا خانے (لیٹرین) کے دروازے پر اِستنجا خانے میں جانے سے پہلے، پڑھی جانے والی دُعا کا اسٹیکر نہ لگایا جائے کہ تنفیرِ عوام (لوگوں کے بدظن) ہونے کا اندیشہ ہے، کہ لوگ اسے بے ادبی کہیں گے۔

﴿7﴾ اِسراف کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ وہ خرچ، جس کا دُنیا و آخرت کا فائدہ نہ ہو۔

﴿8﴾ آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا جو غُلام ہے، ہمارا وہ اِمام ہے۔

﴿9﴾ کوئی کسی بھی ناگوار انداز میں سوال کرے، ہمیں صبر وتحمُّل سے اِس کا اَحسن (اچھے) انداز میں جواب دینا چاہئے۔

# آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿10﴾ بڑی راتوں کے اِجتماعات میں تصوُّرِ مدینہ کروانے کی تجویز اچھی ہے۔

﴿11﴾ میں بارہا مدینۂ منوَّرہ زادھا اللہ شرفاً وَّتعظیماً میں اکیلا حاضر ہوا ہوں۔

﴿12﴾ مدنی انعامات، عام کرنے میں رکنِ شوریٰ حاجی زم زم عطّاری علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الباری نےبہت محنت کی۔

﴿13﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! اراکینِ شوریٰ، آپس میں بھائیوں کی طرح مُتَّفِق ہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ اِن کو اِسی طرح رکھے۔ اٰمین

﴿14﴾ سوال سمجھنا بھی ایک فن ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ فرمانِ حضرت بِشر حافی علیہ رَحمۃُ اللہِ القَوِی: مسلمان کا دِل خوش کرنا، 100 نفلی حج سے افضل ہے۔

﴿2﴾ جس سے بَن پڑے، اپنے سفید پوش رشتہ داریا یتیم بچوں کی کفالت کا ذِمَّہ لے اوران کی مدد، اس طرح کرے کہ انہیں بھی معلوم نہ ہو کہ دینے والا کون ہے۔

﴿3﴾ کسی بھی گُناہ سے سکون نہیں ملتا۔

﴿4﴾ حرام مال میں برکت نہیں ہوتی، کسی نہ کسی طرح ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔

﴿5﴾ نابالغ بچوں کا اِنتقال ہو جائے، تو انہیں اِیصالِ ثواب کیا جاسکتا ہے۔

﴿6﴾ حُبِّ جاہ (عزّت وشُہرت کی محبت) کا بُرا ہو، یہ بُری بَلا ہے۔

﴿7﴾ حُبِّ جاہ (عزّت وشُہرت کی محبت) کی خواہش سے اللہ تعالیٰ بچائے، اس میں دُنیا وآخرت کی تباہی ہے۔

﴿8﴾ ہمیں اللہ عَزَّوَجَل کے لیے جینا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لیے ہی مرنا ہے۔

﴿9﴾ کاش! ہم عملی مسلمان ہو کر جائیں اور ایمان سلامت لے کر قبر میں اُتریں۔

﴿10﴾ آخرت میں مظلوم کی چاندی (کامیابی) ہو گی۔

﴿11﴾ ظُلم، آخرت کا اندھیرا ہے۔

# آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿12﴾ غفلت کے دَوْر میں حِکمت کی بید (لکڑی) مارنا پڑتی ہے۔

﴿13﴾ دعوتِ اسلامی کا مدنی کام بُلا بُلا کر نہیں بلکہ جا جا کر ہو گا۔

﴿14﴾ بے تکلُّف اسلامی بھائیوں کے مدنی قافلے کا کامیاب ہونا مشکِل ہے۔

﴿15﴾ آئمہ و خُطباء، اگر عُذر کی وجہ سے بعدِ جمعہ فوراً مدنی قافلے میں آجائیں تو مدنی قافلے میں اُس دِن کو شمار کر لینا چاہیئے۔

﴿16﴾ ہر مدنی قافلے میں ایک پینٹ شرٹ والا نیا اسلامی بھائی ساتھ ہونا چاہیئے، تاکہ سب اُس پر انفرادی کوشش کریں اور اُس سے ڈرتے ہوئے بے تکلُّف نہ ہوں۔

﴿17﴾ اَساتذہ کرام، طلبہ میں دعوتِ اسلامی کے فضائل بیان کیا کریں اور کوئی بھی منفی بات ہرگز نہ کریں۔

﴿18﴾ قفلِ مدینہ کی رُوح کو سمجھیں، خالی چُپ رہنا، غفلت کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔

﴿19﴾ ہم گناہوں کے مریض ہیں اور دَوا کڑوی ہوتی ہے، لہٰذا مدنی قافلہ نفس کیلئے دُشوار ہے، اِس لیے مدنی قافلوں میں سفر کرنا اپنا معمول بنا لیجئے۔

﴿20﴾ اُستاذ صاحب کو باوَقار اور باکردار رہنا چاہیئے۔

﴿21﴾ مُدرِّسِینِ جامعۃُ المدینہ، اپنی عربی مضبوط کریں۔

﴿22﴾ حق بات (سچ) میں تاثیر ہے۔

﴿23﴾ افسوس! ہمارا ضمیر سو گیا ہے کہ ہمیں نیکیوں اور مدنی کاموں میں جوش نہیں آتا۔

﴿24﴾ جو وِرد، وظیفہ اپنا پیر بتائے، وہی کرنا چاہیے۔

﴿25﴾ زبان کا قفلِ مدینہ لگانے والے کو مسکرانے کی عادت بنانی چاہیے۔

﴿26﴾ اگر ہم کَمَا حَقُّہٗ فضول باتوں سے بچنے میں کامیاب ہو جائیں، تو یہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی نعمت ہے۔

﴿27﴾ اَبے، اَڑے، اُوئے کہتے رہنا، بازاری لوگوں کا انداز ہے، نیک لوگ اس سے اِجتناب کرتے ہیں۔

﴿28﴾ **''12 روزہ مدنی کورس''** بار بار کرتے رہیں تا کہ بیٹری چارج ہوتی رہے۔

﴿29﴾ ایک دن کے بچّے سے بھی تُو تڑاق سے بات نہ کی جائے۔

﴿30﴾ جو آپ سے ''تُو'' کہہ کر بات کرتا ہے، آپ اُس کے ساتھ بھی آپ جی جناب سے گفتگو کیا کریں۔

﴿31﴾ اگر کوئی صحیح معنوں میں مدنی انعامات پر عمل کرے تو وہ نیک و پرہیز گار بن جائے گا۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ ربیع الآخر ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ، بچوں کی سچی کہانیوں پر مُشتَمِل (مُش۔تَ۔مِل) رسالہ **''جھوٹا چور''** بچوں کے ساتھ ساتھ، بڑوں کے لیے بھی مُفید ہے۔

﴿2﴾ نبی عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کے علاوہ، کسی اُمّتی کا خواب شرعی طور پر دلیل نہیں۔

﴿3﴾ سو (100) دوا کی اِک دَوا پرہیز ہے۔

﴿4﴾ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''مردے کے صدمے'' پڑھ لیجیے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آخِرت کی تیاری کا ذہن بنے گا۔

﴿5﴾ گیارہویں والے (غوثِ اعظم) کے دامن سے وابَستہ ہو جائیں، تو وہ بارہویں والے آقا (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) تک پہنچائیں گے۔

﴿6﴾ جس کا ذہن مدنی ہوتا ہے، وہ اللہ تَعَالٰی کی رِضا پر راضی رہتا ہے، یوں وہ احساسِ کمتری کا شکار نہیں ہوتا۔

﴿7﴾ آخرت کے اِعتبار سے قبر، اوّل منزل ہے۔

﴿8﴾ گُناہ اِیمان لیوا (لے۔وا) ہوسکتا ہے اور اِیمان ضائع ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

## آف ائیر (Off Air) مدنی مذاکرہ

﴿9﴾ مُجدّد، ایک وقت میں، ایک سے زیادہ اور مختلف زبانوں میں ہوسکتے ہیں۔

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 31 جنوری 2015ء |

﴿1﴾ **حُضُور غوثِ اعظم** سیِّدُ نا شیخ عبدالقادِر جیلانی قُدِّسَ سِرُّہُ الرَّبَّانِی خاندانِ اولیاء کے چشم و چراغ تھے۔

﴿2﴾ اپنے اندر راہِ خدا میں سفر کرنے کی تڑپ پیدا کیجئے۔

﴿3﴾ لذّتوں کو ختم کرنے والی چیز ''موت'' کو یاد کیا کریں۔

﴿4﴾ کیا وجہ ہے کہ ہم خوفِ خدا سے روتے تو ہیں، مگر بدلتے نہیں؟ (نگرانِ شوریٰ)

﴿5﴾ حضرتِ سیِّدُ نا شیخ شہابُ الدین عمر سُہر وَرْ دِی علیہِ رَحمۃُ اللہِ القَوِی سلسلہ سہر وَردِیہ کے بانی اور گروہِ اولیاء کے سردار ہیں۔

﴿6﴾ حُبِّ جاہ (نام و شُہرت کی محبت) مذموم (قابلِ مذّمت) چیز ہے۔

﴿7﴾ ہمارے مُعاشرے میں ایک تعداد شُہرت کی بھوکی ہے۔

﴿8﴾ مُقدّس خطّہِ زمین ''مکلی شریف'' (ضلع ٹھٹھہ باب الاسلام سندھ) میں بہت سے اولیاء مدفون ہیں۔

﴿9﴾ حضرتِ مولانا عبدالرحمٰن جامی رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ بہت بڑے عاشقِ رسول اور عظیم عالم تھے۔

﴿10﴾ حضرتِ سیِّدُ ناعلاّمہ پیر محمد ہاشم ٹھٹھوی علیہِ رَحمۃُ اللہِ القَوِی بہت بڑے عالم اور عاشقِ رسول تھے۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5فروری2015ء |

﴿1﴾ مَدَنی قافلوں میں سفر گناہوں کی بیماری کا علاج بھی ہے۔

﴿2﴾ گناہوں کی بیماری، بدن کی بیماریوں سے زیادہ تشویشناک ہے۔

﴿3﴾ اَولاد سے بھی دین و دنیا کے کام پیار سے لیے جائیں۔

﴿4﴾ جس کا بیٹا بے عمل ہو، اُس کو اِس کے بیٹے کی بے عملی کا طعنہ دینا دل آزاری ہے۔

﴿5﴾ کسی عالم یا دعوتِ اسلامی کے ذمّہ دار کے بے عمل بیٹے پر انفرادی کوشش کرتے ہوئے یہ تأثُّر نہ دیں کہ تمہارے والد صاحب تو فلاں مَنصب پر فائز ہیں، تم ایسے کیوں نہیں ہو؟

﴿6﴾ کوئی کام میٹھے بول سے، کوئی آنسو بہا کر، کوئی ہاتھ جوڑ کر اور کوئی آنکھیں دِکھا کر ہوتا ہے، ہر ایک سے اس کی نفسیات کے مطابق نیک اور جائز کام لیجئے۔

﴿7﴾ کسی کی ذِہانت اور عَقل، اسے موت سے نہیں بچا سکتی۔

﴿8﴾ صَبر پہلے صَدمے پر ہے۔

﴿9﴾ صَبرِ جمیل یہ ہے کہ جس کو تکلیف پہنچی ہو اسے دیکھ کر اس کی تکلیف کا اندازہ نہ ہو سکے۔

﴿10﴾ نیک بندوں کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس سے عِبرت کے مَدَنی پھول حاصل کرتے ہیں۔

﴿11﴾ سب سے بڑی مُصیبت کفر و شرک ہے۔

﴿12﴾ ڈاکٹر اور دکاندار نماز کے وقت اپنی دکان وغیرہ پر ایک بورڈ آویزاں کر کے نمازِ باجماعت ادا کیا کریں۔ اس بورڈ پر نمایاں لکھا ہو "**وقفہِ نماز**" اور اس کے نیچے یہ تحریر ہو "مجھے دعوتِ اسلامی سے پیار ہے"۔

﴿13﴾ ہر مسجد میں اذان سے پہلے دُرود و سلام اور بعدِ اذان دُرود و سلام اور دعا پڑھنے کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿14﴾ تعزِیّت، غم خواری اور حوصلہ افزائی کرتے ہوئے، ایسے جملوں سے بچ کر بات کی جائے کہ جس میں ناجائز مبالغہ اور جھوٹ وغیرہ ہو۔

﴿15﴾ مجھے غریب اچھے لگتے ہیں۔

﴿16﴾ دنیا کی ساری لذّتیں عارضی اور وقتی ہیں، حقیقی لذّتیں جنّت کی ہے۔

﴿17﴾ دنیا کی لذّتیں محض دھوکا ہیں۔ پھر بھی ہماری آنکھ نہیں کھلتی، ہم غَفلت سے بیدار نہیں ہوتے۔

﴿18﴾ لذّتِ عشقِ رسول (صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) لازوال دولت ہے۔

﴿19﴾ جس کے دل میں عشقِ رسول (صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کی شمع روشن ہوگئی تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

﴿20﴾ دعوتِ اسلامی اور اس کے وابَستَگان پُراَمن ہیں۔

﴿21﴾ ہمیں پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دکھیاری اُمّت کی غمخواری ودلجوئی کرنی چاہئے۔

## آف ائیر مَدنی پھول

﴿22﴾ جامع شرائط پیر سے بیعت ہوجائیں تو کسی اور سے متاثّر (مُ۔تَ۔اَث۔ثِر) ہوکر طالب ہونا مناسب نہیں۔ یک در گیر محکم گیر۔

﴿23﴾ تہجد پڑھنے والے کے چہرے پر نور ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٧ ربیع الاخر ١٤٣٦ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 فروری 2015ء |

﴿1﴾ مسجد کی سجاوٹ لائٹوں سے نہیں، نمازیوں سے ہے۔

﴿2﴾ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارے وطنِ عزیز پاکستان کو سلامت رکھے۔

﴿3﴾ اگر تمام لوگ کفایت شعاری سے بجلی استعمال کریں تو مُلک بھر میں لوڈ شیڈنگ میں کمی آسکتی ہے۔

﴿4﴾ میرے گھر میں بہت کم بجلی خرچ ہوتی ہے گھر والوں کا ذِہن مکّہ مکّہ اور مدینہ مدینہ ہے۔

﴿5﴾ بجلی کا ہیٹر گویا بجلی چوستا ہے۔اس کے استعمال سے بہت بجلی صَرف ہوتی ہے۔

﴿6﴾ اللہ تَعَالٰی ہمیں ہر معاملے میں مال ضائع کرنے سے بچائے۔

﴿7﴾ انسان جِنّ کو اَصلی صورت میں نہیں دیکھ سکتا۔

﴿8﴾ قیامت میں ایک ایک نیکی کی قدر کا پتا چلے گا۔

﴿9﴾ پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی داڑھی مبارکہ کا خط قدرتی طور پر بنا ہوا تھا۔

﴿10﴾ رُخساروں کے خط کے بارے میں میرا مشورہ ہے کہ نہ بنوایا جائے کہ اس سے منہ کی کھال سخت ہوجاتی ہے۔

﴿11﴾ ثواب کی نیت سے عُمدہ مہندی لگایا کریں جس کا رنگ پختہ ہو۔تین چار دن بعد جہاں جہاں سفیدی ظاہر ہو وہاں مہندی لگا لیا کریں۔

﴿12﴾ صبح کے خاص فضائل ہیں،طلوعِ صبح تا طلوعِ آفتاب اللہ تَعَالٰی رِزْق تقسیم فرماتا ہے۔

﴿13﴾ جو بارگاہِ الٰہی میں جھکتا ہے،بلندی پاتا ہے۔

﴿14﴾ جو پورے ماہِ رمضان کا اِعتِکاف عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں کرتے ہیں،وہ میرے ''مَدَنی بیٹے'' ہیں۔

﴿15﴾ رِسالہ '' مچھلی کے عجائبات'' بہت دلچسپ بلکہ دلچسپ ترین ہے،جس نے نہیں پڑھا،اِسے ضرور پڑھے۔

﴿16﴾ موبائل گویا جہنم کا شاٹ کٹ ہے،اس سے بہت گناہ ہوتے ہیں۔

﴿17﴾ موبائل فون کو رابطہ کا آلہ بنایئے،اسے تفریح کے لیے استعمال نہ کیجئے۔

﴿18﴾ آجکل موبائل گناہوں کا آلہ بن چکا ہے۔

## آف ائیر مَدَنی پھول

﴿19﴾ جامعۃ المدینہ کی ترقّی و بقا کا اِنحصار دعوتِ اسلامی کی ترقی و بقا پر ہے۔

﴿20﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دارُالافتاءِ اہلسنّت اِس وقت اُمت کی بہت رہنمائی کررہا ہے۔

﴿21﴾ جب بھی کوئی حدیثِ پاک بیان کریں تو اُس میں اپنی طرف سے کوئی لفظ نہ ملائیں۔

﴿22﴾ ہمارا بیان ایسا ہونا چاہئے کہ سننے والوں کو گناہوں سے نفرت ہوجائے۔

﴿23﴾ عموماً جوشیلے بیان میں ہوش نہیں ہوتا۔

﴿24﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہم ''رضا مارکہ سُنّی'' ہیں۔

﴿25﴾ اخلاقیات کی تربیت کے لیے بارہ روزہ مَدَنی کورس بہت مفید ہے۔

﴿26﴾ بارہ روزہ مَدَنی کورس سو(100) بار کیا جائے تو بھی کم ہے۔

﴿27﴾ جذباتی آدمی اچھا کام بہت اچھا کرتا ہے اور منفی کام بہت بُرا کرتا ہے۔

﴿28﴾ مَدَنی عطیات کیلئے بَستوں پر بیٹھنے والے طَلَبہ سے میں خوش ہوتا ہوں۔

| ۱۸ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 فروری 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ مَدَنی چینل دیکھیں گے دیکھائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿2﴾ ''کالے بچّھو'' مکتبۃ المدینہ کا بے مثال رسالہ ہے۔

﴿3﴾ ہر فرد کو عالم بننے کی کوشش کرنی چاہیے، عالم ہونا بہت بڑی سعادت ہے۔

﴿4﴾ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمیشہ عُلماء کا غلام رکھے۔

﴿5﴾ تمام انبیا علیہمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام داڑھی والے تھے۔

﴿6﴾ فاسقِ مُعلِن اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کا دوست نہیں ہوسکتا۔

﴿7﴾ گھر میں اکیلے مَدَنی مذاکرہ دیکھنے کے بجائے اجتماعی طور پر ذمّہ داران کے ساتھ بیٹھ کر دیکھنا زیادہ مُفید ہے، یہ دعوتِ اسلامی کے تنظیمی کاموں میں سے ایک کام بھی ہے۔

﴿8﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ سینکڑوں عُلَما مجھ سے وابستہ ہیں۔

﴿9﴾ مکتبۃ المدینہ کا کوئی اور رِسالہ لیں یا نہ لیں، اعلیٰ حضرت کے والد گرامی رئیس المتکلمین حضرت مفتی نقی علی خان کا رسالہ ''فیضانِ علم وعلما'' ضَرور خرید فرمائیں، یہ بہت اچھا رِسالہ ہے، میں نے اس سے بہت فیض پایا ہے۔

﴿10﴾ کئی بے احتیاطیاں علم نہ ہونے کی وجہ سے ہوتی ہیں۔

﴿11﴾ وکیل کے معنٰی نائب اور نمائندہ کے ہیں۔

﴿12﴾ مشک (خوشبو) کا رنگ کالا ہوتا ہے۔

﴿13﴾ اے کاش! اللہ و رسول (عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) کی محبت ہمارے دلوں میں راسخ ہو جائے۔

﴿14﴾ غوثِ پاک کا سچّا غلام بے صبرا نہیں ہوتا۔

## آف ائیر مَدَنی پھول

﴿15﴾ سکول و مدرسے کے اساتذہ وطَلَبہ کو گناہوں کے عذابات اور نیکیوں کے ثوابات بتائیں تو وہ نیک بن سکتے ہیں۔

﴿16﴾ بارہ روزہ مَدَنی کورس میں کردار سازی کی جاتی ہے۔

﴿17﴾ کِس کو تحفے میں کونسی کتاب یا رِسالہ دینا ہے، یہ سوچ سمجھ کر دینا چاہیے۔

﴿18﴾ بیجا جذباتیت پھنسا دیتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8 فروری 2015ء |

﴿1﴾ دعوتِ اسلامی کی اصطلاح میں جس پر عشقِ مدینہ کا غلَبہ ہو جائے اسے بیمارِ مدینہ کہتے ہیں۔

﴿2﴾ بچّہ ذَہین ہو تو اُسے حافظِ قرآن بنایا جائے، اس سے دَرسِ نِظامی میں بہت آسانیاں ہوں گی، البتّہ حِفظُ القرآن کے بعد اسکی نگرانی کی جائے کہ وہ روز ''منزل'' یاد کرتا ہے یا نہیں؟

﴿3﴾ والدین اپنی حافظ اَولاد کو روزانہ قرآنِ پاک پڑھنے کی ترغیب دلاتے رہیں تا کہ اُن کا حفظِ قرآن باقی رہے۔

﴿4﴾ تمام حافظِ قرآن روزانہ ایک منزل قرآنِ پاک پڑھنے کی کوشش فرمائیں۔

﴿5﴾ حافظِ قرآن اگر دُعا نہ مانگے اور تلاوت ہی کرتا رہے تو یہ تلاوتِ قرآن کی برکت سے اُس کی حاجات

پوری ہوتی رہیں گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿6﴾ میری خواہش ہے کہ ڈاکٹر بھی داڑھی رکھیں اور عمامہ باندھیں کیونکہ یہ اپنے علاقے کے بادشاہ ہوتے ہیں تقریباً ہر ایک کو ان سے واسطہ پڑتا ہے۔

﴿7﴾ نَماز میں وسوسوں کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ ارکانِ نَماز میں جہاں جہاں نظر رکھنا مُستحب ہے، اِس پر عمل کیا جائے۔

﴿8﴾ غیرِ طبیب کا کسی کے علاج میں ہاتھ ڈالنا حرام ہے۔

﴿9﴾ مُسلمان کو خوفزدہ کرنا گناہ ہے۔

﴿10﴾ اگر ڈاکٹر صدقِ نیت اور اخلاص کے ساتھ مریض کا علاج کرے اور اُس کے ساتھ ہمدردی کرے تو روزی میں برکت بھی ہوگی اور آخرت میں اِس کا ثواب بھی ملے گا۔

﴿11﴾ ہر ایک کو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنا چاہیے۔

﴿12﴾ آپریشن کرنے اور کروانے میں ایسا وقت رکھنا چاہیے، جس میں کوئی نماز کا وقت نہ آتا ہو۔

﴿13﴾ ڈاکٹر مریضوں کو دوا کے ساتھ یہ وظیفہ بھی بتائیں کہ روزانہ سو (100) بار ''یـاسَلامُ'' پڑھ کر پانی پر دَم کر کے پیتے رہیں اور اُٹھتے بیٹھتے ''یاسَلامُ'' پڑھتے رہیں۔

﴿14﴾ ڈاکٹر مریضوں کو تعویذاتِ عطاریہ لینے کیلئے جمعرات اجتماع کی ترغیب دلائیں۔

﴿15﴾ ''دُرودِ تُنَجِّینا'' حاجتوں کے پورا ہونے کے لئے مجرّب ہے۔

﴿16﴾ مُرید کیلئے پیر سے عقیدت ضَروری ہے ورنہ بَیعت ختم ہو جائے گی۔

﴿17﴾ چند لوگوں کے بُرا ہونے کی وجہ سے سب لوگوں کو بُرا نہ کہا جائے۔

﴿18﴾ اخبار اور میڈیا والوں کو اسلام سے نفرت دِلانے والا کوئی کام نہیں کرنا چاہیے۔

﴿19﴾ شَرعی مسائل، امام صاحبان سے پوچھنے کی بجائے مفتیانِ کرام سے پوچھے جائیں۔

﴿20﴾ ڈاکٹروں کو مریضوں کے شَرعی مسائل میں بالکل دخل اندازی نہیں کرنی چاہیے بلکہ مفتیانِ کرام کی

طرف بھیج دیا کریں۔ یا دارُالاِفتاء اہلسنت کا نمبر دے دیں۔

# آف ائیر مَدَنی پھول

﴿21﴾ محافل یا اِجتماعات میں لوگ اِشتہارات پڑھ کر نہیں آتے بلکہ انفرادی کوشش کی برکت سے آتے ہیں۔

﴿22﴾ سامنے والے کی نفسیات کے مطابق رِسالہ و کتاب دینی چاہیے۔

﴿23﴾ اپنے آپ پر تقویٰ کی پالش کرنے کیلئے بارہ روزہ مَدَنی کورس کر لیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 12 فروری 2015ء |

﴿1﴾ جامعۃ المدینہ کے ایسے کم عمر طَلَبہ جن کو مَدَنی قافلوں میں سفر کرنے کی اجازت نہیں، اُن کو مَدَنی قافلے کیلئے ''نا اہل'' نہ کہا جائے بلکہ کہیں عمر کم ہے۔

﴿2﴾ بلا ضَرورت اپنا نگران، اُستاذ یا عالم ہونا نہ بتایا جائے۔

﴿3﴾ وہ اسلامی بھائی کامیاب ہوتے ہیں، جو اپنے مَدَنی مرکز کے عطا کردہ مَدَنی پھولوں کے مطابق مَدَنی کام کرتے ہیں۔

﴿4﴾ سمجھانے والے پر غصّہ نہیں کرنا چاہیے ورنہ آپ اپنے اُوپر اِصلاح کا دروازہ بند کر دیں گے۔

﴿5﴾ صِرف دَرسِ نِظامی کے نِصاب سے عالِمِ دین بننا مُشکل ہے، اس کیلئے اسلامی کتب کا ذاتی مطالعہ ضَروری ہے۔

﴿6﴾ مَدَنی قافلہ، مَدَنی مرکز کے جَدوَل کے مطابق چلائیں۔

﴿7﴾ اگر اُستاذ صاحب یا مُعَلِّمُ الدَّرجہ عطیّات کے بستوں پر طَلَبہ کے ساتھ بیٹھیں تو مدینہ مدینہ۔

﴿8﴾ اپنے منہ اپنے لئے بڑائی کے الفاظ نہ بولے جائیں۔

﴿9﴾ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ!** میں دعوتِ اسلامی کے قیام سے بھی پہلے جمعہ کا خطبہ ''خطباتِ رضویہ شریف'' سے پڑھتا ہوں۔

﴿10﴾ کتاب کو بہت اچھی طرح پڑھ لینا محاورۃً ''کتاب چاٹ لینا'' کہلاتا ہے۔

﴾11﴿ صِرف اپنے پیرومُرشد کے عطا کردہ اَوراد و وَظائف اور شجرہ شریف پڑھنا چاہیے۔

﴾12﴿ اپنے بچوں کی ولادت ہوتے ہی عطاری یا عطاریہ بنوا کر بَرتھ سرٹیفکیٹ میں یہ لکھوائیں اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ آئندہ کیلئے بہت فائدہ ہوگا۔ (نگرانِ شوریٰ)

| ٢٤ ربیع الاخر ١٤٣٦ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 فروری 2015ء |
|---|---|---|

﴾1﴿ ہمیں اسلامی تہذیب وتمدّن کو کسی حالت میں بھی نہیں چھوڑنا۔

﴾2﴿ عقلمند آخرت کو ترجیح دیتا ہے اور اس کی بَرکات دنیا میں بھی پاتا ہے۔

﴾3﴿ امام غزالی رَحمۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے بچّوں کو کھانے پینے کی حِرص سے بچانے کا ارشاد فرمایا ہے۔

﴾4﴿ ''انسان'' کو سنبھل کر کھانا چاہیے۔

﴾5﴿ بچہ ہو یا بڑا، بے تحاشا کھائے گا تو پیٹ خراب ہوگا، قبض لگے گی اور پیٹ کی دیگر بیماریوں میں مُبتلا ہوگا۔

﴾6﴿ بچوں کو پھل فروٹ اور خشک میوہ جات کھلائیں، کھٹی میٹھی ٹافیوں اور دیگر بازاری مَصنوعات سے بچائیں۔

﴾7﴿ اگر جانور کو پیار کیا جائے تو اُسے بھی اچھا لگتا ہے۔

﴾8﴿ جو عمامہ شریف پر سفید چادر اُوڑھتا ہے میں اُس سے خوش ہوتا ہوں۔

﴾9﴿ چادر اُوڑھ کر نماز پڑھنے میں گرمی کی وجہ سے خشوع وخضوع نہ آتا ہو تو اُس وقت چادر نہ اوڑھی جائے۔

﴾10﴿ کاش رِسالہ ''نیکیاں کمانے کے آسان نُسخے'' حفظ ہو جائے۔

﴾11﴿ زیادہ گرم کھانا کھانا، بے برکتی کا باعث ہے اور اس میں پھونکیں مار کر ٹھنڈا کرنا بھی غیر مناسب ہے۔

﴾12﴿ ذِہانت قدرتی عطیہ ہے۔

﴾13﴿ جب تقدیر غالب آتی ہے تو تدبیر ختم ہو جاتی ہے۔

﴾14﴿ جو دینی اعتبار سے سمجھدار ہے، اس کے گھر مدنی چینل کے علاوہ دیگر چینل نہیں چلتے۔

﴾15﴿ کارٹون دیکھنا گندے بچّوں کا کام ہے، اچھے بچے مکّہ شریف اور مدینہ شریف دیکھتے ہیں۔

﴾16﴿ مجھے مَدَ نی منّے اچھے اور مَدَ نی منّیاں زیادہ اچھی لگتی ہیں۔

﴾17﴿ گندی لذّت سے ایک دن کے بچّے اور سو سال کے بوڑھے کا بوسہ لینا بھی گناہ ہے۔

﴾18﴿ میرے بچّوں کی امی جب سے میرے گھر میں آئی ہیں خرید و فروخت کے لیے ایک دن بھی بازار نہیں گئیں۔

﴾19﴿ پارک اور اس جیسی جگہوں پر نہ جایا جائے کہ وہاں عموماً بے پردگی ہوتی ہے۔

﴾20﴿ مَدَ نی مذاکرہ دیکھنے کی اصل روح یہ ہے کہ دنیا وفیہا سے بے نیاز ہو کر توجّہ سے دیکھا سنا جائے۔

# آف ائیر مَدَنی پھول

﴾21﴿ دعوتِ اسلامی کے تمام شعبہ جات دینِ اسلام کی خدمت کر رہے ہیں۔

﴾22﴿ دعوتِ اسلامی کا مَدَ نی کام بڑھے گا تو دارُ المدینہ بھی بڑھیں گے۔

﴾23﴿ دعوتِ اسلامی کی ترقّی کیلئے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت بہت مفید مَدَ نی کام ہے، تمام اسلامی بھائی مل کر اِس مَدَ نی کام کو مضبوط کریں۔

﴾24﴿ رَمضان شریف میں امتحانات نہیں ہونے چاہئیں کہ کئی طَلَبہ روزہ نہیں رکھتے۔

﴾25﴿ دارُ المدینہ کے اُستاذ کے اوصاف: 12 ماہ مَدَ نی قافلے میں سفر کیا ہوا ہو، 63 روزہ مَدَ نی تربیتی کورس یا 41 روزہ مَدَ نی انعامات و مَدَ نی قافلہ کورس کیا ہوا، کم از کم مَدَ نی انعامات کا عامل ہو اور مکمل مَدَ نی حلیہ ہو۔

﴾26﴿ بعض اَوقات طَلَبہ والدین سے زیادہ اپنے اساتذہ کی بات پر عمل کرتے ہیں۔

﴾27﴿ کم گو اور نیچی نظر رکھنے والے سنتوں کے پیکر اسلامی بھائی، مجھے اچھے لگتے ہیں۔

﴾28﴿ بچوں کی جتنی فرمائشیں پوری کریں گے اُتنی بڑھتی جائیں گی، شروع ہی سے کنٹرول کرنا چاہئے۔

﴾29﴿ کبھی بھی سر پرستوں سے ذاتی کام لیں نہ تحائف قبول کریں۔

﴾30﴿ کبھی بھی اپنی مجلس کی بُرائی بیان نہ کی جائے کہ جہاں کھایا جاتا ہے وہاں گندگی نہیں کی جاتی۔

﴾31﴿ جسم کے بعض اَعضاء ایسے ہیں جہاں زَخم ہو جائے تو کسی کو بتایا نہیں جاتا لہٰذا اگر کسی مجلس سے کوئی غلطی

ہو جائے تو اُس کو پھیلایا نہ جائے۔

﴿32﴾ مفتیانِ دعوتِ اسلامی بہت محتاط ہیں۔

﴿33﴾ اپنی بیٹری چارج رکھنے کیلئے ہفتہ وار اجتماع اور براہِ راست ہونے والے مَدَنی مذاکرے میں اجتماعی طور پر شرکت فرمایا کریں۔

﴿34﴾ جو کام نَرمی سے ہوتا ہے وہ گرمی سے نہیں ہوتا۔

﴿35﴾ آپ جتنے بڑے نگران ہوں مگر اپنے ماتحت سے نَرمی ومحبت سے کام لیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مَدَنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 فروری 2015ء |

﴿1﴾ اس تصوّر کو اپنے دل و دماغ میں جمائیے کہ **اللہ** مجھے دیکھ رہا ہے۔

﴿2﴾ میں نے حضرت سیدنا بابا تاجُ الدّین ناگوری رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ کے مزار پر حاضری دی ہے۔

﴿3﴾ نعت خواں اُس طرز پر دُرود وسلام پڑھا کریں جس سے تلفّظ دُرُست ادا ہوں۔

﴿4﴾ رِسالہ ''زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی'' ثواب کی نیت سے تقسیم کیجئے۔

﴿5﴾ صحابیٔ رسول حضرت سیدنا ابو طفیل عامر بن واثلہ رضی اللہ تعالٰی عنہ نے صحابۂ کرام علیھم الرضوان میں سب سے آخر میں ۱۰۲ھ کو وصال فرمایا اور مکّہ مکرّمہ میں مدفون ہوئے۔

﴿6﴾ مَدَنی پھول اور مَدَنی مشورے کے شروع میں ''ناقص'' نہ کہا جائے یعنی لفظ ناقص اور مَدَنی کو ملایا نہ جائے۔

﴿7﴾ قیاس ہمارا نہیں امام اعظم (رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ) کا چلے گا۔

﴿8﴾ دعوتِ اسلامی کی ویب سائیٹ کے ذریعے روزانہ ایک گھنٹہ بار منٹ مَدَنی مذاکرہ سنا اور دیکھا جا سکتا ہے۔

﴿9﴾ حتی الامکان احادیث دیکھ کر ہی بیان کی جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳۰ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ | مَدَنی مُذاکرہ (بعدِ عشاء) | 19 فروری 2015ء |

**(یہ مدنی مذاکرہ آف ائیر ہوا)**

﴿10﴾ کاش! ہر وقت یہ تصور رہے کہ **اللہ** دیکھ رہا ہے۔

﴿11﴾ میں اپنا رسالہ لکھنے کے بعد اغلاط سے بچنے کے لیے کئی بار پڑھتا ہوں۔

﴿12﴾ میری معلومات کے مطابق مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ احیاءُ العلوم مترجم دیگر ترجموں سے بہتر ہے۔

﴿13﴾ مجلس المدینۃ العلمیہ میں ''تسہیلِ کتب'' کا ایک شعبہ ہونا چاہیے۔ جو کتاب مکمل ہو جانے پر اُس کو پڑھ کر مشکل الفاظ پر اَعراب لگائے۔ (شعبہ قائم کیا جا چکا ہے)

﴿14﴾ المدینۃ العلمیہ کی کُتب ایسی ہوں کہ کم پڑھا لکھا طبقہ بھی اُسے پڑھ اور سمجھ سکے۔

﴿15﴾ دعوتِ اسلامی عوامی تحریک ہے۔

﴿16﴾ جامعاتُ المدینہ کے اساتذہ مُہلکات کی کُتب کی فہرست بنا کر طَلَبہ کو آہستہ آہستہ یہ کُتب پڑھتے رہنے کی ترغیب دلائیں۔

﴿17﴾ لائبریرین (لائبریری ذمہ دار) فقط لائبریری میں رہتے ہوئے علمِ دین حاصل نہیں کر سکتا جب تک اِن کُتب کو نہ پڑھے۔

﴿18﴾ لائبریرین (لائبریری ذمہ دار) کو حُسنِ اخلاق اور مدنی حلیے والا ہونا چاہیے۔

﴿19﴾ تصوف کی کُتب پر کام کرنے والے اسلامی بھائیوں کی زندگیوں میں حیرت انگیز تبدیلی آنی چاہیے۔

﴿20﴾ میری خواہش ہے کہ تمام علمیہ والے اسلامی بھائی مدنی حلیے میں رہیں۔

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 فروری 2015ء |

﴿1﴾ تھکن کا ایک علاج یہ ہے کہ نیم گرم پانی سے غسل کر لیا جائے اور سونے سے پہلے تسبیحِ فاطمہ کا وِرد کیا جائے۔

﴿2﴾ دعوتِ اسلامی کا شعبہ مدنی چینل اہم اور مشہور ترین ہے۔

﴾3﴿ مدنی چینل میں ایک شعبہ اَمرُ بِّالمَعرُوف بنایا جائے۔اس کے اراکین کا سنجیدہ ہونا ضروری ہے۔

﴾4﴿ سنجیدگی اَپنایئے مگر یاد رکھئے مُسکرانا سنجیدگی کے خلاف نہیں۔

﴾5﴿ زبان، آنکھ کا قفلِ مدینہ لگانے والے اسلامی بھائی مُسکرانے کی عادت بنائیں تا کہ لوگ آپ کے قریب آئیں۔

﴾6﴿ کسی جگہ مدنی ماحول بنانا چاہتے ہیں تو مذاق مَسْخَری سے مکمل اِجتناب کیجئے۔

﴾7﴿ قہقہہ لگانا ترک کر دیجئے۔

﴾8﴿ میں نے کبھی بھی مفتی دعوتِ اسلامی مفتی محمد فاروق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو مذاق مسخری کرتے نہیں دیکھا۔

﴾9﴿ حُسنِ اخلاق کے مدنی پھول: جب بھی کسی سے مِلیں تو آتے جاتے سلام میں پہل کریں۔ سامنے والے سے آپ اور جی کہہ کر بات کریں اور زبان سے ''تُو'' نکل جائے تو فوراً ایک بار دُرودِ پاک پڑھنے کی عادت بنالیں۔اُونچی آواز میں بات نہ کی جائے۔ بات چیت کے درمیان حسب موقع مُسکرانے کی عادت بنائیں۔ مذاق مَسْخَری، طنز اور دِل آزاری سے بچیں۔ جب کسی کی تعزیت یا عیادت کریں تو اپنے چہرے پر غم کے آثار ظاہر کریں۔

﴾10﴿ کارکردگی کا مضبوط نظام ہونا چاہئے۔

﴾11﴿ بیرونِ ملک جب بھی کوئی بڑا مبلغ جائے، اجتماعات کرے تو اجتماع کے شرکاء کو سنبھالنے کے لیے مدنی قافلوں کا سلسلہ بھی ضرور ہو۔

﴾12﴿ اے کاش! دنیا بھر میں میرے جیتے جی مدنی قافلوں کا مدنی جال بِچھ جائے۔

﴾13﴿ ایک گناہِ صغیرہ بھی جہنم میں جانے کا سبب بن سکتا ہے۔

﴾14﴿ ماتحت سے غلطی ہو جانے پر جھاڑنے، ڈانٹنے کے بجائے پیار محبت سے سمجھائیں۔

﴾15﴿ جب اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی کی جاتی ہے تو میرا دَل جلتا ہے۔

﴾16﴿ اگر مدنی قافلے جدوَل کے مطابق سفر کریں تو مدنی انقلاب آجائیگا۔

﴾17﴿ بیرونِ مُلک مدنی قافلوں میں سفر کی خواہش رکھنے والے عاشقانِ رسول پہلے اپنے مُلک میں رِہ کر

مدنی کام کرنے کی عادت بنائیں۔

﴾18﴿ یہ سمجھ لینا کہ ''میں نے بہت مدنی کام کرلیا ہے'' کمزوری کی علامت ہے۔

﴾19﴿ سلام میں پہل کرنا اِزدیادِ حُب (محبت بڑھانے) کا باعث ہے۔

﴾20﴿ بچوں کو ''ٹاٹا'' نہ سکھایئے بلکہ فِی اَمانِ اللّٰہ، خدا حافظ یا اللہ حافظ یاد کروایئے۔

﴾21﴿ جامعۃ المدینہ کے طلباء (پہلے درجے) سے ہی مدنی کام کرنے کی عادت بنائیں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴾22﴿ جو دو کشتیوں میں پاؤں رکھ کر چلتا ہے، وہ ڈوب جاتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کو مضبوطی سے پکڑ لیں۔ یَک دَر گیر مُحکَم گِیر (ایک دروازہ پکڑ اور مضبوطی کے ساتھ پکڑ)

﴾23﴿ جو چیز بزرگوں سے مَنسوب ہو جائے، اس کا اَدب کرنا کارِ ثواب ہے۔

﴾24﴿ بیانات میں مختلف مدنی کاموں کی نیتیں کروا کر ہاتھ اُٹھوانا اور ہاتھوں ہاتھ نام لکھنا مفید ہے۔

﴾25﴿ کسی بدمذہب کا بیان ہرگز نہ سُنیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 فروری 2015ء |

﴾1﴿ ہر اسلامی بھائی ہر ماہ تین دن مدنی قافلے میں ضرور سفر کرے۔

﴾2﴿ ڈاکٹرز کو چاہیے کہ وہ رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لیے غریبوں اور سَیِّدوں کا علاج مفت یا رعایت کے ساتھ کیا کریں۔

﴾3﴿ بے پردگی سے بے برکتی ہوتی ہے۔

﴾4﴿ فضول بات وہ ہے جس میں دنیا و آخرت کا فائدہ نہ ہو۔

﴾5﴿ اے کاش ہمیں نفسِ مُطْمَئِنَّہ حاصل ہو جائے۔

﴾6﴿ اللہ کرے میرے جیتے جی دنیا کے تمام مدنی مراکز فیضانِ مدینہ کی تعمیرات مکمل ہو جائیں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

《7》 ہماری منزل رِضائے اِلٰہی عَزَّوَجَلَّ حاصل کرنا ہے لہذا ہمیں رضائے الٰہی پانے والے اعمال بَجا لانے ہیں۔

《8》 اگر کسی مریض کا علاج ڈاکٹر کو نہ آتا ہو تو بلا شرم وجھِجَک کہہ دیں کہ آپ کا علاج مجھے معلوم نہیں، اِس طرح لوگوں کی نظر میں آپ کی قدر بڑھے گی۔

《9》 سچی بات میں برکت ہی برکت ہے۔

| ٧جمادی الاولیٰ ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 فروری 2015ء |
|---|---|---|

《1》 اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّہ دعوت اسلامی کی فَعَّال ترین مجلس ہے۔

《2》 علمِ دین حاصل کرنا اوراد و وَظائِف پڑھنے سے افضل ہے۔

《3》 مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''جنّتی مَحَل کا سودا'' خرید کر مطالعہ کیجئے۔ اس رسالے میں انفرادی کوشش میں کی جانے والی غلطیوں کی نشاندہی کی گئی ہے مزید خوف خدا عَزَّوَجَلَّ کی ایسی باتیں ہیں، جنہیں پڑھ کر آپ کا دل مَچل دہل جائے گا۔

《4》 جب بُزُرگوں کی بارگاہ میں جائیں تو اللہ تَعَالٰی کی رضا کی نیت کر لیا کریں، کوئی دنیاوی مقصد نہ ہو۔ بانیِ سِلْسِلہ سُہرَوَرْدِیہ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ حضور غوث پاک رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ کے زمانے کے جلیل القدر بُزُرگ ہیں۔

《5》 سخت چاول بنانے کے بجائے نرم چاول (نرم پلاؤ) بنایا کریں کہ سنت کے مطابق تین انگلیوں سے کھانا آسان ہوگا اور یہ ہضم بھی جلد ہوں گے۔

《6》 ماں کی قدر کریں، اس کا کوئی نِعْمَ الْبَدَل نہیں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

《7》 بُزُرگوں کی تحریر میں برکت ہوتی ہے۔

﴿8﴾ عملیات کا شعبہ بہت نازک ہے، اِس میں حُبِّ جاہ (شہرت ومرتبے کی محبت) سے بچنا بہت مشکل ہے۔

﴿9﴾ اگر عامل خالی پھونک بھی مارے تو وہ بھی اَثر کرتی ہے۔

﴿10﴾ باعمل عُلَماء ومفتیانِ کرام کی اَشَد ضرورت ہے۔

﴿11﴾ شہر میں ایک طَبیب کا ہونا فرضِ کفایہ ہے۔

﴿12﴾ تَسہیلِ کُتُب کے اسلامی بھائی کو اَمین ہونا چاہیئے کہ کتاب میں جو اِعرابی غلطیاں آئیں وہ سب کو بتاتا نہ پھرے۔

﴿13﴾ جس کام کی پوچھ گچھ نہ کی جائے تو وہ پہلے کمزور پڑتا ہے پھر مِٹ جاتا ہے۔

﴿14﴾ لواحقین میں سے ایک ایک فرد کی تعزیت کرنا سُنّت ہے۔

﴿15﴾ میں کُتُب ورَسائل لکھنے میں بہت باریک بِیْنی سے کام لیتا ہوں۔

﴿16﴾ بیان کرنا مشکل کام ہے۔

﴿17﴾ دُرست نقل کرنے کیلئے عقل کی حاجت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 27 فروری 2015ء |

﴿1﴾ ہمیشہ آخرت کے فائدے والا کام کرنا چاہیئے۔

﴿2﴾ اَجیر اسلامی بھائی اپنی تنخواہ میں سے ایک دو دِن کی کٹوتی اِس نیت سے کروادیا کریں کہ شاید کام میں کمی رِہ گئی ہو اور کبھی کبھی رَضا کارانہ طور پر ایک دو گھنٹے کام کردیا کریں۔

﴿3﴾ ہماری زندگی کا مقصد ''رقم جمع کرنا'' نہیں ہونا چاہیئے۔

﴿4﴾ مُطالعہ علمِ دین کی جان ہے۔

﴿5﴾ مطالعہ اِس طرح کریں کہ سمجھ میں آئے۔

﴿6﴾ جہاں بھی جائیں ''مدنی حُلیے'' میں جائیں، یہ خاموش تعارف ہے۔

﴾7﴿ چھپکلی اگر کسی مائع (ایسی پتلی چیز جو بہہ سکتی ہو) شے میں گِر کر پھٹ جائے تو اُس کو زہریلا بنا دیتی ہے اور ایک چھپکلی میں موجود زہر سے سو آدمی مر سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 فروری 2015ء |

﴾1﴿ کوئی مُبلِّغ بیان کر رہا ہو اور کوئی مُعَزَّزِ دینی آجائے تو حاضرین کو اُٹھنا نہیں چاہیئے۔

﴾2﴿ اچھی آواز کی تمنا نہ کی جائے کہ اچھی آواز والوں کو حُبِّ جاہ (عزت و مرتبے کی محبت) سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

﴾3﴿ اچھی آواز کی طلب اپنے آپ کو امتحان میں ڈالنے والی بات ہے۔

﴾4﴿ مدنی مُنّے چھوٹے چھوٹے کام اپنے ہاتھ سے کرنا سیکھیں۔

﴾5﴿ مجھے بچپن میں جیب خرچی کے لیے ایک پیسہ ملتا تھا۔

﴾6﴿ بچوں کو بچپن سے جیب خرچی دینا شروع نہ کریں، گھر میں ہی کھانے کی چیزیں بنا کر دیا کریں۔

﴾7﴿ تلی ہوئی چیزیں کئی بیماریاں پیدا کرتی ہیں۔

﴾8﴿ وطن کی محبت ہونی چاہیئے۔

﴾9﴿ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَةُ اللهِ تعالیٰ علیہ عالمِ ربانی ہیں۔

﴾10﴿ بچوں کو کارٹون نہ دِکھایا کریں، ان کی ضِد کے سامنے ہتھیار نہ ڈال دیں۔

﴾11﴿ مدرسۃ المدینہ کے مدنی مُنّوں سے والدین پوچھتے رہیں کہ کتنا قرآن مجید حِفْظ کر لیا ہے؟ کون سی سنت سیکھی ہے؟ اس طرح ان کی حوصلہ اَفزائی ہوگی۔

﴾12﴿ بچوں کو کھٹی میٹھی ٹافیوں کی عادت نہ ڈالی جائے۔

﴾13﴿ کھجور اور شکر کے پیکٹ بنا کر گھر میں رکھ لیں اور دن میں ایک دو مرتبہ دیا کریں۔

﴾14﴿ بچے کو دوسرے بچے پر ظلم کرنے کی اجازت نہیں۔

﴾15﴿ میری طرف سے مَدَنی مُنّوں کو موبائل فون رکھنے کی اجازت نہیں۔

﴾16﴿ مدنی مُنّوں کو گھر سے مدنی عطیات لانے کی ترغیب دلائیں اور مدنی منے نہ لائیں تو انھیں شرمندہ نہ کریں۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴾17﴿ مدنی منوں کی نَس نَس میں سُنیت داخل کریں۔

﴾18﴿ قاری صاحب درجے میں روزانہ ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں۔

﴾19﴿ قاری صاحِبان مدنی مُنّوں کے سَر پَرستوں پر انفرادی کوشش کرتے رہیں تاکہ مدنی منے مدرسہ سے فراغت کے بعد بھی مدنی ماحول سے وابستہ رَہیں۔

﴾20﴿ یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! جو ناظمین و مدرسین اپنے مدارس و جامعات المدینہ کو خودکفیل بنانے کی کوشش کریں، اُن سب کی بے حساب مغفرت فرما اور اُن سب کو اُس وقت تک موت نہ دے، جب تک میٹھا مدینہ نہ دیکھ لیں اور پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ وَاٰلِہٖ وسلَّم کے قدموں میں جَنّت البقیع میں جگہ عطا فرما۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ جمادی الاولی ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | یکم مارچ 2015ء |

﴾1﴿ مدنی مشورے میں آنے والے اسلامی بھائیوں کے سامنے نہ آنے والوں کو کوسنے کی بجائے آنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

﴾2﴿ اپنی مَجلِس کی ضرورت کے اِسلامی بھائی خود ڈھونڈیں۔

﴾3﴿ نگران اسلامی بھائی نگران بھی رہے اور خادم بھی۔ (یعنی موقع پڑنے پر اپنے ہاتھ سے خود بھی کام کرے)

﴾4﴿ پُرانے اسلامی بھائیوں کو فعّال کرنے میں وقت لگتا ہے جبکہ نئے نئے اسلامی بھائی جلد مُتَحرِّک ہوجاتے ہیں۔ پُرانوں پر انفرادی کوشش جاری رکھیں اور نئے اسلامی بھائی بھی تلاش کریں، تربیت کریں اور انھیں ذمہ داریاں سونپیں۔

﴾5﴿ میں اپنے گھر، پیر کالونی سے فجر میں فیضانِ مدینہ آتے ہوئے صدائے مدینہ لگاتا تھا۔

﴾6﴿ بغیر مِٹے کام نہیں ہوگا کہ دانہ خاک میں مِل کر گُلِ گُلزار ہوتا ہے۔

﴾7﴿ ٹیسٹ مجلس جُمُعَہ پڑھانے کے اَہل اسلامی بھائی کا ٹیسٹ لینے کے بعد جمعہ پڑھانے کی اِجازت کیلئے مفتی صاحب کے پاس جانے کا مشورہ دیں۔

﴾8﴿ مدنی عطیات مانگنے میں شرمانا نہیں چاہیے ورنہ جامعات و مَدارسُ المدینہ کیسے چلیں گے؟

﴾9﴿ گجراتی کَہاوَت کا اُردو ترجمہ ہے: جو بولتا ہے اُس کا سودا بِکتا ہے۔

﴾10﴿ جس پر کوئی ذمہ داری ہو اُس کو اپنے کام کی فکر کرنی چاہیے۔

## آف ائیر مدنی مذاکرے کے مدنی پھول

﴾11﴿ مدنی قافلوں میں جدول پر ضرور عمل ہونا چاہیے۔

﴾12﴿ مجھے ایسے مدنی قافلے چاہئیں، جس میں سفر کرنے والے اسلامی بھائی واپس آ کر دعوتِ اسلامی کو فائدہ دیں۔

﴾13﴿ مدنی قافلے سے لوٹنے والا اِن اوصاف کا حامِل ہو جانا چاہیے، بے نمازی تھا تو جماعت کیساتھ نماز کی عادت بن جائے اور تلاوتِ قرآن کرنے والا اور مدنی قافلوں میں سفر کرنے والا ہو جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 مارچ 2015ء |

## آف ائیر مدنی مذاکرہ

﴾1﴿ مفتیِ اعظم پاکستان وَقارُ المِلَّت مفتی وقار الدین قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بہاری تھے۔

﴾2﴿ اپنی گفتگو پر غور و فکر کیا کریں کہ میں نے کیا اور کیوں بولا؟

﴾3﴿ لوگوں کی نفسیات کے مطابق کام کریں اور بحث سے گُریز کریں۔

﴾4﴿ ایسا بولیں کہ سامنے والے کو آپ کے مزید بولنے کی خواہش ہو۔

﴾5﴿ سنجیدہ اور با اخلاق شخص کی بات ہر کوئی مانتا ہے۔

﴾6﴿ اپنی غلطی کو ماننے کیلئے اَنَا (مَیں) کو فَنا کرنا ہوگا۔

﴾7﴿ سوال کیا جاتا ہے پوچھا نہیں جاتا کیونکہ سوال کا مطلب ہی پوچھنا ہے۔

﴿8﴾ آپ کو کوئی ایسا فرد نہیں ملے گا جس سے میں نے اپنے نَفْس کی خاطر انتقام لیا ہو۔

﴿9﴾ ہمارا ایک جملہ کسی کو تباہ کرسکتا ہے اور کسی کی نَسلوں کو سَنْوار سکتا ہے۔

﴿10﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ میں اپنے اندر نرمی بڑھتی محسوس کر رہا ہوں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کا اِس پر بے حد شکر ہے۔

﴿11﴾ اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے جلد دعوتِ اسلامی کی دارالمدینہ یونیورسٹی بن جائے۔

﴿12﴾ نماز میں خوش اِلحانی کے بجائے دُرست خوانی کی کوشش کیجئے۔

﴿13﴾ اُستاذ کو اپنے طلباء کی نفسیات پَرَکھنا آنا چاہیئے۔

﴿14﴾ سندِ حدیث کی طرح درسِ نظامی اور تخصص سے فراغت کی سند پر اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ اور دعوتِ اسلامی کے بارے میں حلفًا دستخط لینے چاہئیں تاکہ آئندہ کوئی مسئلہ نہ ہو۔

﴿15﴾ دعوتِ اسلامی کے مُدرِّس کو اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کے ''اَقْوال'' پر آنکھیں بند کرنے والا ہونا چاہیئے۔ اِحیاءُ العلوم انسان بنانے والی کتاب ہے۔

﴿16﴾ میں نے اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کے ٹکڑے کھائے ہیں، اِس لئے اُن کے گُن گاتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 مارچ 2015ء |

## آف ائیر مدنی مذاکرہ

﴿17﴾ دو کا اِشارہ کرتے ہوئے ''وِی'' کا اِشارہ نہ بنائیں کہ یہ ایک سیاسی نعرے کا اِشارہ ہے۔

﴿18﴾ ہم اپنے بدن کے مالک نہیں ہیں کہ اس پر غیر شرعی تَصَرُّفات کریں۔

﴿19﴾ جس کا ہاتھ چوما جاتا ہے اُس کو ایسی لَذَّت حاصل ہوتی ہے جو کسی غذا سے نہیں ملتی۔

﴿20﴾ اپنے ہاتھ چُموانے والا اپنے آپ کو امتحان پر پیش کرتا ہے۔

﴿21﴾ کردار کی نیکی کی دعوت سب سے زیادہ اہم ہے کیونکہ کردار کی نیکی کی دعوت گُفتار کی نیکی کی دعوت سے

زیادہ مُتاثِّر کُن ہے۔

﴾22﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! دعوتِ اسلامی نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے، اگر کوئی ہمیں سونے کا ڈھیر بھی دے تو دعوتِ اسلامی کو چھوڑ کر اُس طرف نہیں جانا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴾23﴿ سوشل میڈیا لاعلاج مرض ہے۔

﴾24﴿ میری خواہش ہے کہ ساری شوریٰ مدنی اسلامی بھائیوں پر مُشتمل ہو۔

﴾25﴿ اپنی مَصلِحتیں نہ چلائیں بلکہ مدنی مرکز کے طریقہ کار کے مطابق مدنی کام کریں۔

﴾26﴿ مجھے طلباء وعُلماءِ دین سے پیار ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 مارچ 2015ء |

﴾1﴿ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے قفلِ مدینہ لگانے والے طُلَباء پڑھتے بھی ہیں اور مدنی کام بھی کرتے ہیں۔

﴾2﴿ کاش! طُلَباء اور اساتذہ سفید چادر اُوڑھ کر پڑھیں اور پڑھائیں۔

﴾3﴿ مُبلِّغ جہاں بھی جائے مبلغ ہی ہوتا ہے۔

﴾4﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! میں بیدار ہو کر بھی مسواک کرتا ہوں۔

﴾5﴿ شیروانی کالر مدنی حُلیے میں شامل ہے مگر مجھے طبعی طور پر پسند نہیں۔

﴾6﴿ اگر کوئی مسلمان ہونے کا کہے تو اُسے فوراً مسلمان کرنا فرض ہے۔

﴾7﴿ مفتی قاسم صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کا ہفتہ وار اجتماعات میں المدینۃ العلمیہ کا تیار کردہ بیان کرنا متاثر کُن ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 مارچ 2015ء |

﴾1﴿ درود وسلام کثرت سے پڑھنا چاہئے، جتنا پڑھیں کم ہے۔

﴾2﴿ رسالہ ''جوانی کیسے گزاریں؟'' کھانا پینا چھوڑ کر پڑھنے والا ہے۔

﴾3﴿ ہر اسلامی بھائی اور بہن رسالہ ''جوانی کیسے گزاریں؟'' کم از کم بارہ عدد خرید فرما کر جوانوں بلکہ تمام

مدارس المدینہ، جامعۃ المدینہ، اسکولوں اور کالجوں میں لنگر (تقسیم) کریں۔

﴾4﴿ میرے خاندان کے زیادہ افراد کولمبو میں ہیں۔

﴾5﴿ پشتو رَسائل اردو سے زیادہ لنگر (تقسیم) کرنے کی حاجت ہے۔

﴾6﴿ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ ہم نیکیاں کریں تو وہ خوش ہوتا ہے۔

﴾7﴿ بارہ روزہ مدنی کورس "کردار ساز" ہے۔

﴾8﴿ تمام مُشاوَرَتوں اور شُعبوں کے نگران و ذمہ داران (ذیلی تا شوریٰ) ہر ماہ تین دن کے مدنی قافلوں میں سفر کیا کریں، پہلے سے طے کر کے دوسروں کو دعوت دیں گے تو بہت فائدہ ہوگا۔ (تمام دعوت اسلامی والے اسی طرح کریں)

﴾9﴿ مجھے مدنی قافلوں اور ان کے مسافروں سے پیار ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 مارچ 2015ء |

﴾1﴿ اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ بھی چڑیا گھر نہیں جانا چاہئے کہ وہاں مردوں عورتوں کا اِختِلاط ہوتا ہے۔

﴾2﴿ بُزُرگانِ دین ہر قسم کی چیزیں دیکھ کر عبرت کے مدنی پھول چُن لیتے تھے۔

﴾3﴿ کسی شہر میں کوئی وَبا پھیل جائے تو آبادی کے باہر اذانیں دی جائیں اور صدقہ و خیرات کی کثرت کی جائے۔

﴾4﴿ جان کے صدقے میں بکرا اور اس کی اِستِطاعت نہ ہو تو مرغی ذَبْح کی جائے کہ جان کے صدقے میں "خون بہانا" بہتر ہے۔

﴾5﴿ دنیا میں لاکھوں کروڑوں لوگ کسی نہ کسی طرح دعوتِ اسلامی سے وابَستہ ہیں۔

﴾6﴿ مدینۃ الاولیا چٹا گانگ کے سنتوں بھرے اجتماع میں مدینۃ الاولیاء ملتان کے بین الاقوامی سنتوں بھرے اجتماع کی جھلک تھی۔

﴾7﴿ پاکستان میں رمضان ۱۴۳۶ھ میں ۳۰ دن کا اعتکاف ۱۲۶ مقامات اور آخری عشرے کا چار ہزار مقامات پر کرنے کا ہدف ہے۔

﴾8﴿ دعوتِ اسلامی والوں کا موبائل فون کے ذریعے گروپ فوٹو بنوانا حماقت ہے۔اس سے دعوتِ اسلامی پر تنقید کا دروازہ کھلتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21مارچ2015ء |

﴾1﴿ مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''احترام مسلم'' پڑھ کر ایک غیر مسلم مسلمان ہو گیا،اس کا مطالعہ کیجئے اور دھوم دھام سے اس کو لنگر (تقسیم) کیجئے۔

﴾2﴿ **اللہ** والوں کے دلوں پر **اللہ** تَعَالٰی کی رحمتوں اور انوار تجلیات کی بارش ہوتی ہے۔

﴾3﴿ لال بیگ نقصان پہنچانے والا کیڑا ہے،اسے مارنا جائز ہے۔

﴾4﴿ گناہوں کی بیماری لگ جائے تو اس کے علاج کے لیے مدنی مرکز فیضان مدینہ بہترین ''اسپتال'' ہے۔

دعوت اسلامی کا مدنی کام کرنے والے عالم مجھے بہت پسند ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28مارچ2015ء |

﴾1﴿ مجلس عُشر واطراف گاؤں اور کسان مکتبۃ المدینہ کے رسالہ ''عُشر کے احکام'' کا مطالعہ کریں،بہت مفید ہے۔

﴾2﴿ آجکل گناہوں کا سیلاب آیا ہوا ہے **اللہ** تَعَالٰی ہمیں گناہوں سے بچائے۔

﴾3﴿ جس جس گناہ کا صُدور ہو سکتا ہے اس کے بارے میں معلومات ہونا ضروری ہے۔

﴾4﴿ ہر ایک کو اپنے اپنے دائرہ کار میں تو شہرت وعزت ملتی ہے لیکن یہ خواہش رکھنا کہ میری شہرت وعزت بڑھ جائے اچھا نہیں۔

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ جُمادَی الاخری ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4اپریل2015ء |

﴾1﴿ ہم اپنے دِل میں خوفِ خدا پیدا کرتے ہوئے احکامِ شرعی پر عمل کرنے کے لیے طبیعت میں حساسیّت پیدا کریں۔

﴿2﴾ ظاہری و باطنی آداب کی درستی کے ساتھ نماز ادا کرنے والا لاکھوں میں ایک ہوگا۔

﴿3﴾ ہمیں شریعت پر عمل کرنے کے لیے حساس طبیعت بنانی ہوگی۔

﴿4﴾ ہمارے ہزاروں اچھے کام، ثواب کی نیت نہ کرنے کی وجہ سے محض مباح ہوتے ہیں۔ (یعنی وہ کارِثواب نہیں بنتے)

﴿5﴾ نماز سے پہلے وہ تمام چیزیں جو خشوع سے مانع (یعنی رُکاوٹ) ہوں، انہیں دُور کریں، حتّٰی کہ سفید چادر اوڑھنے سے بھی خشوع نہ آتا ہو تو اُتار دیں۔

﴿6﴾ بڑوں کی باتیں، بڑی ہوتی ہیں۔

﴿7﴾ عمدہ خوشبو سے عقل بڑھتی ہے، اس لیے عمدہ خوشبو اس نیت سے لگائیے کہ عقل بڑھے گی تو دینی مسائل سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

﴿8﴾ ''حاجی صاحب'' کہنے کے بجائے حاجی کے ساتھ نام بھی لیں، مثلاً حاجی عمران، حاجی امین وغیرہ۔

﴿9﴾ جب نام لیا جائے تو نسبت بھی ذکر کیا کریں۔ (نگرانِ شوریٰ)

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11 اپریل 2015ء |

﴿1﴾ تمام ذِمّہ داران رِسالہ ''کفن کی واپسی'' (ترمیم شدہ) کا مُطالعہ ضرور کریں۔

﴿2﴾ کاش! ہم زبانی دعووں کے بجائے عملی طور پر عاشقِ رسول بن جائیں۔

﴿3﴾ تمام ذِمّہ داران جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کریں، اس کے دوران دیگر مدنی کاموں کی ترکیب نہ بنائیں۔

﴿4﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے ۲۲ جمادی الاخری ۱۴۳۵ھ، یومِ صدیق اکبر کی تعظیم کی نیّت سے دُھلے ہوئے کپڑے، عمامہ اور چادر استعمال کی اور نیاز و ایصالِ ثواب کا اہتمام بھی کیا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 اپریل 2015ء |

﴾5﴿ ”کفن کی واپسی“ رسالہ پڑھنے سے رجبُ المرجب میں عِبادَت کا ذَوق پیدا ہوتا ہے۔

﴾6﴿ اِسلامی بہنوں کو مدنی کورس کی برکتیں مل جائیں تو گھر اَمْن کا گہوارہ بن جائے گا۔

﴾7﴿ نیک اعمال پر استقامت کے لیے ابتداً بالجبر نفس کو نیکیوں کی طرف گامزن کرنا پڑتا ہے۔

﴾8﴿ ہر اِسلامی بھائی اور اِسلامی بہن زندگی میں کم ازکم ایک مرتبہ 12 روزہ مدنی کورس ضرور کریں، کیونکہ یہ کِردار ساز کورس ہے۔

﴾9﴿ جن جن اِسلامی بھائیوں اور اِسلامی بہنوں سے ہو سکے، مدنی کورس کے معلم ومعلّمہ بننے کی کوشش کریں۔

﴾10﴿ گناہوں کے سبب بُرے خاتمے کا خوف ہے۔

﴾11﴿ بِلا ضرورت ”سرکار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی زَوجہِ محترمہ“ کہنے کے بجائے اُمُ المومنین کہا جائے۔

﴾12﴿ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابَستہ اِسلامی بہنوں میں مدنی برقع رائج ہے، اِس لیے اِسی کی ترغیب دلائی جاتی ہے۔

﴾13﴿ اِسلامی بہنیں آپس میں صوتی پیغام (Voice Message) کا تبادلہ نہ کیا کریں۔

﴾14﴿ ایمبولینس کی آواز اپنے اندر عبرت رکھتی ہے۔

﴾15﴿ اپنے گھر میں دو چار جگہ ”**اللہ دیکھ رہا ہے**“ لکھ کر لگا دیں۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکتیں خود دیکھ لیں گے۔

﴾16﴿ مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ”**طلاق کے آسان مسائل**“ کا ضرور مُطالَعہ کیا جائے۔

| ٦ رجب المرجب ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 اپریل 2015ء |
|---|---|---|

﴾1﴿ مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ اسٹیکر ”**اللہ** دیکھ رہا ہے“ کمرے میں ایسی جگہ لگائیں، جہاں نظر پڑتی رہے۔

﴾2﴿ مُبلِّغ کے لیے حکمتِ عملی جاننا ضروری ہے۔

﴾3﴿ مُخاطَب کے ظرف کے مطابق گفتگو کی جائے۔

﴾4﴿ ”خَیرُ الْکَلامِ قَلَّ وَدَلّ“ یعنی بہترین گفتگو وہ ہے جو مختصر اور پُر دلیل ہو۔

﴿5﴾ کامیاب مُبلِّغ ،مقرِر اور خطیب وہ ہے، جولوگوں کی نفسِیات اور ایسے الفاظ سے بیان کرے کہ لوگوں کو سمجھ آئے۔

﴿6﴾ خطیبِ اعظم پاکستان مولانا محمد شفیع اوکاڑوی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بہت خوش اِلحان تھے،کئی گھنٹوں بیان کی صلاحیّت رکھنے کے باوجود غالباً لوگوں کی نفسِیات سے آگاہی کی وجہ سے، ڈیڑھ/ دو گھنٹے میں اپنا بیان سمیٹ لیتے تھے۔

﴿7﴾ بیان میں مشکِل الفاظ بول کر لوگوں کو اپنے آپ سے مُتاثِر (مُ۔تَ۔اَ۔ثِر) کرنے کے بجائے، انہیں گناہوں سے توبہ پر مائل کرنے کے لیے آسان بیان کیجئے۔

﴿8﴾ جب تک سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مکمل پیروی نہیں کریں گے تو بَرَکت کیسے حاصل ہوگی؟

﴿9﴾ ہفتہ وار اجتماع میں ذِکر سے پہلے اور بعد میں جو دَرُودُ وسلام کے صیغے پڑھائے جاتے ہیں، تو یہ اِعلان کیا کریں کہ گیارہ گیارہ (11,11) مرتبہ دَرُودُ وسلام پڑھ لیجئے۔

﴿10﴾ میں فوٹو کے خلاف ہوں، جنہوں نے اپنے گھر وغیرہ میں میرا فوٹو رکھا ہے، میں اُن سے ناراض ہوں، فوراً سے پہلے فوٹو اپنے گھروں سے نکال دیں۔ (یعنی فوٹو کو ضائع کردیں اور توبہ بھی کریں)

﴿11﴾ میں (امیرِ اہلسنّت) نے کسی کاروباری کمپنی کی نہ تائید کی اور نہ ہی پارٹنر شپ کی، کوئی بڑی سے بڑی شخصیت بھی دعویٰ کرے تو انکار کردیجئے، میری تنظیم صرف دعوتِ اسلامی ہے، میں صرف دعوتِ اسلامی والا ہوں۔

﴿12﴾ بغیر مدنی قافلوں کے دُور دُور مدنی کام کیسے پھیلے گا؟ اور خود اپنی تربیت کیسے کریں گے؟

﴿13﴾ مدنی مشورہ یا اجتماع، کسی مریض کی عیادت، مزار پر حاضری 3 دن کے بعد ہو، مدنی قافلہ جدول کے مطابق ہی ہونا چاہیئے۔

## تربیتی اجتماع 26 اپریل بعدِ مدنی مذاکرہ

﴿14﴾ اپنی شخصیت نہیں دعوتِ اسلامی کو آگے بڑھانا ہے۔

﴿15﴾ دعوتِ اسلامی مدنی چینل کی محتاج نہیں۔

﴿16﴾ رسالہ **''شیطان کے بعض ہتھیار''** 92 دن میں ایک بار ضرور پڑھ لیا کریں۔

﴿17﴾ دینی کاموں کے لئے چندے کا کہنا سنّت ہے۔

﴾18﴿ ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کو 12 مدنی کام یاد ہونے چاہئیں۔

﴾19﴿ جب کسی کو مدنی عطیات کے لئے کہیں تو اُنہیں دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کی بہاریں مثلاً جیلوں میں مدنی کام، قیدیوں کا قبولِ اسلام وغیرہ بتائیں، آپ چند مدنی بہاریں یاد کرلیں، موقع کی مناسبت سے سناتے جائیں۔

﴾20﴿ مدنی عطیات دینے والے بعض مسجد بنانے میں دلچسپی رکھتے ہیں اور بعض لنگرِ رضویہ میں۔

﴾21﴿ رمضان المبارک میں اعتکاف میں کروڑوں روپے کے اخراجات ہوتے ہیں۔

﴾22﴿ لنگرِ رضویہ رمضان کے لئے مخصوص نہ کیجئے گا۔

﴾23﴿ کتاب **"چندے کے بارے میں سوال جواب"** پڑھ لیں، کوئی اِشکال ہو تو دارالافتاء اہلسنّت سے رجوع کریں۔

﴾24﴿ حِیلہ کرنے کی ہر ایک کو اجازت نہیں۔

﴾25﴿ ہر اسلامی بھائی مدنی عطیات جمع کرنے کا کچھ نہ کچھ ہدف رکھ لے۔

﴾26﴿ ہدف لیتے وقت اچھی نیت نہ ہو تو ثواب نہیں ملے گا۔

﴾27﴿ ہر رکنِ شوریٰ اعتکاف کرے، کابینات کے ذمہ داران بھی اعتکاف کریں، چھوٹے بڑے ذمہ داران اعتکاف کریں تو اس کی کمائی پورا سال کھائیں گے۔

﴾28﴿ جسے رمضان المبارک میں مدنی عطیات جمع کرنے ہوں یا کوئی اور مدنی کام اُس کے ذمہ ہوں، وہ مدنی کاموں سے فارغ ہو کر پھر اعتکاف میں آجائیں، گھر نہ جائیں۔

﴾29﴿ میں نے نور مسجد بابُ المدینہ (کراچی) میں پہلا اعتکاف بڑی مشقت کے ساتھ کیا تھا۔

﴾30﴿ بعض اعتکاف والے ایسے ہوتے ہیں، جو ہر سال آتے ہیں، مگر کورے کے کورے، ان کو مدنی حلقوں میں بٹھائیں، انفرادی کوشش کریں۔

﴾31﴿ نفس کو مشقت کی عادت ڈالیں۔

﴾32﴿ دعوتِ اسلامی کا مدنی کام، غریبوں نے غریبوں کے انداز پر کیا۔

﴿33﴾ میں سفر سے واپسی پر لوگوں کے پاؤں پکڑ کر معافی مانگتا تھا۔

﴿34﴾ میں نے کبھی ٹرین یا بس میں دعوتِ اسلامی کے خرچ پر سفر نہیں کیا، میرا شروع ہی سے ذہن بنا ہوا ہے کہ دعوتِ اسلامی کو دینا ہے لینا نہیں۔

﴿35﴾ مدنی کام کے لئے جو پورا کرایہ نہیں دے سکتا تو آدھے کرائے کی ترکیب کرلے یا اپنے پلّے سے کھانا کھالے۔

﴿36﴾ کیا رسالہ بھی لنگرِ رسائل سے پڑھیں گے، ہر گز جیب سے رسالہ مفت کا۔

﴿37﴾ مجاہدین اپنا گھوڑا، اپنی تلوار اور پھر اسلام کی خاطر اپنی جان بھی قربان کردیتے تھے۔

﴿38﴾ اپنے گھر میں مدنی عطیات بکس کی ترکیب کریں، چاہیں روزانہ 1 روپیہ ہی ڈالیں۔ (نابالغ ذاتی رقم نہ ڈالیں)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 مئی 2015ء |

(1)...... ماں باپ کو چاہئے کہ وہ بچوں کو پیار اور حکمتِ عملی سے سمجھائیں، بات بات پر جھاڑنا، مارنا اور چیخ چیخ کر سمجھانا، اُنہیں باغی بنا سکتا ہے۔

(2)...... بچوں سے جھوٹ بولنے والے بُرے لوگ ہیں، اِن میں ستارۂ حماقت تقسیم کرنا چاہئے کہ وہ اپنے ہاتھوں سے بچوں کے اخلاق تباہ کرتے ہیں۔

(3)...... بچوں کو ڈرانا کہ ''باؤ آگیا، جنّ کھا جائے گا، فقیر اُٹھا کرلے جائے گا، بوری والا پکڑلے گا'' وغیرہ جملے بولنے سے وہ بُز دِل ہو جائیں گے۔ بچوں کو بُز یعنی بکری کے دِل والا نہیں بلکہ شیر دِل (بہادُر) بنانا ہے۔

(4)...... بچوں کو جنّ پریت کی کہانیاں نہ سُنائی جائیں، بہادروں کے قصے سنایئے۔

(5)...... بچوں کا دِل مضبوط ہوگا تو عبادت اچھی کریں گے، بُز دِل (بڑے ہوکر بھی) عبادت میں سستی کرتے ہیں۔

(6)...... ڈرپوک کی صحت بھی خطرے میں ہوتی ہے۔

(7)...... تھکن اور بھوک میں غم کی خبر پر صدمہ زیادہ ہوتا ہے۔اس حالت میں کسی کی وفات کی خبر دینے سے اجتناب کیا جائے۔

(8)...... حاجی زم زم عطاری رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ میرے قریب ترین رُفقاء میں سے تھے اور مجھ سے بہت محبت کرتے تھے۔

(9)...... پلاسٹک کے برتن، صحت کے لیے غیر مفید ہیں، کھانے کی چیز اِس میں ڈال کر استعمال کرنے سے کئی برتنوں کے رنگ اور کیمیکل پیٹ میں اُتر جاتے ہوں گے۔

(10)...... پلاسٹک کی بوتل میں پانی (بالخصوص گرمیوں میں) پینے سے اجتناب کیا جائے۔ (جس میں عموماً مِنرل واٹر (مِن۔رَل۔وا۔ ٹَر) ہوتا ہے)

(11)......آبِ زم زم کو عبادت کی نیّت سے دیکھنا بھی کارِ ثواب ہے۔

(12)...... کُفّار سے بھی دھوکا اور لُوٹ مار جائز نہیں۔

(13)......مظلوم کی بددُعا سے بچو، کافر مظلوم کی بددُعا بھی مقبول ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 9 مئی 2015ء |

﴿1﴾ خدمت میں ماں اور تعظیم میں باپ کو ترجیح ہے۔

﴿2﴾ مبلغ کے لیے علم، تحمل و برداشت، نرمی اور حکمتِ عملی ضروری ہے۔

﴿3﴾ مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب'' کا مطالعہ ضروری ہے کہ کفریہ کلمات کے بارے میں علم حاصل کرنا فرض ہے، اگر مطالعہ کر بھی لیا ہے تو وقتاً فوقتاً مطالعہ کرتے رہیں۔ یہ کتاب تحفہ دینے کے لیے بھی بہترین ہے۔

﴿4﴾ عبادت گزار خواتین سے تاریخِ اِسلام بھری پڑی ہے۔

﴿5﴾ نیکیوں اور عبادت میں دِل نہ بھی لگے تو دل لگانے کو شش کیجئے۔

﴿6﴾ جمعرات کو بعدِ مغرب دعوتِ اسلامی کا ہفتہ وار اِجتماع اور ہفتے کو بعدِ عشا ہفتہ وار مدنی مذاکرہ ہوتا ہے، اِن میں شرکت کا معمول بنائیے۔ اِن دو دِنوں میں کوئی گھریلو تقریب نہ رکھی جائے تو مدینہ مدینہ۔

﴿7﴾ ہفتے کو ہونے والے مدنی مذاکرے میں اِجتماعی طور پر شرکت کی جائے۔

﴿8﴾ ایسے 12 بلکہ 25 اسلامی بھائیوں کو تیار کریں کہ وہ اپنے گھر یا قریبی خالی جگہ میں مدنی مذاکرہ دیکھنے دِکھانے کے لیے اجتماعی ترکیب بنائیں ۔ خیرخواہی کی ترکیب کرلیں تو مدینہ مدینہ۔ اس طرح ایک اسلامی بھائی کی باری کافی عرصے بعد آئے گی ۔

﴿9﴾ 25 رجب کو مبلغینِ دعوتِ اسلامی، حاجی اُحد رضا عطّاری اور سجّاد عطّاری مرکزُ الاولیاء (لاہور) میں شہید ہوئے تھے۔ اِن کے ایصالِ ثواب کے لیے مدنی قافلے میں سفر کیا جائے ۔

﴿10﴾ قلم، علم سیکھنے کا آلہ ہے، اِس کا اَدب کیا جائے ۔

| ۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 مئی 2015ء |
| --- | --- | --- |

(1)...... مدینۃُ الاولیاء ملتان کے ذِمہ داران کو مبارَک ہو کہ اُن کے مدَنی مرکز فیضانِ مدینہ میں المدینہ لائبریری کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔

(2)...... اِس میں کوئی وقت مقرر کیا جائے، جس میں کتاب وغیرہ پڑھنے اور گھر لے جانے کی ترکیب ہو۔

(3)...... جس کو کتاب وغیرہ دی جائے، اُسے حکمتِ عملی سے مطالعہ کرنے کی یاد دِہانی بھی کروائی جائے۔

(4)...... میری خواہش ہے کہ دعوتِ اسلامی کے ہر مدنی مرکز فیضانِ مدینہ میں المدینہ لائبریری ہو، لیکن کسی بھی مدنی مرکز میں المدینہ لائبریری قائم کرنے کے لیے مرکزی مجلسِ شوریٰ کی اجازت ضروری ہے۔

(5)...... ہر معاملے میں ہر کسی کا مشورہ مفید نہیں ہوتا۔

(6)...... بعض مشورہ دینے والے مُشِیر (مشورہ دینے والے) نہیں بلکہ آمِر (حکم دینے والے) ہوتے ہیں۔

(7)...... مشورہ مشورہ ہی ہوتا ہے، آرڈر نہیں، اس لیے کوئی قبول نہ کرے تو ناراض نہیں ہونا چاہئے۔

(8)...... عموماً بِن مانگے مشورے مفید نہیں ہوتے۔

(9)...... بندہ بعض اوقات جہالت کی وجہ سے گہری کھائی میں گر جاتا ہے اور معلوم بھی نہیں ہوتا۔

(10)...... دعوتِ اسلامی والے ربیع الآخر میں جلوسِ غوثیہ اور رجب المرجب میں جلوسِ معراج النبی کی ترکیب

چار دِیواری میں بنایا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| 23 مئی 2015ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۵ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ |

(1)......مدنی عطیات اورقربانی کی کھالیں جمع کرتے ہوئے کسی سُنّی اِدارے کی مخالفت اور کاٹ نہ کریں۔

(2)......ہمارا مدنی کام کرنے کا مقصد بھی رِضائے اِلٰہی کا حصول ہے اور وہ بھی رِضائے اِلٰہی چاہتے ہیں۔

(3)......سب سُنی اتفاق واتحاد سے دین کا کام سرانجام دیں۔

(4)......ایک ہی طبیب اور ڈاکٹر سے علاج کروایا کریں، طبیب بدلتے رہنا مفید نہیں۔

(5)......لکھ کر گفتگو کرنے کے لیے قفلِ مدینہ پیڈ اور قلم رکھنے کی حاجت ہوتی ہے، اس لیے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو چاہیے کہ اپنے کُرتے میں جیب بھی رکھا کریں۔

(6)......اے کاش! ہم باحیا بن جائیں۔

(7)......بعض باتیں دِل پر نقش ہو جاتی ہیں۔

(8)......زندہ کی غیبت سے مُردے کی غیبت، زِیادہ ہلاکت خیز وخطرناک ہے۔

(9)...... دعوتِ اسلامی کے ویڈیو مدنی گلدستوں کے علاوہ دیگر ویڈیوز سے اجتناب کریں، کیونکہ ایسی ویڈیوز کی ایک تعداد غیر شرعی افعال پر مشتمل ہوتی ہے۔

(10)......جو اپنے ''اخلاص'' پر مطمئن ہو جائے، اُسے زیادہ اخلاص کی زیادہ ضرورت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 30 مئی 2015ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۱۲ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ |

( 1)......شعبانُ المعظّم میں تمام عاشقانِ رسول ''بحالِ احترامِ رمضان'' کے لیے مدنی قافلوں میں سفر کریں اور گھر گھر دکان دکان جا کر اور انفرادی کوشش کر کے ماہِ رمضان کے روزے رکھنے کی ترغیب دلائیں۔

(2)......اسلامی بہنیں اپنے محارم کو ماہِ رمضان کے روزے رکھنے کی ترغیب دلائیں۔

(3)……ماہِ رمضان کا پمفلٹ ''رمضان میں گناہ کرنے والے کی قبر کا بھیانک منظر'' ایک ایک مسلمان تک پہنچائیے۔

(4)……''روزہ رکھو تحریک'' جاری رہے گی، ''احترامِ رمضان تحریک'' جاری رہے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

(5)……مساجد امن اور نزولِ رحمت کی جگہیں ہیں۔

(6)……اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے ہماری سُنّتِ قبلِیّہ کبھی نہ چھوٹیں۔

(7)……مدنی قافلوں، مدنی انعامات، مکتبۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ بالغان وغیرہ میں لفظِ مدنی اور مدینہ ضرور بولا کریں۔

(8)……دورۂ حدیث یا صرف دورہ کہنے کے بجائے دورۂ حدیث شریف کہا کریں۔

(9)……اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے، دعوتِ اسلامی کے دُشمن توبہ کر کے دعوتِ اسلامی کے مبلغ بن جائیں۔

## مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 جون 2015ء |

(1)……بائیک (موٹر سائیکل) چلانے میں احتیاط کی جائے۔

(2)……ہم نے مدنی چینل کا آغاز اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کے لیے کیا ہے۔

(3)……میں پان کا کبھی عادی نہیں ہوا، شوقیہ پان کھانا بھی چھوڑ دیا کیونکہ یہ اینٹی ذِکرو دُرُود ہے (یعنی اِسے کھاتے رہنے سے کافی وقت ذِکرو دُرُود سے محروم رہنا پڑتا ہے)

(4)……مجھ سے محبت کا دعویٰ کرنے والوں کو پان گٹکا چھوڑنے کی دعوت ہے۔

(5)……وہ عوامل واسباب جو روزہ رکھنے میں رُکاوٹ ہوں، اُن کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیں۔

(6)……اَہلِ علم مدنی قافلہ میں سفر کریں تو کیا بات ہے! اَہلِ علم جس طرح نیکی کی دعوت دے سکتے ہیں عوام نہیں دے سکتے۔

(7)......عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) میں اعتکاف کرنے والا بابُ المدینہ کراچی کا ہو یا کسی اور شہر یا ملک کا، اُس کے پاس اصل شناختی کارڈ ہونا ضروری ہے۔

(8)......اِعتکاف کے لیے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں آنے والے میری ملاقات کا ذِہن لے کر نہ آئیں۔ میں ہزاروں اسلامی بھائیوں سے ملاقات نہیں کرسکوں گا۔ ذِمہ داران بھی اِعتکاف کرنے والوں کو میری ملاقات کا ذہن نہ دیں۔

(9)......عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ میں ہونے والے اعتکاف میں مریضوں، آسیب زدوں اور بچوں کو ہرگز نہ لایئے۔

(10)......ردُّ المحتار اَلمعروف فتاویٰ شامی فقہ حنفی کی اَہم کتاب ہے، ہر سُنّی مفتی اِس کا محتاج ہے۔

(11)......علمِ دین پر مشتمل گفتگو نُزولِ رحمت کا سبب ہے۔

(12)......دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام وہی اعتکاف کرے جو اِجتماعی جدول پر عمل کرنے کا ذِہن رکھتا ہو۔

(13)......جس طرح مسجد کو صاف رکھنا ضروری ہے اسی طرح مسجد کے وضوخانے کو بھی صاف رکھا جائے۔

(14)......آج سے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں 6 دُرُود و سلام اور 2 دُعائیں پڑھانے کی ترکیب ہوا کرے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس دعا کا اضافہ ہوا ہے: ''غَرائِبُ الْقُراٰن'' ص ۱۸۷ پر ایک رِوایَت نَقل کی گئی ہے کہ جو شخص رات میں **یہ دُعاء تین مرتبہ** پڑھ لے گا۔ تو اُس نے گویا **شَبِ قَدْر** کو پالیا۔ لہٰذا ہر رات اِس دُعاء کو پڑھ لینا چاہیئے۔ دُعاء یہ ہے: لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ، سُبْحٰنَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم. یعنی! خُدائے حَلیم و کریم کے سِوا کوئی عِبادت کے لائق نہیں، **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ پاک ہے جو ساتوں آسمانوں اور عرشِ عظیم کا پَروردگار ہے۔ (فیضانِ رمضان ص ۳۳۰)

(15)......پورے ماہِ رمضان میں ہزاروں لوگوں کے اِعتکاف کی مثال نہ پڑھی نہ سنی، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ،

اللہ تَعَالٰی کا دعوتِ اسلامی پر خاص کرم ہے۔

# آف ائیر مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 جون 2015ء |

(**شُرکاء**: طلبہ دورۂ حدیث شریف، بمقام: بیت الفنا)

(1)......اجتماعی اعتکاف میں حلقہ ذمہ دار اسلامی بھائی، اپنے آرام کی قربانی دے کر حلقے کے اسلامی بھائیوں کی تربیت و آرام کا خیال رکھیں۔

(2)......جامعۃ المدینہ میں پڑھنے والے طلبہ دورانِ تعلیم امامت کا ذہن رکھیں، کیونکہ ہمیں بہت مساجد بنانی اور آباد کرنی ہیں۔

(3)......اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ شوال المکرّم ۱۴۳۶ھ میں نابینا اسلامی بھائیوں کیلئے حفظ و درسِ نظامی کیلئے جامعۃ المدینہ کا آغاز ہوگا۔

(4)......مہمان کا شوق سے کھانا کھانا، میزبان کو خوش کرتا ہے کہ میرا کھانا مہمان کو پسند آیا ہے۔

(5)......جس طرح طلبہ کو امتحانات کے دِنوں میں امتحانات کی تیاری کی فکر ہوتی ہے کاش! اتنی قبر کے امتحان کی تیاری کی فکر ہو جائے۔

(6)......حافظے کی کمزوری ہونے کی وجہ سے زبانی بیان کرنے میں اغلاط کا اندیشہ بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے دیکھ کر بیان کیا کریں۔

(7)...... اگر دیکھ کر بیان کرنے میں شرم آتی ہو تو پھر ضرور دیکھ کر ہی بیان کرنا چاہیے تاکہ نفس کو مارا جائے۔

(8)......درسِ نظامی سے فارغ ہونے والے اسلامی بھائیوں کیلئے میری خواہش ہے کہ اگر صلاحیت ہو تو وہ تخصص فی الفقہ کے ذریعے مفتی بنیں کہ اس شعبے میں قحط الرجال (یعنی مفتی بہت کم ہیں) ہے اور ہمیں اس میں بہت سے اسلامی بھائی درکار ہیں۔

(9)......پیتل کا ڈھیر تھوڑے سے سونے کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

(10)......دعوتِ اسلامی کے تحت تخصص فی الفقہ کیجئے، مفتی نہ بھی بنے تو شرعی مسائل میں بہت مہارت حاصل ہوجائے گی۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

# مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 جون 2015ء |

(1)...... اگر دُکاندار اچھی نیّت کے ساتھ رمضانُ المبارک میں اپنی اشیاء کا ریٹ (بھاؤ) کم رکھیں، تو ثواب ملنے کے ساتھ ساتھ گاہکوں میں بھی اضافہ ہوگا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(2)......اگر اس فرمانِ مصطفٰی (صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) پر عمل ہوجائے تو مسلمانوں کے آپس کے جھگڑے ختم ہوجائیں: تم میں سے کوئی اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے کرتا ہے۔(بخاری شریف، ۱/۱۶، حدیث ۱۳)

(3)...... بِن بُلائے کسی کی دعوت میں ہرگز نہیں جانا چاہیے، اگر کبھی ایسا ہوا ہو تو توبہ کے ساتھ ساتھ صاحبِ خانہ سے بھی معاف بھی کرالیں۔

(4)...... مُرید پیر کی شے بِلا اجازت نہیں لے سکتا، لے گا تو گناہ گار ہوگا۔

(5)...... مجلسِ لنگرِ رسائل کے بجائے اب اصطلاح مجلسِ تقسیمِ رسائل ہے۔

(6)...... دوسروں کے مال پر نظر نہ رکھیں۔

(7)...... لنگرِ رضویہ صرف اُنہی کو کھانا چاہیے جو مدعو (یعنی بُلائے گئے) ہوں۔

(8)......جہاں تک ممکن ہو اپنے پلّے سے کھائیں پئیں۔اپنا اپنا کھاؤ دین پھیلاؤ۔

(9)......افسوس! آجکل لوگوں کی حرص دیکھ کر لگتا ہے کہ خودداری فوت ہوچکی ہے۔

(10)......حتی الامکان معتکفین اپنے پلے سے کھائیں گے تو رمضان کا مزہ دوبالا ہوجائیگا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(11)......نگرانِ شوریٰ کے مدنی مکالمے بہت اہم ہوتے ہیں اِنہیں ہرگز نہ چھوڑا کریں۔

(12)...... پرانی اشیاء کیلئے بولا جانے والا یہ محاورہ مجھے پسند نہیں ''یہ باوا آدم کے زمانے کی شے ہے۔'' اس کے بولنے سے اجتناب کرنا چاہئے۔

(13)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے اس سال بھی شبِ براءت سے پہلے اپنے گھر والوں سے معافی مانگی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 12 جون 2015ء |

## تربیتی اجتماع مجلس اعتکاف

(**شُرکاء**: ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی، بالخصوص مجلسِ اعتکاف کے نگران وارا کین اوراسکی ذیلی مجالس)

### خیر خواھوں کے مدنی پھول:

☆ خیرخواہی کرنے میں صرف نرمی سے کام لیں ☆ خیرخواہ خوش اَخلاق اور بڑی عمر کے ایسے اسلامی بھائی ہوں جو مدنی ماحول سے اچھی طرح وابستہ ہوں ☆ اگر بڑی عمر کے میسر نہ ہوں تو نوجوان خیرخواہ ہی مقرر کردیں ☆ خیرخواہ مستقل نہ ہوں بلکہ باری باری خیرخواہی کریں ☆ خیرخواہ کم ہوں اور آپس میں جگہیں تقسیم کریں ☆ خیرخواہ اسلامی بھائی تربیت یافتہ ہوں ☆ باربار نہ سمجھائیں کہ مخاطَب بیزار و بدظن ہوجائے ☆ دورانِ مدنی مذاکرہ سونے والوں کو نہ جگائیں بلکہ اُن کا چہرہ پہچان لیں، جاگنے کے بعد محبت سے آئندہ مدنی مذاکروں میں شرکت کی دعوت دیں ☆ خیرخواہ اسلامی بھائی ان الفاظ کے ساتھ نیکی کی دعوت دیں ''پیارے اسلامی بھائی! مسجد میں رحمتوں کا نزول ہو رہا ہے، علمِ دین اور سُنّتوں کے خزانے تقسیم ہو رہے ہیں، آپ بھی مسجد میں تشریف لے چلیں اور مدنی مذاکرے میں شریک ہوجائیں۔

(1)......کسی ایک کو دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے دُور کرنا گویا اُس کی آنے والی نسلوں کو دُور کرنا ہے۔

(2)......اللہ عزوجل کے گھر کو صاف رکھنا حکمِ قرآنی ہے۔

(3)......مدنی مراکز میں صفائی کرنیوالے اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر ہفتے میں ایک دن ہاتھ سے مکمل

فرش اچھی طرح صاف کروائیں، جس میں اُن کے مُراقِب (یعنی سپروائزر، Super Wiser) ساتھ ہوں۔

(4)......اپنی جیب میں پلاسٹک کی تھیلی (شاپر وغیرہ) رکھیں، مسجد میں تنکا، بال وغیرہ دیکھیں تو اُٹھا کر اُس میں ڈال لیں۔

(5)......مسجدوں کو صاف کر کے چمکائیں، اللہ عزوجل آپ کا دل چمکائے گا۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(6)......آپ کھانا تو بچپن سے کھا رہے ہیں، کاش! اپنے پلّے سے کھانے اور کھلانے والے بنیں۔

(7)...... اجتماعات و اعتکاف میں نگران و ذمہ داران اپنا کھانے کا حلقہ الگ نہ لگائیں بلکہ عام اسلامی بھائیوں کے ساتھ کھانا کھائیں۔

(8)...... اگر نگران و ذمہ داران کے کھانے میں بوٹیاں وغیرہ زیادہ آجائیں تو اپنے ساتھ والے حلقے کو وہ تھال دے دیں اور کھانا نکالنے والے کو اس سے منع کریں۔

(9)...... جو کھانا تھال میں بچ جائے اُسے دیگ میں دوبارہ ڈال دینا چاہیے۔

(10)......تھوڑا بچے سمجھ میں آتا ہے مگر دیگوں کی دیگیں بچ جائیں یہ سمجھ میں نہیں آتا۔

(11)......اعتکاف والوں کی خدمت ثواب ہے مگر ممنوعِ شرعی کا ارتکاب کیا تو پھر ثواب کا کام ہوا کہ نہیں، غور کر لیجئے!

(12)......اللہ کی رِضا کے لئے کام کرنا ہے حوصلہ افزائی کے لئے نہیں۔

(13)......ہفتہ وار اجتماع میں تلاوت و نعت بغیر سپیکر کے ہو تو مدینہ مدینہ۔

(14)......نمازیوں اور دیگر کو سپیکر سے تکلیف نہیں پہنچنی چاہیے۔

(15)......اعتکاف میں 20 سال تک کی عمر والے ہونے چاہئیں اس سے چھوٹے نہیں۔

(16)......ایسے مریض جو دوسروں کے محتاج ہوں یا جن سے دوسروں کو گھِن آئے، اسی طرح کینسر کا مریض، آسیب زدہ، مرگی کا مریض، نفسیاتی مریض، ایسا زخمی جس کے زخم سے بدبو آتی ہو، ایسوں کو اعتکاف میں نہ لائیں۔

(17)......''رمضان میں گناہ کرنے والے کی قبر کا بھیانک منظر'' والا پرچہ بازار میں تقسیم کریں، کاش یہ پرچہ لاکھوں کی تعداد میں تقسیم ہو۔

(18)......شریعت کے مطابق معتکفین کی خدمت کریں، اللہ عزوجل آپ کو جنت میں پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پڑوس نصیب کرے۔

(19)......ہر کام کرنے سے پہلے سوچیے کہ میں صحیح کر رہا ہوں یا غلط؟

(20)......نبیِ کریم ،رؤف رحیم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم صرف ثواب والے کام کیا کرتے تھے،کاش ! ہم ایسے حقیقی عاشقِ رسول بن جائیں کہ ہمارا ہر کام ثواب والا ہو۔

(21)......جو اسلامی بھائی اجتماعات و مدنی مذاکرہ اور اعتکاف میں فقط کھانا کھانے کیلئے آتے ہیں اور تربیتی حلقوں اور جدول میں شرکت نہیں کرتے اُن کو میری طرف سے لنگرِ رضویہ کھانے کی اجازت نہیں۔

# مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ٢٦ شعبان المعظم ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 جون 2015ء |

(1)......جب اذان ہو جائے تو سب کام کاج چھوڑ کر نماز کی طرف متوجہ ہو جایا کریں۔

(2)......نماز سے نہ بولو کہ مجھے کام ہے بلکہ کام سے کہو مجھے نماز پڑھنی ہے۔

(3)......حرام کے خلاف اعلانِ جنگ ہے'' نہ حرام کھائیں گے نہ اپنے بچوں کو کھلائیں گے''۔

(4)......اِفطار کروانا بھی عبادت اور کارِ ثواب ہے،اس کے اَحکام بھی سیکھنے چاہئیں۔

(5)......ہمیں راہِ جنت پر چلتے ہوئے پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے پیچھے پیچھے جنت میں جانا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٧ شعبان المعظم ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 جون 2015ء |

**شُرکاء** :مدنی چینل کے مفتشین

(1)......اجیر اسلامی بھائی یہ ذہن بنائے کہ اجارہ میری مجبوری ہے ورنہ میں دینِ اسلام کے اِس شعبے کی

خدمت فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ کرتا۔

(2) اگر کوئی مبلغ غلطی کرے تو اُس کے بارے میں شرعی رہنمائی اس طرح لی جائے کہ اُس کا پردہ رہے۔

(3)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دُنیا میں تو ہم مومن ہیں، اگر ایمان کی حالت میں مریں تو یہ بہت بڑی سعادت ہے۔

(4)...... بیان اِفہام وتفہیم کے اَنداز میں ہونا چاہئے، کیونکہ جوشیلا بیان سمجھ میں کم آتا ہے۔

(5)...... میرا ذہن ہے کہ مدنی چینل کا مفتش مفتی ہونا چاہئے، کیونکہ تفتیش کا معاملہ بہت نازُک ہے۔

(6)...... فقط مطالعہ کرنے سے تربیّت نہیں ہوتی۔

(7)...... نیک کام کرنے کیلئے نفس کو ماریں اور بتکلُّف نیک کام کرنے کی کوشش کریں۔

(8)...... دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں کردار سازی ہوتی ہے۔

(9)...... فنکار و اداکاروں کیلئے مدنی چینل پر ''شوبز سے وابستہ افراد'' کے الفاظ کی پٹی (سلائیڈ) لگنی چاہئے۔

## مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| ۲۸ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 جون 2015ء |
| --- | --- | --- |

**شُرکاء** : مجلس اصلاح برائے فنکار اور شوبز

(1)...... مدینہ شریف میں فوت ہونا سعادت کی بات ہے۔

(2)...... دِل جوئی کرنے کا بہت ثواب ہے۔

(3)...... بچوں کی بھی دِل جوئی کی جائے۔

(4)...... ہم اپنی ذات سے کسی کو خوش نہیں کر سکتے تو کسی کا دل بھی نہ دُکھائیں۔

(5)...... کسی کا قول ہے کہ بڑھاپا دُرست گزارنا چاہتے ہیں تو جوانی سے ہی پرہیز کریں۔

(6)...... صحت درست ہوگی تو عبادت بھی عمدہ ہو سکے گی۔

## رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ کے مدنی مذاکرے

# مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 جون 2015ء |

(1)......اِفطاری کا سامان مسجد میں بھیجنے کے بجائے اگر غریبوں بالخصوص رشتہ داروں کے گھر بھجوائیں تو مدینہ مدینہ۔

(2)......ماہِ رمضان کے آغاز سے پہلے، فیضانِ سُنّت جلداوّل کے باب ''فیضانِ رمضان'' کا مطالعہ کرلیا کریں، اگر پہلے پڑھا ہو تو ایک بار پھر پڑھنے کی مدنی التجا ہے۔

(3)......علمِ دین حاصل کرنا نفلی اعتکاف سے افضل ہے۔

(4)......بچوں کو ان کے پسند کی غذا کھلائی جائے، ضمناً جو غذائیں وہ پسند نہیں کرتے، کھانے کی ترغیب دی جائے۔

(5)......میں حاجی صاحب کی اِصطلاح کو ختم کرنا چاہتا ہوں، فقط ''حاجی صاحب'' نہ کہیں بلکہ نام بھی لیں، مثلاً حاجی عمران۔

(6)......''منہاج العابدین'' حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی آخری کتاب ہے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: ''اس کی ترتیب اِلہامی ہے، فرماتے ہیں: ''یہ وہ تصنیف ہے، جس کی میں خود تعریف کرتا ہوں''۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ ظہر) | 19 جون 2015ء |

(1)...... اسلامی بہنیں ہاتھ میں پرس لیں تو اسے چھپالیا کریں۔ ان کا برقع واقعی ''مدنی برقع'' ہوا تو چھپانا آسان ہوگا۔

(2)......میں آج سے دائیں ہاتھ میں گھڑی پہننے کا آغاز کررہا ہوں، کیونکہ ہر تکریم والے کام میں دائیں کو فضیلت حاصل ہے۔

(3)......''**بیمار عابد**'' رسالہ پڑھئے، تقسیم کیجئے، یہ رسالہ اتنا دلچسپ ہے کہ مطالعہ کا شوقین مکمل پڑھے بغیر نہ رہ سکے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس رسالے میں بیماریوں کے فضائل اور 78 بیماریوں کا روحانی علاج شامل ہے۔

(4)......رسالہ ''**بیمار عابد**'' ہسپتال اور مریضوں میں بانٹئے اور دعائیں لیجئے۔

(5)......ڈاکٹرز تقسیمِ رسائل کے لیے اپنا ماہانہ بجٹ بنائیں اور تقسیمِ رسائل کی ترکیب بنایا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 19 جون 2015ء |

(1)......جس کو میسر ہو وہ بچوں کو دودھ زیادہ پلائے کہ اس سے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔

(2)......دودھ، غذا اور مشروب دونوں کا جامع ہے۔

(3)......اَطبّاء کا قول ہے کہ ''کھانا کھانے کے ایک گھنٹے بعد دودھ پینا مفید ہے''۔

(4)......مکتبۃ المدینہ نے جو قرآنِ کریم شائع کیا ہے، اُس پر ''القرآن الکریم'' لکھا ہے، اس لیے میں قرآنِ کریم ہی کہتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ ظہر) | 20 جون 2015ء |

(1)......چاہے آپ بوڑھے ہوں یا جوان، ہر عمر میں اسلام کی خدمت کی کوشش کریں، دعوتِ اسلامی سے منسلک ہو کر یہ کام بحسن وخوبی کیا جا سکتا ہے۔

(2)......فاسِق ماں باپ کی بھی تعظیم کی جائے گی، فاسِق ماں باپ کے ہاتھ چُومنا بھی جائز ہے۔

(3)......رات کو قبرستان میں جو خوف آتا ہے، وہ نفسیاتی خوف ہے۔

(4)......نفسیاتی طور پر ڈرنا اچھا نہیں کہ بعض اوقات بندہ عبادت سے دور ہو جاتا ہے۔

(5)......نفسیاتی خوف کو دور کرنے کا روحانی علاج یہ ہے کہ پانچوں نمازوں کے بعد 100 بار ''یَاقَھَّارُ'' کا وِرد کریں اور روزانہ لَاحَوْل شریف (لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم) 60 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں۔

(6)......آخرت کے تصور کے ساتھ اپنی موت کو یاد کر کے ڈرنا کارِ ثواب اور اچھا ہے۔

(7)......دعوتِ اسلامی کے اوائل میں، میں قبرستان موت کی یاد کے لیے جایا کرتا تھا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 جون 2015ء |

(1)......سحری میں ہلکی غذا اور وہ بھی کم کھائیں۔

(2)......ثقیل غذائیں (کھجلہ پھینی، ملائی، پراٹھا وغیرہ) نہ کھائیں، صحت بہتر رہے گی۔

(3)......جو دودھ ہضم کرسکتا ہے، وہ دودھ ضرور استعمال کرے۔

(4)......دہی طبیعت کو بھاتی اور اچھی ہے، مگر ملائی (بالائی) نہ کھائے، جس کو دہی موافق ہو وہ استعمال کرے۔

(5)......میرا بس چلے تو میں پراٹھے پر پابندی لگادوں، کیونکہ یہ معدے کے لیے نقصان دِہ ہے۔

(6)......تلی ہوئی چیزوں سے ماہِ رمضان المبارک میں پرہیز کریں گے تو صحت مند رہیں گے۔

(7)......روٹی کم کھانے کی تحریک میں آدھی روٹی کھانے والے ممتاز، پون روٹی والے بہتر اور پوری روٹی والے مناسب درجے والے ہیں۔ روٹی سے مراد ''نارمل روٹی'' ہے۔

(8)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کے لیے کم کھانا عبادت ہے۔

(9)......مصالحہ اور شوربا کم استعمال کریں، جس کو اپنے آپ سے دشمنی ہو، وہ شوربا زیادہ پیا کرے۔

(10)......اللہ تعالیٰ ہمیں حرص سے بچائے۔

(11)......بنگلہ دیش والے زور دار دعا کریں کہ میں بنگلہ دیش میں جاسکوں، میری قلبی خواہش ہے کہ میں فقرائے مدینہ کے پاس بنگلہ دیش جاؤں۔

(12)......پھل رات کے اوقات میں اور سحری کے وقت کھانا بھی مفید ہیں۔

(13)......اگر کوئی کیڑا وغیرہ کاٹے یا خارش ہو تو اپنا تھوک اس جگہ پر لگائیں، درد میں افاقہ ہوگا۔ مگر لوگوں کے سامنے نہ لگائیں کہ انھیں گِھن آئے گی۔

(14)......رمضانُ المبارک کھلانے پلانے نہیں بلکہ تقویٰ دلانے کیلئے اور بھوکا پیاسا رکھنے کیلئے آتا ہے۔

(15)......خصوصی اسلامی بھائیوں کے مدنی قافلے عوام کو زیادہ متأثر کرتے ہیں۔

(16)......عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی کی طرح دُنیا بھر میں دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام ہونے والے اعتکاف میں معتکفین کی صحت کی بہتری کیلئے افطار کی ترکیب سادہ پانی اور کیلا یا کھجور سے کی جائے

| ۳ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 21 جون 2015ء |
|---|---|---|

(1)......کاش ہم نیک اور ایک ہو جائیں۔

(2)......گھر میں تازہ ہوا اور دھوپ آنی چاہیے۔

(3)......اپنی ہر چیز پر نام اور فون نمبر لکھ لیا کریں تاکہ گم ہو جائے تو مل جائے۔

(4)......کسی نے کوئی کتاب امانت کے طور پر دی ہو تو اس کی اجازت کے بغیر کھول کر نہ دیکھیں۔

(5)......کسی کے برتن، کپڑے، چادر، بلکہ چپل میں بھی تصرّف نہ کریں۔ یہ چیزیں استعمال کے لیے کسی سے مانگنی بھی نہیں چاہئیں۔

(6)......کسی سے کام کروانا بھی ایک طرح کا سوال ہے؟ اس میں جائز اور ناجائز دونوں صورتیں ہیں، مثلاً میرا سامان گھر تک پہنچا دینا، دیوار رنگ کر دینا وغیرہ۔

(7)......کسی سے کتاب نہ مانگی جائے کہ آزمائش اور شرمندگی ہو سکتی ہے۔

(8)......نیک ترین مسلمان کی ایک قسم ''عادل'' بھی ہے۔

(9)......میں گھر میں کرتہ اتارنا چاہتا ہے تو ایسی بنیان پہنتا ہوں جس کے آخر میں کپڑا لگا ہو تاکہ بے پردگی نہ ہو۔

(10)......عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، باب المدینہ (کراچی) ''علم کا عظیم مرکز'' ہے۔

(11)......مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''وسوسے اور اُن کا علاج'' کا ضرور مطالعہ کیجئے کہ بہت معلومات حاصل ہوں گی۔

(12)......عقل بہت بڑی نعمت ہے، زیادہ سونے سے عقل کم ہوتی ہے۔

| ٤ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 جون 2015ء |
|---|---|---|

(1)......جس جگہ کوئی کُڑھن شاہ (احساسِ ذمہ داری رکھنے اور غور و فکر کرنے والا) ہوگا، وہاں کے معاملات اچھے ہو جائیں گے۔

(2)......کُڑھن شاہوں کی بہت کمی ہے۔

(3)...... اہلِ عرب بکثرت میلاد شریف مناتے ہیں۔

(4)......عربوں کو نعلِ پاک اور تبرکات کا ادب کرتے دیکھا ہے، مِیلا دان کو کوئی چھڑا سکتا ہی نہیں، مدینے پاک میں بھی میلا د ہوتا ہے، پورے پورے بکرے بُھنے جاتے ہیں، عموماً بدھ کے روز مِیلا د کرتے ہیں۔

(5)......کاش !ہمارا کوئی لمحہ ذِکرِ اللہ کے بغیر نہ گزرے۔

(6)......دورانِ اذان کئی بار میرا یہ تصور بندھ جاتا ہے کہ گویا میں قبر میں ہوں اور میری قبر پر اذان ہو رہی ہے۔

(7)......ہمارے ہر کام میں فکرِ آخرت ہونی چاہئے۔

(8)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَزَّوَجَلَّ میں نے اورنگی ٹاؤن (باب المدینہ کراچی) کے پہاڑوں پر جا جا کر بیانات کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

(9)......اولاد کا اپنے والدین کیلئے دعائیں کروانا اچھی بات ہے۔

(10)......کھانا بچاؤ تحریک جاری رہے گی۔

(11)......مہندی اچھی نیت سے لگانا مستحب ہے۔

(12)......مہندی لگا کر سونا نہیں چاہئے کہ نابینا ہونے کا اندیشہ ہے۔

(13)......داڑھی دورنگی ہو جاتی ہے تو چہرہ اچھا نہیں لگتا۔

(14)......4/5 دن کے بعد آدھے گھنٹے کے لیے مہندی بھگو کر داڑھی کے کناروں پر لگا دیں۔

(15)......ایک آدھ مہینے میں، میں مکمل داڑھی پر مہندی لگاتا ہوں۔

(16)......میں مہندی مِلاتے مِلاتے اللہ اللہ کرتا رہتا ہوں۔

(17)......چمچ اِسٹیل کی استعمال کرتا ہوں۔

(18)......چمچ کی اُلٹی طرف سے مہندی لگاتا ہوں۔

(19)......دستانے پہن کر مہندی لگانے میں مزہ نہیں آتا۔

(20)......سفید بالوں میں مہندی لگانا قولی سُنّت ہے، یاد رہے! کہ عملی سُنّت سے قولی سُنّت افضل ہے۔

(21)......**مہندی لگانے کی نیتیں**: لگانے سے پہلے بسم اللہ پڑھوں گا۔قولی سُنّت پر عمل کروں گا۔سُنّتِ صحابہ ادا کروں گا،نماز کے لیے زِینت حاصل کروں گا۔

| | | |
|---|---|---|
| **٤ رمضان ١٤٣٦ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 22 جون 2015ء |

(1)......تفسیرِ قرآن ''صِرَاطُ الْجِنَان'' کا مطالعہ کیجئے ، بڑے سے بڑے پہاڑ سے بھی لاکھوں گنا فائدہ ہوگا۔

(2)......صرف ترجمہ نہیں، بلکہ تفسیر بھی پڑھئے۔

(3)......چغل خوری آپس میں دشمنی پیدا کرتی ہے۔

(4)......فرد سے معاشرہ بنتا ہے،فرد سدھرے گا تو معاشرہ بھی سدھر جائے گا۔

(5)......معاشرے کی اصلاح میں دعوتِ اسلامی کا اہم کردار ہے۔

(6)......پنجابیوں کی اکثریت پیروں،فقیروں کو ماننے والی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| **٥ رمضان ١٤٣٦ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 جون 2015ء |

(1)......سوشل میڈیا (Social Media) کی طرف دیکھنا بھی نہیں چاہئے۔

(2)......ٹھٹھہ شریف (باب الاسلام سندھ) میں واقع مکلی قبرستان بہت قدیم ہے،کہا جاتا ہے کہ اس میں سوا لاکھ اولیائے کرام کے مزارات ہیں۔

(3)...... دورانِ فون، لاؤڈ اسپیکر کھولنا ہو تو مخاطب سے اجازت لے لیں، شاید وہ ایسی بات کرنا چاہتا ہو، جو آپ کے علاوہ کسی اور کو پتا نہ چلے۔

(4)...... فون میں کال ریکارڈنگ سسٹم میں عبرت ہے کہ ہم ریکارڈنگ میں سنبھل سنبھل کر بات کرتے ہیں، مگر کِراماً کاتبین جو کہ ہر وقت ہمارے ساتھ ہیں، ان سے نہیں ڈرتے۔

(5)......میری عادت ہے کہ میں بے حساب مغفرت کی دُعا کرتا کرواتا ہوں ، کیونکہ میں اپنے اندر حساب کی تاب نہیں پاتا۔

(6)……مساجد کے افتتاح پر اپنے نام کی تختیاں لگانا مجھے پسند نہیں۔

(7)……محض سُستی کی بنا پر بے جماعت نماز پڑھنا میری ڈکشنری میں نہیں۔

(8)……عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) کو آباد کرنے کے لیے میں نے فیضانِ مدینہ کے قریب گھر لیا اور ہر نماز باجماعت یہاں آکر ادا کرتا تھا۔

(9)……میری والدہ کی میت گھر پر تھی اور میں نے روتے روتے نماز پڑھائی تھی۔

(10)…… اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے شادی کی پہلی رات گزار کر اپنی مسجد میں آکر فجر کی نماز کی جماعت کروائی تھی۔

(11)…… اللہ تَعَالٰی ہمیں مسجدیں آباد کرنے اور نمازِ باجماعت ادا کرنے والا بنائے۔

(12)……ہر اسلامی بھائی عہد کرے کہ نمازِ باجماعت ادا کروں گا۔

(13)……سو کر اُٹھیں تو پہلے کُلّی کریں، پھر کچھ پڑھیں، کیونکہ سو کر اُٹھیں تو منہ میں بدبو ہو جاتی ہے۔

(14)……اِستنجاء خانوں کو مسجد سے اِتنی دُور بنایا جائے کہ بدبُو مسجد میں نہ آئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 23 جون 2015ء |

(1)……اپنے بچوں کو بھی سوشل میڈیا (Social Media) سے بچائیے۔

(2)……''باطنی بیماریوں کی معلومات'' کتاب سے کئی فرض علوم حاصل ہوتے ہیں، ہر ایک کو مطالعہ کرنا چاہیے

(3)……جس کی عمامہ شریف باندھنے کی نیت ہو تو فوراً عمامہ باندھ لے۔ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔

(4)……مشکل مسائل اُس وقت بیان کیے جائیں جب مخاطب فریش ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 23 جون 2015ء |

(1)……دعوتِ اسلامی والے اپنے والدین کو ستاتے نہیں بلکہ امن وراحت پہنچاتے ہیں۔

(2)……سلیقہ مند اولاد، اپنے والدین کے سامنے بلند آواز سے بات نہیں کرتی بلکہ اُن کا اَدب کرتی، ہاتھ پاؤں چومتی ہے۔

(3)...... عالمِ دین کا احترام کرنا مستحب ہے۔

(4)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی عالمی سطح پر مدنی کام کرنے والی ایک فعال تحریک ہے۔

(5)...... اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے دعوتِ اسلامی غیر مسلموں کے اکثریتی ممالک میں بھی پُرامن انداز میں اسلام کی خدمت کر رہی ہے۔

(6)......عبادت میں دل تنگ ہونا اچھی بات نہیں۔

(7)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے شروع سے ہی اے سی (A.C) میں رہنے کی عادت نہیں بنائی۔

(8)......A.C کے عادی کو گرمی زِیادہ لگتی ہے۔

(9)......میں اپنے مکتب میں پنکھے میں سوتا ہوں۔

(10)......کسی سُنّی عالم کی مُستند کتاب میں پڑھے یا سُنّی مفتی سے سُنے ہوئے مسئلے کو ہی بتائیں، اَٹکل سے کوئی مسئلہ نہ بتائیں۔

(11)......شریعت کے مطابق بحث کرنا، علماء کا کام ہے۔

(12)......آتے جاتے ہوئے اساتذہ کا طلبہ کو سلام کرنا اچھی بات ہے۔

(13)......جو ایک بار مدینہ شریف دیکھتا ہے، وہ بار بار دیکھنے کیلئے تڑپتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 24 جون 2015ء |

(1)...... ہر شخص پر فرضِ عین ہے کہ اُسے نماز، روزے کے اوقات معلوم ہوں۔

(2)......مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ ''اوقاتِ نماز'' ہدیۃً لے کر گھر میں لگائیں۔

(3)......ستاروں کو دیکھ کر دُعا پڑھنے کے ساتھ ساتھ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قدرت کے بارے میں غور و فکر کرنے کی عادت بنائیے۔

(4)......مطالعہ کرنا بہت ضروری ہے، درسِ نظامی ذوق و شوق سے کیا جائے، پھر خارجی مطالعہ بھی جاری رکھا جائے۔

(5)......شجرۂ قادریہ، رضویہ عطاریہ مکتبۃ المدینہ سے ہدیۃً لیجئے، اس کا مطالعہ کیجئے اور اس میں دیئے گئے وظائف پڑھنے کی عادت بنائیے۔

(6)......دُنیوی مصروفیت اس طرح نہیں ہونی چاہیے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت اور دیگر فرائض میں کوتاہی ہو۔

(7)......مسجد نمازیوں کے لیے بنائی جاتی ہے، جب کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو درس و بیان کرنے اور نعرے لگانے کی اجازت نہیں۔

(8)......اپنی ذات سے دوسروں کو تکلیف پہنچانے سے بچائیے۔

(9)......شاگردوں کو بلا وجہ مارنے اور بُرے نام ڈالنے والے اُستاذ سے طلبہ نفرت کرتے ہیں۔

(10)......عوام کا جوتا چور کو مارنا جائز نہیں، اسے پولیس کے حوالے کر دیں۔

(11)......قمری سال کے لحاظ سے بچی کی عمر 9 سال ہو جائے تو یہ پوری عورت بن جاتی ہے۔ مُستحب ہے کہ اِسے پردہ کروایا جائے، بالغ ہوگئی تو پردہ فرض ہو گیا۔

(12)......رِسالہ ''**کباب سموسے کے نقصانات**'' مسجدوں میں بانٹنے والا رِسالہ ہے۔

| ۷ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 24 جون 2015ء |
|---|---|---|

(1)......تہجد پڑھنے سے چہرے پر ایسی نورانیت آتی ہے جو قبر میں بھی ساتھ رہے گی۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

(2)......30 روزہ اعتکاف یا 30 دن کا مدنی قافلہ کہنے کی بجائے، ایک ماہ کا اعتکاف اور ایک ماہ کا مدنی قافلہ کہنے کی عادت بنائیے۔

(3)......عموماً بڑی عمر کے افراد کو بُڈھا، بوڑھا یا بڑے میاں کہنا اچھا نہیں لگتا، لہٰذا بُزرگ کہا جائے۔

(4)......جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی کرتا ہے وہ معزز نہیں۔

(5)......کسی مُعَیَّن شخص کو جنّتی یا جہنّمی نہیں کہہ سکتے، سوائے ان کے جن کو قرآن و حدیث میں کہا گیا۔

(6)......دعوتِ اسلامی کے بارے میں غلط فہمیاں ہوں تو دعوتِ اسلامی کے اندر آ کر دیکھیں دُور ہو جائیں

گی۔اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

| | | |
|---|---|---|
| ۷رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عصر) | 25جون 2015ء |

(7)...... دوا سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ وَ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ پڑھنے کی عادت بنایئے،اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ شفا ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشا) | 25جون 2015ء |

(1)......دعوتِ اسلامی کے مبلغین وذِمہ داران پان گُٹکے سے بچتے ہیں۔

(2)...... پان گٹکا کھانے سے بچنا چاہیئے کیونکہ اس سے مالی اورجسمانی نقصان ہوتے ہیں اورایک خبر کے مطابق گٹکے میں مرغی کا خون بھی ڈالا جاتا ہے۔واللہ اعلم

(3)......کھانے میں سفید نمک کی بجائے کالا یالاہوری نمک استعمال کریں یہ صحت کیلئے مفید ہے۔

(4)......رمضان المبارک میں اچھی نیت کے ساتھ مساجد کوروشن کرنا کارِثواب ہے۔

(5)......اس لئے اُردوزبان سیکھنا کہ دین کی خدمت کریں گے،کارِثواب ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عصر) | 26جون 2015ء |

(1)......گرمی زیادہ ہونے پر گلہ شکوہ کرنا اچھی بات نہیں۔

(2)......مریض ایسے اسباب نہ کرے کہ لوگ ہمدردی کریں۔

(3)......نوجوانوں کو بوڑھوں کا زیادہ احساس نہیں ہوتا،ان کا علاج کم کروایا جاتا ہے۔بچہ بیمار ہوجائے تو پریشان ہوجاتے ہیں۔

(4)...... بوڑھوں پر توجہ زیادہ دینی چاہیے،یہ بیمار ہوں تو علاج بھی کروایا جائے۔

(5)......کسی کے معیوب مرض کا تذکرہ پیچھے سے کرنا،غیبت کے زُمرے میں آسکتا ہے۔

(6)......کسی کی بہن یا بیٹی کی ''شادی'' ہوتو مجھے شادی کا لفظ بولتے ہوئے شرم آتی ہے،اگرکسی کو مبارک دینی

ہوتو کہتا ہوں آپ کے گھر خوشیاں آئیں، مبارک ہو وغیرہ۔

(7)......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''فضائلِ دُعا'' کا مطالعہ کیجئے، معلومات میں اضافہ ہوگا، لطف آئے گا اور دُعا میں دل لگے گا۔

(8)......عموماً تعریف کے الفاظ سب کو اچھے لگتے ہیں۔

(9)......ہمیں چاہیے کہ لوگوں کو اچھے ناموں سے پکاریں۔

(10)......اگر کسی کے حاجی یا حافظ ہونے کا علم ہو تو اس صفت کا بھی ذکر کریں جیسے حاجی عمران، حافظ حسان وغیرہ اور جس کا اس طرح نام لیا جائے وہ اللہ تعالیٰ کی خفیہ تدبیر سے ڈرتے ہوئے استغفار کرے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 26 جون 2015ء |

(1)......موٹاپا اچھا نہیں ہر ایک کو اپنا وزن معتدل رکھنا چاہئے۔

(2)...... جو صحت مند رہنا چاہتا ہے، وہ جوانی سے ہی عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیت سے زیادہ کھانے پینے سے پرہیز کرے۔

(3)...... روزانہ کم از کم 12 گلاس پانی پینے کی عادت بنائیے۔

(4)......کھانے کے ڈیڑھ یا دو گھنٹے کے بعد پانی پینا چاہیے۔

(5)......خالی پیٹ میٹھی چیز کھانا مفید ہے۔

(6)......گورکن (قبریں کھودنے) کا پیشہ بُرا نہیں۔

(7)......جس شے سے زندہ کو تکلیف ہوتی ہے، میت کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔

(8)......غیر مسلموں کے ممالک میں رہنے والے مسلمان، مسلمانوں کیلئے الگ قبرستان کی ترکیب بنائیں، جس میں غیر مسلموں کو دفن نہ کیا جائے۔

(9)......فرض علوم کے بعد اپنے ذوق کے مطابق مطالعہ کریں، مثلاً تصوف، حکایات وغیرہ۔

(10)......ایک موضوع سے اُکتاہٹ شروع ہوجائے تو دُوسرے موضوع کا مطالعہ شروع کر دیں مثلاً کتاب ''جہنّم میں لے جانے والے اعمال'' کے مطالعے سے طبیعت کچھ سیر ہوتو ''جنّت میں لے جانے والے اعمال'' کا مطالعہ شروع کر دیں، پھر ''عیون الحکایات'' پھر ''احیاء العلوم'' شروع کر دیں۔

(11)......نیکیوں کی حِرص ہوگی تو کثیر مطالعہ ہو سکے گا۔

(12)......جب موت وقبر کے متعلق کلام پڑھا جائے تو اپنی موت کو یاد کرتے ہوئے کلام سُنا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 27 جون 2015ء |

(1)...... پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نامِ مبارک ''محمد'' کے ساتھ ''اصغر'' ملا کر ''محمد اصغر'' نام رکھنا مجھے پسند نہیں البتہ شرعاً یہ نام رکھنا گناہ نہیں۔

(2)......تلاوت، نعت اور ذِکراللہ کرتے ہوئے آواز کو اتنا بلند کرنا کہ اپنے آپ یا دوسروں کو تکلیف ہو، ناجائز ہے۔

(3)......بُخار بابرکت بیماری ہے۔

(4)......اللہ تعالیٰ ہمیں شکر گزار بندہ بنائے اور بے صبری سے بچائے۔

(5)......اللہ تعالیٰ جس حالت میں رکھے راضی رہنا چاہئے۔

(6)......ہمیں اللہ تعالیٰ سے عافیت کی دعا کرنی چاہیے۔

(7)......یہ دعا کرتے رہیے: ''یااللہ عزوجل! میرا ایمان وعافیت کے ساتھ خاتمہ فرما''۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 27 جون 2015ء |

(1)...... جہاں تک ہو سکے دوا (Medicine) سے بچیے اور علاج بِالغذا کی کوشش کیجئے۔

(2)......خوفِ خدا رکھنے والے ماہر ڈاکٹر یا حکیم کو فیملی طبیب بنایا جائے۔

(3)......کئی چھوٹی چھوٹی بیماریاں مثلاً سر درد، نزلہ زکام وغیرہ، دو تین دنوں میں بغیر دوا ٹھیک ہوجاتی ہیں بشرطیکہ ہم نہ گھبرائیں اور برداشت کریں۔

(4)......نزلہ، زکام ہوجائے تو فوراً بھاری دوا(Heavy Dose) کھا کر نہ روکا جائے کہ اس طرح کرنے سے کوئی بڑی بیماری ہوسکتی ہے۔

(5)...... بھاری دواؤں(Heavy Dose) کے نقصانات(Side Effects) بھی ہوتے ہیں۔

(6)......کھانا پکانے کے بھی اصول ہیں۔

(7)...... پانی اُبالنے کے لیے برتن وہ استعمال کریں جس میں کچھ نہ پکایا ہو اور کچھ دیر ابلنے دیا جائے۔

(8)...... جب ڈاکٹر اینٹی بائیوٹک دوا(Anti-biotic Medicine) استعمال کروائے تو وہ کورس جتنے دن کا ہو وہ مکمل کریں، اَدُھورا چھوڑنے سے نقصان ہوسکتا ہے۔

(9)......کھانے کا ایک ذرّہ بھی ضائع نہ ہو، اس نیّت سے میں دسترخوان سے دانے اُٹھا کر کھالیتا ہوں۔ الحمدللہ عزوجل۔ میری یہ عادت دعوتِ اسلامی سے پہلے کی ہے۔

(10)......افسوس! ہم کئی کام بطورِ رسم ورواج کرتے ہیں، کاش! ہمارا ہر کام محض اللہ تعالیٰ کی رِضا کے لیے ہو۔

(11)......ڈاکٹر اسلامی بھائی کو چاہیے کہ ساداتِ کرام اور غریبوں کی ہمدردی کیلئے ماہانہ بجٹ بنائیں اور مفت علاج وادویات کی ترکیب کریں اور دعائیں لیں۔

(12)......طبیب (ڈاکٹر/حکیم) دیانت دار ہونا چاہیے جو کہ مرض کیلئے اچھی دوا تجویز کرے۔

(13)......مریضوں کی تعداد میں اضافے پر ڈاکٹر کو اپنے دل کی کیفیّت پر غور کرے کہ اپنے مسلمان بھائی کی بیماری پر مجھے خوشی تو نہیں ہورہی؟ اگر ایسا ہو تو اِستغفار کرے۔

(14)......قبر میں مال نہیں، اچھے اعمال کام آئیں گے۔

(15)......بات کرتے وقت اپنی دِلی کیفیّت پر غور کرنے کی عادت بنانی چاہیے۔

(16)......مدنی چینل کے 7 سال مکمل ہونے پر مبارک باد دینے والوں سے میری مدنی التجا ہے کہ مکمل طور پر دعوتِ اسلامی سے منسلک ہوجائیں۔

(17)......''**گھریلو علاج**'' کتاب میں علاج کے کافی نسخے درج ہیں، لیکن کوئی بھی علاج طبیب کے مشورے کے بغیر نہ کیا جائے۔

(18)......حالتِ سجدہ میں پیشانی کو اگر کوئی اس نیّت سے رگڑے کہ نشان پڑے اور لوگ نیک سمجھیں تو وہ رِیا کار ہے اور اس کا یہ عمل حرام ہے۔

(19)......کسی کی پیشانی کا نشان دیکھ کر اُس کو رِیا کار کہنا ٹھیک نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **۱۰ رمضان ۱۴۳۶ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 28 جون 2015ء |

(1)......بابُ المدینہ کراچی میں کابینہ سطح پر نمازِ اِستِسقاء ادا کی جائے گی۔ (نگرانِ شوریٰ)

(2)......نمازِ اِستِسقاء کا طریقہ اور آداب ''بہارِ شریعت'' میں موجود ہیں۔ (نگرانِ شوریٰ)

(3)......نمازِ اِستِسقاء میں اخلاص، عاجزی وانکساری، رونے کی کیفیّت اور سادگی ہونی چاہیے۔ (نگرانِ شوریٰ)

(4)......ہمیں بندہ بھی چاہیے اور چندہ بھی چاہیے۔ (نگرانِ شوریٰ)

# مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

**(۱۱ تا۲۹ رمضانُ المُبارک ۱۴۳۶ھ)**

(1)......حضرتِ علامہ امام ابوالفرج عبدالرحمٰن ابنِ علی الجوزی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ القوی نے کم وبیش 20 ہزار کتب کا مطالعہ کیا۔ (نگرانِ شوریٰ)

(2)...... مکتبۃ المدینہ کی کتب اپنے گھر میں رکھیں اور ایسے مقام پر رکھیں کہ گھر والے بآسانی اس کو دیکھ سکیں پڑھ سکیں۔ (نگرانِ شوریٰ)

(3)...... مدنی انعامات کا رسالہ نیک بننے کا نسخہ ہے، یہ 72 جڑی بوٹیوں پر مشتمل معجونِ شفاء ہے۔ (نگرانِ شوریٰ)

(4)...... مدنی انعامات کا صحیح عامل پہچانا جاتا ہے۔ (نگرانِ شوریٰ)

(5)...... گناہوں پر تشویش ہونا بھی پیر کا فیضان ہے۔(ورنہ پہلے ہمیں تشویش بھی کہاں ہوتی تھی)(نگرانِ شوریٰ)

| ۱۱ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 29 جون 2015ء |
| --- | --- | --- |

(1)......نیکی کی دعوت نرمی سے دینی چاہیے۔(نگرانِ شوریٰ)

(2)......عقل کا استعمال کرنے سے عقل بڑھتی ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(3)......توبہ بہت بڑی نعمت ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(4)......جو دوستی جنت کی طرف لے جائے، وہ اچھی ہے اور جو دوستی جہنم کی طرف لے جانے والی ہے، اسے چھوڑنا ضروری ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(5)......امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ارشاد فرماتے ہیں: مرد کا سب سے بڑا وظیفہ یہ ہے کہ پانچوں نمازیں باجماعت پڑھے۔(نگرانِ شوریٰ)

(6)......بندہ نیکی کی توفیق کے لیے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں دعا کرتا رہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(7)...... دعا بہترین وظیفہ ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

(8)......کسی کے ماتھے پر نماز کا نشان دیکھ کر اندھا اعتماد نہ کیجئے۔(نگرانِ شوریٰ)

| ۱۲ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 29 جون 2015ء |
| --- | --- | --- |

(1)...... بیماری میں لوگوں سے ہمدردی حاصل کرنے کے بجائے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف رُجوع کرنا چاہیے۔

(2)......جب کوئی بیمار ہو جائے تو سُنّت کی نیّت سے عیادت کیجئے۔

(3)......اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرنا اِزدِیادِ حُب (یعنی محبت بڑھانے) کا سبب ہے۔

(4)......رسالہ ''**بیمار عابد**'' ہسپتالوں میں جا کر ڈاکٹروں، مریضوں اور اِنتظار گاہ (Waiting Room) میں بیٹھنے والوں میں بانٹئے۔

(5)......دعوتِ اسلامی والے اپنے کُرتے پر سامنے دونوں طرف جیب بنواتے ہیں تاکہ رسالے اور پرچے

وغیرہ رکھے جاسکیں۔

(6)......شادی کارڈ اور دعوتیں سادہ ہونی چاہئیں۔

(7)...... ہر لکھنے والے کو اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنا چاہئے کہ وہ کیا لکھ رہا ہے۔

(8)......شادی کارڈ میں مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ڈال کر تقسیم فرمائیے۔

(9)......شادی میں اتنا کھانا پکوائیں کہ جو مکمل کھایا جاسکے اور ضائع نہ ہو۔ قیامت کو ذرّے ذرّے کا حساب ہوگا۔

(10)......ایک رنگ میں رنگ جائیں، اپنا اوڑھنا بچھونا دعوتِ اسلامی کو بنالیں۔

(11)......اخبارات میں مقدس الفاظ لکھے ہوتے ہیں، لہٰذا ان کو نہ پھینکئے۔

(12)......اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ عنقریب دعوتِ اسلامی کے ذمہ داران شادی ہالوں اور دیگر تقریبات منعقد کرنے والوں سے رابطہ کر کے بچا ہوا کھانا لے کر غریب مسلمان بھائیوں کو کھلانے کی ترکیب بنائیں گے، تا کہ کھانا ضائع نہ ہو۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کیلئے اوّلاً باب المدینہ کراچی میں کولڈ سٹور تیج بنایا جائے گا۔

(13)......مذہبی کام مذہبی افراد ہی سے کروایا جائے۔

(14)......کوئی بھی شرعی مسئلہ یا تحریر اُس وقت تک عام نہ کریں، جب تک کسی مستند معتبر عالم دین سے چیک نہ کروالیں۔

(15)......جو کتاب لکھنے کا اہل ہو وہی کتاب لکھے اور لکھنے کے بعد کسی سُنّی مفتی صاحب کو چیک کروالیں تا کہ غلطیاں نہ ہوں۔

(16)......الحمد للہ عزوجل مجھ سے ہزاروں نہیں لاکھوں لوگ محبت کرتے ہیں، جن میں جیّد علمائے کرام بھی شامل ہیں۔

(17)......رسالہ ''بیمار عابد'' حفظ کرنے کے قابل ہے۔

(18)......کچھ عرصے کے بعد امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے رسائل آڈیو بک میں حاصل کرسکیں گے۔

www.ilyasqadri.com پر چند رسائل اپ لوڈ بھی کئے جا چکے ہیں۔ (رکنِ شوریٰ)

اگر جینے کی خواہش ہے تو کچھ پہچان پیدا کر

خضر کے بھیس میں یہاں راہزن بھی پھرتے ہیں

(19)......شرعی غلطی کا اِزالہ فرض ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 30 جون 2015ء |

(1)......جو ٹوٹکے شریعت سے نہ ٹکراتے ہوں، جائز ہیں۔

(2)......حماقت اچھی نہیں، لیکن ہر حماقت گناہ نہیں۔

(3)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے، ہم دینی کتابیں خریدنے، پڑھنے اور تقسیم کرنے والے بن جائیں۔

(4)......دِینی کتب کے مطالعہ سے دینی معلومات ہوتیں اور گناہوں سے بچنے کا ذہن بنتا ہے۔

(5)......افسوس! مسواک کرنے کا رجحان کم ہو گیا ہے۔

(6)......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں محتاط بندہ بنا دے۔

(7)......اگر کوئی کلمہ پڑھانے کا کہے تو فوراً کلمہ پڑھا دینا چاہیے، پہلے پچھلے مذہب سے توبہ کروایئے پھر کلمہ پڑھایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 30 جون 2015ء |

(1)......دُکان کے اچھا ہونے کا اندازہ گاہک کی تعریف سے لگایا جا سکتا ہے۔

(2)......مال کی حرص ختم کر کے عبادت و نماز کی طرف توجہ فرمایئے۔

(3)......اجتماعات وغیرہ میں پرفیوم (عطر) کا چھڑکاؤ نہیں کرنا چاہیے کہ توجہ بٹتی ہے۔

(4)......اگر کسی کو عطر لگانا ہو تو پہلے اجازت لے لیجئے۔

(5)......جتنا ہم اپنی راحت کا سامان کرتے ہیں کاش! اتنا دوسروں کے لیے بھی کریں۔

(6)......روٹیاں دسترخوان پر نہ رکھی جائیں کہ عموماً دسترخوان میلے ہوتے ہیں اور میل کچیل روٹیوں پر لگ سکتی ہے

(7)......حقیقت میں مدنی قافلوں میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول، دعوتِ اسلامی کو چلا رہے ہیں۔

(8)......مدنی قافلے میں سفر کرنے والے میرے لاڈلے ہیں اور میرے دل میں ان کا بہت مقام ہے۔

(9)...... جو دِین کا کام کرتا ہے، میری دُعائیں اس کے ساتھ ہے ہیں۔

(10)......مدنی قافلوں میں سفر کر کے ساری دنیا میں پھیل جایئے اور پیارے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سُنّتیں عام کیجئے۔

(11)......صحابۂ کرام علیہم الرضوان تقریباً 1 لاکھ 24 ہزار تھے، جنت البقیع میں 10 ہزار کے قریب ہیں، باقی سارے دینِ اسلام کی خاطر پوری دنیا میں پھیل گئے۔

(12)......12 روزہ مدنی کورس کے آخر میں 3 دن کا مدنی قافلہ شامل فرمالیجئے۔

(13)......مدنی قافلہ ساری دنیا میں نیکی کی دعوت عام کرنے کا ذریعہ ہے۔

(14)......دِین کا جتنا کام کرنا ہے جوانی میں کرلیں، عموماً بڑھاپے میں ہمت ساتھ نہیں دیتی۔

(15)......ساس کو خوش دامن بھی کہتے ہیں۔

(16)......بوڑھے والدین کی خدمت کریں اور بیمار ہونے کی حالت میں دوا کا انتظام بھی کریں۔

(17)......بُوڑھا کبھی صحت مند نہیں ہوسکتا، کیونکہ بڑھاپا خود ایک مرض ہے۔

(18)...... بزرگ (بوڑھے افراد) سے ہمدردی کریں اور بن مانگے ان کی ضرورت کی چیزیں ان کو پیش کردیا کریں۔

(19)......مجھے بھی غصّہ آتا ہے مگر اس کا اظہار اس لئے نہیں کرتا کہ کسی کی دل آزاری نہ ہوجائے۔

(20)......میرے دل میں مقام بنانے کا ایک ہی طریقہ ہے وہ یہ کہ مدنی کام کریں۔

(21)......مدنی مذاکرہ بہت بڑی عبادت ہے۔

(22)......اپنی راحت کے ساتھ دوسروں کی راحت کا بھی خیال رکھنا چاہئے۔

| ۱۳ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | یکم جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)...... ہوائی جہاز کا سفر کرنا ہو تو ایسا وقت (Time) منتخب کیجئے کہ دورانِ سفر کوئی نماز نہ پڑھنی پڑے ، کیونکہ جہاز میں نماز پڑھنے میں دُشواری ہوتی ہے۔

(2)...... خیالات وتصورات اچھے ہونے چاہئیں۔

(3)...... حاسِدین (حفاظتی اموروالوں) سے اُلجھنا عقلمندی نہیں۔

(4)...... دُبلا پتلا ہونا واقعی کمزور ہونے کی دلیل نہیں۔

(5)...... جو نابالغ بچے برداشت کرسکتے ہوں تو انہیں روزے رکھوائے جائیں۔ (اس میں عمر کی کوئی قید نہیں)

(6)...... ''اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو بیمارِ مدینہ بنائے'' سے مراد یہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو عاشقِ مدینہ بنادے۔

(7)...... اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو بیمارِ مدینہ بنادے۔

(8)...... دُعا میں یہ کہنا کہ میرے نامۂ اعمال میں کوئی نیکی نہیں۔ عاجزی کے طور پر ہے یعنی کوئی ایسی نیکی نہیں جو تیری بارگاہ کے لائق ہو۔

(9)...... اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان، عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن، اہلُ اللہ واولیائے کرام سے تھے۔

(10)...... اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ اتنے بڑے عالم تھے کہ رُوئے زمین میں ان کے بعد کوئی ان کے مقابلے کا ہو، میرے علم میں نہیں۔

(11)...... اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے جس میدان میں قدم اٹھایا، اس کے شاہسوار بن گئے۔

☆...... شہرت کے لیے نہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے مدنی کام کیجئے۔ (نگرانِ شوریٰ)

| ۱۴ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | یکم جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)...... مدنی چینل کے لیے اپنے تأثرات ریکارڈ کروانے والا اسلامی بھائی اچھی اچھی نیتیں کرے مثلاً اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا، دوسروں کی ترغیب، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کی نیک نامی اور جھوٹ سے بچتے ہوئے

تأثرات دُوں گا۔

(2)......اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے اپنے پوتے اُسید رضا عطاری میں ایک خاص بات دیکھی ہے کہ جب تک منہ میں موجود نوالہ حلق سے نیچے نہ اُتر جائے، یہ دوسرا نوالہ ہاتھ میں نہیں پکڑتا، ماشاء اللہ عَزَّوَجَلَّ۔

(3)......اگر کوئی معتکف مدنی مرکز کے جدول پر عمل کرے اور تمام حلقوں، مدنی مذاکروں وغیرہ میں توجہ سے شرکت کرے تو اُسے بہت سا علمِ دین حاصل گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

(4)......ہر اسلامی بھائی اپنے آپ کو حسنِ اَخلاق کا پیکر بنائے۔

(5)......نیکی کے فضائل پر نظر کرنے اور عمر کی کمی میں غور کرنے سے نیکیوں میں مستقل مزاجی حاصل ہو گی۔

(6)......ممکن نہیں کہ سیکھے بغیر درست نماز پڑھنا آجائے۔

| ۱۴ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 2 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......میں شکریہ ادا کرنے کے لیے ''دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں'' کہنے سے بچتا ہوں کہ کہیں بے دلی سے کہہ جاؤں تو جھوٹ نہ ہو جائے۔ یہ کہنے کے بجائے جزاک اللہ خیرا کہا جائے۔

(2)......اسلامی بھائی صرف ''جزاک اللہ'' کہتے ہیں اور لفظ ''خیرا'' چھوڑ دیتے ہیں۔ ایسا نہ کیا جائے پورا کہا جائے۔

(3)......اللہ عَزَّوَجَلَّ کا نام لینے میں فائدہ نہ ہو تو فائدہ کس کام میں ہے؟۔

(4)......کھجور بہت پیارا پھل ہے۔ یہ ماہِ رمضان کا تو ''دولہا'' ہے۔

(5)......خالی پیٹ میٹھی چیزیں استعمال کرنا مفید ہے۔

(6)......گھر کا کوئی نام رکھنا اچھی بات ہے، میں جس گھر میں رہتا ہوں اس کا نام ''بَیْتُ الفنا'' رکھا ہے کہ ہر چیز کے لیے فنا ہے۔

(7)......سُنّت کی نیت سے اپنی چیزوں کے اچھے نام رکھ سکتے ہیں۔

(8)......نام اسمِ بامسمّٰی ہونا چاہئے، یعنی جیسا نام ہو ویسی وہ چیز بھی ہو۔ ڈرپوک کا نام شیر دل اور بے نمازی کا نام سجاد (بہت سجدے کرنے والا) رکھنا عجیب ہے۔

(9)......ایک دن کے بچے کو بھی سرپرست بیعت کرواسکتا ہے۔

(10)......حلیم کہنا گناہ نہیں لیکن **اللہ** کے نام کی تعظیم کی خاطر رحیم (گوشت) یا کھچڑا کہا جائے تو اچھا ہے۔

(11)......ہر نیک کام حمد و صلوٰۃ سے شروع کرنا چاہئے۔

(12)......ناموں کی مفید معلومات حاصل کرنے کے لئے "نام کے احکام" رسالے کا مطالعہ کیجئے، اس کتاب میں سینکڑوں اچھے ناموں کی فہرس بھی شامل ہے۔

(13)......ایک وقت تھا کہ میرے گھر میں پنکھا اور ٹیوب لائٹ بھی نہیں تھی، ہم بہن بھائی باری باری پنکھا جھلتے تھے۔

| 2 جولائی 2015ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | ۱۵ رمضان ۱۴۳۶ھ |
|---|---|---|

(1)......دِینی بات کبھی بھی اپنی طرف سے نہیں کرنی چاہئے۔ وہ بات کی جائے جو قابلِ اعتماد اسلامی کتب میں ہو۔

(2)......اسلام کو نقصان پہنچانے والا یا اسلام کے خلاف باتیں کرنے والا شیطان ہے۔

(3)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجھے بچپن سے ہی علماء کی صحبت مل گئی تھی۔

(4)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی اعلیٰ حضرت اور علمائے اہلسنّت کے قدموں سے لپٹی ہوئی ہے۔

(5)......یہ دعا کیا کریں کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمارا جینا مرنا دعوتِ اسلامی میں کرے۔

(6)......اپنی اولاد کو دعوتِ اسلامی میں رہنے کی وصیت کر دیجئے۔

(7)......ایمان کی سلامتی چاہئے تو دعوتِ اسلامی کو مضبوطی سے تھام لیں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ گمراہی سے بچ جائیں گے۔

(8)......اگر ایمان و عافیت اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا پر موت آتی ہے تو میں سب سے پہلے مرنے کے لئے تیار ہوں۔

(9)......نفسیاتی خوف نہیں ہونا چاہئے بلکہ اپنے اندر حقیقی خوفِ خدا پیدا کیجئے۔

(10)......دُنیوی نعمتوں کے ساتھ زحمتیں اور تکالیف ملی ہوئی ہیں۔

(11)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج 14 رمضان المبارک تک میں نے سموسہ، پکوڑا کھانا تو کیا، دیکھا بھی نہیں۔

(12)......اگر آپ کہیں جانوروں کو آپس میں لڑتے دیکھیں تو ممکن ہو تو اچھے انداز سے دونوں کو جدا کر دیجئے۔

(13)......حدیثِ پاک میں دل کا زنگ دور کرنے کیلئے اِسْتِغْفَار بکثرت پڑھنے کی ترغیب ہے۔

(14)......کہتے ہیں اگر ہچکی لگی ہو تو کاغذ کی تھیلی میں سانس سے ہوا بھرنے سے ختم ہو جاتی ہے۔

| ۱۵ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 3 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......اچھے تأثرات دینے سے حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

(2)......روزے کی روح تقویٰ ہے۔

(3)......دُنیا کی جو نعمت جتنی بڑی ہوگی، اس کی زحمت بھی اتنی بڑی ہوگی۔

(4)......بے ادبی کا تعلق عرف و عادت سے ہے۔

| ۱۶ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 3 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......جس مکڑی نے غارِ حرا میں سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی موجودگی میں جالا تنا، وہ سعادت مند تھی۔

(2)......گھر سے مکڑی کے جالے دور کرنے کا فرمایا گیا ہے، کیونکہ یہ ناداری (غربت) کا باعث ہوتے ہیں۔

(3)......یہ کہنا درست نہیں کہ میں ''فل پرہیزی'' کرتا ہوں، کیونکہ کچھ نہ کچھ بد پرہیزی تو ہو ہی جاتی ہے۔

(4)......پیارے آقا مدینے والے مصطفٰی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم جو کام کریں وہ باعثِ رحمت ہے۔

(5)......پیٹ بڑھنے کی ایک اہم وجہ زیادہ کھانا بھی ہے۔

(6)......رمضان المبارک میں وزن کم ہونا چاہیئے، مگر ڈٹ کر کھانے والوں کا وزن بڑھ جاتا ہے۔

(7)......جس کا وزن کم کرنے کا پکا ذہن بن گیا ہو، وہ پہلے لِپڈ پروفائل، کولیسٹرول اور شوگر ٹیسٹ کروائے پھر بتدریج آہستہ آہستہ ہر ماہ وزن کم کرے۔

(8)......روزانہ 45 منٹ مسلسل پیدل چلنے کی عادت بنایئے۔15 منٹ تیز،15 منٹ آہستہ پھر15 منٹ تیز۔

(9)......ان اچھی اچھی نیّتوں سے صحت مند رہنے کی کوشش کیجئے کہ عبادت کروں گا، مدنی کاموں میں حصہ لوں گا، مدنی انعامات پرعمل اور مدنی قافلوں میں سفر کرکے نیکی کی دعوت کی دھومیں مچاؤں گا۔وغیرہ

(10)......کسی کو بھی چاندرات کو مدنی قافلے میں سفر کرنے سے محروم نہیں رہنا چاہئے۔

(11)......جس کو دیکھ کر قرآن پڑھنا نہیں آتا وہ پڑھا لکھا نہیں ہوسکتا،اگرچہ لوگ کہتے رہیں۔

(12)......علمِ دین حاصل کرنا،اس پرعمل کرنا،اس کی اشاعت کرنا سب صدقہ ہے۔

| ١٦ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 4 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......حسد جیسی بد بلا سے بچنے کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے حقیقی معنوں میں منسلک ہوجایئے۔

(2)......حاسد گویا اللہ عَزَّوَجَلَّ پر اعتراض کرتا ہے کہ فلاں کو یہ نعمت کیوں دی؟

(3)......رمضان المبارک،نیکیاں کرنے والوں اور جنت میں جانے والوں کا سیزن (Season) ہے۔

(4)......گھر میں نزولِ رحمت کے اسباب زیادہ ہوں تو گھریلو جھگڑے نہیں ہوں گے۔

(5)......گھریلو ناچاقیاں دور کرنے کا نسخہ یہ ہے کہ رِسالہ ''ناچاقیوں کا علاج'' پڑھ کر اس پرعمل کریں۔

(6)......شیطان صلح کے نام سے کتراتا ہے جب کہ صلح خیر ہے۔

(7)......کسی کے بُلانے پر جواب میں ''لبیک'' کہنا پیارا اور نرم جملہ ہے،اس کے کہنے سے محبت بڑھتی ہے، یہ سنت بھی ہے،اس نیت سے کہیں گے تو ثواب ملے گا۔

(8)......اکثریت کو کچھ نہ کچھ بیماری ہوتی ہے،اسی لیے یہ کہنے کہ ''میں بالکل ٹھیک ہوں'' غور کرلینا چاہئے۔

(9)......حج کے لئے بھی سُوال کرنا جائز نہیں۔

(10)......گوشت فروشوں میں بہت کام کرنے کی ضرورت ہے۔

| ۱۷ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 4جولائی2015ء |
|---|---|---|

(1)......ایک طرف کی بات سُن کر رائے قائم نہیں کرنی چاہیے۔

(2)......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں اچھوں کی محبت دے، اچھوں کے ساتھ رکھے اور انہیں کے ساتھ حشر کرے۔

(3)...... دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ رہیں، اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ دونوں جہاں کی بھلائیاں حاصل ہوں گی۔

(4)......عموماً گاڑی یا رکشے میں سفر کے دوران گانے بجتے ہیں، اس لیے گاڑی چلانے والے کو رسالہ ''**گانوں کے 35 کفریہ اشعار**'' تحفے میں دینا مفید ہے۔

(5)...... یہ ذہن بنالیں کہ میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا بندہ ہوں اور مجھے میرے ربّ عَزَّوَجَلَّ نے روزے رکھنے کا حکم دیا ہے، لہٰذا میں روزہ نہیں چھوڑوں گا۔ اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ

(6)......دُنیا بھر میں بہت بے عملی ہے، دِیگر ممالک میں جائیں تو یوں لگتا ہے کہ پاکستان میں بہت اسلام ہے۔

(7)......دنیا بھر کے لوگوں کی نظریں دعوتِ اسلامی کے مدنی قافلوں پر لگی ہیں کہ یہ آئیں گے تو کردار و اعمال کی اصلاح ہوگی۔

(8)......دعوتِ اسلامی جیسے کہے، ویسے کرتے جائیں۔

(9)......دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول آپ کو جنت کے محلات دلائے گا۔

(10)......مکتبۃ المدینہ کی نئی پیشکش ''نابینا اسلامی بھائیوں'' کیلئے بریل لینگویج (Braille Language) میں رسالہ ''**انمول ہیرے**'' جاری کردیا گیا ہے۔ (اعلان)

(11)......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں علم دین کا حریص بنائے۔

(12)...... شُہَدَاء و غازیانِ بدر کے ایصالِ ثواب کیلئے مدنی قافلوں میں سفر کیجئے۔

(13)......بعض دینی حُلیئے والے دینی نہیں ہوتے۔

(14)......ساؤتھ افریقہ میں 12 ماہ کے ایک مدنی قافلے میں کم وبیش 150 افراد مشرف بہ اسلام ہوئے۔

(15)......سب زبانوں کے حروفِ تہجی (Alphabets) کا ادب ہے۔

(16)......مدنی چینل سے کبھی میں نے ایک روپیہ بھی نہیں لیا، میں مدنی چینل کی چائے بھی نہیں پیتا۔

(17)......دین کی خدمت سے ہی جنت ملے گی ایسا نہیں ہے بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے جنت ملے گی۔

(18)......قرآنِ پاک کا صرف ترجمہ ہی نہیں، تفسیر بھی پڑھنی چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 5 جولائی 2015ء |

(1)......اذان کا احترام کرتے ہوئے گفتگو موقوف کر دینا چاہیے۔

(2)......اپنی اولاد کو بھی بِلا ضرورت جھاڑنے اور دل آزاری کی اجازت نہیں۔

(3)......نرم لہجے سے سمجھا کر اولاد سے کام لینا چاہئے۔

(4)......اولاد کو نیک بنانے کا جذبہ اچھا ہے، مگر اس کے لئے بے جا جذباتی ہونا درست نہیں۔

(5)......اس دنیا میں وحشی جانوروں کو اطاعت گزار بنانے والے ہیں، تو انسان کو اطاعت گزار کیوں نہیں بنایا جاسکتا؟

(6)......دعوتِ اسلامی نے علمِ دین حاصل کرنے کے بہت سارے مواقع فراہم کیے ہیں۔

(7)......کس سے؟ کس انداز سے؟ بات کی جائے، ایک فن ہے، جو سیکھنے سے آتا ہے۔

(8)......جو نمازیں نہیں پڑھتے، انہیں داڑھی کی تلقین کرنے کے بجائے، نماز کی دعوت دی جائے۔

(9)......دعوتِ اسلامی والے کہلانے والے، ایک ہزار اسلامی بھائیوں میں سے ایک عمامہ شریف باندھتا ہوگا۔

(10)......فی زمانہ داڑھی رکھنا جہاد ہے، مگر عمامہ شریف باندھنا اس سے بڑا جہاد ہے۔

(11)......عید کارڈ/مٹھائی وغیرہ دینے کے بجائے رسائل تقسیم کیجئے۔

(12)......اسی سوچن والے نئیں اسی منن والے آں۔

(13)......اولاد بالغ ہوگئی اگر ظنِ غالب ہے کہ سمجھائیں گے تو مان جائے گا تو سمجھانا واجب ہے ورنہ نہیں۔

(14)......گھر درس کیسے شروع کریں؟ گھر میں جو نرم گوشہ رکھتا ہو اُس پر انفرادی کوشش کریں پھر آہستہ آہستہ بقیہ کو بھی ترکیب میں لیں۔

(15)......مکتبۃ المدینہ کی وی سی ڈی اور رسائل بہترین تحفے ہیں۔

| ۱۸ رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 5 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ ہم آخری دم تک یا رسولَ اللّٰه کہتے رہیں گے۔

(2)......جس سے برکت لینی ہو اُس کی بات بھی مانئے۔

(3)......اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَزَّوَجَلَّ میں نے آج تک اپنے لئے زکوٰۃ وفطرہ نہیں لیا۔

(4)......پیارے آقا صَلَّی اللّٰه تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلَّم جب سرِ منور پر تیل شریف لگاتے تو عمامہ وٹوپی مبارک تیل سے بچانے کیلئے ایک مبارک کپڑا سر پر رکھتے تھے، جسے سربند کہتے ہیں، اس سُنتِ مصطفیٰ پر عمل کیجئے۔

(5)......اپنے پاس عمامہ وسربند ایک سے زیادہ رکھئے تاکہ ایک دُھلنے کی ترکیب میں ہو تو دوسرا موجود ہو۔ یہ سُنّت عام نہیں بچے بچے کو ترغیب دیں۔

(6)......اَلْحَمْدُ لِلّٰه عَزَّوَجَلَّ مجلس مدنی انعامات سربند کی سنت عام کرنے میں مصروفِ عمل ہے۔

(7)......کسی کو کنجوس آدمی کہنا گناہ ہے۔

(8)......بغیر نیت کے ثواب نہیں۔

| ۱۸ رمضان ۱٤۳٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 6 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......سمجھانے کی صلاحیت عموماً کم ہوتی ہے، اس لیے رسالہ یا CD/DVD وغیرہ دے دینی چاہیے۔

(2)......بے علم اندھیرے میں تیر چلانے والے کی طرح ہے۔ نیکی کی دعوت دینے کے لیے بھی علم ضروری ہے۔

(3)......41 روزہ مدنی انعامات ومدنی قافلہ کورس کرنے سے نیکی کی دعوت دینے کی کئی حکمتیں سیکھی جاسکتی ہیں۔

(4)......مائیں اپنے بچوں کو بددعائیں اور کوسنے نہ دیا کریں۔

(5)......ہم جب بیمار ہوتے ہیں تو ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں، اسی طرح ہمیں شرعی مسئلہ پوچھنا ہو تو دارالافتا اہلسنّت یا علمائے اہلسنّت کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(6)......حضرتِ مریم رضی اللہ تعالٰی عنہا دین کے لئے وقف ہوئیں تھیں۔

(7)......ربّ عَزَّوَجَلَّ کی رضا حاصل کرنے کے لئے ہر اُس کام سے بچا جائے جس میں اُس کی ناراضی ہو۔

(8)......زیادہ سونے سے حافظہ کمزور ہوتا ہے۔

(9)......عبادت پر قوت حاصل کرنے کے لئے سونا عبادت ہے۔

(10)......سوتے وقت اچھی اچھی نیتیں کر کے سوئیں۔

(11)......اچھے بچے گیم نہیں کھیلتے ''نورِ والا چہرہ'' رسالے کے آخر میں گیم کھیلنے کے نقصانات موجود ہیں۔

(12)......انفرادی کوشش موقع کی مناسبت سے کی جائے، اگر کوئی سننا پسند نہ کرے تو رسالہ دے دیں اور اگر سننے کی طرف آئے تو نماز اور سنتوں کی فضیلت بتائی جائے اس کے لئے علم ہونا چاہئے۔

(13)......وسوسوں کی طرف توجہ نہ دینا بھی وسوسوں کا علاج ہے۔

(14)......رسالہ ''وسوسے اور اُن کا علاج'' ہر ایک کی ضرورت ہے۔

| ۱۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 6 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......پورے ماہِ رمضان کے ہر معتکف سے میری مدنی التجاء ہے کہ **خودداری** کے پیشِ نظر کم از کم 3 ہزار (3000) روپے لنگرِ رضویہ کیلئے جمع کروائے۔

(2)......کم کھائیں گے تو پیٹ ہلکا رہے گا اور عبادت کرنا آسان ہوگا۔

(3)......**اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر ایمان لانا افضل عمل ہے۔

| ۱۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 7 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......افسوس دُنیا کے سارے کام اطمینان سے کیے جاتے ہیں مگر ارکانِ نماز جلدی جلدی ادا کئے جاتے ہیں۔

(2)......اپنے فوت شدگان کوخواب میں دیکھنے کی جدوجہدنہ کی جائے،اگرکسی ناپسندیدہ حال میں دیکھ لیاتو طویل صدمہ ہوگا،اگرچہ خواب شرعاً حجت نہیں۔

(3)......ماں باپ کی محبت سے اللہ عَزَّوَجَلَّ اوراس کے رسول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی محبت کروڑوں بلکہ اربوں گنازیادہ ہونی چاہیے۔

(4)......افسوس! گناہوں بھرے چینلز پرگناہوں کی تربیت دی جاتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِتراویح) | 7جولائی2015ء |

(1)......دعوتِ اسلامی نے نقشِ نعل پاک کے احترام کواُجاگرکیا ہے،صدیوں پرانے بزرگوں نے اس کے فضائل بیان کیے ہیں۔

(2)......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں خائفین بھی پائے جاتے ہیں۔

(3)......ہمارارونا عموماً نفسیاتی اثرمثلاً بیان یانعت کے سوز وغیرہ سے ہوتا ہے۔

(4)......اصل خوفِ خداوالا وہ ہے جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی نہ کرے،اگرچہ وہ ہماری طرح پھوٹ پھوٹ کر نہ روتا ہو۔

(5)......اے کاش ہمیں اصل خوفِ خدا بھی نصیب ہوجائے اوراس کی رِضا کے لیے رونا بھی۔

(6)......خوفِ خداسے روناپیارے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سنّت ہے۔

(7)...... یہ ذہن بنالیجئے! ہم نفس کے بندے نہیں بلکہ اپنے ربّ عزوجل کے بندے ہیں،لہٰذا جیسے ہمارے ربّ عزوجل نے حکم فرمایاہے،ہم ایسا ہی کریں گے۔

(8)...... خوفِ خداکے حصول کیلئے خائفین کی صحبت بہت ضروری ہے۔

(9)......رونا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت ہے،مگرجبکہ لوگوں کودکھانے کیلئے نہ ہو۔

(10)......میں نے سب سے پہلے اعتکاف نورمسجد کاغذی بازار بابُ المدینہ (کراچی) میں کیا، میں اکیلا ہی

تھا، رات جاگتا اور دن سونے کو دشواری ہوتی کیونکہ مانگنے والوں کی صدائیں بلند ہو رہی ہوتی تھیں، اگلے سال میں نے ایک، دو کو ساتھ ملا لیا، یوں بڑھتے بڑھتے 28 ہو گئے، لوگ حیران تھے کہ 28 نوجوان ایک جگہ معتکف ہیں، گلزارِ حبیب بابُ المدینہ (کراچی) میں پہلے سال 60 کی تعداد تھی پھر بڑھتی گئی، اب **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دنیا بھر میں اعتکاف کی ترکیب ہے۔

(11)...... مجھے بچپن ہی سے رمضان میں بہت مزہ آتا تھا۔

(12)...... دعوتِ اسلامی کا اعتکاف تربیت والا، ایمان کی جِلا والا اعتکاف ہوتا ہے۔

(13)...... تِلاوت کے دوران سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا نامِ پاک آئے تو انگوٹھے چومنے کی اجازت نہیں۔

(14)...... نام ''محمد'' (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) قرآن میں 4 بار آیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| **۲۰ رمضان ۱۴۳۶ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 8 جولائی 2015ء |

(1)...... **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کو عاجزی کرنے والے پسند ہیں۔

(2)...... مسجد میں رہتے ہوئے بغیر عذر جماعت چھوٹ جائے تو اس سے زیادہ کیا بدنصیبی ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| **۲۱ رمضان ۱۴۳۶ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 8 جولائی 2015ء |

(1)...... **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مجھے بچپن سے ہی رَمَضانُ المبارک سے محبت ہے۔

(2)...... دعوتِ اسلامی کے اِجتماعی اعتکاف میں نماز، سنّتیں اور دعائیں سکھائی جاتی ہیں، نیز ایمان وعقیدے میں پختگی حاصل ہوتی ہے۔

(3)...... عیدالفطر یومِ تَشَــکُّــر ہے۔ ہمیں اس میں گناہوں سے بچتے ہوئے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

(4)...... مرکز الاولیا لاہور میں ''داتا دربار'' شاید دنیا کا واحد مزار ہے، جہاں سارا سال لنگر جاری رہتا ہے۔

(5)...... سیلاب وعذاب کی تباہی کے مناظر لطف اندوز ہونے کیلئے نہ دیکھئے بلکہ اپنے لئے عبرت کا سامان

کیجئے۔

(6)......میں رَمَضانُ المبارَک کے تشریف لے جانے سے اُداس ہوجاتا ہوں۔کئی سال میرا معمول رہا کہ عید کا دن مسجد میں گزارتا اور شام کو کسی مزار شریف پر چلا جاتا۔

(7)......ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے کہ اُسے نماز روزے کے اوقات معلوم ہوں۔

(8)......نیکی کی دعوت دینے والے کی پذیرائی ہونی چاہیے۔

(9)......میں واش روم میں تعویذ نہیں لے جاتا۔

| ۲۱ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 9جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......جذبہ رہنمائی کرتا ہے۔

(2)......میں کارپیٹ (قالین) پر سجدہ کرنا پسند نہیں کرتا، کیونکہ بلا حائل سجدہ کرنا افضل ہے۔

(3)......افسوس! دینی معلُومات کی بہت کمی ہے۔لوگوں میں دِین سیکھنے کا جذبہ بھی نہیں۔

(4)......عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) میں سارا سال 30 دن کا نماز کورس جاری رہتا ہے۔

(5)......نماز نہیں آتی تو پھر کیا آتا ہے؟

(6)...... جہاں نیکی کی دعوت پر مشتمل کارڈ لگایا جاسکتا ہے اور لوگ تعجب نہیں کرتے، مثلاً فیضانِ مدینہ وغیرہ میں تو جیب پر یہ کارڈ ضرور لگانا چاہیئے۔ (کارڈ سے مراد تمغۂ تمغۂ عطّار ہے)

| ۲۲ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 9جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)...... دوسروں کے مال سے مایوس ہوجائیں۔فقط اللہ عَزَّوَجَلَّ پر نظر رکھئے۔

(2)......چھوٹے بچوں کی روزہ رکھنے کی عادت بنایئے، بچوں کے صحت مند ہونے کا دارومدار پتلا، موٹا ہونے پر نہیں بلکہ روزہ برداشت کرنے کی قوّت پر ہے۔

(3)......دوسروں پر اپنا قفلِ مدینہ مسلط نہ کریں۔

(4)......گھور کر دیکھنا، بے موقع مسکرانا، طنز کرنا، مذاق اُڑانا، دل آزاری کا باعث ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **۲۲ رمضان ۱۴۳۶ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 10 جولائی 2015ء |

(1)......زِینت کے لیے سر یا داڑھی کے سفید بال اُکھاڑنا منع ہے۔

(2)...... بچے کو کُند ذہن یا پڑھائی میں کمزور وغیرہ کہنا، اُسے مزید کُند ذہن بنا سکتا ہے۔اس لیے ایسا کہنے سے اِجتناب کیجئے۔

(3)......ایک دُوسرے کو جلالی یا زِیادہ غصے والا نہ کہا جائے، اس سے مخاطِب مزید غصے والا بن سکتا ہے اور یوں اس کی زندگی خراب ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| **۲۳ رمضان ۱۴۳۶ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 10 جولائی 2015ء |

(1)...... اِسلامی بہنیں روٹی پکانے سے پہلے اچھی اچھی نیتیں کریں مثلاً ضرورت کے مطابق روٹیاں پکاؤں گی تاکہ ضائع نہ ہوں، بچوں اور ان کے ابو کو بھوک کی پریشانی سے بچاؤں گی۔ کھانے پینے وغیرہ میں مستعمل پانی کے استعمال سے بچوں گی وغیرہ۔

(2)......نفاست پسندی کا تقاضا یہ ہے کہ پیالہ یا گلاس وغیرہ اس طرح اٹھایا جائے کہ انگوٹھا اندر بلکہ کنارے پر بھی نہ آئے۔ پیندے کی جانب سے اُٹھایئے۔

(3)...... پانی یا چائے وغیرہ اتنی ڈالا کریں کہ اُبل کر باہر نہ گرے۔

(4)...... ہر کام اصول کے مطابق اور درست طریقے سے کرنا چاہئے، نیز اس کا خیال رکھا جائے کہ اس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔

(5)......اگر ہماری ذات سے کسی کو راحت نہیں پہنچتی تو تکلیف بھی نہ پہنچے۔ یہ ذہن بنالیجئے کہ ہماری ذات سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔

(6)......مسجد بلکہ ہر جگہ حلوے کی طرح نرم اور میٹھے بن جایئے۔

(7)......دورانِ طواف محتاط لوگ اپنے بازوؤں کو سمیٹ لیتے ہیں کہ رش کی وجہ سے کسی کو کُہنی نہ لگ جائے۔

(8)......مدنی بہاروں کے فارم وہی اسلامی بھائی بھرا کریں، جنہوں نے ایسے گناہوں سے توبہ کی ہو، جسے عموماً گناہ اور بُرا سمجھا جاتا ہے۔

(9)......اگر آپ کے والدین یا دیگر رشتہ دار آپ سے ناراض ہیں تو فوراً معافی مانگ کر منا لیجئے۔

(10)......قبر و حشر میں مال نہیں بچائے گا، نیک اعمال چاہئیں۔

(11)......اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت بھی اجازت لینے کی عادت بنائیے۔

(12)......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں اسلامی بہنوں کا نام نہیں لیا جاتا بلکہ بنتِ/اُمِّ فلاں کی ترکیب کی جاتی ہے۔

(13)......چاول یا سالن وغیرہ بچ جائے تو دوبارہ گرم کر کے کھا لیں۔

(14)......کسی کے گھر میں پیشگی اطلاع دے کر جائیں۔

(15)......اگر کوئی کسی کا فون اٹینڈ نہ کرے تو کوئی گناہ نہیں۔

(16)......میرے (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ) بڑے بیٹے حاجی عبید رضا عطاری المدنی اس لئے گرمیوں میں بھی ہاتھ میں دستانے پہنتے ہیں کہ انہیں بکثرت پسینہ آتا ہے اور دستانے پہننے سے سکون ملتا ہے۔

| ۲۳ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 11 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......جب میری کسی بڑی علمی شخصیت (جید عالمِ دین) سے ملاقات ہوتی ہے تو بہت خوش ہوتا ہوں۔

(2)......افسوس! بڑی علمی شخصیات کم ہو گئیں۔

(3)......گھر کے ہر فرد کو زیادہ سے زیادہ علمِ دین حاصل کرنا چاہئے۔

(4)......عورتیں فطری طور پر سونے (Gold) سے بہت محبت کرتی ہیں، اللہ تعالٰی انہیں سونے کی محبت سے نجات عطا فرمائے۔

(5)......اسلامی بہنیں سونا اللہ تعالیٰ کی راہ میں دے کر آخرت کے لیے محفوظ کرلیں۔

(6)......مرنے کے بعد ہر ایک تمنّا کرے گا کہ کاش! ایک پیسہ بھی بچا کر نہ رکھتا بلکہ خیرات کر دیتا۔

(7)......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''پردے کے بارے میں سوال جواب'' انمول ہے، اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لیے یکساں مفید ہے، اس میں کئی فرض علوم ہیں، ہر ایک اس کا مطالعہ کرے، بلکہ گھول کر پی جائے (یعنی بار بار پڑھے)۔

(8)......اجتماع میں آنے والوں سے ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی کو مُلاقات کرنی چاہیے۔

(9)......دعوتِ اسلامی عقائد و اعمال کی اصلاح کی مدنی تحریک ہے۔

(10)......بزرگوں نے دین کی خاطر بہت قربانیاں دی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٤ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 11 جولائی 2015ء |

(1)......دنیا کی تکلیفوں میں جہنم کی تکلیفوں کی یاد ہے۔

(2)......جتنا ہو سکے مصیبت کو چھپانا چاہیے۔

(3)......کتاب ''اللہ والوں کی باتیں'' میں تصوف کی بہت سی تعریفیں لکھی ہیں۔

(4)......میوزیکل ٹون (Musical Tune) بھی گناہ ہے۔

(5)......''کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب'' فرض علوم پر مشتمل کتاب ہے اور میری زندگی کی نازک ترین کتاب ہے۔

(6)......کتاب خرید کر پڑھنے کا ذہن بنانا چاہیے۔

(7)......نیکیاں چھپاؤ تحریک مضبوط ہونی چاہیے۔

(8)......ماں باپ اولاد کے حقوق پورے نہ کریں پھر بھی قابلِ احترام ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٤ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 12 جولائی 2015ء |

(1)......جو قرآنِ کریم وقف ہو، اس پر کچھ تحریر کرنا تو کُجا اس پر ایک لکیر بھی نہیں لگا سکتے اور صفحے بھی نہیں موڑ سکتے، البتہ ڈوری لگا سکتے ہیں۔

(2)......رِشتے داروں سے بِلا اجازتِ شرعی ایک مِنَٹ بھی قطعِ تعلُّقی کرنے کی اِجازت نہیں۔

(3)......عید کے دن خوشی کا اِظہار کرنا سنّت ہے، اگرچہ دل میں ماہِ رَمضانُ المبارَک جانے کا غم ہو۔

(4)......جب کسی کا عزیز فوت ہو جائے تو جب پہلی عید آتی ہے تو گھر والے خوشی کرنے کے بجائے غم تازہ کرتے، روتے رلاتے ہیں۔ یہ بُری رَسم ہے کیونکہ سوگ صرف 3 دن ہے (البتہ بیوہ کا سوگ چار مہینے دس دن ہے)۔ معاشرے کے بڑے اور با اثر حضرات یہ بُری رَسم ختم کروانے کی کوشش کریں۔

(5)......مرد، وہ نہیں جو مُعاشرے کے پیچھے چلے بلکہ مرد وہ ہے جو معاشرے کو اپنے پیچھے چلائے۔

(6)......''ہاتھوں ہاتھ پھوپھی سے صُلح کر لی'' رشتے داریوں سے متعلق اہم رسالہ ہے۔

| ٢٥ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 12 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......اپنے اندر خوفِ خدا پیدا کرنے کیلئے اپنے آپ کو بے بس سمجھیں اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی غالب قدرت کو یاد کیجئے۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خفیہ تدبیر اور بُرے خاتمے کے خوف سے ڈرتے رہئے۔

(2)......اللہ تَعَالٰی کی بے نیازی سے ڈریئے۔ قیامت میں اللہ عَزَّوَجَلَّ ایک ہزار افراد میں سے نو سو ننانوے (999) مجرموں کو الگ کرنے کا حکم فرمائے گا، صرف ایک کا شُمار مجرموں میں نہیں ہوگا۔ ذرا سوچئے! کیا ہمارے اعمال ایسے ہیں کہ اُن ہزار میں سے وہ ایک خوش نصیب ہم ہوں۔

(3)......موت مومن کیلئے انمول تحفہ ہے، کیونکہ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ملاقات اور سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دِیدار کا ذریعہ ہے۔

(4)......خدا کی قسم! میرے دِلی جذبات یہ ہیں کہ اگر مجھے ساری دنیا کی بادشاہت ملتی ہو اور کہا جائے ایک بار یہ کہو کہ میں مسلمان نہیں ہوں پھر فوراً توبہ کر لینا اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ میں کبھی بھی یہ جملہ نہیں کہوں گا۔

(5)......مدنی چینل دیکھتے رہئے اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایمان کی حفاظت کے بے شمار اسباب ہوں گے۔

(6)......بُری صحبت، ایمان کی لئے زہرِ قاتل ہے۔

(7)......اچھی صحبت حاصل کرنے کے لئے مدنی قافلوں میں سفر کیجئے، اجتماع میں شرکت کیجئے۔

(8)...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہم اہلِ سُنّت ہیں اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے اہل جنّت بنیں گے۔ ہم صحابہ واہلِ بیت اور اولیائے کرام وغیرہ سب کو ماننے والے ہیں۔

(9)......جس کے بارے میں حسنِ ظن ہو کہ اس کی دعا قبول ہوتی ہے تو اُس سے بے حساب مغفرت کی دُعا کروانی چاہئے۔

(10)......دعوتِ اسلامی میں عملی طور پر رہنے کیلئے اپنی صلاحیت کے مطابق کوئی ذمہ داری لے لیجئے اور ہر ماہ مدنی قافلوں میں سفر اور روزانہ فکرِ مدینہ کر کے مدنی انعامات پر عمل کی کوشش کیجئے، نیز مدنی مذاکروں میں شرکت کو اپنا معمول بنالیجئے۔

(11)......سگنل توڑنا بہادُری نہیں حماقت ہے۔

(12)......ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنے میں ہمارا اپنا تحفظ ہے۔

(13)......ملکی قوانین جو شریعت سے نہ ٹکراتے ہوں اُن پر عمل کرنا چاہئے۔

(14)......دعوتِ اسلامی میں جس طرح ہزاروں کا اجتماعی اعتکاف ہوتا ہے، اس کی مثال چودہ سو سال کی تاریخ میں نہیں ملتی۔

(15)......اگر سارے مسلمان ظاہری نمود و نمائش کے اخراجات ختم کر کے اعتدال سے زندگی گزاریں تو ہر طرف خوشحالی آجائے۔

(16)......کبھی بھی بزرگوں کو آزمانا نہیں چاہئے۔

(17)......خوفِ خدا عَزَّوَجَلَّ و عشقِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم حاصل کرنے کے لئے ''احیاء العلوم'' کا

مطالعہ کیجئے۔

(18)......ملک سے باہر پہلا مدنی قافلہ ہند گیا تھا۔

(19)......نکاح میں دُولہا دُلہن کو تحفہ دینا جائز ہے، بہتر ہے کہ دینی کتاب دی جائے، مکتبۃ المدینہ کی کتاب یا میموری کارڈ، وی سی ڈی وغیرہ بھی دی جاسکتی ہے اور لفافے میں رقم بھی دینا چاہیں تو وہ بھی ٹھیک ہے۔

(20)......میزبان، مہمان کا اِکرام کرے، اگر میزبان اِکرام نہ کرے تو اپنے آپ کو رنجیدہ ہونے سے بچایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 13 جولائی 2015ء |

(1)......عوام کی قبریں اوپر سے پکی کرنے کی شرعاً اجازت ہے مگر میرا مشورہ ہے کہ کچی رکھی جائیں کیونکہ اس میں اہل میّت کا فائدہ ہے کہ اس پر گھاس وغیرہ اُگے گا، جس کی تسبیح سے میّت کا دل بہلے گا۔ مفتیٔ اعظم پاکستان مفتی محمد وقار الدین قادری رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ بھی عوام کی قبریں کچی رکھنے کا فرمایا کرتے تھے۔

(2)......اولیائے کرام کے مزارات پر گنبد بنانا جائز ہے، اس میں حکمت یہ ہے کہ لوگ اس کی طرف متوجہ ہوں اور فیض حاصل کریں۔

(3)......"مجلس اعتکاف" فیضان رمضان کتاب سے مدد لیتے ہوئے معتکفین کو نشانات دیا کریں، کوڈ نمبر دیں تو یہ بھی درست ہے اور وہ اپنی چیزوں پر اس سے اپنا نشان بنایا لکھ لیں تا کہ ایک دوسرے کی چیزیں مکس نہ ہو جائیں۔

(4)......اپنی چیزوں پر تلوار، چھری اور پستول کا نشان نہ بنایا جائے کہ یہ غیر مناسب ہے، اسی طرح مقدس مقامات مثلاً کعبہ شریف، گنبد خضرا وغیرہ کے نشان بھی نہ بنائے جائیں کہ بے ادبی کا اندیشہ ہے۔

(5)......مسجد میں وضو کے قطرے ٹپکانا مکروہِ تحریمی ناجائز و گناہ ہے، لہٰذا داڑھی و زلفوں والوں کو خوب احتیاط کرنی چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 13 جولائی 2015ء |

(1)......اِیصالِ ثواب تھوڑا ہو مگر دُرست ہو۔ (یعنی تلاوت، ذکر و دُرود وغیر درست مخارج کے ساتھ ہوں)

(2)...... اپنی اشیاء پر علامت لگانے کی عادت بنائیے تا کہ دوسروں کی اشیاء کے ساتھ نہ مل جائیں۔

(3)......میری مدنی بیٹیاں (اسلامی بہنیں) مجھے مدنی برقع پہننے کا تحفہ دیں۔

(4)......میری وِلادت کے دن خوشی میں ایسے تحائف دیجئے جس میں آپ کی آخرت کی بہتری اور اُمت کا فائدہ ہو جیسے ہر ہفتے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت، مدرسۃ المدینہ بالغان وغیرہ۔

(5)......گناہ پر ندامت ہونا سعادت ہے۔

(6)......جھوٹ، دھوکا، حبِّ جاہ سے ہر ایک کو بچنا چاہئے۔

(7)......دعوتِ اسلامی کے جھنڈے میں گنبدِ خضریٰ، غوثِ پاک اور اعلیٰ حضرت کے گنبد کی جھلکیاں ہیں۔

(8)......غصّے کے علاج کا ہسپتال فیضانِ مدینہ ہے۔

(9)...... بھائی پر احسان کریں تا کہ وہ آپ کی نیکی کی دعوت قبول کرے۔

(10)...... بے باکی سے گناہ کرنے پر بُرے خاتمے کا خوف ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٦ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ فجر) | 14 جولائی 2015ء |

(1)......اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے ذریعے دعوتِ اسلامی ترقی کی منزلیں طے کرے، تو اپنے اَخلاق اور کردار کو اچھا بنائیے۔

(2)......ہو سکے تو وقفِ مدینہ ہو جائیے، ورنہ روزانہ دو درس، ہفتہ وار اجتماع اور علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت، ہر ماہ مدنی قافلے میں 3 دن اور ہر سال ایک ماہ کے سفر کا معمول بنا لیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٦ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدعصر) | 14 جولائی 2015ء |

(1)......امیرِ اہلسنّت کی ولادت ٢٦ رَمَضانُ المبارَک بعد عصر ہوئی تھی، اس لیے بالخصوص بعدِ عصر باپا کے لیے دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ان کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے، انہیں طویل عمر بخیر و عافیت کی ساتھ عطا فرمائے (نگران شوریٰ)

(2)......ایک چیز جہاں سے اُٹھائی، وہیں رکھی جائے یہ سلیقہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 14 جولائی 2015ء |

(1)......95٪ گناہ زبان کے غلط استعمال سے ہوتے ہیں۔

(2)......عقیدے کی خرابی عمل کی خرابی سے زیادہ خطرناک اور تباہ کن ہے۔

(3)......کسی کو جھاڑ دینا، گُھور کر دیکھنا بھی بداخلاقی ہے۔

(4)......اللہ تَعَالٰی ہمیں نیک اور بااخلاق بنائے۔

(5)......یا اللہ! ہمارے وطنِ عزیز پاکستان کو اسلامی نظام عطا فرما اور اِسے اسلام کا حقیقی قلعہ بنادے۔

(6)......نیک بننے کیلئے نیکوں کی صحبت بہت مفید ہے۔

(7)......مدنی قافلے کا جدول نیکیوں بھرا ہے۔

(8)......اپنے مسلمان بھائیوں کیلئے نرم ہو جایئے۔

(9)......غمِ رَمَضان باقی رکھنا چاہتے ہیں تو فضول نہ بولئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدعصر) | 15 جولائی 2015ء |

(1)......جس نے ماہِ رَمَضانُ المبارَک میں روزے رکھے، خوب عبادت و ریاضت کی، اس کے لیے یومِ عید یومِ تشکُّر، خوشی و عبادت اور صدقہ و خیرات کا دن ہے۔

(2)......کاش! اللہ اللہ کرتے موت آئے۔

(3)......جنت و آخرت کی محبت ایمان سے ہے۔

(4)......پہلی وحی تعلیم و پڑھائی کے بارے میں آئی۔

(5)......جو تعلیم اسلام سے ہٹ کر حاصل کی جائے اس میں کوئی ترقی نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ رمضان ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 15 جولائی 2015ء |

(1)......مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول'' سب کے لیے مفید ہے ، اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں بھی بار بار پڑھیں ،27ویں شریف کی نسبت سے 27 مرتبہ پڑھیں تو مدینہ مدینہ۔ یہ مفید ترین رسالہ ہے، تقسیمِ رسائل کیجئے ، ہر آدمی تک پہنچایئے ، ہر ہر مکان اور دُکان پر جا کر تقسیم کیجئے۔

(2)......اللہ تَعَالٰی کہتے ہو،لوگ تَعَالٰی کے بجائے تالا کہتے ہیں،اس کو درست کرنا بہت ضروری ہے۔دو چار بار دہرانا کافی نہ ہوگا،گویا اس کی ہزار بار مشق کرنا ہوگی۔

(3)......میرے نزدیک وہ تعلیم یافتہ ہے جو فرض علوم سے آگاہ ہو، کلمے،آیت الکرسی اور نماز کے دیگر اذکار اور دیکھ کر قرآنِ کریم درست پڑھنا جانتا ہو۔

(4)......خوف آتا ہو تو یارَؤف پڑھتے رہیے۔

(5)......رسالہ ''بدگمانی'' گھول کر پینے والا ہے،اس میں بھی فرض علم ہے۔

(6)......عید اور شادیوں میں فریم اور مٹھائیوں کی جگہ مکتبہ المدینہ کے رسائل اور وی سی ڈی وغیرہ دینے کا رواج بنایئے۔

(7)......دعوتِ اسلامی سے اس طرح مضبوطی سے وابستہ رہیے کہ کوئی دھکے بھی مارے تو نہ نکال سکے۔

(8)......دعوتِ اسلامی میں دامنِ مصطفٰی ،دامنِ صحابہ واہلِ بیت ،دامنِ غوثِ اعظم اور دامنِ اعلٰی حضرت ہے، بس دعوتِ اسلامی میں ہی رہیں۔

(9)......علمائے اہل سنت سے مربوط رہئے اور ان سے مسائل پوچھتے رہئے۔

(10)......ہمیں اپنے مسلمان بھائیوں کے بارے میں حسنِ ظن کے جام پینے ہیں۔

(11)......کھانے کی سنتیں اور آداب کھانا کھانے سے قبل بتانا مفید ہیں۔

(12)......دورانِ سفر V.C.Ds ساتھ رکھئے تاکہ بسوں ،گاڑیوں میں چلانے اور گناہوں سے بچنے کا سامان ہو۔

(13)......جس کو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے وسعت دی ہے وہ عمدہ فطرہ دے۔مثلاً باب المدینہ (کراچی) میں رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ میں کشمش کے حساب سے 3.840KG کی رقم 2600، کھجور کے حساب سے 1300

روپے اور جو شریف کے حساب سے 250 روپے بنتی ہے۔ دیگر شہروں میں مختلف ہوسکتی ہے، وہاں معلومات کرکے عمدہ صدقۂ فطر دینے کی ترکیب بنائیے۔

(14)......اگر کوئی گناہوں کو یاد کرکے روئے، کوئی اُس کے لئے کہے یہ ڈرامہ کررہا ہے، کہنے والے نے گناہ کیا کیونکہ یہ بدگمانی ہے۔

(15)......جامعۃ المدینہ میں داخلہ لے لیں ورنہ مدرسۃ المدینہ بالغان میں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 16 جولائی 2015ء |

(1)......اولاد ٹوٹا ہوا برتن نہیں ہے کہ اس کے ساتھ ہر طرح کا سلوک کیا جاسکے، اگر اولاد کی دل آزاری کی تو اس سے بھی معافی مانگنا ہوگی۔

(2)......اپنی نیکیوں کو کارناموں کے انداز میں بتانے والے کا رِیاکاری سے بچنا بہت مشکل ہے۔

(3)......اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لیے رونا بھی نیکی ہے، جس کی ترغیب قرآن وحدیث میں موجود ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ تراویح) | 16 جولائی 2015ء |

(1)......کوئی عذر نہ ہو تو شش عید کے روزے ضرور رکھئے۔

(2)......اس سال جامعۃ المدینہ و مدرسۃ المدینہ کے دس ہزار تین سو چالیس (10340) حفاظ نے پاکستان میں نمازِ تراویح میں قرآن کریم سنایا یا (بطورِ سامع) سنا۔ (نگران شوری)

(3)...... میں دعوتِ اسلامی کا ادنیٰ خادم ہوں، دنیا بھر میں جن مجالس نے معتکفین کی خدمت کی، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

(4)...... مجھے بھی غصہ آتا ہے مگر دعوتِ اسلامی کے ماحول کی برکت سے ضبط کرلیتا ہوں۔

(5)......اللہ کی رحمت سے میری ملاقات کا انداز ایسا ہے کہ جوانوں کو بھی اس طرح ملاقات کرنا نہیں آتا۔

(6)......یہ اصول یاد رکھیں کہ جس کام سے شریعت نے منع نہیں کیا، وہ کام کرنا جائز ہے۔

(7)...... دوستی دین کیلئے ہونی چاہئے۔

(8)......دوست ایسا ہونا چاہئے، جس کی باتوں سے فکرِ آخرت، خوفِ خدا و عشقِ مصطفیٰ پیدا ہو، مگر اب ایسے دوست نایاب سے ہیں۔

(9)......دعوتِ اسلامی کے عاشقانِ رسول کی صحبت میں رہئے، عقیدے اور اعمال کی حفاظت ہوگی۔

(10)...... اپنا اوڑھنا بچھونا دعوتِ اسلامی کو بنا لیجئے اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ قیامت میں بھی کرم ہوگا۔

(11)......عید کے دن کی گناہوں بھری رونقیں ہوتی ہیں، ان سے بچئے اور یہ ایام مدنی قافلے میں گزاریئے۔

(12)......آج کا کام کل پر نہ ڈالو کل دوسرا کام ہوگا۔

| ۲۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ فجر) | 17 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......غمِ رَمضان باقی رکھنے کے مدنی پھول: (۱) پرانے دوستوں میں نہ جایئے (۲) اپنی ذاتی اشیاء پر آہ! تڑپا کے رمضاں چلا ہے یا الوداعِ رَمضان کے اشعار مع تاریخ لکھ لیجئے (میں شعبان المعظم سے ہی آمدِ رَمضان اور رَمضان وشوال میں الوداع کے اشعار گھر اور اشیاء پر لکھتا ہوں) (۳) الوداعِ رمضان کے کلام دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے اپنے موبائل میں محفوظ کر لیجئے۔ (۴) فیضانِ رمضان صفحہ 330 سے ہر رات شب قدر پانے کی دعا پڑھتے رہئے (۵) اپنی گھڑی یا موبائل میں غروبِ آفتاب کا الارم لگا لیجئے اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ رَمضانُ المبارَک کے افطار کی یاد دلائے گا۔ (۶) یادِ رَمضان میں بعدِ مغرب اوابین کے نوافل، سورۂ یٰسین اور سورۂ ملک شریف پڑھنے کی عادت بنایئے۔

(2)......اپنے بچوں کو ابھی سے رَمضانُ المبارَک کی محبت دیجئے۔

(3)...... اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں عاشقِ رَمضان بنائے۔

(4)......جب میں کسی کا نام رَمضان سنتا ہوں تو اچھا لگتا ہے۔

(5)......رَمضانُ المبارَک میں میری ایک خاص کیفیت ہوتی ہے جو سارا سال نہیں ہوتی۔

(6)......ہمارے گھر میں اتنی غربت تھی کہ کبھی اُبلا ہوا انڈا یا پانی ٹھنڈا کرنے کیلئے برف نہیں خریدی۔

| ۲۹ رمضان ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ جمعہ) | 17 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

(1)......گھر میں مدنی ماحول نہ بننے کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم خود مکمل طور پر مدنی ماحول میں نہیں ہوتے، ہمارے اخلاقیات سے گھر والے مطمئن نہیں ہوتے۔

(2)......آپ اگر گھر میں مدنی ماحول بنانا چاہتے ہیں تو اپنا کردار بہتر بنانا ہوگا۔ سنجیدہ، کم گو، اطاعت گزار، نماز و جماعت کی مُحافظَت (حفاظت) کرنے والا بننا ہوگا۔

(3)......روزہ بہت بڑی نعمت ہے،اس کا ثواب بِلا حساب ہے۔

(4)......دعوتِ اسلامی نے دلوں میں ماہِ رَمَضان کی محبت میں اضافہ کیا ہے،اِسی محبت کی وجہ سے سعادت منداس کے جانے پر روتے اوراپنے دل میں غم کی کیفیّت محسوس کرتے ہیں۔

(5)......جوملنسار،نرمی کرنے والا،دکھ درد میں شریک ہونے والا،خوشی پر مبا کباد دینے والا ہوگا تو لوگ اس سے محبت کرتے اور یاد کرتے ہیں۔

| ۹ شوال المکرم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 25 جولائی 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾......مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''تکبُّر'' سب کو بار بار پڑھنا چاہئے،گویا گھول کر پی جایئے۔

﴿2﴾......جو12ماہ کے مدنی قافلوں میں سفر کے لیے آئے ہیں،میں اُنہیں خوش آمدید کہتا ہوں،اللہ تعالیٰ 12ماہ میں برکت فرمائے اور12 سے 25 ماہ سفر کی ترکیب بن جائے۔

﴿3﴾......اگرآپ دینِ اسلام کو پھیلانے کا جذبہ رکھتے ہیں تودعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک ہوجایئے اوراس کے ذمہ داران سے رابطہ کر کے مدنی کام کیجئے۔

﴿4﴾......مدنی کاموں کی کارکردگی لیتے ہوئے نیت اللہ عزَّوجلَّ کی رِضا کی ہونی چاہیے۔

﴿5﴾......آپس میں یہ نہ کہا جائے کہ ''دو اسلامی بھائیوں کی کارکردگی میں فلاں ایک کی کارکردگی اچھی ہے،ہاں صرف ایک کا تذکرہ کر کے کہہ سکتے ہیں کہ فلاں کی کارکردگی اچھی ہے''۔

﴿6﴾......عقل بھی تقاضا کرتی ہے کہ کارکردگی لی جائے۔جس کام کی پوچھ گچھ نہ ہوتو وہ اوّلاً کمزوراور پھرآہستہ آہستہ ختم ہوجاتا ہے۔

﴿7﴾......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں حتی الامکان عربی، فارسی یا اردو اصطلاح رائج کی جائے۔میں انگلش اصطلاحات پسند نہیں کرتا۔

﴿8﴾......تمام ذمہ داران اپنی کارکردگی وقت پر دے دیا کریں، بڑے ذمہ دارکو شکایت نہ ہو کہ اسلامی بھائی کارکردگی نہیں دیتے۔

﴾9﴿......کارکردگی لینے اور دینے کا نظام مضبوط ہونا چاہیے۔ (نگرانِ شوریٰ)

﴾10﴿......کام بروقت کیجئے، ”کل کرلوں گا“ والے مزاج کی وجہ سے کام بروقت نہیں ہوتا (نگرانِ شوریٰ)

﴾11﴿......دھکم پیل میں اِیذائے مسلم وغیرہ گناہوں کے مواقع بڑھ جاتے ہیں۔

﴾12﴿......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ”**حسد**“ پڑھنے کے لائق ہے، فرض علوم سے مالا مال ہے۔

﴾13﴿......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ ”منہاج العابدین“ بہت کمال کی کتاب ہے، امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی آخری اور تعلیماتِ امام غزالی کا نچوڑ ہے، یہ ایک ایسی کتاب ہے کہ انسان کو سُدھار دے۔

﴾14﴿......اللہ تعالیٰ ہمیں ہر اُس کام سے بچائے، جس سے ہمارے وطنِ عزیز پاکستان کو نقصان پہنچے۔

﴾15﴿......سڑکوں پر تھوکنا قانوناً جرم ہے۔

﴾16﴿......یکم اگست تا 14 اگست 2015ء تک مشق کی نیت اور عادت بنانے کے لیے کوئی بھی اپنی گلی اور سڑک وغیرہ میں نہ تھوکیں اور کوڑا کرکٹ بھی لوگوں کے گھروں کے سامنے ڈالنے کے بجائے کچرا کونڈی میں ڈالیں، یوں ڈبل ہفتۂ صفائی منایا جائے۔

﴾17﴿......ہر جگہ تھوکتے رہنا غیر مہذب طریقہ ہے۔

﴾18﴿......اجیر کو معتدل انداز پر کام کرنا ضروری ہے۔

﴾19﴿......نااہل کو واجب ہے کہ فارغ کردیں۔

﴾20﴿......دعوت اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ رہیں اس کے مکاتب میں مدنی ماحول ہوتا ہے جبکہ دیگر جگہوں پر گالیاں اور نہ جانے کیا کیا مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ شوال المکرم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 جولائی 2015ء |

﴾1﴿......آج یومِ ولادتِ امام احمد رضا (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی وجہ سے میں دُھلے کپڑے اور عمامہ و جُبَّہ پہنا ہے۔

﴾2﴿......آپ تعلیماتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے تِل برابر بلکہ بال برابر نہ ہٹئے گا، ورنہ گمراہی کہہ کر نہیں آتی۔

﴾3﴿......جو امام احمد رضا رَحْمَةُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ کا ہے، وہ ہمارا ہے۔

﴾4﴿......معروف علماء عموماً سفید پوش ہونے کے باوجود ''حاجی'' بھی ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے لئے اسباب بنا دیتا ہے۔

﴾5﴿......صوبہ پنجاب (پاکستان) اور صوبہ بہار (ہند) والوں کی علمِ دین سے محبت مرحبا۔ پاکستان میں پنجاب دُنیا بھر کو علماء سپلائی کرتا ہے، جبکہ ہند میں اس کے لیے ''بہار'' کا صوبہ مشہور ہے۔

﴾6﴿......دِل ذِکرِ الٰہی سے غافل نہ ہو، اس کے لیے صحبتِ صالح ضروری ہے۔

﴾7﴿......جب تک نیند نہ آئے تو یَا کَرِیْمُ یَا کَرِیْمُ پڑھتے رہیں اور زبان ساتھ نہ دے تو دل سے (قلبی) ذِکر کریں۔

﴾8﴿......''ذوق آتا ہے'' کہنا درست نہیں ''ذوق بڑھتا ہے'' کہنا چاہئے۔

﴾9﴿......کاش! ہمیں حقیقی معنوں میں ذِکرُ اللّٰہ کی عادت نصیب ہو جائے۔

﴾10﴿......خاموشی وہ اچھی ہے جو غفلت بھری نہ ہو۔

﴾11﴿......اللّٰہ تَعَالٰی ہمیں ذکر کرنے والی زبان اور فکر کرنے والی خاموشی عطا فرمائے۔

﴾12﴿......مجھے قرآنِ کریم سے پیار ہے۔

﴾13﴿......غَیْبَتْ (یعنی کسی کی عدم موجودگی) میں جو دُعا کی جاتی ہے، قبولیت کے زیادہ قریب ہوتی ہے۔

﴾14﴿......کاش میں مرنے سے پہلے کتاب ''فیضانِ نیّت'' دیکھ لوں۔

﴾15﴿......میں دستار بندی (جامعۃ المدینہ سے فارغ التحصیل اسلامی بھائی کو عمامہ باندھنے) سے پہلے کچھ نیتیں کر لیتا ہوں مثلاً (1) کسی کو عمامہ باندھنا سنّت ہے، اس لیے سرکار صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی ادا کو ادا کر رہا ہوں (3) دو شملے چھوڑوں گا کہ یہ بھی سنّت سے ثابت ہے (4) دِلجوئی کروں گا۔

﴾16﴿......کسی اہم مذہبی شخصیّت سے دستار بندی کرانے میں حُبِّ جاہ (شہرت و مرتبے کی محبت) کا بھی قوی اندیشہ

ہے۔ایسا خیال آئے تو اسے دُور کرنے کی کوشش کیجئے۔

﴿17﴾......دستار بندی کروانے والا اس طرح کی نیتیں کرسکتا ہے: (1) بزرگوں کے طریقے کی اِتباع کرکے برکت حاصل کروں گا (2) دستار بندی کے اجتماع میں علماء کی زیارت کروں گا (3) مسجد کی زیارت کرکے جماعت سے نماز پڑھوں گا (4) صالحین کے قرب کی برکتیں پاؤں گا (5) سلام کا جواب دوں گا (6) مدنی مذاکرے میں شرکت کرکے علم حاصل کروں گا وغیرہ۔

﴿18﴾......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''ثواب بڑھانے کے نسخے'' بار بار پڑھئے۔

﴿19﴾......جامعۃ المدینہ میں پڑھنے والے کہیں اور چلے جائیں تو مجھے اس سے دُکھ ہوتا ہے۔

﴿20﴾......حُبِّ جاہ، رِیا کاری کا مین داخلی دروازہ ہے۔

﴿21﴾......عام طور پر نیتیں کرنے کا ذہن نہیں ہے۔

| ١٦ شوال المکرم ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | یکم اگست 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''**عاشقانِ رسول کی 130 حکایات** (مع)'' ضرور پڑھئے، یہ ایسی تاثیر والی ہے کہ اگر آپ کا دل زندہ ہوا تو مکمل کرنے سے پہلے چھوڑنے کو دل نہیں چاہے گا۔

﴿2﴾......احکامِ حج پر مشتمل کتاب ''**رفیق الحرمین**'' جدید اور اہم معلومات سے بھرپور ہے۔حج میں جانے والوں کو تحفۃً دیجئے۔

﴿3﴾......حضرت سیدنا **امیر معاویہ** رضی اللہ تعالیٰ عنہ عظیم صحابی اور کاتبِ وحی ہیں۔

﴿4﴾......کوئی **گناہ** ایسا نہیں ہے جو خطرناک نہ ہو۔

﴿5﴾......**اللہ** تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرنا بھی ''**دُعا**'' ہے۔

﴿6﴾...... **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **مدنی چینل** اسلام کی سچّی تعلیمات عام کررہا ہے۔

﴿7﴾......''**عَجْوَہ**'' دنیا کی سب کھجوروں میں بہترین ہے۔

﴾8﴿......دعوتِ اسلامی کی اصطلاح ''مدنی انعام و مدنی قافلہ کورس'' نہیں، ''**مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس**'' ہے۔

﴾9﴿......سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے **دعوتِ اسلام** دے کر خونخوار کفار کو اطاعت گزار مسلمان بنا دیا۔

﴾10﴿......میں **مدنی قافلوں** کا حریص ہوں۔

﴾11﴿......تبلیغِ دین کا بہترین ذریعہ **مدنی قافلے** ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ شوال المکرم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 8 اگست 2015ء |

﴾1﴿......لوگ ایسے شخص سے دُور بھاگتے ہیں جو☆ **زبان دراز** ہو☆ **بداَخلاق** ہو☆ **کپڑے صاف** نہ رکھتا ہو☆ **لین دین** کے **معاملات** درست نہ ہوں مثلاً **اُدھار** واپس نہ کرتا ہو☆ اس کے جسم یا کپڑوں سے **بدبُو** آتی ہو وغیرہ وغیرہ۔

﴾2﴿......ہوسکے تو مُلکِ پاکستان کی آزادی کے شکرانے میں **14 اگست کو روزہ** رکھ لیجئے۔

﴾3﴿......وطنِ عزیز کی صحیح تعمیر و ترقی کے لیے ہمارا **صالح، امین اور احساسِ ذمہ داری** رکھنے والا ہونا ضروری ہے۔

﴾4﴿......ہر ایک کو حج پر جانے سے پہلے یہ اُمور بھی سرانجام دینے چاہئیں:

☆ **رَفِیْقُ الْحَرَمَیْن** کا اوّل تا آخر ضرور مطالعہ☆ **باطِن کو صاف** ستھرا کرنے کے لیے توبہ☆ نفس کو **تقویٰ** سے مزیّن کرے☆ عشق و جذبہ بڑھانے کے لیے ''**عاشقانِ رسول کی 130 حکایات**'' کا مطالعہ کرے۔

﴾5﴿......شرعاً عالِم کو ٹوکنے کی **اجازت نہیں**۔

﴾6﴿.........غیر مسلم، **اللہ** و رسول کے دُشمن و غدّار ہیں، ان کی سب سے **بڑی خرابی کفر** ہے۔

﴾7﴿.........میوزک کی آواز سے بچنے کی کوشش کرنا **واجب** ہے۔

﴾8﴿.........7 ذُوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۶ھ، 23 اگست 2015ء، بروز اِتوار دن 02:26 پر عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں ''**حج تربیتی اجتماع**'' ہوگا۔ ان شاءاللہ عزوجل

﴿9﴾............عالِم سے اُس وقت سوال کریں جب وہ **فریش**(Fresh) ہوں۔

﴿10﴾............**عالم سے کچھ پوچھنا ہوتو پہلے اِجازت لے لیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ شوال المکرم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 13 اگست 2015ء |

﴿1﴾......**جشنِ آزادی** مناتے ہوئے یہ تصور قائم کرنا چاہئے کہ

☆ ہمارا ملک اس ماہ میں آزاد ہوا کاش! ہم **جہنم سے بھی آزاد** ہوجائیں ☆ اس ماہ ہمارا ملک غیر مسلموں سے آزاد ہوا، اے کاش ہم **غموں اور مصیبتوں** سے بھی آزاد ہوجائیں۔

﴿2﴾......**اللہ اللہ** کرتے کرتے **موت آئے تو** مدینہ مدینہ۔

﴿3﴾......گناہ کرتے ہوئے موت آنا کتنا **عبرتناک** ہے۔

﴿4﴾......**خوشی** کے مواقع پر یہ کام بھی کریں:

☆ **سجدۂ شکر** ادا کریں ☆ اسلامی بہنیں **پردے** کا اہتمام کریں، اسلامی بھائی **نمازِ باجماعت** کی پابندی کے ساتھ ☆ **صدقہ وخیرات** بھی کریں۔

﴿5﴾......مسلمان **اللہ** کا ''بندہ'' ہے یہ آزاد نہیں ہے، بلکہ **شریعت کا پابند** ہے اور عقل ہوتے ہوئے شریعت سے کبھی آزاد نہیں ہوسکتا۔

﴿6﴾......**اللہ** تعالیٰ ہمیں خوشی وغمی کے مواقع پر بھی اپنی **نافرمانی** سے بچائے۔

﴿7﴾......نماز کے بعد حمد وصلوٰۃ کے بعد 3 دفعہ **اَسْتَغْفِرُاللّٰہ** اور ایک مرتبہ یہ دُعا: **اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ، تَبَارَکْتَ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام** پڑھیں۔اس کے بعد دُرود وسلام پر دعا ختم کردیں۔عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں یہ طریقہ رائج ہے۔تمام آئمہ مساجد اِسی طرح دعا کریں تو مدینہ مدینہ۔

﴾8﴿......بزرگوں کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ میں **اثر** ہوتا ہے، میں نے ایسے اثر دیکھے ہیں۔

﴾9﴿......بزرگوں کے **نام میں بھی برکت** ہے۔

﴾10﴿......**سلیمُ الفطرت** شخص، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک نہ بھی ہوتو وہ **روحانی علاج** کا انکار نہیں کرے گا۔

﴾11﴿......حکیم اور ڈاکٹر جو **پرہیز** بتائیں، وہ کرنا چاہیے کہ پرہیز کرنا سُنّت سے ثابت ہے۔

﴾12﴿......زیادہ تر بیماریاں **بدپرہیزی** سے ہوتی ہیں۔

﴾13﴿......80 فیصد بیماریوں کی وجہ **ڈٹ کر کھانا** ہے۔

﴾14﴿......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**بغض وکینہ**'' ضرور پڑھنا چاہیے کہ فرض علوم پر مشتمل ہے۔

﴾15﴿......ہر جسمانی وروحانی بیماری کا کوئی نہ کوئی **سبب** ہوتا ہے، سبب دُور ہو تو عموماً بیماری بھی دُور ہو جاتی ہے۔

﴾16﴿......**اللہ** کرے ہم **بولنے** سے پہلے **تولنے** کی عادت بنائیں۔

﴾17﴿......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''**نام رکھنے کے احکام**'' بہت پیاری ہے، ہر ایک کے پاس ہونی چاہیے۔

﴾18﴿......بعض اوقات بے خیالی یا اُمید نہ ہونے کے باوجود یہ کہہ دیا جاتا ہے ''اُمید ہے آپ نے فلاں کام کرلیا ہوگا'' اس طرح کہنے کے بجائے یہ کہا جائے ''**اللہ** کرے آپ نے **فلاں کام کرلیا ہو**''۔

﴾19﴿......لنگرِ رسائل اب اِصطلاح نہیں بلکہ ''**تقسیمِ رسائل**'' ہے۔

﴾20﴿......میں **اپنی سوچ** آپ میں منتقل کرنا چاہتا ہوں، آپ قبول کرلیں۔

﴾21﴿......**بہارِ شریعت** پر دعوتِ اسلامی کے شعبے ''**اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ**'' نے جو کام کیا ہے، وہ سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہے۔

| ۳۰ شوال المکرم ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 اگست 2015ء |
|---|---|---|

﴾1﴿......اپنی چیز رائج دام (عموماً جس قیمت پر چیز ملتی ہے) سے زیادہ قیمت پر بیچنا مروّت کے خلاف ہے۔

﴾2﴿...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی اعتماد کی علامت بن گئی ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

﴾3﴿......تمام دعوتِ اسلامی والے عمامہ باندھنے لگیں تو مدنی انقلاب برپا ہو جائے۔

﴾4﴿......جو دعوتِ اسلامی والے ہو کر عمامہ نہیں باندھتے، وہ دعوتِ اسلامی کے نفع میں نقصان پہنچاتے ہیں۔

﴾5﴿......کسی کا پڑوسی، ہم سفر اور لین دین میں شریک اگر اس کے نیک ہونے کا اقرار کریں تو وہ واقعی نیک ہوگا۔(نگرانِ شوریٰ)

﴾6﴿......تدفین میں شریک ہونا سُنّت اور کارِ ثواب ہے اور اُس وقت اپنی قبر و آخرت کو یاد کرنا نُوْرٌ عَلٰی نُوْر ہے۔

﴾7﴿......زبان کی حفاظت کی اہمیت اُجاگر کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں ہر اسلامی ماہ کی پہلی پیر شریف کو یومِ قفلِ مدینہ منایا جاتا ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

| ۶ ذیقعدہ ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 اگست 2015ء |
|---|---|---|

﴾1﴿......اگر کوئی تَحَفُّظِ اَوراقِ مُقَدَّسہ کے بکس (Box) میں کسی تحریر والے گتّے، ڈبّے، مدینہ شریف کی کھجور یا زیتون کی گُٹھلی، اسی طرح سنہری جالیوں کی نسبت سے سُنہرے رنگ کا ورق یا سبز رنگ کی کوئی چیز بلکہ تنکے بھی ڈال دے تو اِنہیں بھی اَوراقِ مُقَدَّسہ کے ساتھ ٹھنڈا کیا جائے۔ہوسکتا ہے یہ تنکے مدینہ شریف یا بغداد شریف کی چٹائی کے ہوں۔مجلس اپنے اراکین اور اَجیروں کی اس مُعَاملے میں تربیّت کرے۔

﴾2﴿......اَوراقِ مُقَدَّسہ ڈالنے کے لیے گھر میں بکس (Box) یا بڑا شاپر رکھ لیا جائے تو مدینہ مدینہ۔

﴾3﴿......امیرِ اَہلِ سُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ 4 جگہ تشریف فرما ہوتے ہیں: ۞ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) ۞ بیتُ الفنا کے کتاب گھر اور اپنے آستانے میں ۞ اور بیرونِ ملک۔اِن چاروں مقامات میں اَوراقِ مُقَدَّسہ کے لیے بکس (Box)، شاپر یا تھیلی کی ترکیب ہے۔(نگرانِ شوریٰ)

﴾4﴿......تَحَفُّظِ اَوراقِ مُقَدَّسہ کے بکس (Box) کو رِضا کارانہ طور پر خالی کروانا مشکل ہے، اس کے لیے

اجیر رکھنا ہوں گے اور ایسے اجیروں کی مضبوط نگرانی بھی ضروری ہے۔

﴿5﴾......کچھ انجمنیں جوش میں تَحَفُّظِ اَوراقِ مُقَدَّسہ کے بکس (Box) تو لگاتی ہیں مگر پھر خالی نہیں کرتیں اور جب یہ بکس بھر جاتے ہیں تو اَوراقِ مُقَدَّسہ نیچے تشریف لاتے رہتے ہیں نیز کچھ خوفِ خدا سے عاری لوگ ان باکسز کو خالی کر کے رَدّی میں بیچ دیتے ہیں، جس سے بکس لگانے کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

﴿6﴾......چاہے کچھ بھی ہو جائے نماز نہیں چُھوٹنی چاہیے۔

﴿7﴾......کھانا چھوٹتا ہے تو چھوٹ جائے مگر نماز نہ چُھوٹے۔

﴿8﴾......دعوتِ اسلامی اصلاحِ اُمّت کی تحریک ہے۔

﴿9﴾......کھانے پینے کا شوق صحت کے لیے خطرناک ہے۔

﴿10﴾......مسلمان کا کام دوسروں کو تکلیف دینا نہیں، بلکہ مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے محفوظ رہیں۔

﴿11﴾......اسکوٹر (موٹر سائیکل) کے حادثات دیگر سواریوں کی بہ نسبت زیادہ جان لیوا ہیں۔

﴿12﴾......بارش ہو جائے تو حتی الامکان اسکوٹر و سائیکل نہ چلائی جائے۔

﴿13﴾......شریعت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے قانون پر ضرور عمل کریں۔

﴿14﴾......تمام اسلامی بھائی بشُمُول اراکِینِ شوریٰ اسکوٹر کو استعمال کریں تو ہیلمٹ (Helmat) ضرور پہنیں۔ پیچھے بیٹھنے والے بھی ہیلمٹ پہنیں۔

﴿15﴾......دعوتِ اسلامی والوں پر ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے پر پابندی ہے۔

﴿16﴾......بغیر ہیلمٹ کے کسی کو پیچھے نہ بٹھائیں۔

﴿17﴾......عمامہ شریف ہیلمٹ کے نیچے آ جائے تو فَبِہَا (ٹھیک) ورنہ عمامہ اُتار کر ہیلمٹ پہنیں، ہیلمٹ کے قانون پر عمل کرنے کی تاکید ہے۔

﴿18﴾......ہیلمٹ پہننے سے 92% حفاظت ہوسکتی ہے۔

﴿19﴾......کسی تجربہ کار اسلامی بھائی کے مشورے سے اچھا ہیلمٹ خریدیں۔

﴿20﴾......ہیلمٹ پر اپنی کوئی علامت لگالیں تاکہ مکس نہ ہو اور ہیلمٹ کو بدبو سے بچایئے۔(نگرانِ شوریٰ)

﴿21﴾......موٹر سائیکل کی سائیڈوں پر شیشے بھی لگایئے۔(نگرانِ شوریٰ)

﴿22﴾......اگر کسی نے کار میں کالے شیشے لگا رکھے ہیں تو وہ قانون پر عمل کرتے ہوئے اُسے اُتار دے۔

﴿23﴾......سیٹ بیلٹ بھی اِستعمال کریں، اس کے بھی کافی فوائد ہیں۔

﴿24﴾......ایک اسکوٹر یا سائیکل پر 3 افراد کے بیٹھنے پر میری طرف سے پابندی ہے۔

﴿25﴾...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی سے لاکھوں کروڑوں مسلمان وابستہ ہیں۔

﴿26﴾......اُردو کتاب کا ترجمہ کسی دوسری زبان میں کریں اور اس میں اُردو اَشعار بھی ہوں تو وہ نہ ڈالیں بلکہ شاعِر کا نام لکھ کر صرف شعر کا ترجمہ شامل کیا جائے۔اُردو اَشعار ڈالنے سے پڑھنے والوں کو بوریّت ہوتی ہے۔ البتہ عربی شعر ہوں تو اسے برقرار رکھیں اور ترجمہ بھی کردیں۔

﴿27﴾......عربی انٹرنیشنل زبان ہے۔

﴿28﴾......اُردو پڑھنے (لکھنے) والے اِنشاء پردازی نہیں سیکھتے، اس وجہ سے انہیں دُرُست اُردو لکھنا نہیں آتی۔

﴿29﴾......ترجمہ (ٹرانسلیشن Translation) کرنے والے کو دونوں زبانوں میں عُبُور حاصل ہونا چاہیے۔

﴿30﴾......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحمٰن مُجْتَہِدْ فِی الْمَسائِل تھے۔

﴿31﴾......دعوتِ اسلامی کا مدنی کام اسکرین و مدنی چینل کا محتاج نہیں۔

﴿32﴾......اللہ کرے ہم سب سچّے اور اچھے ہوجائیں۔

## مدنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 اگست 2015ء |

﴿1﴾ بِگاڑ آسان ہے، مگر سُدھار مشکل ہے، عمارت بنانے میں بعض اوقات سالوں لگ جاتے ہیں مگر گِرانے میں بہت کم وقت لگتا ہے۔

﴿2﴾ اچھی صحبت، اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہو تو یہ عبادت اور کارِ ثواب ہے۔

﴿3﴾ انتظارِ ماہِ رمضان میں بھی ایک سُرُور ہے۔

﴿4﴾ نماز میں مائیک کی ضرورتاً اجازت ہے، نمازی کم ہوں تو مائیک استعمال نہ کریں۔

﴿5﴾ میں نماز میں مائیک کے استعمال کو جائز سمجھتا ہوں، مگر بغیر مائیک کے نماز پڑھانا پسند کرتا ہوں۔

﴿6﴾ ہیلمٹ پہننا ہمارے اپنے ہی فائدے کے لیے ہے۔

﴿7﴾ جو عشق، شریعت سے ٹکرائے اس کی اجازت نہیں۔

﴿8﴾ ایسا ماحول نہ بنایا جائے کہ لوگ ہم پر ہنسیں۔

﴿8﴾ قرض لینے سے پہلے 100 بار سوچ لینا چاہئے کہ واپس کیسے کروں گا؟ واپس کرنے کی ترکیب نہ ہو تو قرض نہ لیا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 05 ستمبر 2015ء |

﴿1﴾ مساجد میں بے آواز (Sound Proof) جنریٹر لگانے کی ترکیب بنائی جائے، وہ پیٹرول پر چلے یا گیس پر، اس کی بدبو مسجد میں نہیں آنی چاہئے۔

﴿2﴾ مدنی ماحول سے منسلک کرنے کے لیے عمومی (نارمل) اسلامی بھائیوں سے زیادہ، گونگے بہرے اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش کرنے کی زیادہ ضرورت ہے کہ ان کو سمجھانے والا عموماً کوئی نہیں ہوتا۔

﴿3﴾ لوگ عموماً نماز کے دو سجدوں کے درمیان دو غلطیاں کرتے ہیں: (۱) سیدھا نہیں بیٹھتے (۲) ایک دفعہ سبحان اللہ کی مقدار میں نہیں ٹھہرتے۔

﴿4﴾ معظمِ دِینی مثلاً علماء و مشائخ اور ذمہ دار اسلامی بھائیوں کو غور و فکر اور ممکنہ صورت میں معلومات کر کے ہی کسی کے گھر اور دعوت میں جانا چاہیے، کیونکہ وہ گھر کسی وجہ سے بدنام ہوا یا دعوت میں خلافِ شریعت کام ہوئے اور یہ روکنے پر قادر نہ ہوا تو لوگ تہمت لگائیں گے اور عزّت پر بھی حرف آئے گا۔

﴿5﴾ ''تالا'' نہیں ''تعالیٰ'' کہیے یعنی اللہ تعالیٰ کہیے۔

﴿6﴾ اگر پڑوسی کو اذان کی تیز آواز سے تکلیف ہوتی ہو تو آپ کو سپیکر کی آواز کم یا سپیکر اُتارنا ہوگا۔ ہمیں عبادت میں کسی بھی مسلمان کو اِیذاء نہیں پہنچانی۔

﴿7﴾ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور علمائے اہلسنّت کا کلام پڑھا جائے۔

| ۲۸ ذیقعدة الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 12 ستمبر 2015ء |
| --- | --- | --- |

﴿1﴾ **کِھیرا کھانے کے فوائد**:

❁ کھیرا معدنیات اور وٹامن سے بھرپور ہوتا ہے ❁ گرمیوں میں جسم میں پانی کی کمی کا نعم البدل ہے ❁ اس میں 13 ایسے مرکّبات ہیں، جو کینسر کے اثرات کو کم کرتے ہیں ❁ قبض کے لیے مفید ہے ❁ جوڑوں کے درد میں کمی کرتا ہے ❁ توانائی فراہم کرتا ہے ❁ نظر کو بہتر کرتا ہے ❁ مدافعت کی طاقت بڑھاتا ہے ❁ کھیرا چھلکے کو اتارے بغیر کھایا جائے، کیونکہ چھلکے کو اتارنے کی حاجت نہیں۔ میرا چھلکے کے ساتھ ہی کھانے کا معمول ہے۔

﴿2﴾ آلو، چھلکے کے ساتھ کھانا میرا برسوں کا معمول ہے۔

﴿3﴾ دعوتِ اسلامی میں آنے کی کوئی شرط نہیں۔

﴿4﴾ پکارنے کے لیے پہلے ہمارے ہاں **مدینہ** کہنا رائج تھا، ایسا کرنا شرعاً ناجائز نہیں، لیکن سُنّت یہ ہے کہ نام لے کر پکارا جائے یا کنیت سے پکارے یا کہے ''اے بھائی''۔

﴿5﴾ وقف کے اِدارے والے ذاتی قلم استعمال کریں، وقف کے اِدارے کا ہماری طرف نہ آئے، ہماری

طرف سے جائے تو اس میں حرج نہیں۔

﴾6﴿ مقدس اسماء کو مختصر (Short) کرنا منع ہے۔ مثلاً فیضانِ مدینہ کو F.M لکھنا۔

﴾7﴿ تہمت کی جگہ سے بچنا واجب ہے۔

﴾8﴿ ملنسار سے لوگ بھی ملنساری کرتے ہیں اور سنجیدہ کے ساتھ لوگ بھی سنجیدہ رہتے ہیں۔

﴾9﴿ کراٹے سیکھنے سے تکبُّر پیدا ہوسکتا ہے۔

﴾10﴿ ایمبیسی وغیرہ میں ویزا لینے کے لیے بھی ہرگز جھوٹ نہ بولا جائے اگرچہ ویزا نہ ملے۔

﴾11﴿ مساجد کے نام مقدس رکھے جائیں، دعوتِ اسلامی کے تحت جو مساجد تعمیر ہوتی ہیں، ان کے جو نام رکھے جاتے ہیں اس میں لفظ ''فیضان'' بھی ہوتا ہے مثلاً فیضانِ مدینہ، فیضانِ زم زم وغیرہ۔

﴾12﴿ جہاں بھی لفظ ''فیضان'' ہوگا تو معلوم ہو جائے کہ دعوتِ اسلامی والوں کی مسجد ہے۔

## مدنی اور مدینہ ہماری گفتگو سے نہ نکلے

| غلط | دُرست | غلط | دُرست | غلط | دُرست |
|---|---|---|---|---|---|
| قافلہ | مدنی قافلہ | ماحول | مدنی ماحول | حُلیہ | مدنی حُلیہ |
| انعامات | مدنی انعامات | کام | مدنی کام | تربیتی کورس | مدنی تربیتی کورس |
| 12 روزہ کورس | 12 روزہ مدنی کورس | جامعہ | جامعۃ المدینہ | مدرسہ | مدرسۃ المدینہ |
| علمیہ | المدینۃ العلمیہ | مکتبہ | مکتبۃ المدینہ | گلدستہ | مدنی گلدستہ |
| مُنّا | مدنی مُنّا | مُنّی | مدنی مُنّی | مشورہ | مدنی مشورہ |
| چینل | مدنی چینل | پیڈ | مدنی پیڈ | تربیت | مدنی تربیت |

| تربیت گاہ | مدنی تربیت گاہ | مدرسہ بالغان | مدرسۃ المدینہ برائے بالغان | مدرسہ آن لائن | مدرسۃ المدینہ آن لائن |
|---|---|---|---|---|---|
| مذاکرہ | مدنی مذاکرہ | | | | |

﴿13﴾ میں دعوتِ اسلامی کا مالک نہیں، یہ وقف کا اِدارہ ہے۔

﴿14﴾ دورہ کہنے کے بجائے ''دورۂ حدیث شریف'' کہا جائے۔

﴿15﴾ حقیقی معنوں میں خاموش طبیعت والا، لاکھوں میں کوئی ہوگا۔

﴿16﴾ لفظ ''مدینہ'' بولنے کے لیے ہمیں بہانے ڈھونڈنے چاہئیں، اسی میں برکت ہے۔

﴿17﴾ مدنی اور مدینہ، ہماری پہچان ہے۔

﴿18﴾ مدنی اور مدینہ اپنے مدنی مُنّوں کو بھی سکھائیں۔

﴿19﴾ کسی کو یہ نہ کہا جائے کہ تیرے ماں باپ نے تجھے یہ سکھایا ہے؟ کیونکہ اس طرح کہنے سے اس کی دل آزاری تو ہے ہی، اگر اس کے والدین کو معلوم ہو گیا تو ان کی بھی دل آزاری ہوگی۔

﴿20﴾ ماں باپ کا دل دکھا کر مدنی قافلے میں کسی کو سفر نہ کروائیں۔

﴿21﴾ ماں باپ اور بچوں کی حق تلفی نہ ہو، کسی قسم کا گناہ نہ کرنا پڑے تو 12 ماہ کا سفر ضرور کیجئے۔

| ۳۰ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 ستمبر 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ بوتل سے اس طرح پانی پئیں کہ لب بوتل کے منہ پر نہ لگیں ورنہ لعاب بوتل کے منہ پر لگ جائے گا اور بدبو بھی پیدا ہو سکتی ہے نیز یہ نفاست (صفائی) کے بھی خلاف ہے۔ اس طرح نہ پی سکیں تو پیالے یا گلاس میں ڈال کر پئیں۔

﴿2﴾ حضرت حوّا کے ساتھ رَحمۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہا بولنا چاہئے۔

﴿3﴾ غیرِ صحابہ کے ساتھ رضی اللہ تعالٰی عنہ کے بجائے رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ لگانا مناسب ہے۔

﴾4﴿ ہمیشہ اچھی سوچ بنایئے ، تصوّر میں بھی بہت اثر ہوتا ہے۔

﴾5﴿ مکہ مکرمہ اور مدینۂ منورہ کا تصور کرتے رہیئے ، آخرت کے تصور میں گم رہا کیجئے۔

﴾6﴿ بُرے خواب سے بچنے کے لیے روزانہ یا مُتَکَبِّر 21 مرتبہ پڑھنا چاہئے۔

﴾7﴿ مقبول ترین سبزی آلو ہے اور یہ اچھی سبزی ہے۔

﴾8﴿ گوشت میں کچھ نہ کچھ سبزی ڈالنی چاہئے۔

﴾9﴿ گوشت کو لذیذ بنانے کے لیے میتھی کے خشک پتے ڈالنا مفید ہے۔

﴾10﴿ مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ پمفلٹ ''شراب کی تباہ کاریاں'' تقسیم کیا کریں، جو پڑھنا نہیں جانتا، اُسے پڑھ کر سنایا جائے۔

﴾11﴿ سوتے میں جو ''رال'' نکلتی ہے، وہ پاک ہے۔

﴾12﴿ بری خوابیں، بری صحبت کی وجہ سے بھی آتی ہیں۔

﴾13﴿ سونے سے پہلے تینوں قُل (سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس) پڑھ کر حِصار کرلیا کریں، الحمدللہ عزوجل میرا معمول ہے۔ یہ نیند اُچاٹ ہونے کا علاج بھی ہے۔

﴾14﴿ بلغم سے حافظہ کمزور ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 ستمبر 2015ء |

﴾1﴿ دُرود شریف اعمال کو پاک کرنے والا ہے۔

﴾2﴿ مبلغین کو چاہیے کہ مشکل الفاظ کے بجائے آسان الفاظ استعمال کریں۔

﴾3﴿ پانی چوس کر پینا چاہیے۔

﴾4﴿ مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''کباب سموسے کے نقصانات'' خود بھی پڑھئے اور دوسروں میں تقسیم بھی کیجئے۔

﴿5﴾ اللہ کرے، پسندیدہ کھانے کے شوق سے جان چھوٹ جائے اور روحانی غذا حاصل کرنے کا جذبہ مل جائے۔

﴿6﴾ بقرہ عید اس لیے نہیں آتی کہ طرح طرح کے کھانے کھائیں بلکہ اس لیے آتی ہے کہ دینِ اسلام کے لیے قربانی کا جذبہ بڑھائیں۔

﴿7﴾ قربانی کی کھالیں، مدنی قافلے والے بھی جمع کریں۔ یہ بھی ترکیب ہوسکتی ہے کہ اپنے ہی علاقے میں قربانی کی کھالیں بھی جمع کریں اور مدنی قافلے کا جدول بھی چلائیں۔

﴿8﴾ مسجد میں رہیں گے تو گناہوں سے بچیں گے۔

﴿9﴾ اگر کھالوں کی کثرت ہو تو نماز کے علاوہ بستے پر ہی وقت گزاریں۔

﴿10﴾ خوشبو ہر ایک کو اپنی نفسیات کے مطابق پسند ہوتی ہے۔

﴿11﴾ اللہ عزوجل! کرے کہ یہ ذہن بن جائے کہ "اللہ عزوجل دیکھ رہا ہے"۔

﴿12﴾ اللہ کرے پسندیدہ غذاؤں سے جان چھوٹ جائے، کاش! روحانی غذاؤں کی حرص نصیب ہو جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 ستمبر 2015ء |

﴿1﴾ گوشت فروش کو قصائی نہ کہا جائے، کیونکہ قصائی کا ایک معنی ظالم بھی ہے۔

﴿2﴾ کابینہ اور شہروں کے مدنی ناموں کے ساتھ سرکاری نام بھی لیے جائیں۔ مثلاً ضیاء کوٹ (سیالکوٹ)، مجدّدی کابینہ، راولپنڈی وغیرہ۔

﴿3﴾ سلام وعلیکم دُرست نہیں، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ لکھا جائے۔

﴿4﴾ مدنی مُنّیوں کو عمامہ نہیں باندھنا چاہیے۔

﴿5﴾ حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، اس سے جذبہ بڑھتا ہے۔

﴿6﴾ جو ہنستا ہے، اس کا گھر بستا ہے۔

﴾7﴿ مسکرانا سُنّت ہے۔

﴾8﴿ سرکار صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مسکراہٹ مشہور ہے۔

﴾9﴿ مسکراہٹ سے لوگوں کی دلجوئی ہوتی ہے۔

﴾10﴿ ملتے وقت مسکرا کر پرتپاک طریقے سے ملئے۔

﴾11﴿ بڑھاپے میں مسکراہٹ ختم ہوجاتی ہے، بوڑھوں کو اپنے آپ کو کنٹرول کرکے ہونٹوں پر مسکراہٹ لانی چاہیے۔

﴾12﴿ جو مسکراتا نہیں، لوگ اس سے دُور بھاگتے ہیں۔

﴾13﴿ جب سُنّت کی نیت سے مسکرائیں گے، تو ثواب بھی ملے گا۔

﴾14﴿ مسکراہٹ موقع کی مناسبت سے ہونی چاہیے۔ جب کسی کو دکھی پائیں تو سنجیدہ اور غم والے انداز میں گفتگو کریں اور ہرگز نہ مسکرائیں۔

﴾15﴿ کہاں مسکرانا ہے؟ اور کہاں نہیں مسکرانا؟ اس کی سمجھ ہونی چاہیے۔

﴾16﴿ کوئی غیر مسلم قربانی کا گوشت مانگے تو اسے کہہ دینا چاہئے کہ قربانی ہماری عبادت ہے، ہم اس کا گوشت کسی غیر مسلم کو نہیں دے سکتے۔

﴾17﴿ دنیا کا کوئی خطہ ایسا نہیں، جہاں غریب نہ ہوں۔

﴾18﴿ مسلکِ اعلیٰ حضرت، عین شریعت کے مطابق اور ادب والا ہے، ہمیں اس پر مضبوطی سے چلنا ہے۔

﴾19﴿ دعوتِ اسلامی سعادتوں کا مجموعہ ہے۔

﴾20﴿ اسلامی بہنوں کو جانوروں کی منڈی میں نہیں جانا چاہیے۔

﴾21﴿ قربانی ہوتے ہوئے بھی اسلامی بہنیں وہاں کھڑی نہ ہوں۔ محارم ہی ذبح کررہے ہوں تو حرج نہیں۔

﴾22﴿ اسلامی بہن ذبح کرنا جانتی ہو تو ذبح کرسکتی ہے۔

| ۳ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 17 ستمبر 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ اللہ تَعَالٰی ہمیں تائبین (یعنی توبہ کرنے والوں) میں شامل کرے۔

﴿2﴾ چُٹکلہ گھٹیا چیز ہے، اس لیے اس کو لطیفہ نہ کہا جائے کہ اللہ تَعَالٰی کا صفاتی نام ''لطیف'' ہے۔

﴿3﴾ صرف دارالافتاء نہ کہا جائے بلکہ دارالافتاء اہلسنّت کہنا چاہیئے۔

﴿4﴾ مخارج، مشق (پریکٹس) سے آتے ہیں، دن میں جب جب موقع ملے، اس کی مشق کرتے رہیں۔

﴿5﴾ حج پر جانے سے پہلے رفیق الحرمین کا مکمل مطالعہ کریں، مدنی قافلوں میں سفر کریں۔

﴿6﴾ 26، 41، 72، 92 عدد بولنا اچھا ہے، مگر موقع محل ہونا چاہیئے۔

﴿7﴾ میں مدنی چینل دیکھتے ہوئے آواز (Volume)، 10 عشرۂ رمضان، 11 گیارہویں شریف، 12 بارہویں شریف، 15 شبِ برأت، 19 بسم اللہ کے حروف، 21 حضرتِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یومِ شہادت اور 25 یومِ رضا، 30 قرآن کے 30 پاروں کی نسبت سے رکھتا ہوں۔

﴿8﴾ خاتون کے معنی ہیں نیک عورت۔

﴿9﴾ حاجی کے معنی ہیں حج کرنے والا اور ھاجی کے معنی ھجو یعنی مذمت کرنے والے کے ہیں۔

﴿10﴾ حرمین طیبین سے اُردو دان طبقے کی محبت مثالی ہے۔

﴿11﴾ بوڑھے جانور کا گوشت سرخ رنگ کا ہوتا ہے جبکہ جوان کا مٹیالا اور یہ لذیذ اور جلد گلنے والا ہوتا ہے۔

﴿12﴾ **مدرسۃ المدینہ برائے بالغان سے طلبہ کیوں چلے جاتے ہیں؟** ☆ وقت کی پابندی کا نہ ہونا ☆ شفقت کی کمی ☆ ڈانٹ ڈپٹ ☆ حوصلہ افزائی کا نہ ہونا ☆ سب کے سامنے شرمندہ کرنا وغیرہ۔

﴿13﴾ نَفل عربی لفظ ہے جب کہ نفلی اردو، معنی ایک ہی ہیں بہتر ہے نفلی کی بجائے نَفل کہا جائے۔

﴿14﴾ طلبۂ کرام چھٹی کے دن نَفل روزہ رکھ سکتے ہیں۔

﴿15﴾ بڑھاپے میں لمبے لمبے قدم رکھ کر چلے تو دل کی بیماریوں سے تحفظ ہوگا۔

﴿16﴾ بڑھاپے میں نسیں سخت ہو جاتی ہیں۔

﴿17﴾ میرے لڑکپن میں بکری کا بچہ 5 روپے کا ملتا تھا۔

﴿18﴾ عزت، دولت، شہرت پر پھولنا نہیں چاہئے۔

﴿19﴾ خود پسندی یہ ہے کہ اللہ عزوجل کی عطا پر نظر نہ رہے، کسی بھی نعمت کو اپنا کمال سمجھے اور چھننے کا خوف نہ ہو۔

﴿20﴾ خود پسندی 70 سال کے اعمال کو برباد کر دیتی ہے۔

﴿21﴾ اپنی تکلیف کسی کو بھی نہ بتائیں، اگر بے اختیار آہ، اُوہ منہ سے نکل گیا تو یہ بے صبری نہیں ہے، ضرورتاً گھر میں پرہیزی کھانا بنوانے کے لئے، کسی کی دلجوئی کے لئے، کسی سے دعا یا تعویذ لینے کے لئے، اگر اپنی تکلیف کا اظہار کیا تو یہ بے صبری نہیں۔

﴿22﴾ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں، کے بجائے انسب یہ لگتا ہے کہ یہ کہا جائے کہ فُلاں شہر سے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ حاضر ہوا ہوں۔

﴿23﴾ بعض نیک اعمال کی برکت سے گناہِ کبیرہ بھی معاف ہو جاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 ستمبر 2015ء |

﴿1﴾ جہاں فاسٹ فُوڈز زیادہ کھائے جاتے ہیں، وہاں بیماریاں بھی زیادہ ہوتی ہیں۔

﴿2﴾ جوانی میں مٹھاس، چکناہٹ، وغیرہ سے پرہیز کریں، بڑھاپا اچھا گزرے گا۔ بڑھاپے میں تو ان چیزوں سے اجتناب بہت ضروری ہے۔

﴿3﴾ کھانے کے بعد کولڈ ڈرنک پینے سے کھانا ہضم نہیں ہوتا بلکہ بدہضمی ہوتی ہے۔

﴿4﴾ گالی دینا فسق ہے، اگر کوئی گالی دے تو جواباً گالی نہ دی جائے۔

﴿5﴾ مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب "راہِ علم" بہترین کتاب ہے۔

﴿6﴾ بزرگانِ دین کی باتیں بڑی پُرمغز اور ان کے تجربات کا نچوڑ ہوتی ہیں۔

﴿7﴾ کسی کے نام کی نفل قربانی بغیر اجازت بھی ہو جاتی ہے۔

﴿8﴾ واجب قربانی کے لیے صراحۃً یا دلالۃً اجازت ضروری ہے۔

﴿9﴾ عُجب پسندی ستر(70) سال کے اعمال کو برباد کردیتی ہے۔

﴿10﴾ جو بلا ضرورت بیماری کا تذکرہ ایک بار بھی کردے تو صابرین کے زُمرے سے نکل جائے گا۔

﴿11﴾ بازار میں کھانا بُرا ہے، راستے اور بازار کا کھانا مکروہ ہے۔

﴿12﴾ عمدہ چیزیں تو عام لوگوں کے سامنے کھانے سے بھی بچنا چاہیے کہ نظر لگ سکتی ہے۔

﴿13﴾ گائے کی قربانی کے بجائے ''بڑے جانور کی قربانی'' میں حصہ لینے کا کہا جائے، کیونکہ اجتماعی قربانی میں بیل اور بھینسے بھی شامل ہوتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 19 ستمبر 2015ء |

﴿1﴾ جانور کا نام رکھنا اچھا ہے، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں بھی ادائے سُنّت کی نیّت سے قربانی کے جانور کا نام رکھتا ہوں۔

﴿2﴾ مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ بڑی پیاری، عظیم الشان کتاب ''**جیسی کرنی ویسی بھرنی**'' 112 صفحات، ہدیہ 25 روپے ہے، ہو سکے تو ضرور خرید فرمائیے اور تقسیم کیجئے۔

﴿3﴾ مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''بیٹا ہو تو ایسا'' دلچسپ ترین رسالہ ہے، بچوں اور والدین سب کے لیے معلومات سے پُر ہے۔

﴿4﴾ غیبت عام اور جھوٹ عام تر ہے، ان سے بچنے کے لئے مدنی قافلوں میں سفر کریں اور اچھی صحبت اختیار کریں۔

﴿5﴾ جانوروں کا نام رکھنا سُنّت ہے۔ سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی مبارک اونٹنی کا نام ''قصواء''، حمار (گدھا) شریف کا نام ''یعفور''، خچر مبارک کا نام ''دُلدُل'' تھا۔

﴿6﴾ جو اپنے آپ کو مخلص سمجھے، اُسے بھی اخلاص کی حاجت ہے۔

﴿7﴾ پُرانے اسلامی بھائی غور کریں کہ نانا دادا بن گئے، آہ! موت قریب آرہی ہے اور سُستی بڑھتی جارہی

ہے، منزل قریب آنے پر سُواری کی رفتار تیز کی جاتی ہے اور ہماری غفلت بڑھتی جارہی ہے۔

﴾8﴿ فاسقین کو مسند نہ دی جائے، تعظیم تو علماء، صلحاء، اور شرفاء کی ہونی چاہئے، جس سے شر کا خوف ہو تو اب اُس کی تعظیم جائز ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 ستمبر 2015ء |

﴾1﴿ بچیاں صاف ستھری اور عمدہ رہیں، حدیث پر عمل کی نیت سے بیٹیوں کو اچھا لباس اور زیور پہنانا چاہیے۔

﴾2﴿ ہمیشہ سچائی اختیار کیجئے۔

﴾3﴿ رِشتہ کرنے میں پہلے دینی خوبیاں دیکھیں، پھر دُنیاوی خوبیوں پر نظر کریں۔

﴾4﴿ مسجد کا جتنا احترام کیا جائے، کم کم اور کم ہے۔

﴾5﴿ مزار کی طرف پیٹھ نہ کی جائے، یہ مزار پر حاضری کے آداب میں سے ہے۔

﴾6﴿ عوام کی قبریں کچی رکھی جائیں اور اس کے اوپر گھاس اُگے گی تو صاحبِ قبر کے لیے نفع ہوگا کیونکہ اس کے ذِکرِ الٰہی سے صاحبِ قبر کو فائدہ ہوتا ہے۔

﴾7﴿ جو اسلامی بھائی کم از کم 25 کھالیں جمع کرے، اللہ تعالیٰ اس کی بِلا حساب مغفرت فرمائے۔

﴾8﴿ یااللہ! جو میری مدنی بیٹی کم از کم 7 قربانی کی کھالیں جمع کروانے میں کامیاب ہوجائے، اس کی بے حساب مغفرت فرمادے۔

﴾9﴿ مسجد میں ''کہہ دو مرشِد چل مدینہ'' جیسے نعرے لگانا منع ہے، یہ ذِکر کی اقسام میں سے نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٧ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 ستمبر 2015ء |

﴾1﴿ پیرِ کامل سے بیعت بہت مفید اور اچھی ہے، بیعت کرنے والا گناہوں سے بچتا ہے، دنیاوی طور پر بھی برکتیں ملتی ہیں، البتہ ضروری نہیں۔

﴾2﴿ اِیمان کی حفاظت کا ایک ذریعہ، پیرِ کامل سے بیعت ہونا بھی ہے۔

﴿3﴾ چھالیہ کا کثرت سے استعمال نقصان دہ ہے۔

﴿4﴾ پان گُٹکے کھانے کی عادت ٹھیک نہیں، گویا رقم خرچ کر کے بیماری طلب کرنا ہے۔

﴿5﴾ موٹر سائیکل اور اسکوٹر بہت خطرناک سواری ہے۔

﴿6﴾ قانون پر سختی سے عمل ہونا چاہیے، اگرچہ جرمانہ لینا جائز نہیں۔

﴿7﴾ طلاق کی وجہ سے گناہوں کا دروازہ کھل جاتا ہے۔

﴿8﴾ فوت شدہ بچوں کو بھی ایصالِ ثواب کر سکتے ہیں۔

﴿9﴾ بہن بھائی کی خدمت صلح رحمی کے لئے نہیں بلکہ خون کے جوش کی وجہ سے کی تو ثواب نہیں ملے گا۔

﴿10﴾ میں 6 مہینے کی عمر سے گئو گلی، اولڈ سٹی ایریا، بابُ المدینہ (کراچی) میں گوشت مارکیٹ میں رہا ہوں، اُس وقت گوشت سوا روپے یا ڈیڑھ روپے سیر ملتا تھا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 ستمبر 2015ء |

﴿1﴾ ''بیٹا ہو تو ایسا'' بہت دلچسپ رسالہ ہے، ضرور پڑھئے اور جن کو پڑھنا نہیں آتا اُن کو پڑھ کر سنائیے۔

﴿2﴾ DVD ''تلاوتِ قرآن مع ترجمۂ کنز الایمان'' (مع ضروری حواشی مکمل 30 پارے) جاری ہوگئی ہے۔ مکتبۃ المدینہ سے ہدیۃً طلب کیجئے۔ (اعلان مکتبۃ المدینہ)

﴿3﴾ کنز الایمان (جہیز ایڈیشن) بھی شائع ہوگیا ہے، بغیر جہیز کے بھی گھر میں رکھ سکتے ہیں۔

﴿4﴾ کنز الایمان اپنے گھر میں ضرور بالضرور رکھئے۔

﴿5﴾ اگر کنز الایمان فوراً خریدنے کی استطاعت نہ ہو تو اللہ کے کلام کی محبت میں تھوڑا تھوڑا جمع کر کے خرید لیں۔

﴿6﴾ جس گھر میں کنز الایمان یا کتاب ''رَدُّ الْمُحتار'' ہوگی، اُس گھر کی آسیب سے حفاظت ہوگی۔ ان شآءاللہ عزوجل۔

﴿7﴾ کسی کے مال پر نظر رکھنے کے بجائے، اپنی جیب خرچی سے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل خریدا کریں۔

﴿8﴾ ہم لینے والے نہیں، کاش! دینے والے بن جائیں۔

﴿9﴾ مساجد و مدارس المدینہ کی تعمیرات میں ٹھوک بجا کر دیانت دار ٹھیکے دار کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿10﴾ کھجور کا گڑ مدنی منوں کے لئے بہت مفید ہے، ٹافیوں کی بجائے اگر اس کی عادت بنائیں تو مدینہ مدینہ۔

﴿11﴾ کھجور کا گُڑ، خالص دیسی گھی میں تل لیں تو بہترین ناشتہ ہے۔

﴿12﴾ سوشل میڈیا (Social Media) سے تو جان چھڑا لینی چاہیے۔

﴿13﴾ میں کم اُجالے میں اس نیت سے لائٹ چلاتا ہوں کہ کہیں چیونٹی قدموں میں روندھی نہ جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٩ ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 ستمبر 2015ء |

﴿14﴾ مدنی مذاکرے میں شرکت کرتے رہیں گے تو ایسے ایسے مسائل معلوم ہوں گے، جو پہلے معلوم نہ تھے۔

﴿15﴾ ماں اگر مدینے کی حاضری کا کہتی ہے تو اُس کا ارمان پورا کرنا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٠ ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 24 ستمبر 2015ء |

﴿1﴾ مقدس مقامات کے لیے ادب کے الفاظ استعمال کرنے چاہئیں۔

﴿2﴾ دعوتِ اسلامی میں آجاؤ، مدنی ماحول سے منسلک ہو جاؤ، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ با ادب بن جاؤ گے۔

﴿3﴾ شریعت ہمارا معیار ہے، شریعت نے جس کو جائز کہا وہ جائز اور جسے ناجائز کہا وہ ناجائز ہے۔

﴿4﴾ آؤ! ہم مل کر دِین کا کام کریں، بے نمازیوں کو نمازی بنائیں۔

﴿5﴾ اپنی نمازوں کی حفاظت کیجئے۔

﴿6﴾ دعوتِ اسلامی کے مخصوص اسلامی بھائی سوشل میڈیا (Social Media) کے ذریعے دِینی خدمت سرانجام دے رہے ہیں، میری طرف سے عام اسلامی بھائیوں کو سوشل میڈیا (Social Media) کے قریب آنے کی اجازت نہیں۔

﴿7﴾ ہمارا بندھن عشقِ رسول کا بندھن ہے، جو دُنیا کی کوئی طاقت نہیں توڑ سکتی۔

﴿8﴾ ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ گوشت کو 10 دن سے زیادہ فریج میں رکھا جائے تو اس میں جراثیم پیدا ہو جاتے

ہیں، جس سے یہ مضرِ صحت ہوجاتا ہے، اسے کھانے سے کینسر کا مرض بھی ہوسکتا ہے۔

﴿9﴾ سیلفی (Selfie) کرنے والے سے بھی اچھا گمان ہونا چاہئے۔

| ١٠ ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عید) | 25 ستمبر 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ جانور کو برتن یا کُھر لی (جانوروں کو چارہ یا دانہ کھلانے کی جگہ یا چیز) میں چارہ دینا چاہیے، زمین پر ڈالنے سے نجس ہوجانے کا اندیشہ ہے، جس سے جانور بیمار ہوسکتا ہے۔

﴿2﴾ جس کو جانور پالنا ہو تو اسے اس کے متعلق علمِ دین سیکھنا فرض ہے۔

﴿3﴾ مجھے بچپن میں بکری کے بچے پالنے کا شوق تھا، اس کے لیے والدہ سے مطالبہ کرتا تھا۔

﴿4﴾ جوانی میں جانور ذبح کیے مگر اب ذبح نہیں کر پاتا، دل میں بہت نرمی آ گئی ہے۔

﴿5﴾ جو قربانی کی استطاعت نہیں رکھتے، ان کو جانور دلا دینا چاہیے بلکہ جانور کے ذبح و کٹائی کے اخراجات بھی دے دیں تو مدینہ مدینہ۔

﴿6﴾ جو پیشہ ور قصّاب یعنی گوشت فروش نہ ہوں، ان سے قربانی کے جانور کو ذبح اور کٹائی نہ کروائی جائے۔

﴿7﴾ جلد بازی کی وجہ سے کھالوں کو کٹ لگانا، کھال کے ساتھ گوشت لگا رہنے دینا اور عرف سے ہٹ کر گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کرنے والے قصاب مجرم ہیں۔

﴿8﴾ جو علم کا عالم ہو، وہ اپنے علاقے کا سب سے ذہین فرد ہوتا ہے۔

﴿9﴾ حقیقی مفتیِ اسلام، عقل کے لحاظ سے ملک کے وزیر اعظم سے بھی بڑا درجہ رکھتا ہے۔

| ١١ ذوالحجة الحرام ١٤٣٦ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26 ستمبر 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾ بعض دِینی منصب رکھنے والوں میں بھی چِڑ چِڑا پن آ جاتا ہے، یہ بہت نقصان دہ ہے۔

﴿2﴾ جہاں تک ممکن ہو، مسلمانوں کی دِلجوئی کرنی چاہیے۔

﴿3﴾ کافر اور جانور کے ساتھ بھی ظلم کرنے کی اجازت نہیں۔

﴿4﴾ جب عمر زیادہ ہو جاتی ہے تو غصہ زیادہ آتا ہے، بوڑھوں کو غصے سے بہت بچنا چاہئے۔

﴿5﴾ سلام کرنے کے بعد ''عید مبارک'' کہنا چاہیے۔

﴿6﴾ ''خیر مبارک'' کہنے سے پہلے سلام کا جواب دیا جائے۔

﴿7﴾ عید مبارک دُعا ہے، اس کا معنی ہے کہ آپ کے حق میں عید برکت والی ہو۔

﴿8﴾ دِل جوئی کی نیت سے گلے ملنا، سُنّت کی نیت سے مسکرانا وغیرہ کارِثواب ہیں۔ البتہ امرد سے گلے نہ ملا جائے۔

﴿9﴾ پُر وقار طریقے سے گلے ملنا چاہیے۔ بھینچ لینا، گلے ملتے ہوئے دوسرے کو اُٹھا لینا غیر مناسب ہے اور اِیذاء کا باعث ہوسکتا ہے۔

﴿10﴾ مجاہدِ ملت، خلیفۂ مفتیِ اعظم ہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن عباسی رضوی (دھام نگر اُڑیسہ ہند) 1980ء میں حج کرنے آئے تھے بہت بڑے بزرگ، مُتَصَلِّب سُنّی (تعلیماتِ اعلیٰ حضرت پر مضبوطی سے عمل کرنے والے)، مشہور شیخِ طریقت، ہند کے بڑے عالمِ دِین تھے۔ اِعلائے کَلِمَۃُ الْحَق کو بلند کرنے میں بے باک و نڈر تھے، افسوس! مجھے ان کی زِیارت نہ ہوسکی۔

﴿11﴾ کسی بھی قسم کی مصیبت آئے، اس وقت سب سے بڑی احتیاط یہ ہے کہ صبر کرے اور بلا ضرورت کسی پر اِظہار نہ کرے۔

﴿12﴾ میرا مشورہ ہے کہ قربانی کے گوشت کو پانی میں پکایا جائے، پائے بھی پانی میں پکائے جاسکتے ہیں۔

﴿13﴾ ہمارے گھر میں دال بھی پانی میں پکتی ہے۔

﴿14﴾ اس طرح کی دُعا کرنے میں حرج نہیں کہ **یااللہ**! میری روزی میں برکت عطا فرما۔

﴿15﴾ حج کرنے والی اسلامی بہنوں کو حجن یا حاجن کہا جاتا ہے۔

﴿16﴾ اپنی اولاد کو مادری زبان بھی ضرور سکھائیں۔

﴿17﴾ ہر ایک کے لیے حضرت، حضور اور آپ کی بارگاہ نہ کہا جائے۔

﴾18﴿ ایم اے جناح روڈ (بابُ المدینہ،کراچی) کے جلوسِ میلاد کے بعد کسی سائیکل سوار سے مجھے ٹکر لگ گئی،اب گِرنے کے بعد میرے دو کام تھے اپنے آپ کو بچانا اور اُس سائیکل والے کو بھی بچانا تا کہ لوگ اُسے ایذا نہ پہنچائیں۔

# مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 اکتوبر 2015ء |

## آف ائیر مدنی مذاکرہ (جامعۃ المدینہ کے طلبہ کا تربیتی اجتماع)

﴾1﴿...... تعظیم کے الفاظ مثلاً حضور،آپ نے فرمایا،آپ کی بارگاہ" وغیرہ،فاسق کے لیے نہ بولے جائیں۔ ایسے الفاظ صرف معززین کے لیے استعمال کئے جائیں۔

﴾2﴿...... کہاں کیا بولنا ہے،اس کا شعور ہونا چاہیے۔

﴾3﴿...... جامعۃ المدینہ میں رہتے ہوئے اپنے آپ کو مدنی (تنظیمی) کاموں کا عادی بنائیے۔(نگرانِ شوریٰ)

﴾4﴿...... ذمہ داری ہو یا نہ ہو تمام طلبہ مدنی کام کریں۔مدنی کام کا اصل مقصود رِضائے اِلٰہی ہونا چاہیے۔

﴾5﴿...... صحیح معنوں میں مُحتاط فِی الدِّین (دینی طور پر احتیاط کرنے والا،جائز ناجائز کا خیال رکھنے والا) وہ ہے،جو ثواب کا حریص ہو اور بولنے سے پہلے سوچتا ہو۔

﴾6﴿...... ہمارے پیارے آقا صلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وسلّم ایسا کوئی کام نہ فرماتے،جس میں ثواب نہ ہوتا۔

﴾7﴿...... پابندی سے مدنی مذاکروں میں شرکت کرنے والے اسلامی بھائی بہت سا علم حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

﴾8﴿...... میں ثواب کے لیے صُورِی وصَوتی (وِڈیو یا آواز والے) پیغام کے ذریعے مختلف اسلامی بھائیوں کی غمخواری،دلجوئی اور حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

﴾9﴿...... مسلمان کے کام میں حسنِ ظن کا پہلو رکھنا واجب ہے۔

﴾10﴿...... مدنی قافلوں میں سفر کرنے میں ہمارا اپنا فائدہ ہے،کیونکہ اس میں کردار سازی ہوتی ہے۔

﴾11﴿...... مدنی قافلے میں دِین کا درد اور کُڑھن نصیب ہوتی ہے۔

﴿12﴾......اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مجھے بچپن سے ہی فقہی مسائل میں دلچسپی ہے۔

﴿13﴾......جو امام مسجد استطاعت رکھتا ہو، وہ روزانہ کسی نماز کے بعد کم از کم ایک شرعی مسئلہ اپنے نمازیوں کو بتانے کی عادت بنالے۔

﴿14﴾......اپنے استاذ کے علم کے بارے میں حسنِ ظن کے جام پیتے رہیے، کیونکہ جو اپنے استاذ کے بارے میں بدگمانی کرے گا، وہ علم کی رُوح نہیں پاسکے گا۔

﴿15﴾......درسِ نظامی کے طلبہ دورانِ تعلیم ہی ذاتی مطالعہ کرنے کی عادت بنالیں۔

﴿16﴾......تَخَصُّص فِی الْفِقْه کرنے والے طلبہ یہ ذہن نہ بنائیں کہ میں مفتی بننے کیلئے جارہا ہوں، بلکہ یہ نیت کریں کہ میں تَخَصُّص کے ذریعے اپنے علم میں اضافہ کروں گا۔

﴿17﴾......مفتی کیلئے قدرتی طور پر ذہین ہونا شرط ہے۔

| ۱۹ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 اکتوبر 2015ء |
|---|---|---|

(جامعۃ المدینہ کے طلبہ کا تربیتی اجتماع)

## آف ائیر مدنی مذاکرہ

﴿1﴾......اسلام نے عربی ،اردو اور فارسی زبان کو اپنے دامن میں لیا ہوا ہے ، جہاں تک ہوسکے اپنی اصطلاحات انہی زبانوں میں ہوں۔

﴿2﴾......ہر ایک کو تربیت کی حاجت ہے۔

﴿3﴾......علمِ دین حاصل کرنے کی کوئی حد نہیں ہے، جتنا حاصل کریں گے اُتنا بڑھے گا۔

﴿4﴾......جامعۃ المدینہ کے تمام اساتذۂ کرام کو مدنی مذاکروں میں شرکت کرنی چاہیے۔

## مدنی مذاکروں کی اہمیت پر فرامین امیرِ اہلسنّت

﴿5﴾......میں اپنے تجربات کا نچوڑ مدنی مذاکروں میں بیان کرتا ہوں۔آپ ضرور سنئے اور عمل کیجئے ،ان شآء اللہ عَزَّوَجَل آپ کی زندگی سنور جائے گی۔

﴿6﴾......میں نے جو کچھ 60 سالوں میں پایا ہے، وہ آپ کو 20/30 سال کی عمر میں پیش کررہا ہوں۔

﴿7﴾...... اگر آپ علمِ دین کا خزانہ چاہتے ہیں تو اوّل تا آخر مدنی مذاکرے میں شرکت کیجئے، ان شآء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو وہ معلومات حاصل ہوں گی، جو بہت سے لوگوں کو نہیں۔

﴿8﴾...... ہر بات کتاب میں نہیں ملتی۔

﴿9﴾...... میں چاہتا ہوں کہ مدنی مذاکرے کے ذریعے دعوتِ اسلامی والوں میں اپنی سوچ منتقل کر دوں، میرے پاس جو کچھ ہوتا ہے، میں آپ کو دے دیتا ہوں، آپ لینے والے بنیں۔

﴿10﴾...... میری خواہش ہے کہ ہمارے تمام طلبائے کرام، اساتذہ کرام، مدرسۃ المدینہ کے تمام مدرسین، المدینۃ العلمیہ، دارالافتاء اہلسنّت، اراکینِ شوریٰ، نگرانِ کابینہ، ڈویژن ذمہ دار بلکہ ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن مدنی مذاکروں میں شرکت کیا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۶ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 10 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾...... مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''باطنی بیماریوں کی معلومات'' بہت اہم ہے۔ جس نے یہ کتاب لکھی ہے میرا جی چاہتا ہے کہ اُسے ''چل مدینہ'' کہہ دوں۔ (چل مدینہ دعوتِ اسلامی کی اصطلاح ہے۔ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ اپنے ہمراہ حج اور سفرِ مدینہ کرنے کی خوشخبری ''چل مدینہ'' کے الفاظ سے سناتےہیں)

﴿2﴾...... آخری سانس تک اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈرتے ہوئے گناہوں سے بچتے رہئے، کہ بظاہر چھوٹا نظر آنے والا کوئی گناہ قیامت کے دن، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ناراضی کا سبب نہ بن جائے۔

﴿3﴾...... اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے بہت عزت سے نوازا ہے، اس پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے، مگر مجھے من گھڑت باتوں کے ذریعے عزّت نہیں چاہئے۔

﴿4﴾...... ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن ایس جی پی ٹی، لپڈ پروفائل، شوگر، ہیپاٹائٹس ٹیسٹ کروالیں۔

﴿5﴾...... جوڑوں میں درد ہونا، یورک ایسڈ کی زیادتی کی علامت ہے۔

﴿6﴾...... درد دُور کرنے والی گولیاں (Pain killer) گُردوں پر حملہ کرتی ہیں، لہٰذا کہیں بھی درد ہو تو طبیب کے مشورے کے بغیر فوراً درد دُور کرنے والی گولیاں نہیں لینی چاہئیں۔

﴿7﴾......روزانہ کم ازکم 12 گلاس پانی پینے کی عادت بنائیے۔

﴿8﴾...... ہفتہ وار اجتماع میں دیگر برکتوں کے ساتھ ساتھ سوز وگداز (یعنی دل کا نرم ہونا، خوف خدا اور عشق مصطفیٰ میں رونا) بھی نصیب ہوتا ہے۔

﴿9﴾......**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ سابقہ نگرانِ شوریٰ حاجی مشتاق عطاری اور مفتیِ دعوتِ اسلامی رَحِمَہُمَااللّٰہُ تعالیٰ ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کی برکت سے مدنی ماحول میں آئے۔

﴿10﴾......تمام ذمہ داران ہفتہ وار اجتماع میں جمعرات مغرب تا جمعہ اشراق و چاشت ، شرکت کو لازماً اپنا معمول بنالیں۔

﴿11﴾...... ہفتہ وار اجتماع کے بعد مدنی حلقوں میں شرکت اور کھانے وغیرہ سے فارغ ہوکر جلد سوجایئے، تاکہ نمازِ تہجد کے لیے اُٹھنے میں سہولت ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾......ہجری سال کی ابتداء سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمائی۔

﴿2﴾......مدنی مذاکرے میں شرکت کرنیوالے اسلامی بھائی ابتداءً یعنی تلاوت ہی سے شریک ہوا کریں۔

﴿3﴾......گھر میں دھوپ اور تازہ ہوا آنی چاہئے، اس سے جراثیم مرتے ہیں۔

﴿4﴾......قبرستان میں مردوں کا جانا سنّت ہے، ہمیں بھی حصولِ عبرت کیلئے جانا چاہئے۔

﴿5﴾......ٹُوٹی پُھوٹی قبریں دیکھنے سے عبرت حاصل ہوتی ہے۔

﴿6﴾......دُعائے مغفرت کرنا، مرنے والے کے لیے انمول تحفہ ہے۔

﴿7﴾...... ہر ماہ 3 دن کے مدنی قافلے میں ضرور سفر کرنا چاہئے کہ اس سے بیٹری چارج رہتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾......حقوقِ عامّہ تلف کر کے چوک درس دینے کی اجازت نہیں۔

﴿2﴾......دعوتِ اسلامی نفرتیں مٹاتی اور محبتیں بڑھاتی ہے۔

﴿3﴾...... ہر ایک یہ ذہن بنائے کہ مجھ سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچنی چاہئے۔

﴿4﴾...... مجھے بچپن سے گھر سے یہ سکھایا گیا تھا کہ جھوٹ نہیں بولنا، آپ بھی بچپن سے ہی بچوں کو یہ سکھائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 17 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾...... جب کوئی قرآن وسنت کے مطابق بیان کررہا ہوتو، کوئی ایسی حرکت نہ کریں جو اپنے یا دوسروں کیلئے بے توجہی کا باعث بنے۔

﴿2﴾...... میں خاص مواقعوں پر جُبّہ پہنتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾...... مسجد **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کے نزول کی جگہ ہے، اس سے دل لگائیے اور یہاں وقت گزاریئے۔

﴿2﴾...... ہر نمازی کو چاہئے کہ وہ بے نمازیوں کو دعوت دیتا رہے، ان شآء اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے نمازیوں کی تعداد بڑھے گی اور ہماری مسجدیں آباد ہوں گی۔

﴿3﴾...... اپنے بچے کو **اللہ اللہ** کہنا سکھایئے۔

﴿4﴾...... جو کرنے کے کام نہیں کرتا، وہ نہ کرنے کے کاموں میں پڑ جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 19 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾...... مردوں کے لئے مزارات پر حاضری دے کر جائز منّت ماننے کے کئی فوائد ہیں۔

﴿2﴾...... درد دُور کرنے والی گولیوں (Pain Killer) کا زیادہ استعمال ان کا اثر ختم کردیتا ہے۔

﴿3﴾...... کسی کے بارے میں بُرا گمان نہ کیجئے۔

﴿4﴾...... میری معلومات کے مطابق انگریزی ادویات کے نقصانات، حکمت کی دوا سے زیادہ ہوتے ہیں۔

﴿5﴾...... موٹاپے کا بہترین علاج، ورزش اور زیادہ کھانے سے پرہیز کرنا ہے۔

﴿6﴾...... صرف بیٹھنے سے موٹاپا نہیں ہوتا بلکہ موٹاپے کا سب سے بڑا سبب زیادہ کھانا ہے۔

﴿7﴾......وقتاً فوقتاً احتیاطی نکاح (تجدیدِ نکاح) کرتے رہنا چاہئے۔

﴿8﴾......عمامے پر سفید چادر اور پردے میں پردے والی چادر ڈالنا، مجھے اچھا لگتا ہے۔

﴿9﴾......اگر کسی کو عمامہ یا سفید چادر کے بغیر نماز میں خشوع آتا ہو تو اس طرح نماز پڑھنا افضل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ محرم الحرام ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾......تدفین کے بعد قبر پر پانی چھڑکنا سنّت ہے۔

﴿2﴾......تمام دعوتِ اسلامی والے ہر ماہ جدول کے مطابق 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کیا کریں۔

﴿3﴾......خوشی و غمی کی مختلف تقریبات میں ہونے والی دعوتوں میں کھانا ضائع نہ ہو، اس کے پیشِ نظر عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ (کراچی) میں کولڈ اسٹوریج (Cold Storage) بنایا جائے گا، جس میں بچا ہوا کھانا غریب، امیر سبھی کو کھلانے کا سلسلہ ہوگا۔ کھانا دینے والے مکمل اختیار سے دیں کہ ہم جن کو چاہیں کھلائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٧ محرم الحرام ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾......حضرت نوح عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیۡہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کا اصل نام ''عبد الجبار'' تھا۔

﴿2﴾......ہم علمائے اہلسنّت کے پیچھے پیچھے ہیں۔

﴿3﴾......یا اللہ عَزَّوَجل! جو جو اسلامی بہنیں اپنے اپنے محارم کو 3 دن کے لیے مدنی قافلے میں بھیجیں، خصوصاً عاشورہ کو اور خود مدنی تربیت گاہ (اسلامی بہنوں کی) پر جدول کے مطابق وقت گزاریں، اُنہیں بے حساب جنت میں داخلہ عطا فرما کر بی بی فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالٰی عنہا کا پڑوس عطا فرما۔

| | | |
|---|---|---|
| ٨ محرم الحرام ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 اکتوبر 2015ء |

﴿1﴾......محرم الحرام کا مطلب عزت والا محرم ہے۔

﴿2﴾......مسلمان اپنے ملک و قوم کی ثقافت کا نہیں، بلکہ قرآن و حدیث کے احکام کا پابند ہے۔

﴿3﴾......سب مسلمان اللہ و رسول عَزَّوَجل و صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے احکامات پر عمل کر کے نیکیاں

اکٹھی کریں۔

﴿4﴾......اپنے آپ کوتبدیل کرنے کی کوشش کیجئے اورشریعت کے مطابق دوسروں کی اصلاح کی کوشش بھی کرتے رہیں۔

| ۹محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 اکتوبر2015ء |
| --- | --- | --- |

﴿1﴾......کاش اسلامی لباس کا دوردورہ ہوجائے۔

﴿2﴾......مسلمان کے لیے یہ الفاظ دُرست ہیں،’’ مرحوم ہوگیا، انتقال ہوگیا، یہ کہنا: ’’جاں بحق ہوگیا ہے‘‘یا’’**اللہ** کو پیارا ہوگیا‘‘میں اس سے بچتا ہوں، یہ بھی نہیں بولنا چاہیے۔

﴿3﴾......مسلمانو! شمعِ رسالت کے پروانے بنو، ڈھول تماشوں کے پروانے نہ بنو۔

﴿4﴾......صرف ترجمۂ قرآن پڑھنے سے زیادہ مفید یہ ہے کہ تفسیر کے ساتھ پڑھا جائے۔

﴿5﴾......خلافتِ راشدہ کی سیاست آئی تو پہلا سیاست دان’’الیاس قادری‘‘ ہوگا، بظاہر ہمارے جیتے جی اس کی امید نہیں ہے۔

﴿6﴾......گناہ کو یادرکھنا چاہیے اورنیکیوں کو بھول جانا چاہیے اور بندہ **اللہ** عَزَّوَجَل سے ڈرتا رہے کہ میری نیکی قبول ہوئی یا نہیں؟

﴿7﴾......اپنے گھر میں صرف مدنی چینل چلایئے ،اس طرح ہی آپ اپنی اولاد کی مدنی تربیت کرسکتے ہیں ،**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ! مدنی چینل گھر گھر جا کرلوگوں کی اصلاح کررہا ہے۔

﴿8﴾......اگرآپ اپنے گھر میں مدنی ماحول بنانا چاہتے ہیں،تو اپنے اَخلاق دُرست کرلیجئے اورگھر میں مدنی ماحول بنانے والے مدنی پھولوں پرعمل کیجئے،ان شآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل کامیابی ہوگی۔

﴿9﴾......میں پیوند لگے لباس کو پہن کرفرحت محسوس کرتا ہوں۔

﴿10﴾......سیلاب وزلزلہ زدگان کی امداد کیلئے رقم یا خشک اناج پیش کرنا چاہئے، یہ انہیں زیادہ مفید ہے۔

﴾11﴿......مجھ سے ملاقات کیلئے آنے والے اسلامی بھائی، مجھے مدنی کاموں اور مدنی قافلوں میں سفر کی نیتیں تحفے میں دیں، اس سے مجھے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 24 اکتوبر 2015ء |

﴾1﴿......حضراتِ حسنینِ کریمین (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) قطعی جنّتی ہیں، جنّتی جوانوں کے سردار ہیں، اے کاش! ان کے صدقے ہمیں جنّت کے کسی کونے میں جگہ مل جائے۔

﴾2﴿......عموماً لوگ اپنا موبائل فون کسی کو دینا پسند نہیں کرتے، ان میں راز کی باتیں بھی ہوتی ہیں، اس لیے کسی سے موبائل فون نہیں مانگنا چاہئے۔

﴾3﴿......سمجھدار اور باحیاء شخص اپنی محرمات کی تصاویر موبائل میں نہیں رکھتا۔

﴾4﴿......علماء نے ہمیں ہزاروں کتب لکھ کر دے دی ہیں، ہمیں ان کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

﴾5﴿......تحریک کی پالیسی، تحریک چلانے والے بناتے ہیں، مزید جب ان کے ساتھ علماء اور مفتیانِ کرام بھی ہوں تو ان کا غیر شرعی ہونا بعید ہے۔

﴾6﴿......جو دعوتِ اسلامی پر اعتراضات کرے، آپ ان کی مخالفت نہ کریں۔

﴾7﴿......حلیم کو کِچھڑا کہا جائے، حلیم کہنا مجھے پسند نہیں، کیونکہ حلیم **اللہ** عَزَّوَجل کا نام ہے۔

﴾8﴿......اپنی اولاد کی تربیت، عین شریعت کے مطابق کیجئے۔

﴾9﴿......اپنی کوئی بھی تحریر، مستند عالم سے تصدیق کروائے بغیر آگے نہ بھیجیں۔

﴾10﴿......جو بھی مال راہِ خدا میں خرچ کیا جاتا ہے، وہ محفوظ ہو جاتا ہے۔

﴾11﴿......عورت فارم پر انگوٹھا خود لگائے، نامحرم کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر نہ لگوائے۔

﴾12﴿......ساداتِ کرام کے گھر جائیں تو ہر طرح سے اُن کا ادب کریں۔

﴾13﴿......اپنے سے بڑوں کو چُپ کروانے کیلئے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر اشارہ کرنا مناسب نہیں۔

﴾14﴿......ہیرڈریسر اپنی دکان پر یہ تحریر لگادیں: ”یہاں نہ داڑھی مُونڈھی جاتی ہے اور نہ ہی ایک مٹھی سے گھٹائی جاتی ہے کہ علمائے کرام فرماتے ہیں: ”داڑھی مُنڈانا اور ایک مٹھی سے گھٹانا دونوں گناہ ہیں اور اس کی اجرت لینا جائز نہیں“۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 اکتوبر 2015ء |

﴾1﴿......شہزادۂ اعلیٰ حضرت، حُجّۃ الاسلام حضرت مولانا حامد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کا چہرہ بہت نورانی تھا۔

﴾2﴿......شاگردِ حجۃُ الاسلام، محدّثِ اعظم پاکستان، حضرت مولانا سردار احمد چشتی قادری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ بہت بڑے عالم اور ولی اللہ تھے۔ میں دعوتِ اسلامی سے پہلے ان کے مقام و مرتبہ کے بارے میں سنتا رہتا تھا۔

﴾3﴿......چشتی، قادری، سہروردی اور نقشبندی سب ایک دریا کی نہریں ہیں، سب ہمارے لیے قابلِ احترام ہیں۔

﴾4﴿......مجھے اپنے سُنّی علمائے کرام سے محبت ہے۔

﴾5﴿......علمائے اہلسنّت کے چہروں پر قدرتی طور پر نورانیت ہوتی ہے۔

﴾6﴿......جسمانی رنگت کا سفید ہونا، قابلِ فخر بات نہیں۔

﴾7﴿......کاش ! ہم چہرہ چمکانے کے بجائے، اپنا دل چمکانے کی کوشش میں مشغول ہو جائیں۔

﴾8﴿......کبھی بھی اپنا یہ ذہن نہ بنائیں کہ میں سدھر گیا ہوں۔

﴾9﴿......میرے خیال میں دنیا بھر میں، ہر سیکنڈ میں کوئی نہ کوئی مرتا ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ محرم الحرام ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 نومبر 2015ء |

﴾1﴿......رسالہ ”خودکشی کا علاج“ ضرور تقسیم کیجئے، کیونکہ آج کل کافی خودکشیاں ہو رہی ہیں۔

﴾2﴿......خودکشی کی چند وجوہات: ناکامی، بے عزّتی کا خوف، علمِ دین کی کمی، نیک صحبت سے دُوری اور صبر و برداشت کا نہ ہونا۔

﴾3﴿......اہلِ علم اور اہلِ علم کے سچے صحبت یافتہ خودکشی نہیں کرتے۔

﴿4﴾......پھل وغیرہ ہاتھ پر رکھ کر نہ کاٹا جائے کہ ہاتھ کٹ سکتا ہے۔

﴿5﴾......دوزانو بیٹھ کر کھانا کھانا، اسلامی بہنوں کے لیے بہتر ہے۔

﴿6﴾......جو مبلغ بننے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہے، وہ علمِ دین حاصل کرے اور بیان کرنے کی کوشش بھی کرتا رہے۔

﴿7﴾......میں نے اسلامی بھائیوں کے ساتھ 4 بار ہند کا سفر کیا ہے، اب بھی دل چاہتا ہے۔

﴿8﴾......احمد آباد شریف (صوبہ گجرات) ہند کی فضائیں انوکھی ہیں، اس شہر میں بہت مزارات ہیں۔

﴿9﴾......یا اللہ! طلبۂ علمِ دین کے صدقے ہماری مغفرت فرما۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 نومبر 2015ء |

﴿1﴾......لفظ دوائی کے بجائے ''دوا'' کہنا چاہیے۔

﴿2﴾......ظالم کے لیے مظلوم کافر اور جانور کی دعا مقبول ہوتی ہے۔

﴿3﴾......بار بار حرکت کرتے، جھومتے، چلتے چلتے اور چلتی گاڑی میں پڑھنا آنکھوں کو کمزور کرتا ہے۔

﴿4﴾......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''بجلی استعمال کرنے کے مدنی پھول'' خود بھی پڑھیے اور اسے خوب تقسیم کیجئے۔

﴿5﴾......موبائل کی چارجنگ ہو جائے تو اسے فوراً اتار لینا چاہیے، بلکہ چارجر بھی سوئچ سے نکال دیجئے۔

﴿6﴾......اسکوٹر خطرناک ترین سواری ہے، جو اس کے بغیر رہ سکتا ہے، وہ اس کی طرف نظر بھی نہ کرے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 نومبر 2015ء |

# مَدَنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

﴿1﴾......اگر آپ مدنی انعامات کے مطابق زندگی گزاریں گے تو معاشرے میں اچھے مسلمان بن کر اُبھریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴾2﴿......پاؤں کے تلوؤں میں کسی بھی تیل سے مالش کرنے سے اس کی جلد نرم رہے گی، پھٹنے سے محفوظ رہے گی اور دِماغی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا، کیونکہ تلوؤں کا تعلق دماغ سے ہے۔

﴾3﴿......جس کو تجربہ ہوکہ میرے جسم کا فلاں حصہ سردیوں میں پھٹ جاتا ہے، اسے چاہئے کہ گاہے بگاہے کسی بھی تیل سے اس حصے کی مالش کرلے، ان شاءاللہ عَزَّوَجَلَّ جلد نرم اور پھٹنے سے محفوظ رہے گی۔

﴾4﴿......روزانہ 12 گلاس پانی پینا اپنا معمول بنالیجئے قبض نہیں ہوگی اور جلد بھی نرم رہے گی۔ سردیوں میں پانی کم پیا جاتا ہے، جس سے یہ دونوں تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔

﴾5﴿......چیونٹی کو بِلا ضرورت نہ ماریں، بلکہ اسے اپنے قبیلے سے بھی جدا نہ کریں، کیونکہ یہ قبیلے کے ساتھ رہتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 نومبر 2015ء |

﴾1﴿...... صفر المظفر برکت والا مہینہ ہے، اس میں بڑے بڑے اولیائے کرام کے اعراس ہیں۔

﴾2﴿......حضرت امام مجدد الف ثانی، شیخ احمد سرہندی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی بہت بڑے ولی اللہ تھے۔

﴾3﴿......عالمی مدنی مرکز (باب المدینہ کراچی) میں اعتکاف ہو یا تربیتی اجتماعات، ایسے اسلامی بھائیوں کو نہ لایا جائے جو بڑھاپے کی وجہ سے تربیتی اجتماعات کے حلقوں میں شرکت نہ کرسکیں، اسی طرح جو بہت زیادہ بیمار ہوں یا نابینا، معذور یا آسیب زدہ ہوں، نیز چھوٹے بچوں کو بھی نہ لایا جائے۔

﴾4﴿......قرآنِ کریم کے ذریعے کالے علم اور آسیب کی بھی کاٹ ہوتی ہے۔ مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسالے ''بیمار عابد'' میں جادو کے کاٹ کے کئی اَوْرَاد ہیں۔

﴾5﴿......سُنّت پر عمل کرنے میں عظمت ہے۔

﴾6﴿......اے اہل سُنّت، سُنّت پر عمل کرو۔

﴾7﴿......ٹیبل کرسی کے بجائے، نیچے بیٹھ کر کھانا کھایا کریں۔

﴿8﴾......اگر گھر میں کسی کی حق تلفی ہوتی ہو، مثلاً والدہ بیمار ہے اور ہماری خدمت کی حاجت مند ہے، تو ایسی صورت میں مدنی قافلے میں سفر کی اجازت نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5 دسمبر 2015ء |

﴿1﴾......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''فضائلِ دُعا'' کو 25 بار پڑھ لینا چاہیے، کیونکہ اس کی ضرورت پیش آتی رہتی ہے۔

﴿2﴾......مجھے ''یاسیِّدی'' نہ کہا جائے، بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ یہ ''سید'' بن گیا ہے، جب کہ میں میمن ہوں، اس طرح وہ گنہگار ہوں گے، میں ایسوں کو گناہ سے بچانا چاہتا ہوں۔

﴿3﴾......25 صفر المظفر دعوتِ اسلامی والوں کی عید ہے، کیونکہ یوم رضا یعنی یومِ عرسِ اعلیٰ حضرت ہے۔

﴿4﴾......مکتبۃ المدینہ (شعبہ عربی کتب) سے کم اَزکم ایک عربی کتاب خریدیں، پڑھنے کی صلاحیت نہ ہو تو کسی سُنّی عالم کو تحفہ دے دیں۔

﴿5﴾......مکتبۃ المدینہ (شعبہ عربی کتب) کے آغاز کا مقصد علمِ دین کا فروغ ہے۔

﴿6﴾......نَماز ادا کرنا، زکوۃ دینا وغیرہ اسلامی زندگی کا حصّہ ہے، مسلمانوں کے ساتھ حسنِ مُعاشرت، مسلمان کی دلجوئی، حقوقُ العباد کی ادائیگی اور شریعت کے مطابق لین دین بھی اسلامی زندگی کا حصّہ ہیں۔

﴿7﴾......علمِ دین سیکھنا بھی اسلامی زندگی کا حصّہ ہے۔

﴿8﴾......جو نیک صحبت سے ملتا ہے، وہ کتاب اور بیان سے نہیں ملتا۔

﴿9﴾......اگر سُدھرنا چاہتے ہیں تو مَدَنی انعامات کو تھام لیجئے۔

﴿10﴾......جو جامعۃ المدینہ کے طلبۂ کرام 20 سال سے کم ہیں اور تنظیمی طور پر انہیں مدنی قافلے میں سفر کی اجازت نہیں، انہیں مدنی قافلے میں سفر کے ''نااہل'' نہ کہا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ صفر المظفر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 دسمبر 2015ء |

﴾1﴿......اعلیٰ حضرت (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) بہت بڑے عاشقِ رسول تھے۔

﴾2﴿......اعلیٰ حضرت (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) خوفِ خدا کے پیکر اور سراپا عشقِ رسول تھے۔

﴾3﴿......مبارِک (را کے نیچے زیر) دُرست نہیں، مبارَک (را پر زبر) دُرست ہے۔

﴾4﴿......تفسیر صِراطُ الجِنان کا مطالعہ کریں علم کا خزانہ حاصل ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴾5﴿......سب ۲۵ صفر المظفر ۱۴۳۸ھ تک مکمل کنز الایمان مع خزائن العرفان یا نور العرفان پڑھ لیں۔

﴾6﴿......دنیا بھر میں اعلیٰ حضرت (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کے نام ڈنکا بج رہا ہے۔ (یعنی شہرت و دھوم ہے)

﴾7﴿......صرف مستنَد عالم دین یا اُن کا مُصدَّقہ کلام پڑھنا چاہئے۔

﴾8﴿......حُسنِ مُعاشرت کی روح ہے کہ ہر مسلمان کا جائز طریقے سے دِل خوش کیا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| **یکم** ربیع الاول **۱۴۳۷ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 دسمبر 2015ء |

﴾1﴿......بقیع میری آخری منزل ہے۔

﴾2﴿......بارگاہِ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم میں اگر بابُ البقیع سے حاضری دی جائے تو قدموں کی طرف سے حاضری ہوگی۔ جبکہ بابُ السلام سے حاضری سر کی طرف سے ہوگی۔

﴾3﴿......پاک و ہند سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے قدموں کی سیدھ میں ہیں اور بابِ کعبہ بھی پاک و ہند کی سِیدھ میں ہے۔

﴾4﴿......جس کا دِل مدنی ماحول میں گھبراتا ہے، اُس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے مریض کو دوا اچھی نہیں لگتی۔

﴾5﴿......حُلیہ مذہبی ہونے کے ساتھ ساتھ ذہن بھی مذہبی ہونا چاہئے۔

﴾6﴿......عبادت میں سُرور، عبادت میں دل کا لگنا، دِلی سکون حاصل ہونا، یہ رُوحانیت ہے۔

﴾7﴿......مُباح کام، اچھی نیّت سے ثواب کا کام ہو جاتا ہے۔

﴾8﴿......آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے سب آباؤ اجداد مومن تھے۔

﴿9﴾......میری زِندگی دعوتِ اسلامی ہے۔

﴿10﴾......ہمیں اپنے بزرگوں کے طریقے پر رہنا اور چلنا چاہئے۔

﴿11﴾......100 کتابیں ایک طرف، ایک لمحے کی اچھی صحبت ایک طرف۔

﴿12﴾......اب صحبتوں میں فیضانِ علم نہیں ہے۔

﴿13﴾......غریب، دِین کے قریب جلدی آجاتا ہے۔ مالداروں میں بھی کوشش کریں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ بھی آجائیں گے۔

﴿14﴾...... بڑے لوگ، بڑے لوگوں کے پاس آتے ہیں، پارٹی کے گھر مدنی حلقہ رکھا جائے، اُس کا فون چلا جائے گا تو بہت سے مالدار لوگ آجائیں گے۔

﴿15﴾......شجرۂ قادِریہ، رضویہ، عطاریہ میں ہی رہیں، وظیفے کا مارا آسانی سے قابو نہیں آتا۔

﴿16﴾......مخارِج کی غلطی کی وجہ سے بھی چوٹ لگتی ہے۔

﴿17﴾......اتوار (Sunday) کو مقدس دن (Holyday) نہ کہا جائے، ہمارا مقدس دن جمعہ ہے۔

﴿18﴾......یومِ تعطیل اعتکاف، مدنی قافلہ و مدنی انعامات کے جدول کے مطابق ہونا چاہئے اور فجر کے بعد جانے کی ترکیب ہونی چاہئے۔

﴿19﴾...... مجھے اُردو سے محبت ہے، کیونکہ کنزالایمان، تفسیر خزائن العرفان، فتاویٰ رضویہ، بہارِ شریعت وغیرہ اُردو میں ہیں۔

| ۲ ربیع الاول ۱٤۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 دسمبر 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾......درود شریف جنّت میں لے جانے والا عمل ہے۔

﴿2﴾......صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب کی صدا پر زور سے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد کہہ کر جواب دیں، تاکہ دیگر چیزیں گواہ ہو جائیں اور صدا لگانے والی کی دِل جوئی بھی ہو۔

﴿3﴾......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**حُسنِ اخلاق**'' گھر گھر پہنچائیے، یہ بہت اچھا رسالہ ہے، میں نے اسے اتنی مرتبہ پڑھا ہے کہ تعداد بھی یاد نہیں۔

﴿4﴾......گدھے کی پیٹھ پر نفسیات کی کتابیں لاد دی جائیں تو وہ ماہرِ نفسیات نہیں بن جاتا۔

﴿5﴾......اچھّی اچھّی نیتوں کے ساتھ ہر گھر میں ڈرائینگ روم وغیرہ میں کتابوں کی الماری کی ترکیب بنائی جائے اوراس کا نام ''مَدَنی لائبریری'' رکھا جائے۔

﴿6﴾...... میری 3 لائبریریاں ہیں (1) فیضانِ مدینہ میں (2) میرے گھر بیتُ الفنا میں (3) اور ملک سے باہر، میں ان تینوں کا نام ''مَدَنی لائبریری'' رکھتا ہوں۔

﴿7﴾......تمام عاشقانِ رسول اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی خدمتوں میں مَدَنی اِلتجا ہے کہ اپنے گھر، کاروبار کی جگہ، دَفاتر، کلینک، شورُوم، ویٹنگ رُوم یا اپنے ڈرائنگ روم وغیرہ میں جہاں بھی بن پڑے ''مَدَنی لائبریری'' قائم کیجیے۔

﴿8﴾......بعض اسلامی بھائی غریب و نادار ہوتے ہیں، اپنے گھروں میں مَدَنی لائبریری قائم نہیں کر سکتے تو صاحبِ حیثیت اسلامی بھائی اگر چاہیں، تو اپنے ذِمَّہ داران سے رابطہ کر کے حسبِ اِستطاعت مثلاً ایک، دو یا 12 اسلامی بھائیوں کے گھروں میں مَدَنی لائبریریاں قائم کر سکتے ہیں۔ اس طرح وہ اسلامی بھائی نہ صرف خوش ہوں گے بلکہ آپ کے لیے دُعا بھی کریں گے اور نیکی کی دعوت بھی عام ہوگی۔

﴿9﴾......یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! جو اپنے گھر میں مَدَنی لائبریری کھولے، اُس کی بے حساب مَغفرت فرما کر اسے جنَّتُ الفردوس میں اپنے پیارے حبیب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا پڑوس نصیب فرما اور یہ دُعائیں میرے حق میں بھی قبول فرما۔ اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

﴿10﴾......میرا معمول ہے کہ اکثر وتر میں پہلی رکعت میں اِذَا جَاءَ (سُوْرَۃُ النَّصر) دوسری میں تَبَّتْ یَدَاء اور تیسری رکعت میں سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص پڑھتا ہوں۔

﴿11﴾......دینِ اسلام میں بدشگونی نہیں۔

| ۳ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 دسمبر 2015ء |
|---|---|---|

﴿1﴾...... مجھے اعلیٰ حضرت (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) سے اس لیے بھی پیار ہے کہ وہ عاشقِ رسول، ولی اللہ اور بہت بڑے عالم تھے۔

﴿2﴾...... مجھے پٹھان اس لیے اچھے لگتے ہیں کہ اعلیٰ حضرت پٹھان تھے۔

﴿3﴾...... ہمیں گھر کی روشنی کے ساتھ ساتھ قبر کی روشنی کی بھی فکر کرنی چاہئے۔

﴿4﴾...... اچھے اعمال سے قبر میں روشنی ہوگی، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔

﴿5﴾...... ثواب وسُنّت کی نیّت سے ایک مٹھی داڑھی رکھنا، جنّت میں لے جانے والا عمل ہے۔

﴿6﴾...... جشنِ میلاد کی خوشی میں چراغاں ضرور کیجئے اور اپنے جسم کو سُنّتوں اور اخلاقِ حسنہ سے بھی آراستہ کرنے سے غفلت نہ کیجئے۔

﴿7﴾...... مَدَنی انعامات پر عمل کرنا، اسلامی زندگی گزارنے کا بہترین فارمولا اور نسخہ ہے۔

﴿8﴾...... دینِ اسلام، غیر مسلم پر بھی ظلم کرنے سے منع کرتا ہے۔

﴿9﴾...... بلا اجازتِ شرعی مکھی کو بھی تکلیف دینے کی اِجازت نہیں۔

﴿10﴾...... ہمیں مسلمانوں کے لیے نرم، نرم، نرم ہونا چاہیے۔

﴿11﴾...... مرنے والے کے لیے سب سے بڑا تحفہ، دُعائے مغفرت ہے۔

﴿12﴾...... جائز طریقے سے لوگوں کے دل خوش کرو تو ربّ عَزَّوَجَل خوش ہو جائے گا اور جنّت ملے گی۔

﴿13﴾...... اپنے ساتھ والوں کی کارکردگی بڑھانا چاہتے ہیں تو ماحول خوشگوار رکھیں۔ (نگرانِ شوریٰ)

﴿14﴾...... خوفِ خدا کی باتیں سنجیدہ اور غم بھرے انداز میں کرنا ہی مفید ہے۔

﴿15﴾...... اے کاش! مال کے بجائے اللہ و رسول (عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) کی محبت ہمارے دل میں آجائے۔

﴿16﴾...... صحابۂ کرام (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) میں عشقِ رسول کُوٹ کُوٹ کر بھرا ہوا تھا۔

﴾17﴿......سونے کے لئے وہ چٹائی استعمال کی جائے جو عموماً مردے کے نیچے چارپائی پر رکھتے ہیں تاکہ موت کی یاد آتی رہے۔

﴾18﴿......موت کو یاد کرنا عبادت ہے۔

| ٤ربیع الاول ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16دسمبر2015ء |
| --- | --- | --- |

﴾1﴿......بارہویں کو ہر چیز نئی استعمال کریں تو اِنْ شَاءَ اللّٰہ عزوجل محبتِ رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) میں اضافہ ہوگا۔

﴾2﴿......اپنے آپ کو گناہوں سے بچانا بھی ثواب ہے۔

﴾3﴿......میری طرف سے اسلامی بہنوں کو بارہویں کے موقع پر سجاوٹ دیکھنے کے لیے اپنے گھر سے نکلنے کی اِجازت نہیں۔

| ٥ربیع الاول ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 17دسمبر2015ء |
| --- | --- | --- |

﴾1﴿......جو غوثِ پاک (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) سے جتنا زیادہ عقیدت رکھے گا، اسے اتنا زیادہ فیضان (یعنی دنیا و آخرت میں فائدہ) حاصل ہوگا۔

﴾2﴿......باب الاسلام سندھ کا شہر ''دادو'' عاشقانِ قرآن کا شہر ہے، یہ اس کے لیے جھولا بنا کر اس میں قرآنِ مجید کو بہت احترام سے رکھتے ہیں۔

﴾3﴿......جتنا اَدب کریں گے، ثواب پائیں گے۔

﴾4﴿......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**مالِ وراثت میں خیانت نہ کیجئے**'' بار بار پڑھئے کہ حفظ ہو جائے۔

﴾5﴿......مولانا سید کفایت علی کافی مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ اچھے عالم، نعت گو شاعر اور عاشقِ رسول تھے۔

﴾6﴿......مدینہ، نزولِ رحمت، برکتوں کا منبع اور پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ و الہ وسلم کا پسندیدہ شہر ہے۔

﴾7﴿......عقائد کی حفاظت کے لیے کوشش کرنا، صدقہ و خیرات سے بہتر ہے۔

﴾8﴿......عقائد کا نقصان، حقیقی نقصان ہے۔

﴾9﴿......ایمان کا ضائع ہونا، سب سے بڑی مصیبت ہے۔

﴾10﴿......ایمان کی حفاظت کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب" کا مطالعہ کیجئے۔

﴾11﴿......سیّد ہمارے سر کے تاج ہیں۔

﴾12﴿......وعظ و تبلیغ سے دِین کا نظام قائم ہے۔

﴾13﴿......نعت شریف پڑھنا عبادت ہے۔

﴾14﴿......جو درِ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کا جتنا بڑا فقیر ہے، وہ اتنا ہی بڑا امیر ہے۔

﴾15﴿......کسی کو ایک مرتبہ بھی گالی دی تو گالی دینے والا فاسق ہو جاتا ہے۔

﴾16﴿......رات کے جلوسِ میلاد سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے، ایسا نہ کیا کریں۔

﴾17﴿......تنگ گلیوں میں جلوسِ میلاد نکالنے کے بجائے، کشادہ جگہ کی ترکیب بنائی جائے، گاڑی چلانے اور پیدل چلنے والوں کو تکلیف نہ ہو۔

﴾18﴿......جلوسِ میلاد میں ایسے نعرے نہ لگائے جائیں، جن سے کسی قسم کے اِشتعال کا اندیشہ ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ ربیع الاول ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 دسمبر 2015ء |

﴾1﴿......ہمیں ہر آزمائش پر صبر اور ہر نعمت پر شکر ادا کرنا ہے۔

﴾2﴿......مچھلی کھانے کے بعد دودھ نہیں پینا چاہیے کہ جِلد کی بیماریاں ہوسکتی ہیں۔

﴾3﴿......میری تمنا ہے کہ دارُ المدینہ کا ساری دنیا میں جال بچھ جائے اور یہ گلی گلی قائم ہو جائیں۔

﴾4﴿......الحمدللہ عزوجل دارُالافتا اہلسنّت سے شرعی رہنمائی لے کر دارالمدینہ میں دینی و دُنیوی تعلیم دی جاتی ہے۔

﴾5﴿......دارُالمدینہ جب شروع ہوا تو اس میں کوئی فیس نہیں تھی، جتنا ممکن ہوسکا ہم نے اسے بغیر فیس کے چلانے کی کوشش کی، مگر اب چند وجوہات کی بنا پر فیس لینی شروع کی ہے۔

﴾6﴿......دارُالمدینہ کو خود کفیل کرنے کے لیے بھی ماہانہ فیس لینے کی ترکیب بنائی ہے، فیس لینے سے جہاں ہمارے دارُالمدینہ خود کفیل ہوں گے، وہیں ان کی تعداد میں بھی مزید اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔

اِنْ شَآءَاللّٰہ عزوجل

﴿7﴾......آپ کے بچے دارُ المدینہ میں پڑھ کر شریعت وسنّت کے مطابق اپنی زندگی گزارنے ، دنیا میں عزت وعظمت پانے ،ترقی کی منازل طے کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی اور آپ کی آخرت سنوارنے والے بن جائیں گے۔اِنْ شَآءَاللّٰہ عزوجل

﴿8﴾......یااللّٰہ!جومیرے دارُالمدینہ کی حمایت کرے،تُوبھی اس کی حمایت فرمااوراسے بے حساب مغفرت سے نوازکر جنّتُ الفردوس میں اپنے پیارے محبوب صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم کے پڑوس میں عالیشان محل عطا فرما۔اٰمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم

| | | |
|---|---|---|
| ۷ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 19دسمبر2015ء |

﴿1﴾......دورانِ حصولِ علم دین،موبائل فون کو بند کردیا کریں،کیونکہ یہ حصولِ علم میں رُکاوٹ ہے۔

﴿2﴾......مسلمان کی غیبت کرنا بھی ظلم ہے۔

﴿3﴾......ربیعُ الاول میں میلادِ مصطفیٰ(صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم )کی خوشی اور عظمتِ مصطفیٰ(صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم )کے اِظہار کی نیت سے چراغاں کرنا کارِثواب ہے۔

﴿4﴾......ہم ربیع الاول میں شوق سے چراغاں کرتے ہیں،اسے شرعاًضروری نہیں سمجھتے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 20دسمبر2015ء |

﴿1﴾......جشنِ میلادِ مصطفیٰ(صلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم )میں حُسنِ نیت اورشریعت کی پاسداری ضَروری ہے۔

﴿2﴾......جشنِ وِلادت پرجھنڈا لہرانے سے خوشی کا اظہار ہوتا ہے۔

﴿3﴾......اللہ تعالیٰ ہمیں شریعت کے مطابق حقوقِ عامّہ کا خیال رکھتے ہوئے جلوسِ میلاد میں شرکت کی توفیق عطا فرمائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء) | 21دسمبر2015 |

﴿1﴾......تاجدارِمدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے حجرۂ مبارکہ،منبرشریف کا درمیانی حصہ رَوْضَۃُ الْجَنّہ (جنّت کی

کیاری) ہے۔عام بول چال میں لوگ اسے رِیاضُ الْجَنہ کہتے ہیں،مگراصل لفظ''رَوْضَۃُ الجَنّہ''ہے۔

﴿2﴾......مدنی چینل بولتی کتاب ہے،اسے دیکھیں اوراس کودیکھنے کی دعوت بھی دیں،یہ بھی کارِثواب ہے۔

﴿3﴾......دنیا بھر کی تمام اسلامی بہنیں عالمی مجلسِ مشاورت سے مربوط رہیں۔رابطے کے لیے دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ پرعالمی مجلسِ مشاورت اورمجلس بیرونِ ملک (اسلامی بہنیں) کےای میل ایڈریس موجود ہیں۔

﴿4﴾......اکبرعلی نام رکھنے کے بجائے،علی اکبرنام رکھا جائے۔

﴿5﴾......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب''**نام رکھنے کے احکام**''ایک جامع کتاب ہے،اس کومطالعے میں رکھیں۔

﴿6﴾......مجھے رات اور دن میں شک ہوسکتا ہے،مگر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کے سچا ہونے میں شک نہیں۔

﴿7﴾......ہم اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد نہیں،لیکن انہوں نے اس دور میں اُمتِ مُسلمہ کی زبردست رہنمائی فرمائی ہے۔

﴿8﴾......اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ تمام حنفیوں کے امام ہیں،حنفی،شافعی یا مالکی ہوں،نقشبندی،چشتی،سہروردی یا قادری سب کے امام اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں۔

﴿9﴾......احادیث وغیرہ میں اوراد کی جو گنتی بیان کی گئی ہے،اُتنی مرتبہ ہی پڑھا جائے۔

﴿10﴾......بدگمانی کرنے سے اپنی زندگی خراب ہوتی ہے،خوامخواہ لوگوں سے نفرت پیدا ہوتی ہے۔

﴿11﴾......حضرت ابوبکرشِبلی،غوثِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے پِیروں میں سے تھےاور بہت بڑے ولی اللہ تھے۔

﴿12﴾......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے عملاً وابستہ رہیں، دونوں جہاں کی بھلائیاں حاصل ہوں گی۔ان شاءاللہ عزوجل

﴿13﴾......ہرکوئی اپنے واقعات نہ سنایا کرے،لوگ بدگمانی کرسکتے ہیں کہ اپنے فضائل بیان کررہاہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22دسمبر 2015 |

﴾1﴿......نعت پڑھتے سنتے وقت جھومنے میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ لچکے توڑے کی کیفیت نہ بن جائے۔

﴾2﴿......مجلسِ توقیت نے تاریخی کام کیا ہے۔

﴾3﴿......طلبہ علمِ دین، ہماری مَدَنی شخصیات ہیں۔

﴾4﴿......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ ''نام رکھنے کے احکام'' بہت پیاری کتاب ہے، اس میں ناموں کے معنی بھی ہیں، شاید ہی اس موضوع پر اردو میں کسی نے اس جیسی جامع کتاب لکھی ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 دسمبر 2015ء |

﴾1﴿......الحمدللہ عزوجل، عاشقانِ رسول اور عاشقانِ میلاد کہاں نہیں!

﴾2﴿......نماز پڑھنے سے پہلے خشوع وخضوع میں جو چیزیں رکاوٹ ہوں تو انہیں دور کر دیں، مثلاً جیب میں موبائل ہو تو نماز سے پہلے نکال کر محفوظ مقام پر رکھ دیں۔

﴾3﴿......نماز تمام کاموں سے زیادہ اہم ہے۔

﴾4﴿......لفظ ''اللّٰہ'' کو اسمِ اعظم کہا جاتا ہے۔

﴾5﴿......عاشقانِ رسول دعا کریں، میرا کوئی سانس بے کار نہ جائے۔

﴾6﴿......صحیح معنوں میں جو دعوتِ اسلامی والے باعمل ہیں، وہ اپنے موبائل میں میوزیکل ٹیون نہیں رکھتے۔

﴾7﴿......جلوسِ میلاد میں جانور مثلاً گھوڑے اور اُونٹ وغیرہ نہ لائے جائیں، ان سے گندگی ہوتی ہے، انتظامیہ اس پر پابندی لگائے تو مرحبا۔ کیونکہ بِدَکنے کی صورت میں جانوروں سے انسان کی جان خطرے میں ہوتی ہے، ان سے گندگی بھی ہوتی ہے۔

﴾8﴿......جلوسِ میلاد میں پیدل پُرسکون اور پُرامن طریقے سے چلیں تو مدینہ مدینہ۔ گاڑیوں میں بھی ہوں تو حرج نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 24 دسمبر 2015 |

﴾1﴿......پان گُٹکے قابلِ ترک ہیں، کیونکہ یہ صحت کے لیے نقصان دِہ ہیں۔

﴾2﴿......سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے جلوے عام ہیں، دیکھنے والی آنکھ چاہیے۔

﴾3﴿......حاجی مشتاق رحمۃ اللہ علیہ کے کہنے پر میں نے پہلی مرتبہ ''مرحبا یا مصطفیٰ'' کا نعرہ 12 ربیع الاول کو لگایا،

الحمدللہ عزوجل اب یہ عام ہوگیا ہے۔

﴿4﴾......جشنِ وِلادت منانے سے محبتِ رسول میں اضافہ ہوتا ہے۔

﴿5﴾......نماز کے بغیر انسان بے کار ہے۔

﴿6﴾......عام اسلامی بھائیوں کوکفن میں عمامہ نہ دیا جائے،صرف علماومشائخ کو باندھا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25دسمبر 2015 |

﴿1﴾......بارگاہِ رسالت میں دوجہان کی بھلائیاں اور مغفرت کا سوال کرنا چاہیے۔

﴿2﴾......مال کے بجائے،مولیٰ عزوجل کی مَحبّت مل جائے تو کیا بات ہے۔

﴿3﴾......مجھے مذہبی کتابوں کی قیمت کو''ہدِیہ'' کہنا پسند ہے۔

﴿4﴾......جلوسِ میلاد میں تفریحاً نہیں،احتراماً شرکت کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 26دسمبر 2015 |

﴿1﴾......کسی کا مذاق اور ہنسی اُڑانا گناہ ہے۔

﴿2﴾......نزع کی سختیاں سب سے زیادہ خطرناک ہیں۔

﴿3﴾......سب 12 ربیع الاول اور جلوسِ میلاد میں شرکت کرنے والے عاشقانِ رسول سے رابطہ مضبوط کریں اور انہیں مدَنی ماحول سے مکمل وابستہ کرنے کی کوشش کریں۔

﴿4﴾......ہمیں اپنے حال میں مستقبل (یعنی قبرو آخرت) کی تیاری کرنی ہے۔

﴿5﴾......بچوں کواچھے کام کرنے پر حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اِنعام دینا چاہیے۔

﴿6﴾......کارٹون تباہ کن ہیں،ان کا بائیکاٹ کیا جائے،اس پر تو قانوناً پابندی ہونی چاہیے۔

﴿7﴾......تنظیمی اصول،حکمتِ عملی پر مشتمل ہوتے ہیں۔

﴿8﴾......اللہ تعالیٰ ہمیں ایمان وعافیت کے ساتھ اس دنیا سے اُٹھائے۔امین

﴿9﴾...... ہر قدم احتیاط سے رکھئے،دور نازک ہے۔

﴿10﴾...... ہروقت باوضو رہنے کے کئی فوائد ہیں۔

﴿11﴾......اللہ تعالیٰ سے حُسنِ ظن رکھنا چاہیے کہ وہ کریم ہے اور مجھ سے کرم والا ہی معاملہ فرمائے گا، اپنے کرم سے مجھے رُسوا نہیں کرے گا اور میری بخشش فرمادے گا۔

﴿12﴾......ہم اہلسنّت ہیں اور ہمارا مذہب، مہذب (تہذیب والا) ہے، اللہ تعالیٰ بے ادبوں سے بچائے۔

﴿13﴾......خصوصی اسلامی بھائی (گونگے، بہرے، نابینا، اپاہج) بہت پس ماندہ ہوتے ہیں، انہیں سینے سے لگانا چاہیے۔

﴿14﴾......اسلامی بہنوں میں بھی کئی جذبے والی ہوتی ہیں، گھر میں رہتے ہوئے مَدَنی مذاکرہ اوّل تا آخر سنتی ہیں۔

﴿15﴾......12 ربیع الاول کے بعد چراغاں والی اشیاء اُتار لیا کریں۔

﴿16﴾......تمام عاشقانِ رسول یکم ربیع الاول کو جھنڈے لگائیں اور گیارہویں ربیع الاخر میں اُتار لیں۔

﴿17﴾......مدنی جھنڈے، بڑے بڑے پرچم اور بینر سب اتار کر محفوظ کر لیا کریں اور اگلے سال پھر لگانے کی ترکیب کیا کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ ربیع الاول ۱٤۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 31 دسمبر 2015 |

﴿1﴾...... ہر ایک کو چاہیے کہ دوسروں سے چیزیں مانگنے سے بچے، اگر یہ عادت پختہ ہوجائے تو اس کے دنیاوی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔

﴿2﴾......عموماً نفس گناہ کی طرف جلد مائل ہوتا ہے اور نیکی کی طرف تاخیر سے۔

﴿3﴾......توبہ پر استقامت کے لیے مدنی ماحول سے وابستہ ہوجایئے۔

﴿4﴾...... پاک روحیں ایک جگہ جمع ہوجاتی ہیں۔

﴿5﴾......توبہ کرنے والا کس کو اچھا نہیں لگتا!

﴿6﴾......بعض ٹوٹکے فائدے مند ہوتے ہیں۔

﴿7﴾......محتاط آدمی سدا سُکھی رہتا ہے۔

﴿8﴾......میری دکان مدنی قافلوں، مدنی انعامات اور دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کی ہے۔

﴿9﴾...... بہارِ شریعت کی تینوں جلدیں ہر گھر میں ہونی چاہئیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 02 جنوری 2016ء |

﴿1﴾...... اسلامی بہنیں جب میکے جائیں تو صلۂ رحمی کی نیت کرلیں۔

﴿2﴾...... میکے جا کر سسرال کی خامیاں اور سسرال آ کر میکے کی خوبیاں بیان نہ کریں۔

﴿3﴾...... جشنِ عید میلادُ النبی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) کے موقع پر موٹر سائیکل وغیرہ پر مختلف ماڈل بناتے ہیں، وہ نہ بنائیں تو زیادہ اچھا ہے، کیونکہ کچھ لوگ اس کا مذاق اُڑاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 09 جنوری 2016ء |

﴿1﴾...... اِجتماعی مدنی مذاکرے میں دورانِ مدنی مذاکرہ، چائے وغیرہ کی ترکیب ہرگز نہ کی جائے۔

﴿2﴾...... رشتہ داروں میں نکاح کرنے میں ہم آہنگی کے زیادہ اِمکانات (Chances) ہیں، مگر تاکید یہ ہے کہ ہمیشہ اچھی سیرت کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

﴿3﴾...... پہلے سیرت پھر صورت دیکھیں، شادی اگرچہ اپنے خاندان میں نہ ہو۔

﴿4﴾...... جو رات بھر جاگے تو سارا دن سونے سے بھی اس کو راحت حاصل نہیں ہوتی۔

﴿5﴾...... مسلسل ڈٹ کر کھانے کے کئی نقصانات ہیں، بکثرت پانی پینے سے بھی نیند زیادہ آتی ہے۔

﴿6﴾...... 100 دواؤں کی اِک دوا پرہیز ہے۔

﴿7﴾...... جلوسِ میلاد میں شرعی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے شرکت کرنا عبادت ہے۔

﴿8﴾...... مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ رسالے ''**بیمار عابد**'' اور ''مینڈک سوار بچھو'' خرید فرمائیں، اس کا مطالعہ کریں اور سنبھال کر رکھ لیں کہ اس میں کئی بیماریوں کے روحانی علاج لکھے ہیں۔

﴿9﴾...... غوثِ پاک کا دامن، مر کر بھی نہیں چھوڑیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿10﴾...... اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں خرچ کرنا، نفس پر بہت گراں ہوتا ہے، اس لیے جیسے ہی نیت کریں، فوراً دے دیں کیونکہ دل بھی بدل جاتا ہے۔

| ۳۰ ربیع الاول ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 10 جنوری 2016ء |
|---|---|---|

﴿1﴾......کسی سے چھوٹی چیزیں مانگنا بھی اچھا نہیں۔

﴿2﴾......توبہ کرنے میں نقصان کیا ہے؟

﴿3﴾......جلوسِ میلاد کی زِینت جھنڈے ہیں۔

﴿4﴾......ہمیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے مسجد کا احترام کرنا چاہیے۔

| یکم ربیع الآخر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11 جنوری 2016ء |
|---|---|---|

﴿1﴾......دُنیا عالمِ اسباب ہے، بیماریوں سے بچنے کے لیے پرہیز کرنا چاہئے۔

﴿2﴾......اولیائے کرام کے کئی واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ نفس پر غلبہ پایا جا سکتا ہے، ورنہ اس کا زور توڑا جا سکتا ہے۔

| ۲ ربیع الآخر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 12 جنوری 2016ء |
|---|---|---|

﴿1﴾......بچوں کو سبزیاں اور پھل کھلانے چاہئیں۔

﴿2﴾...... اللہ عَزَّوَجَلَّ کی تمام نعمتوں کو تھوڑا تھوڑا استعمال کرنا چاہیے۔

﴿3﴾......کوئی تقریب ہو تو اس میں مذہبی رنگ ہونا چاہیے، سالگرہ کرنی ہو تو فاتحہ پڑھ کر ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں، تالیاں اور مرد و عورت کا اِختلاط (میل جول اور کوئی بھی غیر شرعی کام) نہ ہو۔

﴿4﴾......تمام دعوتِ اسلامی والے اور والیاں دنیا بھر میں مدرسۃ المدینہ بالغان و بالغات کا جال پھیلا دیں۔ گلی گلی مدرسۃ المدینہ بالغان و بالغات قائم فرمائیں۔

﴿5﴾......تمام اسلامی بھائی، اسلامی بہنیں، مدنی منّے اور مدنی منّیاں تعلیمِ قرآن سے وابستہ ہو جائیں۔

﴿6﴾......مسجدِ محلّہ کا بہت اثر ہوتا ہے، مکان اس محلے میں لینا چاہیے، جہاں مسجد گیارہویں و بارہویں ماننے والوں کی ہو۔

﴿7﴾......میں نے جب سے ہوش سنبھالا ہے، غوثِ پاک کو جاننے لگا ہوں۔

﴿8﴾......دہی ہر کھانے میں ڈالی جا سکتی ہے۔

﴿9﴾......ماں باپ اپنے بچوں کو شفقت سے سمجھا سکتے ہیں، بار بار جھاڑنے سے بچیں۔

| ٣ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 جنوری 2016ء |
|---|---|---|

﴾1﴿...... ہر وقت باوضو رہنا، کارِ ثواب ہے۔

﴾2﴿...... مزاراتِ اولیاء پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ جو یہاں حاضری دیتے ہیں وہ مستفیض ہوتے ہیں۔

﴾3﴿...... بیماری پر صبر کرنے سے صبر کا ثواب ملتا ہے۔

﴾4﴿...... حقیقت میں کئی کام کارِ ثواب ہوتے ہیں، مگر نیتِ ثواب نہ ہونے کی وجہ سے ثواب نہیں ملتا۔

﴾5﴿...... استنجاء خانوں میں چپل کا ایک جوڑا زنانہ اور ایک مردانہ ہونا چاہیے تاکہ ہر ایک اپنے اعتبار سے پہنے۔

﴾6﴿...... کوشش کی جائے کہ کسی کا احسان نہ لیا جائے، یوں خودداری سے وقار بلند ہوتا ہے۔

| ٤ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 جنوری 2016ء |
|---|---|---|

﴾1﴿...... ہر مسلمان کے بارے میں حُسنِ ظن رکھنے کا حکم ہے۔

﴾2﴿...... مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رسالہ ''وسوسے اور اس کا علاج'' ہر ایک کو پڑھنا چاہیے۔

﴾3﴿...... وسوسوں کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ ان کی طرف دھیان نہ دیں۔

﴾4﴿...... غلطی تسلیم کرنے سے عزت گھٹتی نہیں، بڑھتی ہے۔

﴾5﴿...... غالب اکثریت ڈٹ کر کھاتی ہے، ڈٹ کر کھانے سے دل سخت ہوتا ہے۔

| ٥ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 جنوری 2016ء |
|---|---|---|

﴾1﴿...... جو شریعت کا پابند ہو، اللہ و رسول (عَزَّوَجَلَّ و صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کے احکامات پر عمل کرتا ہو، حقیقت میں وہ معمول کے مطابق زندگی گزار رہا ہے اور جو گناہوں بھری زندگی گزار رہے ہیں، وہ خلاف معمول زندگی والے ہیں۔

﴾2﴿...... ہر نیک بندہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت ہے۔

﴾3﴿...... نیکی کا ارادہ کرنا، پھر اس سے پھر جانا، اچھا نہیں۔

﴾4﴿...... اچھا وہ ہے جو اللہ و رسول (عَزَّوَجَلَّ و صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کے ہاں اچھا ہو۔

﴿5﴾......غوثِ پاک اور اعلیٰ حضرت (رحمۃ اللہ تعالی علیہما) کے خلاف کچھ سننے کے لیے الیاس قادری کے کان بہرے ہیں۔ ہم انکے پیچھے پیچھے چل رہے ہیں اور یہ ہمیں جنت میں لے جائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿6﴾......نام شخصیت پر اثر انداز ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 16 جنوری 2016 |

﴿1﴾......اولیائے کرام کا قرب ہر صورت میں مفید ہے۔

﴿2﴾...... جہاں ایک دفعہ دعا قبول ہوگئی، وہاں آئندہ بھی دعا قبول ہونے کی امید ہے۔

﴿3﴾......بھرپور کوشش کریں ہر ماہ کم از کم 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کریں۔

﴿4﴾...... ہر مسلمان کے جوٹھے میں شفاء ہے۔

﴿5﴾......اپنے اور دوسروں کے لیے عافیت کی دعا کرنی چاہیے۔

﴿6﴾......اب دعوتِ اسلامی تناور درخت بن گئی ہے، **الحمدللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ

﴿7﴾......مرکزی مجلس شوریٰ دعوتِ اسلامی کا مائی باپ ہے، اس کے ساتھ مل کر مدنی کام کرنا چاہیے، تنقید نہ کی جائے۔

﴿8﴾......جو فارغ ہو وہی ذاتی دوستیاں کرسکتا ہے، جو مدنی کاموں میں مصروف ہو، اس کے پاس ذاتی دوستی کے لیے وقت نہیں۔

﴿9﴾......ہمیں تو مدینے والے سے دل لگانا ہے۔

﴿10﴾......مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "**عمامہ کے فضائل**" کو جب پہلی بار دیکھا تو بہت خوشی ہوئی۔ کتنی سوہنی موہنی کتاب ہے۔ یا اللہ! جو جلد اس کتاب کو پڑھے، اس کو عمامے والے سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جلدی جلدی مدینہ دِکھا۔

﴿11﴾......عمامہ شریف ہمارا مدنی نشان ہے۔

﴿12﴾......عمامہ شریف سر کا تاج اور ہماری پہچان ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٧ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 17 جنوری 2016 |

﴿1﴾......کسی بزرگ کے قدموں میں کسی کو مدفن (دفن ہونے کی جگہ) مل جائے تو سعادت ہے۔

﴿2﴾......ذاتی دوستیاں تنظیمی کاموں میں رکاوٹ ہیں کہ وہ دونوں آپس میں مصروف رہتے ہیں۔

﴿3﴾......جو غیبت کرتا ہے، وہ نیک صورت ہونے کے باوجود نیک سیرت نہیں۔

﴿4﴾......میرے لاکھوں دوست ہیں، اگر ایک کا ہو کر رہ جاتا تو دعوتِ اسلامی کی خدمت کسی اور کے سپرد ہو جاتی۔

﴿5﴾......ذاتی دوستی والا دعوتِ اسلامی کے کسی عہدے کے لیے کارآمد نہیں۔

﴿6﴾......ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے بعد اسلامی بھائیوں سے مِلا کریں، یونہی نہ چلے جایا کریں، پُرتپاک طریقے سے ملنے سے وہ مدنی ماحول سے وابستہ ہو جائیں گے۔

﴿7﴾......ملنسار بن جائیے، اگر فطرتاً ملنسار نہ ہوں، تو تکلفاً ملنساری کیجئے۔

﴿8﴾......کئی لوگ مسکراہٹ کا جواب بھی مسکراہٹ سے نہیں دیتے۔ یہ انداز نہیں ہونا چاہیے۔

﴿9﴾......بڑھاپا ایسا مرض ہے، جس کا کوئی علاج نہیں۔

﴿10﴾......اعلیٰ حضرت رحمة الله علیه نائبِ غوثِ اعظم ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 جنوری 2016ء |

﴿1﴾......جو دعا یاد کرنی ہو، اُسے لکھ کر گھر میں اس مقام پر آویزاں کر دیں جس پر نظر پڑتی رہے، اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ جلد یاد ہو جائے گی۔

﴿2﴾......ہمیشہ نرمی، حکمتِ عملی اور نفسیات کے مطابق سمجھانا چاہیے۔

﴿3﴾......ہر ایک کا یہ ذہن ہونا چاہئے کہ دعوتِ اسلامی میری ہے اور اس کے سارے شعبے بھی میرے ہیں۔

﴿4﴾......مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب ''عمامہ کے فضائل'' اسلامی بہنیں بھی پڑھیں، محارم کو عمامہ بندھوانے کی ترغیب کا مواد ملے گا۔

﴿5﴾......نئے اسلامی بھائیوں کو نماز کی دعوت دیا کریں، عمامے اور داڑھی کا نہ کہیں، ورنہ وہ دوبارہ نہیں آئیں گے جب نمازی بن گئے تو عمامے اور داڑھی کا بھی ذہن بن جائے گا۔ (یہ اس صورت میں جب ان کے متنفر ہونے کا اندیشہ ہو۔ اگر ظن غالب ہے کہ یہ میری بات مان کر داڑھی رکھ لے گا تو اب سمجھانا واجب ہوگا)

﴿6﴾......جامعۃ المدینہ کے کئی طلبۂ کرام مطالعہ کے شوقین ہیں۔

| 19 جنوری 2016ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۹ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ |
|---|---|---|

﴾1﴿......بے شمار لوگ بدشگونی کے گناہ میں مبتلا ہوتے ہوں گے، اس گناہ سے بچنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب ''**بدشگونی**'' کا مطالعہ ضرور کیجئے۔

﴾2﴿......بڑی عمر کے (یعنی بزرگ) اسلامی بھائی مسکراتے رہیں، اس سے زندگی خوشگوار گزرے گی، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴾3﴿......ساس اپنی بہو کو بیٹی سے زیادہ اہمیت دے، تو گھر امن کا گہوارہ بن جائے۔

| 20 جنوری 2016ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۱۰ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ |
|---|---|---|

﴾1﴿......عوام کی قبریں پختہ کرنا مناسب نہیں۔ قبر پختہ کرنے کا ان کو کوئی فائدہ نہیں۔

﴾2﴿......اولیائے کرام کے مزارات و گنبد بنانے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ ان کی طرف رجوع کریں، فیض اٹھائیں اور برکت پائیں۔ (یہ جائز و مستحب ہے)

﴾3﴿......کچھ لوگ اپنے بچوں کو تو پیار کرتے ہیں، لیکن دوسروں کے بچوں کو لفٹ نہیں کرواتے، یہ مناسب نہیں۔

﴾4﴿......ہم قادری ہیں مگر چشتی، نقشبندی، سہروردی وغیرہ (بھی) ہمارے سر کے تاج ہیں۔

| 21 جنوری 2016ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۱۱ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ |
|---|---|---|

﴾5﴿......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میری عراق شریف کی 2 دفعہ حاضری ہوئی۔

﴾6﴿......اہلسنّت میں بزرگوں کا بہت ادب کیا جاتا ہے۔

﴾7﴿......نیکی کی ترغیب دینے والا، نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

﴾8﴿......علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت دینے میں سستی کرنے والے کتنی بڑی سعادت سے محروم ہوجاتے ہیں۔

﴾9﴿......کاش ہر مسلمان مبلغ بن جائے۔

﴾10﴿......ہر ایک روزانہ ایک نمازی بنائے تو سارے مسلمان نمازی بن جائیں۔

﴾11﴿......نیک آدمی کے ہاتھ میں برکت ہوتی ہے۔

﴾12﴿......ظلم بہت بُری چیز ہے۔

﴿13﴾......حقوق العباد کو ضائع کرنا ظلم ہے۔

﴿14﴾......اسلام بہت پیارا مذہب ہے۔

﴿15﴾......میں اپنے بیٹے الحاج ابواُسید عبید رضا عطاری مدنی کو اپنا جانشین بناتا ہوں، ان کو تاکید کرتا ہوں کہ مسلک رضا (مسلکِ اعلیٰ حضرت) سے نہ ہٹیں، اگر ہٹے تو میرے جانشین نہیں رہیں گے۔

﴿16﴾......میں مرکزی مجلسِ شوریٰ سے بہت خوش ہوں، ساری دنیا میں مدنی کاموں کی دھومیں مچا رہے ہیں۔

﴿17﴾...... اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ میری مرکزی مجلسِ شوریٰ، میری اولاد اور تمام دعوتِ اسلامی والوں اور والیوں کو سلامت رکھے۔

﴿18﴾......میں نے اپنے بیٹے کو امیر دعوتِ اسلامی نہیں بنایا۔ یہ فیصلہ مرکزی مجلسِ شوریٰ کرے گی۔

﴿19﴾......میں اپنی تمام اولاد کو مرکزی مجلسِ شوریٰ کے تحت کرتا ہوں۔

﴿20﴾......میرے مرشِدِ گرامی قطبِ مدینہ، حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی رحمۃُ اللہ علیہ نے مجھے مکتوب روانہ فرمایا، جس میں بیعت کرنے کی اجازت دی اور تحریر فرمایا: تمہارے سلسلے میں ایک بھی نیک بندہ داخل ہو گیا تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ تمہاری بخشش کا باعث ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 22 جنوری 2016 |

﴿1﴾......63 روزہ ''فیضانِ فرض علوم کورس'' اہم ترین ہے، دکان بند کر کے اور ملازمت سے چھٹی لے کر کرنا چاہیے۔ یہ کورس تمام اجتماعات سے بھی اہم ہے۔

﴿2﴾...... عالم کو تعظیم کی نیت سے دیکھنا عبادت ہے۔

﴿3﴾...... عالم بظاہر سادہ ہو، مگر علم کی وجہ سے عام لوگوں سے ممتاز اور بہترین شخصیت ہوتا ہے۔

﴿4﴾......اپنے آپ کو شخصیت تسلیم نہیں کرنا چاہیے، جس کا ایمان پر خاتمہ ہوا اور اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس سے راضی ہوا اور وہ جنت میں چلا گیا تو حقیقت میں وہ ''بڑا آدمی'' ہے۔

﴿5﴾......بعض اوقات سوالات، معلومات کا ذریعہ ہوتے ہیں۔

﴿6﴾......63 روزہ ''فیضانِ فرض علوم کورس'' تمام مسلمانوں کے لیے ہے۔

﴿7﴾...... اللہ عَزَّوَجَل سادگی نصیب کرے۔

﴿8﴾...... بنگلہ دیش وہ خوش نصیب ملک ہے، جس میں (بڑی) گیارہویں شریف کی چھٹی ہوتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 23 جنوری 2016 | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۱۳ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ |

﴿1﴾...... مسلمان کو راحت پہنچانا کارِ ثواب ہے۔

﴿2﴾...... کسی کے گھر کے سامنے کچرا ڈالنے سے گھر والوں کو تکلیف ہوتی ہے، گھر والوں سے معافی مانگیں اور اللہ عَزَّوَجَل کی بارگاہ میں بھی توبہ کریں۔

﴿3﴾...... کسی کو راحت نہیں پہنچا سکتے تو تکلیف بھی نہ دی جائے۔

﴿4﴾...... نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد سورج کے طلوع ہونے سے پہلے سونا بہتر نہیں، بعد میں سونے میں حرج نہیں۔

﴿5﴾...... جو صاحبِ ایمان تقویٰ کی دولت سے مالا مال ہے اور ایمان وعافیت کے ساتھ دنیا سے گیا، تو وہ خوش نصیب ہے۔

﴿6﴾...... دُنیا میں جسے دولت مل جائے، اسے (مطلقا) خوش قسمت کہنا درست نہیں، دولت تو امتحان ہے۔

﴿7﴾...... مکتبۃ المدینہ کا مطبوعہ رِسالہ ''ایک چپ سو سکھ'' خاموشی کے بارے میں بے مثال رسالہ ہے۔ اسے 11 بار پڑھنا چاہیے، جو پڑھنا نہیں جانتے، کسی کے ذریعے پڑھوا کر سُنیں۔ بچہ ہو یا بوڑھا، ہر ایک کے لیے یہ رسالہ مفید ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 29 جنوری 2016 | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۱۹ ربیع الاخر ۱۴۳۷ھ |

﴿1﴾...... ''صِرَاطُ الْجِنَان'' کی تمام جلدیں ہر گھر میں ہونی چاہئیں۔ اس کا مطالعہ کریں، بہت بہت بہت دنیا و آخرت کی بھلائیاں ملیں گی۔

﴿2﴾...... تفسیرِ ''صِرَاطُ الْجِنَان''، علم کا بہت بڑا خزانہ ہے۔

﴿3﴾...... طلبہ کو محنت اور شفقت کے ساتھ تعلیم دینے کی نیت کرنی چاہیے۔

﴿4﴾...... دُرودِ رضویہ بہت پیارا دُرود شریف ہے۔

﴿5﴾...... مسلمان کو یہ سوچنا بھی نہیں ہے کہ میں گناہ کے بغیر روزی نہیں کما سکتا، یہ شیطانی خیال ہے۔

﴿6﴾...... دنیا وہ بُری ہے، جس سے آخرت کو نقصان پہنچے۔

| 30 جنوری 2016ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۲۰ ربیع الاخر ۱٤۳۷ھ |
|---|---|---|

﴾1﴿...... جہاں قانون پر عمل ہوتا ہے، وہاں امن ہوجاتا ہے۔

﴾2﴿......آپس میں کتابیں تقسیم کرنے کا رواج ڈالیں۔

﴾3﴿...... 63 روزہ مدنی تربیتی کورس کر لیجئے، بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا اور زندگی میں مدنی انقلاب برپا ہوجائے گا۔

اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل

﴾4﴿......عمر کے ساتھ جذبہ بھی ڈھل جاتا ہے۔

﴾5﴿......کوئی بھی تنظیمی ذمّہ داری لینے سے احساس رہتا ہے اور اس احساسِ ذمّہ داری سے مدنی کام ہوجاتا ہے۔

﴾6﴿...... دِینی کام کی ذمّہ داری سعادت ہے، اس سے کردار میں نکھار آتا ہے۔

﴾7﴿...... ذِمّہ داری قبول کرنے کے فوائد بہت ہیں۔

﴾8﴿......عاجزی و نرمی کریں، تو آپ سب کی آنکھوں کے تارے بن جائیں گے۔

﴾9﴿......مدنی ماحول کی برکت سے جامعۃ المدینہ کے طلبۂ کرام مطالعہ کے شوقین اور اکثر ذہین ہوتے ہیں۔

﴾10﴿......کتبِ سیرتِ غوثِ پاک میں ''بُھْجَۃُ الاَسْرَار'' مستند ترین کتاب ہے۔

| 6 فروری 2016ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۲۷ ربیع الاخر ۱٤۳۷ھ |
|---|---|---|

﴾1﴿......سمجھانا آتا ہو تو، انفرادی طور پر سمجھانا زیادہ فائدہ مند ہے۔

﴾2﴿......سمجھانا بھی ایک فَن ہے۔

﴾3﴿...... بندے کی آزمائش اس وقت ہوتی ہے، جب غصّہ دِلایا جائے۔ جب مزاج کے خلاف کوئی بات آجائے تو برداشت کر جائیں تو ہم اچھے، ورنہ اچھے نہیں۔

﴾4﴿......مشورہ دینا سب سے آسان کام ہے۔

﴾5﴿......اپنا مشورہ مسلّط کرنا، کسی طرح بھی درست نہیں۔

﴾6﴿......حکمتِ عملی بعض اوقات قدرتی عطا ہوتی ہے، مزید تجربات سے بھی حاصل ہوتی ہے۔

﴿7﴾...... ہر کوئی ہر شعبے (Department) کے بارے میں درست مشورہ نہیں دے سکتا۔

﴿8﴾...... جو عالم اور پیر گھر گھر جا کر مزاج پرسی کرتے، دُکھ درد میں حصہ لیتے، حسنِ اخلاق اور نرمی سے پیش آتے ہیں، وہ لوگوں کے دلوں میں اُتر جاتے ہیں۔

﴿9﴾...... دِین کا کام قربانی مانگتا ہے۔

﴿10﴾...... میرے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے غارِ حرا میں عبادت ضرور کی، مگر بازار میں تجارت بھی کی اور لوگوں کے دُکھ درد میں شریک بھی ہوئے۔

﴿11﴾...... صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان نے جا جا کر دِینِ اسلام کو عام کیا، مدنی کام بُلا بُلا کر نہیں جا جا کر ہوتا ہے۔ 11 چاہئیں تو بلاؤ اور کم از کم 111 چاہئیں تو جاؤ۔ (یعنی اپنے پاس بُلا کر مدنی مشورہ کریں گے تو تعداد کم آئے گی اور ان کے پاس جائیں گے تو زیادہ جمع ہو جائیں گے)

﴿12﴾...... مکتبۃ المدینہ کا رسالہ "بسنت میلا" بسنت منانے والے ہر نوجوان کے ہاتھ میں دیجئے۔ اسلامی بہنیں لڑکیوں کے ہاتھ میں پہنچائیں، نیز اسے پوش ایریاز میں بانٹیں۔

﴿13﴾...... تعزیت میں ایک مقصد نیکی کی دعوت دینا بھی ہے۔

﴿14﴾...... طلاق دینے کی وجہ سے بہت گناہ ہوتے ہیں۔

﴿15﴾...... اللہ عَزَّوَجَل ہمارے گھروں میں امن قائم فرمائے۔

﴿16﴾...... جب تک گھر چلانا ممکن ہو، طلاق دینے کے بارے میں سوچنا بھی نہیں چاہیے۔

﴿17﴾...... طلاق دینا بھی ہو تو (دارالافتاء سے رہنمائی کے بعد) خاندان کے بڑے بوڑھوں کے مشورے سے دی جائے کہ اس طرح رسوائی کم ہوتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ جمادی الاولیٰ ١٤٣٧ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 13 فروری 2016 |

﴿1﴾...... جب میں باہر نکلتا ہوں تو کوشش کرتا ہوں کہ کسی غیر محرم پر بے اختیار بھی نظر نہ پڑے۔

﴿2﴾...... اپنے اعضاء کو جتنا قید کریں گے، گناہوں سے بچیں گے۔

﴿3﴾...... ہر طرف گناہوں کا سیلاب آیا ہوا ہے، ان سے بچنے کی بھرپور کوشش کیجئے۔ گناہوں سے نفرت اور بچنے

کے لیے ان کے عذابات کے بارے میں علم حاصل کریں، بیانات سنیں اور مطالعہ کریں۔

﴿4﴾......مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ ''جہنم میں لے جانے والے اعمال'' بڑی زبردست کتاب ہے۔

﴿5﴾...... بُری صحبت کا کام جہنم میں جھونکنا ہے، اس لیے بُری صحبت سے بچئے۔

﴿6﴾...... بزرگانِ دین سے جتنی محبت ہوگی، دِین کی طرف رغبت بڑھے گی اور دِین پر عمل کرنا آسان ہوگا۔

﴿7﴾......سید محمد عارف عطاری (ناسک، ریاست مہاراشٹر ہند) کو دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کا رکن بنایا گیا ہے۔ یہ **8 رکنی ہند مشاورت** کے نگران بھی ہیں۔ ہند مشاورت کے اراکین یہ ہیں: (1) سید محمد عارف عطاری (2) حاجی غلام یٰسین عطاری (تاجپور شریف) (3) مفتی یحییٰ رضا عطاری (ابنِ مفتی عبدالحلیم رضوی اطال اللّٰہ عمرہ) (4) محمد ریحان عطاری (اکولہ ریاست مہاراشٹر) (5) محمد شعیب عطاری (بریلی شریف یوپی) (6) حاجی شبیر احمد عطاری (احمد آباد شریف صوبہ گجرات) (7) محمد سلیم عطاری مدنی (احمد آباد شریف صوبہ گجرات) (8) محمد احسان عطاری (کانپور یوپی)

﴿8﴾...... بریلی شریف کا ذرّہ ذرّہ ہمیں عزیز ہے۔

﴿9﴾......جارحانہ انداز میں نہ سمجھایا جائے، بلکہ سمجھانے میں دردمندانہ اور حکیمانہ (حکمت بھرا) انداز ہونا چاہئے۔

﴿10﴾......علمائے اہلسنّت سے مربوط رہ کر مدنی کام کرنا ہے، یہ ہمارے سر کے تاج ہیں۔

﴿11﴾......تمام اسلامی بھائی 12 مدنی کام میں متحرک (Active) رہیں۔

﴿12﴾...... جو ذمّہ داری دی گئی ہے، صرف اس کے دائرہ میں رہیں گے تو کامیاب ہوں گے، مثلاً 3 کام دیئے گئے ہیں تو اُنہی میں لگے رہیں، اُنہیں اُجاگر کریں، سارا وقت اُنہیں دیں اور چوتھے کام کی طرف نظر نہ کریں، کیونکہ ایک آدمی 100 کام نہیں کرسکتا۔

﴿13﴾...... ہر اسلامی بھائی یہ ذہن بنائے کہ ذمّہ داری ملے تب بھی مدنی کام کرنا ہے اور ذمّہ داری لے لی گئی، تب بھی مدنی کاموں میں لگے رہنا ہے، مقصود صرف اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا ہونی چاہئے۔

﴿14﴾...... تنظیمی رُوٹ (سمت) پر چلیں گے تو مدینے میں داخل ہو جائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ